بس اللہ کا اِرادہ ہے اے اہلِ بیت کہ وہ تم سے ہر برائی کو دُور رکھے اور اس طرح پاک و پاکیزہ رکھے جو پاک و پاکیزہ رکھنے کا حق ہے

آمد ظہور باسعادت امام مہدی آخرالزمانؑ کے انتظار میں شائع ہونے والی بین الاقوامی جنتری

2020ء

بارہ امامیہ جنتری®

12

محمد ﷺ

علی المرتضیٰ



2020

2020

رَبّ سے ملانے والا سال

از افادیات
شہزادہ سید محمد علی زنجانی

ASTROLOGY FOR ALL


إِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا ۝

نسبتِ "شجرہ طیبہ زنجانیہ"

حضرت سیّد میراں حسینؒ زنجانی کا روحانی تسلسل سیّد علی بن عثمان الہجویری المعروف داتا گنج بخشؒ



اولیاء اللہ سیّد ابوالفضل ختلیؒ کے دو ہونہار روحانی شاگرد جنہوں نے ظلمت کدہ ہندوستان (لاہور) میں شمع اسلام روشن کی



حضرت میراں حسینؒ زنجانی سرکار سے منسوب شہر لاہور (پاکستان) کی روڈ

حضرت سیّد میراں حسینؒ زنجانی روڈ

کاشانہ زنجانی

بالمقابل یونین کونسل D-125 بلاک 2 نزد مین مارکیٹ لاہور 54600 (پاکستان)

(PDF) مفت طلب کریں

GET (PDF) FREE

روحانی خوشخبری


نسبت "شجرہ طیبہ" زنجانیہ شائع ہو چکا ہے۔ 164 صفحات عمدہ کاغذ پر رنگنگ ہدیہ لنگر =/500 روپے

جبکہ شائقین واٹس اپ سے (PDF) مفت طلب کرنے کیلئے میسج کریں۔ 03009483758

دُعا برائے سلامتی امام زمانؑ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

"اے معبود! محافظ بن جا اپنے ولی (حضرت) حجت ابن الحسنؑ کا تیری رحمت نازل ہو اُن کے آبائے گرامی پر اس لمحہ میں اور ہر آنے والے لمحہ میں بن جا اُن کا مددگار۔ نگہدار۔ پیشوا۔ حامی اور رہنما اور نگہبان یہاں تک کہ تو لوگوں کی چاہت سے اپنی زمین کی حکومت دے اور مدتوں اس پر برقرار رکھے یا اللہ رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ وآلِ محمدؐ پر اور اُن کے ظہور میں تعجیل فرما۔"





اے کیو ٹی وی کے مقبول سلسلے









































"منتظرینِ" بارہویں امام حُجت القائم امام مہدیؑ کے انتظار میں شائع ہونیوالی واحد بین الاقوامی جنتری

بارہ امامیہ جنتری ™ 2020 سنہ

از افادات: شہزادہ سیّد محمد علی زنجانی

بارہ امامیہ جنتری کاپی رائٹ ایکٹ حکومت پاکستان کے تحت رجسٹرڈ ہے کوئی ناشر اس سے کوئی مضمون اشاعت کرنا چاہے تو اجازت لے کر شائع کرسکتا ہے
27312

دُعا برائے سلامتی امام زمانہؑ	1
AQ Tv (Add)	2
حمد و نعت و منقبت	4
اداریہ	5
عریضہ	6
2020ء میں اسرائیل امریکی زوال کا باعث؟	7
نوروز عالم افروز 2020ء	10
عالمی و سیاسی حالات 2020ء	14
جفری پیشگوئیاں 2020ء	20
تنویر السال 2020ء	22
مخفی اعداد سے خواہشات کی تکمیل	24
مسجد کے آداب	26
محاسبہ نفس + علم جفر کے کرشمات	30
ہر کام قمر کی سعادت سے	31
تقویم جنوری تا دسمبر 2020ء	32
حضرت علیؑ کا مقام قرآن کی نظر میں	//
ارشاد امام علی رضاؑ	56
اوقات قمر در عقرب 2020ء	57
انجمن شرفات کواکب	58
اہم اوقات عملیات 2020ء	59
سیارگان کے شرف و ہبوط	63
داخلہ سیارگان 2020ء	64
کسوف و خسوف 2020ء	65
نماز آیات	66
صدقہ سے شفاء و نافع الخوراک	67
آداب عملیات	70
لوح مصطفائی + توشہ اصحاب کہف	71
سیّد مصور زنجانی + زنجانی جنتری + آئینہ قسمت	73
علامات ظہور امام مہدیؑ	75
حضرت فاطمۃ الزہراؑ کا مقام	82
اللہ تعالیٰ نے انسان کو کس مقصد کیلئے خلق کیا؟	85
اسرار غیبی	87
شادی مقدس فریضہ یا بوجھ	90
مجرب ترین عملیات	92
طلسماتی الواح بروج	99
مسلمان بچوں کے نام	100
برج معلوم کرنے کا طریقہ	101
برج حمل تا حوت سالانہ حالات 2020ء	102
اہرام شرف مشتری	150
لوح محفوظ	151
شرف مشتری کا نوٹ	152
کتب فہرست	153
زیارات و عمرہ + شادی + مجالس Add	156
فہرست مکتبہ آئینہ قسمت	159
کوپن گمشدہ و روحانی تحفہ	160


زیر سرپرستی
شہزادہ سیّد افتخار حسین زنجانی
ایڈیٹر
شہزادہ سیّد مصور علی زنجانی
سب ایڈیٹر
شہزادہ حافظ سیّد محسن علی زنجانی
مجلس مشاورت
آیۃ اللہ العظمیٰ علامہ حافظ سیّد یاور حسین نجفی (رئیس الاسکردو)
علامہ ڈاکٹر محمد حسین اکبر (مدیر اسین، لاہور)
پروفیسر علامہ تصدق حسین (لاہور)
علامہ مشتاق حسین جعفری (لاہور)
ڈاکٹر اجمل نیازی (لاہور)
افتخار احمد (دنیا نیوز)
سیسل ضیاء مسٹ (لاہور)
میاں محمد فاروق (لاہور)
چوہدری واجد علی خان (سابق MPA)
علامہ سیّد ابوالحسن موسوی (اسلام آباد)
ڈاکٹر شاہد احمد ملک (آرائیں ہی اسائے ایسوسی) راولپنڈی
ڈاکٹر خالد سعید (جنرل سرجن) راولپنڈی
سیّد انور فراز (کراچی)
غلام رضا عسکری اعوان (نواب شاہ)
سیّد قیصر بخاری (ڈیزائن ہیرے ڈوکلین، مانچسٹر UK)
سیّد عظیر کاظمی (UK, DM TV)
محمد بلال (ہوسٹن، USA)
ملک عنایت حسین (نیویارک، USA)
سیّد ظہیر الحسن (ولایت ٹی وی USA)
علامہ مسام الدین (شکاگو USA)
نبیل احمد (نیویارک USA)
سیّد عابد رضا نقوی (کینیڈا)
علامہ سیّد مرید حسین نقوی (ڈنمارک)
مسعود اشرف (UK)
محمد اقبال (جرمنی)
مشیر قانونی: سیّد فرہاد علی شاہ ایڈووکیٹ
محمد افضل خان ایڈووکیٹ
گرافکس & لے آؤٹ: ارشد علی

ہیڈ آفس کاشانہ زنجانی D-125 حضرت میراں حسین زنجانی روڈ، گلبرگ 2، لاہور (پاکستان)
فون: +92-42-35752277, 35872277 موبائل: 0300-9483758 فیکس: +92-42-35755253
E-Mail: aienaeqismat@gmail.com -- www.aienaeqismat.com.pk

برانچ آفس
کاشانہ زنجانی آرام باغ روڈ کراچی-74200
Ph: +92-21-32217544

کاشانہ زنجانی A-19، جی ٹی روڈ (جہلم روڈ)، بالمقابل گالف کلب/آرمی ہاؤس، عقب پی ایس او پٹرول پمپ، راولپنڈی
Ph: 051-5581756
Cell # 0300-4135822
Email: azanjani@gmail.com

شہزادہ سیّد محمد علی زنجانی ایڈیٹر/شہزادہ سیّد مصور علی زنجانی پبلشر نے حیدری پریس ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا



حمد

اعظم

اے خدائے جمال و زیبائی
خوب ہے تیری عالم آرائی
تو کہاں ہے کہاں نہیں ہے تو
محوِ حیرت ہے تابِ گویائی
سب میں موجود اور سب سے جدا
کون سمجھے یہ رازِ تنہائی!
پارہ پارہ قبائے استدلال
ریزہ ریزہ ہے دام جویائی
کیا نظر آئے ماسوا کا جہاں
دیکھ کر تیری شانِ یکتائی
اعظم اس نام سے ہے گلشن میں
زندگی، تازگی و رعنائی

نعتا

مظہر جھوپاٹی

کیوں نہ خوش آج ہوں یہ زمیں آسماں
آ رہے ہیں یہاں مالکِ دو جہاں
منتظر اِک اشارے کے شمس و قمر
اِک اشارے سے ہو جائیں گے دو وہاں
سنگریزے بھی آ جائیں گر ہاتھ پر
ہے رسولِ خدا ہو یہ اُن کا بیاں
بت کدوں میں بھی تو آج ہیجان ہے
رہ نہ پائیں گے وہ اب کبھی بھی یہاں
ہم خطا وار ہیں ہم کو اقرار ہے
بخشوا دیں گے رحمت سے ہم کو وہاں
قصد تم بھی مدینے کا کر لو مظہرؔ
پھر نہ رہ جاؤ پیچھے دوبارہ یہاں

منقبت


مظہر جھوپاں



آج جشنِ حیدرِ کرارؑ ہے
جو ہمارا مالک و مختار ہے
پڑھ رہے ہیں آپ جو صلے علیٰ
اُن سے اُلفت کا یہی اظہار ہے
فاطمہ بنت اسد کی گود میں
دین و دنیا کا یہی سردار ہے
چادرِ تطہیر میں شامل ہے جو
اور ولائت کا بھی دعوے دار ہے
بندگی سیکھی ہے سب نے آپ سے
ساری خلقت کو یہ ہی اقرار ہے
ان کا دامن تھام لو تم بھی مظہرؔ
فکرِ محشر بھی تو آخر کار ہے

یا رزاقُ یا ربّ یا رزاقُ

2020ء کا روحانی راز



الحمدللہ بارہ امامیہ جنتری 2020ء اپنی 9 ویں سالگرہ کو چھو رہی ہے۔ علم الاعداد میں نمبر 9 سب سے بڑا نمبر جناب سیّدہؑ کے نام کا مفرد اور یہی نمبر انسان اور قرآن کا عدد بھی ہے۔ اس لئے جب انسان قرآن سے اتحاد کا فارمولا تلاش کرتے ہیں تو وہ ایک ہی فارمولا عطا کرتا ہے۔

وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا ۚ

ترجمہ: ۔"کہ تم سب ملک کر "حبل اللہ" سے متمسک ہو جاؤ، تا کہ تم فرقہ فرقہ ہونے سے بچ جاؤ۔ (سورۃ آلِ عمران آیت 103)

2020ء میں محمدؐ علیؑ کو وسیلہ بنا کر ربّ سے ملنے کا سال

یوں تو یہ پوری کائنات عشق الٰہی میں ڈوبی ہوئی ہے۔ اور اللہ اپنے محمد ﷺ کا عاشق ہے۔ تبھی تو صبح و شام اپنے محبوب پر درود بھیج رہا ہے۔ محمد ﷺ عاشق ہیں علیؑ کے فرمان رسول ﷺ ہے کہ میں اور علی نور واحد ہیں۔

فَآمِنُوا بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ وَالنُّورِ الَّذِي أَنْزَلْنَا ۚ

ترجمہ: ۔پس تم اللہ تعالیٰ، اس کے رسول ﷺ اور اس نور پر ایمان لاؤ جو ان کے ساتھ نازل ہوا۔
وہ "نور" جو رسول ﷺ کے ساتھ نازل ہوا، وہ "علیؑ ابنِ ابی طالبؑ" ہے۔

محمد ﷺ کے عدد 92 علیؑ کے عدد 110 جمع کئے تو ربّ کے عدد 202 جو بھی بہن بھائی اسم اعظم یا ربّ 202 مرتبہ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف (پڑھ کر) پڑھے گا۔ تو وہ 2020ء میں اسرار و عجائبات پائے گا اور اس کی ہر جائز مراد 2020ء میں بر آئے کشادگی رزق کے خواہاں بہن بھائی اسم اعظم (یا رزاقُ یا ربّ یا رزاقُ) روزانہ 313 مرتبہ نماز فجر کے بعد اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف (پڑھ کر) پڑھنا معمول بنالیں۔ تو دن بدن نیکیاں پائیں۔ ہمیں اپنی دُعاؤں میں یاد رکھیں اور نیک آراء کے ساتھ مطلع کرتے رہیں۔

دُعا گو شہزادہ سیّد محمد علی زنجانی یکم نومبر 2019ء

حافظ شہزادہ سید محسن علی زنجانی

عریضہ یا صاحب الزمان ادرکنی فی سبیل اللہ

عریضہ کا سائنسی جواز: فلکس مشین نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ آپ کا اصلی خط/چٹھی آپ ہی کے پاس موجود ہے جبکہ آپکے پیغامات اسی لمحہ امریکہ، برطانیہ اور دنیا کے تمام گوشوں میں اسی لمحہ پہنچ جاتے ہیں۔ "سرکار ولی عصرؑ" جو خدا کے "لا ریب" نمائندہ ہیں انکے حضور نیت اعمال کا روزنامچہ کہیں تیز رفتاری سے پہنچتا ہے۔ "جناب مالک اشتر مولا علیؑ" سے عرض کرتے ہیں۔ مولا میں نے آج آپکی تعداد کے برابر لوگ فی النار کیے ہیں۔ **مولا علیؑ فرماتے ہیں:** اے اشترؓ میں نے جن لوگوں کو قتل کیا ہے میں نے ان کی نسلوں تک کو چیک کیا ہے کوئی کہیں مومن تو نہیں"۔ ہمارے مولا (امام زمانہؑ) بھی انکی اولاد ہیں جو تمام معاملات کی تہہ تک آگاہ ہیں۔

☆ دنیا میں کوئی کام درخواست کے بغیر نہیں ہوتا۔ بچہ سکول داخل کروانا ہو، مریض ہسپتال میں، کوئی بھی ملازمت حاصل کرنا ہو تو درخواست ضروری ہے۔ آپکی اپنی رقم بنک میں جمع ہے مگر ضروری ہے کہ درخواست دے کر رقم حاصل کریں۔ **درخواست ایک مستند ریکارڈ کی حیثیت رکھتی ہے۔**

☆ نماز، عبادت ہوتی ہے۔ دعا و مانگی جاتی ہے۔ کسی قابلیت کی وجہ سے بادشاہ، افسر، جی۔ ایم آنر پیش کیا جاتا ہے۔ دوست، عزیز، کو بہ لحاظ مرتبہ القاب و کیا جاتا ہے۔ "جناب حضور **"عریضہ"** مندیوں کے ساتھ سفارش حاصل کرتے تمام تر اعلیٰ القابات اور کو پکار کر راز و نیاز مولا کریم ابن کریم لمحہ بھر سے پہلے مدد

☆ نقش و تعویذ، کے لیے اس کے ہوتے ہیں۔ اس بھی **"اسم** ھے۔ جہاں جہاں برکات نصیب ہوتی حیات تو ملتی ہے۔

عادات اور روایت کے طور پر ادا مناجات توجہ اور انتہائی غور سے بزرگ، استاد کو ہم اس کی اہلیت عزت و احترام دیتے ہیں۔ کو بحیثیت عہدہ و مرتبہ گارڈ آف

بزرگ، روحانی پیشوا، پیر و مرشد احترام اور نفسِ مضمون سے مخاطب ہم اپنے **آقا و مولاؑ** کے پیش کرتے ہیں۔ تمام تر نیاز سرکار کے دربار میں حاضری کی ہیں۔ پوری توجہ، انتہائی یکسوئی، بہترین نفسِ مضمون کے ساتھ مولاؑ کرتے ہیں۔

ہیں ہمیشہ لجپال فرماتے ہیں۔ نصرت فرماتے ہیں اسم اعظم کا کام کرتا ہے جس کام روحانی فیض و برکات حاصل طرح **مولاؑ کا عریضہ اعظم"** کا کام کرتا آبپاشی ہوتی ہے۔ فصلوں کو خیرو ہے۔ آبی پودوں اور جانوروں کو الغرض جو کچھ کہا جائے، کم ہے۔

تمام پریشانیوں و مشکلات کے لیے مالک حقیقی کی بارگاہِ اقدس میں درخواست پیش کریں

بسم اللہ الرحمن الرحیم — اللھم صل علی محمدؐ و آل محمدؐ — اللہ اکبر۔ الحمدللہ۔ سبحان اللہ

از جناب سیدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا

عریضہ بحضور پُرنور قسمت کائنات، لنگر زمین و آسمان جناب امام مہدیؑ ابن جناب حضرت امام حسن عسکریؑ

میرے تمام معاملات خدا کے سپرد ہیں۔ سرکار ولی عصرؑ ہمارے آقا، مولا، نگہبان، وارث، سرپرست ہیں۔ پھر پریشانی/فکر کیسی؟ اے ہمارے مولا و آقا ہم آپ کے غلام ہیں۔ ہم حیدری، حسینی ہیں۔ (ہم جناب سیدہ طاہرہؑ کی دعاؤں سے پیدا ہوئے ہیں)۔ ہم آپ کی رعایا ہیں، اللہ تعالیٰ آپ کو صحت و سلامتی عطا فرمائے۔ خدا آپ کو تمام دشمنوں اور ہر قسم کے شر سے اپنی خصوصی حفظ و امان میں رکھے۔ آپ کا جلد از جلد ظہور ہوتا کہ آپ آکر دشمنانِ اسلام سے بدلہ لے سکیں۔ پوری کائنات میں فقط ہم نے اپنا سر آپ کے "درِ اقدس" پر جھکایا ہے۔ میرے مشکلات، پریشانیوں کو حل فرمائیں۔ آپ کو ان کا واسطہ جن کا واسطہ آپ رد نہیں فرماتے۔ میرے مسائل و ضروریات یہ ہیں۔

مولا جلد مدد فرمایئے، جلد مدد فرمائے، ابھی ابھی فوراً، دشمن ہمیں طعنہ زنی نہ کریں کہ آپکے مالک مشکل کشا نہیں

یہاں اپنا نام مع ولدیت لکھیں: _____

دو رکعت نماز حاجات پڑھیں۔ شب بدھ یا روز بدھ اعمال صاحب العصرؑ بجالائیں عریضہ مولاؑ کی ضریح اقدس یا قرآن پاک میں یا آب جاری میں یہ کہتے ہوئے مولاؑ کے سپرد کریں

اے حسینؑ بن روح آپ پر سلام ہو۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپکی وفات اللہ کی راہ میں ہوئی۔ آپ اللہ کے نزدیک زندہ و رزق یافتہ ہیں۔ میں آپ سے اس زندگی میں مخاطب ہوں جو آپکو اللہ کے نزدیک حاصل ہے۔ پس میرا یہ رقعہ اور میری حاجات ہمارے مولا جناب امام زمانہؑ کے حضور پیش کریں، آپ قابل اعتماد و امانتدار ہیں۔

آیئے اپنے آقا کے ساتھ گفتگو کر کے مولاؑ سے تمام تر فیض و برکات حاصل کریں۔ آیئے اپنی حاجت کا عریضہ ڈالیں

"اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّد"

کاشانہ زنجانی، D-125، حضرت میراں حسین زنجانیؒ روڈ، مین مارکیٹ، گلبرگ 2، لاہور
Ph: +924235752277
+924235872277

نوٹ: پرنٹ شدہ عریضے بلا ہدیہ ادارہ آئینہ قسمت سے طلب کریں

2020ء میں اسرائیل، امریکی زوال کا باعث بنے گا؟

تیسری عالمگیر جنگ کے خطرات اور 9 ایٹمی ممالک

از تحریر: سید مسعود علی زنجانی

2018ء میں امریکہ نے اپنا سفارت خانہ بیت المقدس میں جبری قائم کر دیا بعد ازاں انٹرنیشنل میڈیا اور بڑے فنانشل گروپ وال سٹریٹ ٹاپ کے ہیڈ کوارٹر بھی یہاں منتقل کرنے کا پلان بنایا جا چکا ہے۔ گریٹر اسرائیل کی اس جنگ میں جسکی پشت پناہی امریکہ کر رہا ہے۔


آج کی سپر پاور امریکہ نے ماضی میں پہلی بار **1945**ء میں ہیروشیما اور ناگاساکی پر یکے بعد دیگرے ایٹم بم گرا کر غیر ذمے داری کا ثبوت دیا اور اس کے بعد آج تک امریکہ اس خوف میں مبتلا ہے کہ جواباً امریکہ پر کب اور کون ایٹم بم گرا سکتا ہے۔ یہی لاشعوری خوف ہر امریکی صدر کو رہا ہے اور صدر بش تو ان میں ٹاپ نمبر لے گئے، اوبامہ ان کا تسلسل ہیں۔ جبکہ موجودہ امریکی صدر ٹرمپ تو لگتا ہی ایسے ہے کہ یہ دُنیا میں تیسری عالمگیر جنگ کروانے کے لئے لائے گئے ہیں۔ امریکہ نے سپر پاور روس، چین، افغانستان، عراق، کوریا، جرمنی، جاپان، ویت نام، کیوبا علیٰ ہذا ملکوں کی تعداد تقریباً تیس بنتی ہے، سے جنگ کی اور بلواسطہ اسرائیل سے لبنان، شام، اردن، مصر، سعودی عرب، عراق، ایران سبھی غیر محفوظ ممالک ہیں۔ امریکہ ایک بار پھر **9/11** کے بعد جنگ برائے امن دہشت گردی کے جوہر دکھانے باہر نکل آیا ہے۔ اب جیسے بہانوں سے واپس جانے کا نام نہیں لے رہا۔ ظاہر ہے جنگ کا نتیجہ جنگ، عالمی نفرت ہی نفرت ہے اور یہ نفرت امریکہ اور اس کے اتحادی ممالک کی طرف تیزی سے پھیلی ہے۔ آج سبھی ممالک ایٹمی دوڑ میں لگ گئے ہیں۔ ہر ملک یہ چاہتا ہے کہ اس کے اپنے دفاع کے لیے اس کے پاس بھی ایٹم بم ہو اور شاید حضرت انسان کے ہاتھوں ہی دنیا تباہ ہوگی اور قیامت صغریٰ یا کبریٰ ایسے ہی آئے گی؟ فن علم نجوم سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے ہم نے 9 ایٹمی ممالک کے زائچے تیار کیے ہیں۔ ان کی روشنی میں ہم نتیجہ نکالنے کی کوشش کریں گے کہ امریکہ کے بعد کون سا ملک غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کر سکتا ہے کشمیر، شام، افغان، فلسطین کو کون انصاف دے گا؟ امریکہ کے بعد کون سا غیر ذمہ دار ملک ایٹمی دھماکہ کر سکتا ہے؟

(1) امریکہ



طالع برج میزان کا مالک نویں زہرہ ہمراہ شمس مشتری مریخ بیٹھا ہے۔ امریکہ اپنی طاقت ظاہر کرنے کے لیے اپنی غیر ذمے داری کے تحت جاپان پر ایٹم بم چلا چکا ہے اور آج ہر ایٹم بم بنانے والے ملک کو امدادی مراعات کی پیش کش کرتا ہے کہ مزید ایٹم بم نہ بنیں۔ مگر اپنی ذوجدین (دوغلی) پالیسی پر عمل کرتا ہے تو اپنا اعتبار کھو دیتا ہے۔ نتیجتاً دیگر ممالک بھی اپنے تحفظ کے لیے ایٹم بم بنا رہے ہیں۔ میزان طالع کے تحت ماضی کی غلطی کا ازالہ کرنے کے ساتھ اب امریکہ دوبارہ یہ غلطی نہ دہرائے گا۔ کاش امریکہ کھلے دل سے جاپانی قوم و دنیا سے معافی مانگ کر امن کی راہ اپنا لے تو دنیا میں امن قائم ہو جائے۔


(2) روس



زائچہ میں طالع برج سرطان کا مالک قمر دوسرے وسعت کے گھر میں ہمراہ مریخ بیٹھا ہے۔ طالع میں زحل وبال یافتہ ہمراہ نیپچون جبکہ گیارہویں مشتری دوسری اقوام کے گھر میں بیٹھا

ہے۔ زائچہ میں دیگر سیارگان کی نشست بھی بری نہیں، لہٰذا امکان ہے کہ ماضی کی سپر پاور ایٹم بم چلانے کی غیر ذمہ دارانہ غلطی کبھی نہ کرے گی۔ تاہم ایٹمی تابکاری اثرات سے روسی قوم کو نقصان کا اندیشہ رہیگا۔ ماضی میں ایسا ہو بھی چکا ہے۔

(3) برطانیہ




طالع حمل کا مالک مریخ وتد السماء پر ہمراہ زہرہ شرف یافتہ بیٹھا ہے۔ زہرہ زائچہ میں ساتویں گھر کا مالک ہے۔ مضبوط زائچہ کے تحت برطانیہ کسی دوسرے ملک کے بہکاوے میں آکر اپنے اسلحہ کی عسکری نمائش کر سکتا ہے۔ چوتھے کا مالک قمر ہمراہ عطارد شمس یورانس نویں انصاف کے گھر ہونے سے اسے عوامی ردعمل کا سامنا رہے۔ جب راج برطانیہ میں سورج غروب نہیں ہوتا تھا، اس نے تب بھی ایٹمی غلطی نہیں کی، لہٰذا آئندہ بھی امکان ہے کہ برطانیہ ذمہ داری کا مظاہرہ ہی کریگا۔

(4) فرانس




یورپ کا یہ خوبصورت ملک اپنی قدیم بادشاہت کے لحاظ سے اپنی انفرادی تاریخ رکھتا ہے۔ زائچہ آزادی میں طالع کا مالک زحل وتد السماء پر اپنے فطرتی گھر بیٹھا ہے اور سعد اکبر مشتری نویں اپنے فطرتی گھر بیٹھا ہے۔ دیگر سیارگان کی نشست بھی فرانس کے امن پسند ملک ہونے کے لیے کافی ہے۔ ایٹمی طاقت ہونے کے باوجود فرانس دنیا میں ایٹمی جنگ روکنے کے لیے انصاف پسندانہ کردار ادا کر سکتا ہے اور ایٹم بم کا استعمال کبھی نہ کرے گا۔ یورپی یونین کا یہ ملک ابتک ایران امریکہ کی جنگ بندی میں بھی کردار ادا کرتا رہا ہے۔

(5) چین




طالع کا مالک زحل آٹھویں گھر وبال یافتہ ساتویں ہبوط یافتہ مریخ طالع میں وبال یافتہ قمر بیٹھا ہے۔ صرف وتد السماء پر زہرہ اوج یافتہ ہے، جس سے اس کی عزت، اکانومی دن بدن بڑھ رہی ہے۔ سیارگان کی نشست ایٹمی طاقت ہونے کے باوجود ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے کبھی ایٹم بم کا استعمال نہ کرے گا۔ جبکہ سپر پاور امریکہ اسے بے اثر مستقبل میں بھرکا سکتا ہے۔

(6) بھارت




طالع ثور کا مالک زہرہ ہمراہ شمس، زحل، عطارد، قمر اور پلوٹو تیسرے (پڑوسیوں) کے گھر بیٹھا ہے۔ جبکہ نویں دسویں کا مالک زحل اپنے گھر سے چھٹے ساتویں ہے، وبال یافتہ بیٹھے ہیں۔ لہٰذا بھارت سرکار ہمیشہ اپنے پڑوسیوں کو دھمکانے کی پالیسی پر قائم رہے، مگر ایٹم بم چلانے کی کبھی غلطی نہ کرے۔ بھارتی سرکار کو اس لحاظ سے ہم ازروئے نجوم ذمہ دار کہہ سکتے ہیں۔


(7) پاکستان



وطن عزیز پاکستان کے طالع حمل کا مالک مریخ تیسرے یورانس قمر کے ہمراہ بیٹھا مریخ عسکری قوت یورانس جدت ٹیکنالوجی کا مالک ستارہ ہے۔ تیسرا گھر پڑوسی ممالک سے تعلق رکھتا ہے۔ دنیا جانتی ہے کہ پاکستان نے اپنے پڑوسی ملک بھارت کے ایٹمی دھماکے کرنے کے بعد ایٹمی قوت صرف اور صرف اپنے تحفظ دفاع کے لیے حاصل کی ہے۔ پاکستان عالم اسلام کا واحد ملک ہے جس نے عیسائی، ہندو اور یہودی غیر مسلموں کے مقابلے میں قوت حاصل کی۔ اس ایٹمی طاقت کے حصول کا سہرا مرحوم ذوالفقار علی بھٹو کو جاتا ہے، جس نے کہا تھا کہ ہم گھاس کھالیں گے مگر اپنے دفاع کے لیے ایٹم بم ضرور بنائیں گے۔ اس کے بعد کریڈٹ ہمارے نیشنل ہیرو ڈاکٹر عبدالقدیر خان کو جاتا ہے اور اس کے بعد پاک آرمی اور وزیر اعظم نواز شریف کو جاتا ہے جس نے امریکی لالچ قبول نہ کر کے یکے بعد دیگرے بھارت کے اب تک ایٹمی تجربات کے برابر ایٹمی دھماکے کر کے بھارت کے مقابلے میں طاقت کا توازن برقرار کر کے عالم اسلام اور خصوصاً پاکستانیوں کے سر فخر سے بلند کر دیئے۔ زائچہ میں وتد السماء کا مالک زحل وبال یافتہ ہے۔ لہٰذا پاکستان بھی شاید کبھی ایٹمی طاقت استعمال نہ کرے۔ ساتویں گھر میں سعد اکبر مشتری ہی زائچہ پاکستان میں ایک ایسا ستارہ ہے جو ایٹمی قوت کے مضبوط ذمہ دار ہاتھوں میں آجانے اور تحفظ وطن عزیز پاکستان کی دلیل ہے۔



(8) شمالی کوریا طالع جوزا کا مالک عطارد وتد الارض پر شرف یافتہ بیٹھا ہے۔ وتد السماء کا مالک مشتری چھٹے بیٹھا ہے۔ شمالی کوریا نے ایٹمی پاور امریکہ کے اشتعال دلانے سے پہلے اپنی ذہانت، ہمت سے حاصل کی ہے۔ یہ ایٹمی قوت خالصتاً اپنے دفاع اور دشمن ملکوں خصوصاً امریکہ سے تحفظ دفاع کے لیے ہے۔ شمالی کوریا بھی کبھی غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایٹم بم چلانے کی امریکی غلطی کبھی نہ دہرائے گا۔



(9) اسرائیل طالع جدی کا مالک زحل ساتویں وبال یافتہ ہمراہ عروج یافتہ قمر کے ساتھ بیٹھا ہے۔ ادھر سعد اکبر ستارہ مشتری تیسرے (پڑوسی ممالک) اور بارہویں (سازشوں کے گھر) کا مالک ہوکر بارہویں بیٹھا ہے۔ سعد اکبر ستارہ مشتری کی تمام سعادت اسرائیلی زائچہ میں سعادت کے برعکس دوشخص گھر کے مالک ہونے کے سبب نحوست منفی سوچ میں بدل گئی ہے۔ ان 9 زائچوں میں واحد غیر ذمہ دار ملک اسرائیل ہی نظر آتا ہے جو اپنی بزدلانہ سوچ، گھبراہٹ اور سپر پاور امریکہ کے مستقبل قریب میں زوال کے خدشہ کے نتیجہ میں **کسی بھی اسلامی ملک خصوصاً ایران پر امریکہ شہ کے تحت ایٹمی میزائلی حملہ کر سکتا ہے**۔ ماضی میں اسرائیل عراق کے ایٹمی ری ایکٹروں (پلانٹ) پر اپنے طیاروں سے کامیاب حملہ کر کے عراق کی ایٹمی قوت کو تباہ کر چکا ہے۔ اندیشہ ہے کہ 2019ء میں عراق کی طرح ایرانی ایٹمی ری ایکٹر پر بھی اسرائیلی طیارے حملہ کرنے کی ناپاک جسارت کر سکتے ہیں۔ ایران غیر اعلانیہ ایٹمی ملک بن چکا ہے اسرائیل کا یہ ناپاک اقدام اسرائیل کی تباہی اور امریکی اتحاد کی موت ہوگی۔

اسرائیل اپنی فوجی کارروائیوں کے باعث اس وقت عالمی امن کو شدید خطرے میں جھونک رہا ہے۔ فلسطین میں 1948، 1952، 1957 اور 1971ء سمیت متعدد مواقع پر کئی جنگیں ہوئیں، جس کے نتیجے میں فلسطین دو حصوں میں تقسیم ہوا۔ 40 لاکھ فلسطینی دنیا کے مختلف ممالک میں جبری وطن بدری کے تحت زندگی گزار رہے ہیں۔ حالیہ دنوں میں غزہ پر اسرائیلی فضائیہ کی بمباری کا سلسلہ بے گناہ اور نہتے فلسطینی عوام کے وحشیانہ قتل کی ایک بدترین مثال ہے۔ اسرائیلی ہتھیاروں کا خرچہ جس میں ایٹمی ہتھیار بھی شامل ہیں، سالانہ 3 ارب ڈالر کی امریکی امداد سے چل رہا ہے۔ اسلامی تحریک مزاحمت "حماس" نے اس حوالے سے خبردار کیا ہے کہ غزہ کی پٹی پر اسرائیلی فوج کی مسلسل جارحیت ناقابل برداشت ہے۔ اسرائیلی حکومت 1967ء میں غزہ کی پٹی پر قبضے کے بعد سے علاقے میں یہودی بستیوں کی تعمیر کے سینکڑوں منصوبے بنا چکی ہے، جن پر مکمل عمل درآمد ہو چکا ہے۔ 26 بستیاں تو مقبوضہ بیت المقدس میں جبکہ رملہ اور البریح ضلع میں 24 یہودی بستیاں قائم کی گئی ہیں۔ اسرائیل نے 16 یہودی بستیوں کو 1948ء میں زیر تسلط آنے والے علاقوں کے ساتھ ملا دیا ہے تاکہ صہیونی ریاست کے توسیع پسندانہ عزائم پورے ہو سکیں۔


فلسطینی عوام پر اسرائیل کی طرف سے ڈھائے جانے والے مظالم کا تعلق ہے تو کم بیش تمام مسلمان ممالک ان کی شدید مخالفت کرتے ہوئے فلسطینیوں کی جہاں اپنے حقوق اور آزادی کے لیے جدوجہد لازوال قربانیوں سے عبارت ہے، وہیں اسرائیل کی غاصبانہ پالیسیاں اور امریکہ کی آشیر باد اس مسئلے کے حل میں بڑی رکاوٹ بنی ہوئی ہے۔ اسرائیل ایک چھوٹا سا متنازعہ خطہ ہے لیکن دنیا میں سب سے زیادہ تباہی کا سامان، دولت اور خطرناک ٹیکنالوجی کے باعث آج دنیا میں قیام امن اور اسلامی ممالک کے لیے خطرے کا باعث بنا ہوا ہے۔ یہودی صرف مسجد اقصیٰ کو ہی مسمار نہیں کرنا چاہتے بلکہ وہ ارض فلسطین سے فلسطینیوں کا نام ونشان ہی مٹا دینا چاہتے ہیں۔

تنجیمی نتیجہ

نو ممالک کے یوم آزادی کے زائچوں میں ستاروں کی نشست سے یہ نتیجہ بہ آسانی نکل آیا ہے کہ **اسرائیل ہی وہ واحد ملک ہے جو امریکہ کے بعد ایٹم بم چلانے کی غلطی کر سکتا ہے اور امریکی زوال کا باعث بنے گا**۔ امریکہ اور UNO کو ایٹمی ممالک کے خلاف کارروائیاں کرنے کا بہت شوق ہے۔ اسرائیل کے خلاف چشم پوشی دراصل امریکہ ہی کی تباہی ہوگی۔ آخر میں ہماری دعا ہے کہ امام زمانہؑ **کا جلد ظہور ہو، وہ تشریف لاکر دنیا کو عدل سے بھر دیں**۔



2020ء بادشاہ سال زہرہ ہونے سے عالمی سطح پر خواتین کے سماجی سیاسی کردار میں اضافہ ہوگا



بتاریخ 20 مارچ 2020ء اسلام آباد بوقت 8 بجکر 51 منٹ

بفضل تعالیٰ عزوجل بہ طفیل حضور پُرنور سیّد النور حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ بتصدیق امام المشارق والمغارب امیر المؤمنین حضرت علی علیہ السلام بین نوروز عالم افروز 20 مارچ 2020ء بروز جمعہ 08 بجکر 51 منٹ قبل طلوع آفتاب اسلام آباد پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم جبکہ لندن (انگلینڈ) 20 مارچ 03 بجکر 51 منٹ شب اور نیویارک، واشنگٹن ڈی سی (امریکہ) 19 مارچ 22 بجکر 51 منٹ شام ہوگا۔ مولائے کائنات امیر المؤمنین علی ابن ابو طالب علیہ السلام امام المشارق والمغارب ہوگا۔ آپکی شان اور آپکے القاب سے تو اللہ اور اسکے رسولؐ ہم سے زیادہ واقف ہیں۔ فرمان رسولؐ ہے کہ اللہ کو مجھ سے اور علیؑ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا اور مجھے علیؑ اور اللہ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا اور علیؑ کو مجھ سے اور اللہ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا تو پھر ہماری کیا مجال ہم تو وہی بیان کریں گے جو ہم نے سنا اور پڑھا۔ نظام شمسی نجانے کب سے گردش میں ہے۔ ستارے گردش میں اُلٹے سیدھے چلتے ہیں۔ ماسوائے بادشاہ فلک شمس اور مادر فلک قمر جو ہمیشہ سیدھے چلتے ہیں۔ شمس کی توانائی ہر شے کو چندھیا دیتی ہے۔ کائنات میں یہ شان صرف اور صرف مولائے کائنات کی ہے کہ انہوں نے گردش کرتے سورج کو اپنی قضاء نماز کو واجب نماز کرنے کی ادائیگی کے لیے واپس بلایا، رسولؐ نے معجزہ شق القمر کر کے دکھایا۔ اسی سبب ہم مولا علیؑ کو امام المشارق والمغارب کے لقب سے بھی یاد کرتے ہیں۔

نوٹ: چونکہ نوروز کا وقت پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم تحویل آفتاب کے مطابق ہے لہٰذا اس کا اطلاق ہر شہر اور قصبہ پر یکساں ہوگا۔ مقامی وقت کو جمع یا نفی کرنے کی ضرورت نہیں۔ مبارک و مستجاب وقت سے مومنین یکساں استفادہ فرمائیں۔ بیرون ملک رہنے والے بہن بھائی نوروز کا پاکستانی وقت 20 مارچ 2020ء بوقت 08 بجکر 51 منٹ سے 5 گھنٹے نفی کر لیں تو 20 مارچ 03 بجکر 51 منٹ گرین وچ کا وقت نکل آئے گا۔ اس وقت گرین وچ سے اپنے ملک کا معیاری وقت جمع یا نفی کر لینے سے آپکو اپنے ہاں کا نوروز کا وقت مل جائے گا۔

قدیم زمانہ سے منجمین میں رواج چلا آ رہا ہے کہ جب شمس برج حمل میں صفر درجہ صفر دقیقہ پر داخل ہوتا ہے تو منجمین اس وقت کو نہایت متبرک اور معتبر جانتے تھے اور جانتے ہیں۔ کیونکہ شمسی سال کی ابتداء اس وقت ہوئی تھی اور مہینوں کے نام بھی ان ہی بارہ بروج سے متعلق و منسوب تھے۔ متقدمین اس وقت خاص کے تحت زائچہ کشید کر کے دنیا میں یا خاص خاص ملکوں میں ایک سال کے اندر وقوع پذیر ہونے والے اچھے برے واقعات کا اظہار کرتے ہیں۔ زائچہ نوروز نہایت اہم ہوتا ہے۔ تاہم ہم نے چاروں نوروز کے (اسلام آباد) پاکستان کا زائچہ کشید کیا ہے لہٰذا ہم اپنے ملک کا احوال بیان کریں گے۔ یہ زائچے سبھی اوتاد کہلاتے ہیں یعنی زائچہ سال نوروز اوتاد اول **حمل** سے

شروع ہوگا۔ دوم اوتاد تحویل شمس در **سرطان**' سوم اوتاد تحویل شمس در **میزان**' چہارم اوتاد تحویل شمس در **جدی** جب یہ چاروں زائچے درست بن جاتے ہیں تو 3,3 ماہ کی سیاسی و موسموں کے احکامات صحیح ترین اخذ کئے جا سکتے ہیں۔ پھر یہ کہ زائچہ اول بادشاہ سال کے درجہ کے مساوی زائچہ دوم وزیر سال زائچہ سوم سپہ سالار جبکہ زائچہ چہارم مشیر سال کہلاتا ہے۔ یہ تو اصلی نوروز ہے۔ جو قدیم یونانیوں کے اصول کے تحت ہوتا ہے۔ اہل ہند نوروز یکم چیت کو کہتے ہیں۔ یہ قمری ہوتا ہے اور اس کے تحت نوروز کی سواری اور ان کے ادھیکار (وزیر سپہ سالار وغیرہ) مقرر کرتے ہیں۔ اب یونانی نوروز کو بھی ہندوستان کی تمام جنتریاں جگہ دے رہی ہیں۔ جو محض نئی اختراع ہے' اس اختراع کو ابھی سو برس بھی نہیں ہوئے مگر یہ صرف ہندوؤں کے اصول کے تحت ہے۔ ورنہ دنیا کے کسی خطہ میں بھی عجیب وغریب سواری رنگ برنگ دیو مالائی احوال کا وجود نہیں صرف سیدھے سادھے مسلمان اس کو فرد اعظم تصور کرنے لگے ہیں۔

نوروز مختلف ممالک میں

نوروز ایران، قفقاز، وسطی ایشیا اور دنیا میں مختلف فارسی ثقافت کے لوگ اس کو مناتے ہیں۔ ایران، عراق، جارجی، افغانستان، آذربائیجان، پاکستان (گلگت بلتستان) اور انڈیا میں عام تعطیل ہوتی ہے۔

30 مارچ 2009 میں کینیڈین پارلیمنٹ نے باضابطہ بل منظور کیا جس میں نوروز کو سرکاری کیلنڈر میں شامل کیا گیا۔

البانیہ میں سلطان نوروز کو بیکشا فرقہ کی طرف سے صوفیانہ طور پر منایا جاتا ہے اور اس دن کو حضرت علیؑ کی پیدائش کا دن سمجھا جاتا ہے۔

کردش لوگ عراق اور ترکی میں اس دن کو مناتے ہیں۔ پاکستان میں بلتستان میں منایا جاتا ہے۔ انڈیا میں پارسی لوگ اس دن کو مناتے ہیں۔ جنوبی کیلی فورنیا کے لوگ سمندر کے ساحلوں پر اس دن کو مناتے ہیں۔ 15 مارچ 2010ء کو 384 ووٹوں سے اس دن کو ثقافتی دن تسلیم کیا گیا۔

فنظر نظرۃ فی النجوم ہ فقال انی سقیم ہ

ترجمہ: پھر ابراہیم نے ستاروں پر ایک بار نظر ڈالی۔ پھر کہا میں بیمار ہونے والا ہوں۔

فضیلت عید نوروز

حضرت مجلین خانیسؓ جو حضرت امام جعفر صادقؑ کے خاص صحابی تھے۔ وہ کہتے ہیں میں نوروز کے دن حضرت کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا۔ حضرت نے فرمایا:

(1) یہ وہ دن ہے کہ خداوند عالم نے بندوں کی روحوں سے اقرار لیا کہ وہ اُس کو وحدہ لاشریک اور کسی کو اس کی عبادت میں شریک کار نہ دے۔

(2) یہ پہلا وہ دن ہے جس میں سورج نے اپنی پہلی کرن زمین پر ڈالی۔

(3) اِسی دن حضرت نوحؑ کی کشتی نے طوفان کے بعد کوہ جودی پر قرار پکڑا۔

(4) اِسی دن خداوند عالم نے اُن چند ہزار آدمیوں کو زندہ فرمایا جو طاعون کے خوف سے بھاگے تھے اور خدا نے اُن سب کو موت دے دی۔ ایک مدت کے بعد جب ان کی ہڈیاں رہ گئیں تو ایک رسول کا وہاں سے گزر ہوا۔ انہوں نے خداوند عالم سے سوال کیا۔ پالنے والے مجھے دکھا دے کہ تو کس طرح بوسیدہ ہڈیوں کو زندہ کرتا ہے، خدا کی طرف سے وحی نازل ہوئی کہ تم اِن ہڈیوں پر پانی چھڑکو، تو انہوں نے اُن پر پانی چھڑکا تو باقدرت خدا وہ سب زندہ ہو گئے۔ اِسی وجہ سے سنت ہے کہ مومنین ایک دوسرے پر پانی چھڑکیں یا خود اپنے اوپر پانی ڈالیں۔ جو لوگ زندہ ہوئے وہ 30 ہزار تھے اور وہ رسول حضرت حضقیلؑ تھے۔

(5) ۱۵ھ حضرت علیؑ نے دوشہ مبارک رسول خداؐ پر چڑھ کر خانہ کعبہ میں بت شکنی کی۔

(6) نوروز کا دن ہی عید غدیر کا دن تھا۔

(7) نوروز کے ہی دن حضرت امیر المؤمنینؑ کو خلافت ملی۔

(8) نوروز کے ہی دن امیر المؤمنینؑ نے خارجیوں کے خلاف جنگ نہروان میں فتح حاصل کی۔

(9) انشاءاللہ اسی روز امام مہدیؑ کا ظہور ہوگا۔

(10) اسی روز باقی سارے امامؑ دنیا کی طرف رجعت کریں گے۔

(11) امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ نوروز کا دن ہمارے اور ہمارے چاہنے والوں کا دن ہے۔

احکامات نوروز عالم افروز

(1) بادشاہ سال	زہرہ	20 مارچ 2020
(2) وزیر اعظم سال	زحل	20 جون 2020
(3) سپہ سالار سال	مریخ	22 ستمبر 2020
(4) مشیر سال	قمر	21 دسمبر 2020

آسمانی کونسل پر نوروز عالم افروز 2020ء کے دربار میں اس مرتبہ چاروں نوروز کو اکٹھا کر دیا گیا ہے۔

زائچہ نوروز عالم افروز کا آسمانی کونسل پر فلکیاتی ثمرہ کچھ یوں معلوم ہوتا ہے۔ طالع ثور کا حاکم ستارہ زہرہ طاقتور پہلا گھر سیاسی نجوم میں پوری قوم کی عمومی حالت کو ظاہر کر رہا ہے۔ زہرہ یہاں دیگر نحس ستاروں کی بری نظر سے بھی مبرا ہونے سے ملک وملت میں گزشتہ سال سے مایوسی اُداسی کی جو لہر چل رہی ہے۔ اس کا رُخ تبدیل ہو جائے گا۔ قوم یکجا ہوگی۔ زائچہ کے نویں ستارہ مشتری اپنے فطرتی گھر یہ مذہب و قانون خارجہ اُمور بینکنگ سیکٹر کا ستارہ شرف یافتہ مریخ سے حالت قران میں ہونے سے بین الاقوامی خصوصاً ایشیائی علاقائی جنگ صورت کے مسلسل خطرات عوام میں جذبہ فلسفہ جہاد اُجاگر رہیگا۔ آزادی کشمیر جہاد کشمیر کیلئے مذہبی سیاسی نہ صرف 22 کروڑ عوام متحد رہیں۔ ملک دُشمن دہشت گرد قوتیں بے نقاب اور انکی سرکوبی کی جائیگی۔ عوام اور اپوزیشن ملکی دفاع کے تحفظ میں کسی قربانی سے دریغ نہ کریں۔ سرکاری ونجی سطح پر ملک وقوم کا جذبہ بڑھانے کے لئے آپس میں ایثار وقربانی کے جذبات کو الیکٹرانک پرنٹ میڈیا حکومت کے ساتھ مذہبی قوتیں بھی اس میں اپنا مثبت کردار ادا کریں۔

2020ء بادشاہ سال زہرہ ہونے سے جدید نت نئے فین اور ملبوسات آرام وآسائش تفریحی ہوٹل پر تکلیف ریسٹورنٹ کی تعداد میں اضافہ اندرون ملک نئے جیم مساج سنٹر کی تعداد میں اضافہ خواتین کو اندرون ملک سرکاری و نجی ملازمتوں اور بزنس کرنے میں سہولت اور مراعات ملیں۔ 2020ء اعلیٰ تعلیمی معیاری مقابلہ میں لڑکوں کے مقابلے میں لڑکیاں آگے نکل سکتی ہیں۔ اور اس کا اعتراف سرکاری سطح پر بھی کیا جائے۔ زائچہ نوروز میں نویں ملکی قوانین اعلیٰ عدلیہ مذہب تحریکات اور غیر ملکی تعلقات خارجہ اُمور بھی اس گھر سے منسوب ہیں۔ زائچہ نوروز نویں پانچ ستاروں کا اجتماع زحل، کیتو، مشتری، مریخ اور پلوٹو کا یہاں قیام ہونا مقابل راہو تیسرا گھر پڑوسی ممالک سبھی پانچ ستاروں کا اس گھر کو ناظر ہونا تیسرا گھر پڑوسی ممالک عالمی ابلاغ عامہ سرکاری اور غیر سرکاری اخبارات الیکٹرانک میڈیا سرکاری بیانات ملکی فتوحات وزارت خارجہ، افواہیں، مسلح افواج، دفاع اعزازات، خلائی سیاروں کے ذریعے مواصلات کا بینہ سربراہان کے غیر ملکی دورے اور اقوام متحدہ سے رابطہ جیسے سبھی منسوبات ان پر 9,3,2 گھروں سے منسوب ہیں۔ 2020ء میں وطن عزیز پاکستان بین الاقوامی لحاظ سے اقوام عالم میں خاصہ ہائی لائٹ رہیگا۔ اس زائچہ کا سب سے کمزور پہلا ستارہ شمس ارض وقت کا مالک ہو کر بارہویں نحس خفیہ دُشمنوں کے گھر ہونے سے پاکستان دُشمن قوتیں ہمارے ارض وطن کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنے کی بھرپور سازش کر سکتی ہیں۔ 2020ء میں ستارہ زحل پلوٹو قران یکم تا 24 جنوری اور پھر ستارہ مریخ زحل قران نحس 30 مارچ تا 12 اپریل زائچہ کے نویں دسویں حساس مقامات پر لگیں گے۔ سیاسی ایوانوں میں زلزلہ آسکتا ہے۔ مارشل لاء ایمرجنسی جیسے حالات تب ملک کی ضرورت ہو سکتے ہیں۔ سرحدوں پر عسکری نقل وحمل اور صورتحال کشیدہ رہیگی۔ 2020ء کے حساس مہینے جنوری میں مشتری کیتو قران، مارچ مشتری کیتو قران، اپریل، جون، جولائی، نومبر میں مشتری پلوٹو قرانات، دسمبر مشتری زحل قران مندرجہ بالا ایام ملکی دفاعی معاملات 2020ء میں اہمیت اختیار کر جائیں۔ **وطن ہے تو سب کچھ ہے۔**

زائچہ نوروز میں اُمید کی کرن چھٹے سروسز کا مالک سیارہ زہرہ طالع میں اپنے ہی گھر کا حاکم افواج پاکستان اور عوام وطن کے دفاع کے لئے کسی قربانی سے دریغ نہ کریں گے۔ طالع زہرہ پوری قوم کی نمائندگی کا مظہر ہے۔ عوام اور پاک افواج ایک پیج پر ہونگے۔ 2020ء آزمائشوں کا سال تاہم ملکی تعمیر وترقی خصوصاً سی پیک منصوبہ میں وسعت تجارتی حجم میں اضافہ احتسابی عمل تیزی سے جاری رہے۔ حکومت نے قوم سے جو وعدے کر رکھے ہیں 2020ء میں پھر سے وعدے حکومت کے خلاف وقفہ وقفہ سے ہڑتالیں ہنگامہ سیاسی بے چینی کا سلسلہ جاری رہیگا۔ ہماری دُعا ہے کہ 2020ء وطن کے لئے خوشحالی لائے۔ دُعا گو شاہ زنجانی

اعمال نوروز: تحویل آفتاب کا وقت نہایت مبارک و مسعود ہوتا ہے۔ یہ اجابت و دعا کا وقت ہے مومنین مقررہ وقت سے پہلے پاک و پاکیزہ صاف ستھرے ہو کر لباس مطہر زیب تن کریں اور ایک صاف کمرے میں فرش پر پاک و پاکیزہ کپڑا بچھائیں اور خوشبویات مثل لوبان، اگربتی، عنبر و صندل وغیرہ لگائیں۔ پھر ایک دستر خوان پر سرخ و سپید و سبز اور سیاہ رنگ کی مٹھائی رکھیں۔ اس پر نذر حضرت امیر المومنینؑ دیں بعد ازاں ایک کٹورے یا پیالے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سرخ پھول چھوڑ دیں اور بوقت تحویل آفتاب اس پر نظر رکھیں۔ تحویل آفتاب کے وقت ساکن پھول میں خود بخود حرکت پیدا ہوگی۔ بس یہ وقت دعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہے اس وقت یہ دعا کم از کم **46** مرتبہ پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَيَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَيَا مُقَلِّبَ
اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے کھولنے والے دروازوں کے اور اے پیدا کرنیوالے اسباب کے اور اے پھیرنیوالے
الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ وَيَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ وَيَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ وَيَا مُفَرِّحَ
دلوں کے اور نگاہوں کے اور اے فریاد سننے والے فریاد والوں کی اور اے راہ بتانے والے حیرانوں کے اور اے فرحت
الْمَحْزُوْنِيْنَ اَغِثْنِيْ اَغِثْنِيْ اَغِثْنِيْ فَوَكَّلْتُ عَلَيْكَ يَا رَبِّيْ وَفَوَّضْتُ اِلَيْكَ
دینے والے غمگینوں کے میری فریاد سن میری فریاد سن میری فریاد سن پھر میں نے تجھ پر اے میرے رب اور میں نے تیرے سپرد کیا
اَمْرِيْ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا رَبِّ يَا اَللّٰهُ يَا بَاسِطَ الْاَرْزَاقِ يَا فَتَّاحُ يَا كَرِيْمُ
اپنا کام اے پروردگار اے پروردگار اے پروردگار اے اللہ اے خوشحال کرنیوالے اے رزاق اے کھولنے والے اے کریم

اس دعا کے اول و آخر گیارہ گیارہ دفعہ درود شریف پڑھیں بعد ادائیگی دعا اپنے مقاصد و حاجات کے مطابق پڑھیں۔

اعمال دیگر: مومنین کو چاہئے کہ نوروز کے دن بعد نماز ظہرین **4** رکعت نماز نفل اس طرح ادا کریں۔ اول یہ نیت کریں کہ دو رکعت نماز پڑھتا ہوں قربتہ الی اللہ اللہ اکبر۔ اول رکعت میں بعد سورۂ حمد دس مرتبہ سورہ انا انزلنا اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ **10** مرتبہ سورہ قل یا ایھا الکفرون اور بعد سلام ختم کرے اور پھر **2** رکعت کی نیت کر کے نماز شروع کریں۔ اول رکعت میں سورۂ فاتحہ **10** مرتبہ قل ھو اللہ احد اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ دس دس مرتبہ سورۂ قل اعوذ برب الناس اور قل اعوذ برب الفلق پڑھیں اور بعد سلام ختم کریں اور دعا کریں اور سجدے میں جائیں اور یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ الْاَوْصِيَاءِ الْمَرْضِيِّيْنَ وَ عَلٰى جَمِيْعِ اَنْبِيَائِكَ وَ رُسُلِكَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِكَ وَ بَارِكْ عَلَيْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَ صَلِّ عَلٰى اَزْوَاجِهِمْ وَ اَجْسَادِهِمْ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ بَارِكْ لَنَا فِيْ يَوْمِنَا هٰذَا الَّذِيْ فَضَّلْتَهٗ وَ كَرَّمْتَهٗ وَ شَرَّفْتَهٗ وَ عَظَّمْتَ خَطَرَهٗ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْمَا اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَيَّ حَتّٰى لَا اَشْكُرَ اَحَدًا غَيْرَكَ وَ وَسِّعْ عَلَيَّ فِيْ رِزْقِيْ يَا ذُوْ الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَللّٰهُمَّ مَا غَابَ عَنِّيْ فَلَا يَغِيْبَنَّ عَنِّيْ عَوْنُكَ وَ حِفْظُكَ وَ مَا فَقَدْتُّ مِنْ شَيْءٍ فَلَا تَفْقُدْنِيْ عَوْنُكَ عَلَيْهِ حَتّٰى لَا اَتَكَلَّفَ مَالَا اَحْتَاجُ اِلَيْهِ يَا ذُوْ الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ○

نوروز کی شرعی حیثیت: حضرات آئمہ معصومینؑ کے ارشادات اور اعمال و افعال سے ثابت ہے کہ اس دن کو آل محمد مصطفیٰؐ نے اپنا دن فرمایا ہے اور اس کے متعلق بیشمار حالات و کوائف کو واضح فرمایا ہے اور بتایا ہے کہ بدو کائنات سے صبح قیامت تک اور ازل سے ابد تک یہ دن عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

یہ دن ہماری نگاہ میں اس لئے بھی خصوصی اہمیت رکھتا ہے کہ اسی دن نوروز بھی تھا۔ از تحقیق **18** ذوالحجہ کو حسن اتفاق سے تاریخ عیسوی بھی **18** مارچ تھی۔ قمری و عیسوی دونوں تواریخ (**18**) تھیں، (دیگر ایک تحقیق کے مطابق **17** مارچ تھی)۔ نوروز عموماً **20** یا **21** مارچ کو آتا ہے۔ **10**ھ کی **18** ذوالحجہ تھی۔ یہ وہ تاریخ ہے کہ حضور خاتم النبین سید الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰؐ نے بمقام غدیر خم بموقع حج آخر ایک لاکھ **24** ہزار صحابہ کرامؓ کے مجمع میں امام المتقین امیر المومنین حضرت علیؑ ابن ابی طالبؑ کو بحکم پروردگار عالم مفاد یا ایھا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک اپنا جانشین مقرر فرمایا تھا۔

الحمد للہ علی احسانہ قد رجع الحق الی مکانہ

(روضۃ الاحباب) ان وجوہ کی بناء پر نوروز کے دن خوشی کا حکم دیا گیا ہے۔

خود نوز نوبہار روز کا خاص طلسم

ا لا // 9 9 // یُحطے

بوقت تحویل آفتاب نوروز عالم افروزیہ طلسم زعفران سے لکھ کر بازو پر باندھیں۔

عالمی و سیاسی حالات 2020ء

آسٹرالوجر شہزادہ سیّد محمد علی شاہ زنجانی

غزوہ ہند سے قبل 2020ء (ولی) غوث، قطب، ابدال کی نئی ذمہ داریاں

2020ء عالمی سازشیں مشرق وسطیٰ کے بعد ایشیائی ممالک کی لپیٹ میں

2020ء سے آغاز 2025ء میں بھارت کے ٹکڑوں کی ابتداء

26 دسمبر 2019ء سورج گرہن اور آٹھ کواکب (شمس، قمر، مشتری، مریخ، زحل، پلوٹو کیتو اور راہو) کی اجتماعی عالمی نحوست 2020ء تا 2040ء عالمی جغرافیائی تبدیلیوں کا آغاز

پاکستان 2020ء کے ورش پھل (سالانہ زائچہ) پر علم نجوم سے روشنی ڈالتے ہیں۔

20 دسمبر 2019ء تا 7 جنوری 2020ء دورِ راہو:۔ زائچہ ورش پھل میں چاند کا سایہ راہو زائچہ کے گیارہویں برج جوزا یہ گھر پارلیمنٹ ملک کی تہذیب وثقافت تجارتی ترقی آموز دوست ممالک سے تعلقات اور وطن عزیز کے مستقبل کے بارے میں منصوبہ جات خوشحالی توقعات سے وابستہ راہو کے مقابل برج قوس میں 26 دسمبر 2019ء سورج گرہن اور سات ستاروں کے اجتماع میں ابھی بھی پانچ ستارے شمس مشتری زحل کیتو اور پلوٹو موجود ہونے سے اندیشہ ہے کہ اس وقت اندرون ملک اور اسمبلی کے اندر اپوزیشن کی مذہمت حکومت کے خلاف سیاسی جنگ کیا کسی منطقی انجام کو پہنچ سکتی ہے؟ یا پھر وزیراعظم اسمبلی کے تحفظ کے لئے کوئی ایمرجنسی لگا سکتے ہیں یا دلبرداشتہ ہو کر اپوزیشن کو سبق سکھانے کے لئے اسمبلیاں توڑ کر دوبارہ الیکشن لڑ کر دوبارہ زیادہ اکثریت سے اسمبلی میں آنے کا انہیں مشورہ دیا جا سکتا ہے۔ مخدوش جغرافیائی حالات کے سبب ایسے مشورے میڈیا تک ہی محدود رہیں گے۔ سالانہ زائچہ میں دسویں کا مالک زہرہ چھٹے نحس گھر میں ہونے سے وزیراعظم کو کوئی جذباتی یا جلد بازی کا فیصلہ مہنگا پڑ سکتا ہے۔

7 جنوری تا 25 فروری 2020ء دورِ مشتری:۔ ستارہ مشتری زائچہ ورش پھل میں پانچویں اپنے ہی گھر دیگر ستاروں کے اجتماع کے ساتھ تحت الشعاع غروب پانچویں کے مقابل گیارہویں 11 جنوری کو چاند گرہن 8 جنوری مشتری کیتو قران اور راہو سے مقابلہ 12 جنوری زحل پلوٹو قران اندرون ملک جرائم کی شرح اچانک بڑھ سکتی ہے۔ بھارت سے کشیدگی میں مزید اضافہ سرحدی صورتحال بھی تشویش ناک اسمبلی ٹوٹنے ایمرجنسی مارشل لاء جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں۔ بازار حصص سٹاک ایکسچینج میں زبردست اُتار چڑھاؤ سے تخمین بازی کا بڑا کام کرنے والوں کو بڑا نقصان ہو سکتا ہے۔ سوشل میڈیا

سوسائٹی میں پھیلائی گئی افواہوں سے دُور رہیں کم از کم وہ فیملیز ادارے محفوظ رہیں گے جو معاشرتی امور میں مثبت حصہ لیں گے۔

25 فروری تا 22 اپریل 2020ء دورِ زحل:۔ستارہ زحل 30 سال بعد 24 جنوری 2020ء اپنے ذاتی برج جدی میں آکر 29 اپریل 2023ء تک یہاں رہیگا۔ ورش پھل میں یہ چھٹے ملکی سروسز ادارے بحری، بری افواج پولیس کی انٹرپول کو خدمات مستعار لی جائیں عسکری اداروں کی ذمہ داریاں بڑھ جائیں۔ زائچہ پاکستان میں زحل نویں دسویں مشترکہ گھروں کا مالک اس کی بروجی تبدیلی مذہب قانون موجودہ حکمرانوں کی سابقہ حکمرانوں سے جاری گزشتہ ڈھائی سال سے جو سیاسی قانونی جنگ جاری ہے یہ کسی منطقی انجام کو پہنچائی جائے گی۔ ستارہ زحل کے فوراً بعد 25 فروری پلوٹو بھی برج جدی میں آجائیگا۔ دو اہم ستاروں کی بروجی تبدیلی اندرون ملک اہم سیاسی وغیر سیاسی واقعات راہنما ہونگے۔ زحل پلوٹو مشترکہ طور سے نویں سے تیسرے گھر کو مکمل ناظر رہیں پارلیمنٹ کے وجود کو خطرات، کیا جمہوریت کی بساط پلٹ دی جائیگی؟ جی ہاں اس کے خدشات وزیراعظم کو اپنی سیکورٹی بڑھانی چاہئے آئینی قانونی مسائل اور الیکشن کمشنر کے نئے ضابطے بہت سارے سیاسی لوگ آئندہ الیکشن کے لئے نااہل ہو سکتے ہیں۔ پڑوسی ممالک افغانستان خصوصاً بھارت سے کشمیر کا سیاسی تصفیہ ایک نیا رُخ اختیار کر سکتا ہے۔ امور مذہبی قانونی اور متعلقہ اداروں میں بے چینی فسادات ہنگامے ہڑتالیں حکومت اور حکمران پارٹی کے خلاف خفیہ تحریکیں مرکز اور صوبوں کے مابین وسائل اور اختیارات کی سیاسی جنگ ستارہ پلوٹو 25 فروری 2020ء تا 16 جنوری 2040ء اپنے 20 سالہ نویں گھر قیام کے دوران مجموعی طور سے نیا رُخ دے گا۔ نئی انتظامی تبدیلیاں اور نئے قوانین بنا کر ان پر عملدرآمد کیا جائے گا۔ پڑوسی ممالک کی جانب سے دفاعی سنٹر یا ایٹمی مراکز پر حملوں کے امکان کے خطرات بڑھ جائیں گے۔ اس سبھی طویل عرصہ قیام پلوٹو میں حفاظت پر مامور ایٹمی مراکز الرٹ پوزیشن میں ہونے کے ساتھ ایٹمی مراکز اپنے دفاعی نظام میں جدید ترقیاتی فنی ایجادات واختراعات لائیں۔

22 اپریل تا 13 جون 2020ء دورِ عطارد:۔سالانہ ورش پھل میں عطارد دوسرے گیارہویں کا مشترکہ حاکم ہو کر چوتھے مقیم ہونے سے خارجہ پالیسی کے تسلسل مثبت تبدیلیوں سے دوست ممالک کی تعداد میں اضافہ نہ صرف بلکہ دوست ممالک سے جاری تجارتی حجم بڑھنے سے ملک کی معیشت میں اضافہ اندرون ملک مواصلاتی نظام میں اصلاح بہتری موٹروے کے علاوہ سی پیک سے منسلک نئے ہائی وے کھلنے سے اندرون ملک تجارتی سرگرمیاں بڑھیں گی۔ سالانہ زائچہ کے چھٹے 30 مارچ تا 2 اپریل مریخ زحل کا قران اندرون ملک آتشزدگی کے بڑے واقعات حادثات سرحدوں پر جھڑپیں جنگی سا ماحول بنا رہے محنت کش طبقہ میں بے چینی حکومت کے خلاف مظاہرے خفیہ سازشیں اور بغاوت سول نافرمانی جیسے خدشات دکھائی دیتے ہیں۔ زائچہ میں 6 جون چاند گرہن حکمرانوں میں سختی، ظلم، ناانصافی اور عوام دشمن I.M.F کے کہنے پر پالیسیاں سخت کرنے سے عوام بزنس مین سراپا احتجاج جنسی جرائم اور طلاقوں کی شرح میں اضافہ، سیاسی مخالف ایک دوسرے پر سخت غیر اخلاقی الزامات لگانے سے بھی گریز نہ کریں۔ 21 جون سورج گرہن ملکی معیشت زراعت پر ناقص اثرات مرتب کرے گا۔ روپیہ کی قدر میں اُتار چڑھاؤ دیکھنے میں آئے۔ عدلیہ، پولیس اور فوج میں تبدیلیاں اور مثبت اصلاحات مخصوص سیاسی لوگ اچانک نئے صوبوں کے قیام کے لئے متحرک ہو جائیں۔ اس سال قانون کا فطری ستارہ مشتری آٹھویں سے نویں گھر مارچ 2020ء بارہ سال کے بعد آنے سے ایسا ہوگا۔

13 جون تا 5 جولائی دورِ کیتو:۔سالانہ زائچہ میں کیتو پانچویں مقیم ہونے سے دوست ممالک سے خارجہ تعلقات نہایت صاف وشفاف رکھنے کی ضرورت ہوگی۔ دوست ممالک کی ضروریات آپس میں جڑی ہونگی طالب علم خصوصاً جواں نسل کی تعلیم وتربیت اگرچہ حکومت کے ذمہ ہوتی ہے۔ تاہم اندرون ملک یوں معلوم ہوتا ہے کہ دیہاتوں محلوں قصبہ وشہروں میں والدین سرپرست اور اساتذہ کو نئی نسل کو تربیت دینی ہوگی۔ اور انہیں بڑھتی ہوئی بے راہ روی سے بچانا

12 اگست تا 21 اکتوبر مریخ مشتری شمس تربیع نئی نسل کے تحفظ کے لئے این جی اوز اور وزارت تعلیم کو ہائی الرٹ اور ہنگامی بنیادوں پر اپنی خدمات پیش کرنی ہونگی۔ اندرون ملک معاشی انتظامی صورتحال ناخوشگوار ہونے سے سٹاک شیئرز کا کاروبار بری طرح متاثر ہو۔ کیا ملک میں جمہوری مارشل لاء لگ جائیگا؟ آسمانی کونسل کے ستارے عجیب وغریب حالات کی نشان دہی کرتے ہیں۔ 5 جولائی چاند گرہن بچوں کی شعوری تعلیم وتربیت وزارت تعلیم کی ذمہ داریاں بڑھیں۔

5 جولائی تا 30 ستمبر دورِ زہرہ:۔ورش پھل میں زہرہ چھٹے ملکی سروسز کے گھر میں تیسرے دسویں کا مشترکہ حاکم ملکی سرحدوں پر افواج

کی خدمات نقل وحمل میں اضافہ ستارہ مریخ 16 اگست تا 14 اکتوبر (دورانیہ راہو کیتو بھی برج تبدیل کریں۔) زائچہ ورش پھل میں نویں جبکہ زائچہ پاکستان میں بارہویں رہیگا۔ 19 ستمبر راہو طالع اور ساتویں کیتو کے آنے سے اگست تا اکتوبر احتیاط طلب وقت ہوگا۔ پڑوسی ممالک سے کشمیر کے سلسلے میں گزشتہ سال سے جو محاذ آرائی چل رہی ہے اس میں شدت آسکتی ہے۔ خطرات ہیں کہ ملک دشمن قوتیں ہمیں کسی جنگ کی طرف دھکیل سکتی ہیں۔ تب حالات وواقعات کی نزاکت کو کنٹرول کرنے کے لئے ملک میں ایمرجنسی بھی لگ سکتی ہے۔ 30 اگست تا 30 ستمبر عسکری ستارہ مریخ زائچہ کے حساس درجات کو متاثر کرے۔ پڑوسی ملک بھارت سے سرحدوں پر شدید محاذ آرائی مارشل لاء نہ سہی ایمرجنسی جیسے حالات نظر انداز نہیں کئے جاسکتے۔ کشمیر بارڈر پر جنگی صورت رہ سکتی ہے۔

30 اکتوبر تا 22 ستمبر دورِ شمس:۔ سالانہ ورش پھل طالع کا ہی مالک شمس زائچہ میں پانچویں کمزور درجات اور ستاروں کے اجتماع میں گھرے ہونے کے سبب وطن عزیز پاکستان اندرونی سازشوں اور بیرونی دباؤ کا شکار رہیگا۔ کشمیری بہن بھائیوں کی حق ارادیت کے لئے بھرپور حمایت جاری رکھے گا۔ عالمی دباؤ مشکلات کے باوجود ہر آزمائش سے سرخرو ہونے کے لئے حکومت کو ہر چینل پر اندرون اور بیرون ملک حمایت حاصل کرنے کی ضرورت کو اہمیت دے گی۔

22 ستمبر تا 22 اکتوبر دورِ قمر:۔ زائچہ ورش پھل میں قمر بارہویں کا مالک ہوکر دوسرے بیٹھا ہے۔ یوں تو 2020ء پورا سال ہی ملکی معیشت کے حوالے سے ایک آزمائش طلب سال دکھائی دیتا ہے۔ جب ملکی ذرائع آمدن کم ریونیو کا ٹارگٹ پورا نہ ہو اور I.M.F کی کڑی شرائط کا سامنا ہو۔ اسی زائچہ میں تیسرے دسویں انتظامی اُمور حکمرانی کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ چھٹے نحس گھر میں ہے۔ ان ایام میں عسکری اخراجات بلند رہیں، اشیاء خوردنی کی عارضی قلت، مزدور طبقہ میں بے چینی، فساد جھگڑے اور اندرون ملک اچانک وبائی امراض کے بڑھنے کا اندیشہ 30 ستمبر تا 3 اکتوبر مریخ زحل تربیع اندرون ملک انتظامی سیاسی حالات کو کنٹرول کرنے کے لئے حکومت وقت سخت جارحانہ فیصلے کرنے پر مجبور ہوگی اندرون ملک ناگہانی آفات و بلیات زلزلے طوفان بادباراں جیسے خدشات سے تحفظ کے لئے ملکی تحفظ اور مشکلات پر قابو پانے والے اداروں کو الرٹ رہنا چاہئے۔

22 اکتوبر تا 12 نومبر دورِ مریخ:۔ ورش پھل زائچہ مریخ تیسرے وبال یافتہ ریلوے مواصلات کے شعبوں کے علاوہ سڑکوں پر ٹریفک جیسے امور میں حکومت اور متعلقہ اداروں کو متوجہ دلائے گا تو مرمت بحالی کے کام تیز کئے جائیں۔ مواصلات خصوصاً ریلوے سے متعلقہ کارکن اپنے مطالبات کی تکمیل کے لئے ہڑتالیں مظاہرے کرسکتے ہیں۔ بھاری فضول اخراجات کے سبب انتظامیہ اور مینجمنٹ کے حلقوں میں سکینڈل بدنامی مواصلات سیاحت صحافت اطلاعات کے اداروں میں اعلیٰ افراد بھی آزمائش تنزلی کا شکار ہوسکتے ہیں۔ ان ایام میں ایسے اداروں کے غیر ذمہ دار افراد کو یا پھر کسی احتسابی عمل سے گزرنا پڑے گا۔

12 نومبر تا 20 دسمبر دورِ راہو:۔ ورش پھل میں راہو گیارہویں پارلیمنٹ دوست ممالک سے تعلقات تجارت کا گھر مقابل پانچ ستاروں کا اجتماع حکومت وقت کے لئے کسی آئینی بحران کا بیانہ اور سربراہ مملکت کے کئے گئے کام احکامات سیاسی آزمائش تنقید کا باعث بنیں۔ 30 نومبر چاند گرہن زائچہ ورش پھل کے دسویں زائچہ پاکستان کے طالع میں گرہن لگنے سے عوام اور حکمران طبقہ مشترکہ آزمائش و پریشانیوں سے گزریں۔ عوام پہلے ہی زندگی کے ہر محاذ پر قربان ہو چکے ہیں تاہم پھر بھی حکمران عوام سے ملک کی ترقی دفاع کے نام پر مزید قربانی مانگ سکتے ہیں۔ سول وملٹری اداروں کی ذمہ داریاں بڑھ جائیں گی۔ زحل مشتری قران کا بیانہ اور سربراہ مملکت کے لئے مشکلات لائے گا۔ صوبوں اور وفاق کے مابین ہم آہنگی اور انتظامی کمزوریوں کو دُور کرنے کی مثبت کوششیں کی جائیں۔

مجموعی طور سے 2020ء پاکستانی حکمرانوں عوام کے لئے صبر آزما سال تاہم ملکی تجارتی صنعتی ترقی زراعت کے شعبوں میں فعال بہتری سے آسان خوشحالی کا کوئی نیا مفید پروگرام سامنے آئے گا پانی کے نئے چھوٹے ڈیم بنائے جائیں باغات باغبانی تعمیرات کے شعبہ کا معیار بڑھے مذہبی قوتیں اور حکومت **عوام میں سارا سال وقفہ وقفہ سے جذبہ قربانی جہاد کو بڑھایا جائے گا۔**

کشمیر:۔ U.N.O میں کشمیر کے مسئلہ کو پُرامن حل کرنے کیلئے حکومت پاکستان کے لئے 2020ء بھی آئیڈیل سال ہوگا۔ قدرت نے اسکی تائید یوں فرمائی کہ 72 سال بعد مسئلہ کشمیر مودی کی جارحانہ پالیسی کے سبب دُنیا اور U.N.O میں ہائی لائٹ ہوا سفیر کشمیر وزیراعظم پاکستان عمران خان نے کشمیر کا مقدمہ لڑا اور لڑ رہے ہیں۔ 26 دسمبر 2019ء آسمانی کونسل پر 7 ستاروں کی نحست سورج گرہن کے بداثرات کے نتیجہ میں 2020ء آزادی کشمیر کیلئے فیصلہ کُن سال ثابت ہوگا۔ 9 لاکھ مودی

یزیدی افواج مسلسل کشمیری نہتے مسلمانوں پر ظلم کر رہی ہے۔ فرمانِ مولاؑ ہے کہ "کفر و شرک کی حکومت تو قائم رہ سکتی ہے مگر ظلم کی نہیں" جنتری ہذا میں آزادی کشمیر اور جنگ کے خطرات پر ایک فلکیاتی تجزیہ الگ سے دیا جا رہا ہے۔ مسئلہ کشمیر 72 سال میں اٹک حل نہ ہوا۔ طالبان نے افغان مسئلہ اپنی قوت سے 17 برس میں حل کر لیا۔

بھارت:۔ زائچہ میں مہادشا قمر میں 5 دسمبر 2019ء تا 5 جولائی 2021ء تک دور زحل رہیگا۔ زائچہ قانون مذہب اور حکمرانی کا ستارہ پیدائشی زائچہ میں تیسرے تحت الشعاع غروب ہے جبکہ زحل گزشتہ 26 جنوری 2017ء تا 24 جنوری 2020ء تک آٹھویں نحس گھر میں رہا یہ گھر حادثوں، زلزلوں، حکمرانوں کی ذہنی نفسیاتی اُلجھنوں اور حادثاتی یا غیر حادثاتی اموات بھی ہے مودی سرکار نے اپنے جنونی پن سے پورے بھارت کو داؤ پر لگا کر ہندو ریاست میں تمام اقلیتوں عیسائی، سکھ، خصوصاً مسلمانوں سے اپنی انتہاء پسندی دشمنی کی انتہاء کر دی اور کشمیر کی آئینی حیثیت شق 370 ختم کر کے کشمیر کو اپنے اندر ضم کرنے کی جو سازش کی یہ مودی سوچ اور اسکی سرکار کے لئے آئندہ تاریخ بتائے گی کہ حکومت سیاسی موت مرے گی۔ زائچہ کے نویں گھر 2020ء میں اہم ستاروں کا اجتماع ہونا غیر معمولی بات دکھائی دیتی ہے۔ یہ گھر قانون مذہب سیاسی نجوم میں (اعلیٰ عدلیہ ملکی اور بین الاقوامی عدالت انصاف کے ساتھ اقوام متحدہ سے بھی انصاف لینے یا دینے کا گھر) مذہبی اُمور اور اس سے متعلقہ محکمہ جات مساجد، گرجے، مندر، اقلیتی رفاہ عامہ، شرعی یا مذہبی عدالتیں بینکنگ تجارت، الیکٹرانک سائنسی ایجادات، ایٹمی توانائی، ری ایکٹر انکے مراکز، ہوائی اور سمندری سفر، پاسپورٹ یا ویزا پالیسیاں ملکی و غیر ملکی مذہبی اُمور ان سے متعلقہ تحریکات کا ہے۔ زائچہ کے اس گھر میں آسمانی کونسل پر اہم ست الرفتار سیارگان کا اجتماع ہو رہا ہے۔ ستارہ زحل 24 جنوری 2020ء تا 17 جنوری 2023ء تک یہاں رہیگا۔ زائچہ میں زحل نویں دسویں کا مشترکہ حاکم یہ مندرجہ بالا سبھی منصوبات میں سعادتیں دے گا۔ بشرط جنونی حکمرانی اس کیلئے آمادہ بھی ہوں۔ فعلی منحوس ستارہ مریخ جو بارہویں کے ساتھ منحوس گھر کا مالک اہم ستاروں کے اجتماع میں 22 مارچ تا 4 مئی یہاں رہیگا۔ مریخ مشتری قران 18 تا 22 مارچ مریخ پلوٹو قران 21 تا 24 مارچ مریخ زحل قران 30 مارچ تا 2 اپریل مشتری پلوٹو قران 27 مارچ تا 6 اپریل یکے بعد دیگر شرف یافتہ فعلی منحوس مریخ کے اہم ستاروں سے قران اندرون ملک جنونی پن کو ہوا دیں۔ چلت کے سبھی یہ اہم ستارے مشتری زحل پلوٹو تیسرے پڑوسی ممالک کو بنظر مقابل رہیں مریخ مارچ تا مئی یہاں سے گزرتے ہوئے سبھی ستاروں کو سپارک وایکٹو کر دے گا۔ ان مہینوں میں کشمیر پاک سرحدوں پر عسکری نقل و حمل بڑھ جائے اور سرحدوں پر جنگی ماحول سا بنا رہے۔ ستارہ پلوٹو 25 فروری 2020ء تا 16 جنوری 2040ء تک جبکہ ستارہ مشتری 20 مارچ تا 5 اپریل 2021ء تک یہاں رہیگا۔ جنم زائچہ کے تیسرے گھر (شمس، قمر، زہرہ، عطارد، زحل، پلوٹو) چھ ستاروں کا اجتماع اور ان میں حکمرانی مذہب قانون کا ستارہ زحل نویں رہ کر 2021,2020ء میں زحل کی مکمل نظر تیسرے گھر میں رہیگی۔ پڑوسی ممالک خصوصاً پاکستان سے کشمیر کے تصفیہ پر عسکری محاذ آرائی کے علاوہ U.N.O دوست ممالک سپر پاور کی مداخلت کے سبب مظلوم کشمیریوں کی دُعاؤں سے مقبوضہ کشمیر آبرومندانہ حل کی طرف بڑھے گا۔

ایران:۔ زائچہ ایران انقلاب ایران 1979ء کے بعد 2020ء آسمانی کونسل پر ستاروں کی تبدیلی کے اعتبار سے نہایت اہم دور میں داخل ہونے جا رہا ہے۔ چار اہم ستارے ساتویں خارجہ اُمور غیر ملکی طاقتوں سے تعلقات تنازعے، جھگڑا، آزادی انقلاب ایران کے اوّل روز سے امریکہ نے ایران کو اپنا دشمن اوّل نمبر بنا رکھا ہے۔ حسن اتفاق سے ایران امریکہ دونوں کا ہی طالع برج سرطان دونوں ممالک کے ہی یکساں گھر زحل 24 جنوری تا 17 جنوری 2023ء، پلوٹو 25 جنوری تا 16 جنوری 2040ء، مریخ 22 مارچ تا 4 نومبر 2020ء اور مشتری 30 مارچ تا 20 نومبر 2021ء رہیگا۔ گزشتہ سال سے ایران امریکہ (سعودی عربیہ) کی آپ میں سخت سرد جنگ جاری رہی۔ 26 دسمبر 2019ء سورج گرہن کے ساتھ چوتھے گھر میں سات ستاروں کا اجتماع اندرون ملک داخلی صورتحال تشویشناک 2020ء میں یکم تا 24 جنوری زحل پلوٹو قران 27 تا 31 مارچ مریخ پلوٹو کا قران ایشیائی ممالک خصوصاً ایران عرب ممالک اور خلیج فارس میں ایران امریکہ عسکری محاذ آرائی جنگ کے خطرات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا اس جنگ کو قدرت کاملہ کے نمائندے ولی، قطب، ابدال، غوث ہی ٹال سکتے ہیں۔ آسمانی کونسل پر مہادشا مشتری میں انتر دشا زہرہ 17 ستمبر 2019ء تا 18 مئی 2022ء رہیگی ستارہ زہرہ زائچہ میں چوتھے کا مالک ہو کر آٹھویں نحس ہمراہ کیتو ہونے سے اندرون ملک ناگہانی موسمی اثرات زراعت باغات سے پیداواری اہداف میں کمی سیلاب زلزلہ جانی مالی نقصان کے خدشات اندرون ملک گاؤں سے شہروں میں ہجرت میں اضافہ زائچہ میں طالع کا مالک قمر شرف یافتہ اور طالع میں شرف یافتہ مشتری ہونے کے سبب ایران کی اعلیٰ علماء کی قیادت کو روحانی طور سے قطب ولی ابدال غوث اور امام زمانہؑ کی مدد و نصرت شامل رہیگی۔ ایران کا جھنڈا جس پر لکھا ہے سرفرازی و بلندی کا نشان ہے۔

افغانستان:۔ یوں تو سرزمین افغان کی تاریخ ہے کہ برطانیہ روس کے بعد آج تک لاکھ کوشش کے بعد صیہونی دجالی عسکری نیٹو اتحاد نے 9/11 کے بعد افغانستان پر جو یلغار کی تھی اب یہی طاقتور افواج افغان سرزمین پر رحم چاہنے کے لئے مجبور ہے۔ آسمانی کونسل پر برج جدی میں اہم کواکب مشتری مریخ زحل اور پلوٹو کا یکے بعد دیگرے آنا اس بات کا اشارہ ہے کہ صدر ٹرمپ نے امریکہ افواج کو یہاں سے نکالنے کیلئے 2019ء میں جو کوشش یا ڈرامہ کیا 2020ء میں پھر پاکستان کی معرفت یہ ڈرامہ رچا کر کامیاب ہونے کی کوشش ثانی کرے گا۔ اس دجالی لشکر کی عزت اسی میں ہوگی کہ یہ اپنی آبرو بچا کر یہاں سے نکلے۔ 2020ء یوں بھی امریکہ کے لئے تیسری عالمگیر جنگ کے خبط کا سال ہے۔ فرقہ پرستی افغان طالبان اس حوالے سے مبارک باد کے مستحق ہیں۔ یوں بھی زائچہ میں بارہ سال کے بعد ارض وطن کا فعلی حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری 29 مارچ 2019ء تا 20 نومبر 2020ء تک چوتھے ارض وطن کے گھر رہیگا۔ یہ زائچہ میں اپنی سعادت کے دوران قوموں کی تقدیر بدلنے والا ستارہ ہے۔

چین:۔ چائنہ کے نظر ثانی شدہ زائچہ میں اہم ستاروں کی چلت پوزیشن 2021,2020ء نہایت اہم دکھائی دیتی طالع میں اپنے گھر کا حاکم ستارہ زحل 30 سال بعد طالع میں 24 جنوری 2020ء تا 17 جنوری 2023ء رہیگا۔ ستارہ زحل یہاں نہایت طاقتور ہوگا۔ ملک وملت میں مضبوطی توانائی اور ترقیاتی رجحانات بڑھیں گے۔ اندرون ملک سنجیدہ قیادت ثابت قدمی سے ملک کی کمان چلاتی رہیگی۔ سپر پاور سے بدلتے سیاسی خارجہ تعلقات نظر ثانی کے طلب اندرون ملک متعدد جگہ معدنیاتی ذخائر کی دریافت تیل، گیس کے نئے ذخائر بھی بعض جگہ دریافت ہونے سے ملکی معیشت میں استحکام بہتری آئے۔ دو اہم کواکب ستارہ پلوٹو 25 فروری 2020ء تا 16 جنوری 2040ء طالع میں 20 سال کے لئے آئے جبکہ ستارہ مشتری بھی 30 مارچ 2020ء تا 5 اپریل 2021ء آنے سے اندرون ملک باغات اور فصلوں کی حالت بہتر زراعت میں جدت زراعت میں کسان ترقی خوشحالی پائیں۔ ٹیکسٹائل کیمیکل آٹو مشینری کی تجارت اور کاروبار میں تیزی آئے امریکہ اور یورپی ممالک چین سے امپورٹ پر جو اضافی ڈیوٹیاں لگا کر چینی ایکسپورٹ اور امپورٹ کی عدم حوصلہ افزائی کی کوشش کی گئی ہے۔ یہ انہی ممالک کے گلے پڑے۔ اور وہ چین سے تجارتی اُمور پر نظر ثانی کریں۔ دُنیاوی زائچوں میں جاپان، چین میں تجارتی ایکسپورٹ مقابلہ رہیگا۔ اندرون ملک متعدد تجارتی نمائشوں کا اہتمام کیا جائیگا۔ سپر پاور میں بارہ منطقۃ البروج میں آسمانی کونسل پر جاپان، اسرائیل کے علاوہ چین کے زائچہ کے طالع میں 2020ء میں اہم ستارے قیام کریں گے۔ 11,4 گھروں کا مالک مریخ 22 مارچ تا 4 مئی شرف یافتہ ستارہ زحل، مشتری اور پلوٹو کا طالع میں لمبا عرصہ قیام چین بین الاقوامی طور سے 2020ء میں اُبھر کر تمام سپر پاورز کے سامنے ایک عالمی سٹیک ہولڈ کی حیثیت سے اپنا کردار ادا کرے گا۔

امریکہ:۔ امریکہ کا نظر ثانی شدہ زائچہ گزشتہ سال سے زیر بحث ہے۔ سپر پاور جو تیزی سے زوال کی جانب بڑھ رہی ہے۔ صدر ٹرمپ کی آمد نے اسے یقینی بنا دیا اس سبب اس زائچہ نے متوجہ کیا۔ زائچہ میں مہا دشا شمس جو ملکی معیشت کا حاکم اس میں انتر دشا زحل 12 فروری 2019ء تا 25 فروری 2020ء جاری زحل آٹھویں نحس گھر کا حاکم افغانستان اور عراق دُنیا کی مہنگی ترین جنگوں نے امریکہ کی معیشت بری طرح متاثر کی ہے۔ دسمبر 2019ء تک امریکہ اپنے واجب الادا قرضوں کی بلند ترین سطح 35 کھرب ڈالر کو چھولے گا۔ سوویت یونین کی معیشت بھی افغانستان جنگ کے سبب تباہ ہوئی طلسماتی افغان سرزمین پہلے روس اور اب مستقبل قریب امریکہ کی معیشت کے زوال کا باعث بننے جا رہی ہے۔ امریکہ نے روس کے ٹکڑے کروائے مکافات عمل کے نتیجہ میں صدر ٹرمپ کی بے وقوفیاں 2020ء میں عرب ممالک خصوصاً سعودی عربیہ اسرائیل بھارت سے ملکر ٹرمپ نے تیسری عالمگیر جنگ چھڑنے کا منصوبہ بنا رکھا جس دن دُنیا کو عذاب میں مبتلا کرنے کی اس نے غلطی کی اسی دن سے امریکہ روبزوال پذیر ہوگا۔ ستارہ زحل 30 سال بعد 8,7 گھروں کا مشترکہ حاکم ہو کر 24 جنوری 2020ء تا 17 جنوری 2023ء تک ساتویں اور ستارہ پلوٹو بھی 25 جنوری 2020ء تا 16 جنوری 2040ء تک یہاں قیام کرے گا۔ دو اہم ستاروں زحل پلوٹو کا مشترکہ قیام سیاسی نجوم ساتویں خارجہ اُمور غیر ملکی طاقتوں سے تعلقات ملکی وغیر ملکی جھگڑے اور تنازعے جنگی جنون اور بین الاقوامی تجارت جیسے اہم منسوبات سپر پاور امریکہ جیسے ملک کا موجودہ صدر ٹرمپ جیسی شخصیت ہو تو پھر اگلے بیس سالوں میں ملکی معیشت تجارت جنگی جنون تیسری عالمگیر جنگ جیسے گھنونے افعال و کردار کی ابتداء کر کے دُنیا کو خصوصاً عالم اسلام کو آزمائش عذاب میں مبتلا کرنے کی کوشش کر کے ٹرمپ اور مودی کے نزدیک غالباً مسلمان ہی دہشت گرد ہیں۔ 2020ء امریکی تاریخ کا ایک نہایت اہم سال دکھائی دیتا ہے۔ امریکی سیاست اور عوامی رائے عامہ یہ فیصلہ کرنے میں حق بجانب ہونگے کہ ٹرمپ حکومتی کی پالیسیاں ملک کی ترقی کی جانب

رواں رکھنے کی بجائے تنزلی فضول قسم کی ممالک سے عسکری محاذ آرائی مالیاتی خسارہ اور ملک میں بیروزگاری جیسے مسائل کو تو جنم نہیں دے رہی ٹرمپ کا موخذہ اسکینڈل اور اس کے سیاسی گراف میں کمی آئے۔ امریکی جاسوسی نیٹ ورک پینٹاگون سے خفیہ راز چرائے جانے سے امریکی عزت و وقار اور ملکی استحکام کی پروگرامنگ پر نظرثانی کرنی پڑے۔

روس:۔ تقسیم روس کے بعد نیا زائچہ (25 دسمبر 1991ء) عالمی سپر پاور میں آسمانی کونسل پر 2020ء میں منفرد اور ڈائنامک (Dynamite) ستاروں کی پاور ملنے جیسے اثرات کا زائچہ معلوم ہوتا ہے۔ پیدائشی زائچہ کے ساتویں ستارہ زحل اپنے ہی گھر کا مالک ہو کر طاقتور بیٹھا ہے۔ زحل 30 سال بعد زائچہ کے ساتویں اپنے گھر کا حاکم ہو کر 23 اپریل 2023ء تک اپنے ہی گھر رہے۔ ساتویں کے منسوبات بین الاقوامی ممالک سے خارجہ تعلقات غیر ملکی جھگڑے تنازعے جنگ و جدل ٹریڈ یونین امپورٹ اینڈ ایکسپورٹ وغیرہ 2020ء میں ساتویں تین اہم سست الرفتار ستاروں زحل پلوٹو اور مشتری اور ایک Dynamite ستارہ مریخ کی آمد موجودہ صدر پیوٹن کی قیادت میں امریکہ نے تیسری عالمگیر جنگ چھیڑی تو امریکہ اور اس کے اتحادی نہ صرف رسواء ہوں بلکہ اسی دن سے مکافات عمل کے تحت امریکہ کے ٹکڑے ہونے کا آغاز شروع ہوگا۔

یورپ:۔ یورپی یونین کا زائچہ (یکم نومبر 1993ء) بھی 2020ء آسمانی کونسل پر اہم ستاروں کی تبدیلی زحل، پلوٹو، مشتری، مریخ، راہو، کیتو اور 26 دسمبر 2019ء سات ستاروں کے اجتماع کے اثرات یورپی یونین کے اتحاد کو متاثر کرنے کے لئے صیہونی دجالی کوشش اسی سال سے شروع ہو جائیں مستقبل قریب کی تیسری عالمگیر جنگ کی شروعات میں جو یورپی ممالک دجالی امریکہ لشکر نیٹو کا ساتھ نہ دیں دجالی صیہونی ان یورپی ممالک میں دہشت گردی کروانے کی سازشیں کریں اور الزام اسلامی ممالک کی طرف موڑ دیں۔ مہادشا راہو میں مشتری کی انتردشا 9 مارچ 2020ء تک جاری ہے اور پھر 9 مارچ 2020ء تا 12 مارچ 2023ء زحل کی انتردشا شروع ہوگی۔ زحل 30 سال بعد زائچہ کے ساتویں اپنے گھر کا حاکم ہو کر 23 اپریل 2023ء تک اپنے ہی گھر رہنے سے آپس کے ممالک میں تجارت ثقافت سیاحت کو مزید فروغ ملے۔ بڑی عمر کے سیاستداں یا شاہی خاندان کے بزرگ افراد کی خرابی صحت یا موت کا اندیشہ ستارہ مشتری جو فطرتی طور سے مذہب دولت کا ستارہ ہے۔ 2020ء میں یہ پانچویں چھٹے ساتویں تین گھروں میں رجعت و استقامت کے سبب رہنے سے اندرون ممالک حکومتوں کے علاوہ عام افراد میں بھی فراڈ دھوکہ دہی کے خدشات بڑھ جائیں۔ پبلک کا رجحان یورپی انعامی اسکیموں لاٹریوں میں بڑھے۔ اندرون ملک سیاسی مخالفین ایک دوسرے کو بدنام کرنے اور انکی حکومت گرانے کی سازشیں کریں۔

مڈل ایسٹ:۔ مسلم اُمہ کے بیشتر ممالک مڈل ایسٹ میں ہی آتے ہیں۔ 1971ء میں ایک بڑی اسلامی مملکت پاکستان عالمی و اندرونی سازشوں لسانی و معاشی گرداب کے سبب دولخت ہوئی۔ 2020ء آسمانی کونسل میں اہم ستاروں زحل پلوٹو مشری مریخ راہو کیتو کی بروجی تبدیلی یوں معلوم ہوتا ہے کہ دجالی صیہونی سازشوں کے سبب مسلم اُمہ تقسیم در تقسیم ہونے کی سازشیں اپنے عروج پر ہوں۔ عراق، ترکی، شام اور ایران میں پھیلے کُرد علاقوں کو میدان جنگ بنانے سے یہ سبھی ممالک اور ان کے اتحادی میدان جنگ کا سماء پیش کرتے رہیں۔ 2020ء میں یوں تو چھ گرہن لگیں گے تاہم دو گرہن حساس 11 جنوری چاند اور 21 جون سورج گرہن برج جوزا میں لگنے سے مڈل ایسٹ یا مشرق وسطیٰ میں جنگ کی آگ جو پہلے سے جاری ہے اسے مزید بھڑکایا جا سکتا ہے۔ فلسطین، شام، یمن، عراق، سعودی عربیہ، لبنان، بحرین، اردن، متحدہ عرب امارات، کویت، عمان، قطر کے سبھی ممالک اس فتنہ سے متاثر ہوں۔ قطر میں عالمی سپورٹس میلہ 2020ء بھی سخت دہشت گردی کے خطرات کی زد میں رہے۔

فاریسٹ:۔ 2020ء سبھی فارایسٹ ممالک کے لئے یوں اہم دکھائی دیتا ہے کہ 2020ء میں عالمی سیاسی عسکری تناظر دجالی عسکری فتنہ تیسری عالمگیر جنگ کے خطرات کے خدشات کے نتیجہ میں آپس میں ممالک کی تجارت میں قدرے کمی آئے۔ ایکسپورٹ کرنے والے بڑے ممالک یا کمپنیوں جو غیر ممالک سے ایک بڑا تجارتی حجم رکھتی ہیں خصوصاً جاپان، ملائیشیا، ہانگ کانگ، سنگاپور، تھائی لینڈ کی تجارت دہشت گردی کی زد میں رہیگی۔ فارایسٹ ممالک میں سمندری نقل و حمل میں تحفظ انشورنس کی ضرورت کو ممالک کو محسوس کرنا اور زور دینا ہوگا۔ 2020ء میں دجالی فتنہ تجارتی سمندری جہازوں پر حملے آپس کے ممالک میں غلط فہمی کے سبب تیسری عالمگیر جنگ کی سازش کا حصہ بننے کی سازشوں کا حصہ دکھائی دیتا ہے۔

جفری پیشگوئیاں

از تحریر: غلام حسین حسینی، لاہور

یا عَلِیْم :۔ سَن عیسوی 2020ء میں حفاظتِ جان و مال کیلئے کس اسم کا وظیفہ بہتر ہے؟ 2019ء

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
سطر اساس	س	ع	ح	ف	ظ	ی	ا	ج	ن	م	و	ظ	ت
مؤخر صدر	ت	س	ظ	ع	و	ح	م	ف	ن	ظ	ج	ی	ا
مستحصلہ	خ	ا	و	ب	و	ج	ا	ل	س	ف	ط	ظ	ھ
جوابی حروف	نظیرہ	خود	نظیرہ	خود	خود	نظیرہ	نظیرہ	خود	نظیرہ	خود	خود	نظیرہ	خود
ترتیب	ی	ا	ر	ب	و	ت	س	ل	ا	ف	ط	م	ھ
جواب	یا		رب		توسل				فاطمہؑ				

تشریح:۔ مستحصلہ علم الجفر سے کیا خوب جواب آیا ہے۔ محمدؐ کے عدد 92 اور علیؑ کے عدد 110 دونوں کو جمع کریں تو ربّ بن جاتا ہے۔ جس کے نمبرز 202 ہیں۔ نسبت 2020ء سے یا ربّ 2020 مرتبہ یا 202 مرتبہ روزانہ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھنا 2020ء میں بہت نیک اور یہ اس سال کا اسمِ اعظم اور یہی حل المشکلات کا وظیفہ ہے۔ (واللہ اعلم)

یا عَلِیْم :۔ کیا عمران خان وزیر اعظم پاکستان اپنے پانچ سال پورے کر پائے گا؟ 2019ء

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
سطر اساس	ک	ا	ع	ی	ن	خ	م	ر	ز	ظ	ج	س	ت
مؤخر صدر	ت	ک	س	ا	ج	ع	ظ	ی	ز	ن	ر	خ	م
مستحصلہ	ی	س	ظ	ش	ل	ک	ع	م	س	ن	و	ع	و
جوابی حروف	خود	خود	نظیرہ	خود	خود	خود	خود	خود	نظیرہ	خود	نظیرہ	نظیرہ	نظیرہ
ترتیب	ی	س	م	ش	ل	ک	ع	م	ا	ن	ر	پ	ر
جواب	سے			مشکل					عمران			پر	

(واللہ اعلم)

یا عَلِیْم :۔ سَن عیسوی (2020ء) دو ہزار بیس ملک پاکستان کے لئے کیسا سال ہو سکتا ہے؟ 2019ء

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴
سطر اساس	س	ع	و	ن	ی	ھ	م	ز	ر	ت	ک	ل	ا	ب
مؤخر صدر	ب	س	ا	ع	ل	و	ک	ن	ت	ی	ر	ھ	ز	م
مستحصلہ	ب	ھ	ا	س	ل	ن	خ	ھ	ل	ا	س	ل	ذنظیرہ	خود م
جوابی حروف	خود	نظیرہ	خود	نظیرہ	خود	خود	نظیرہ	خود	خود	خود	خود	خود	نظیرہ	خود
ترتیب	ب	ق	ا	ا	ل	ن	ی	ھ	ل	ا	س	ل	ک	م
جواب	انقلاب						ہے		سال			ملک		

تشریح:۔ 2020ء پاکستان کے لئے ایک انقلابی سال ہے۔ (واللہ اعلم)

یا عَلِیم :۔ کیا تحریک انصاف کی تبدیلی ظاہر ہوگی؟ 2019ء

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
سطر اساس	ک	ا	ت	ر	ص	ف	ل	ظ	و	ی
مؤخر صدر	ی	ک	و	م	ظ	ت	ل	ر	ف	ص
مستحصلہ	ب	ب	و	خ	د	ی	ل	ط	و	ن
جوابی حروف	خود	خود	خود	خود	خود	خود	خود	خود	خود	خود
ترتیب	خ	و	ب	ب	د	ل	ی	و	ط	ن
جواب	خوب			بدلے				وطن		

تشریح :۔ فی الحال تو مہنگائی نے بہت کچھ بدل ڈالا ہے آگے خدا رحم کرے۔ (واللہ اعلم)

یا عَلِیم :۔ تحریک انصاف کی تبدیلی کب ظاہر ہوگی؟ 2019ء

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
سطر اساس	ت	ح	ص	ب	ک	ن	د	ھ	ف	ل	ر	ز
مؤخر صدر	ز	ت	ر	ح	ل	ص	ف	ب	ھ	ک	و	ن
مستحصلہ	ی	ت	خ	ا	ھ	س	ز	ب	ی	س	و	د
جوابی حروف	خود	خود	نظیرہ	نظیرہ	خود	نظیرہ	خود	خود	خود	خود	خود	خود
ترتیب	ی	ت	ی	س	ھ	ا	ز	ب	ی	س	د	و
جواب	تیئس			ہزار				بیس			دو	

تشریح :۔ دو ہزار بیس سے دو ہزار تیئس 2023/2020ء جواب آرہا ہے۔ (واللہ اعلم)

یا عَلِیم :۔ کن حروف کے لئے سن عیسوی 2020ء مبارک ہے؟

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱
سطر اساس	ک	ح	ف	ل	ن	و	س	ع	ی	م	ھ
مؤخر صدر	ھ	ک	م	ح	ی	ف	ع	ل	س	ن	و
مستحصلہ	ا	د	ل	ح	و	ف	ت	س	ک	ھ	و
جوابی حروف	خود	خود	خود	خود	نظیرہ	خود	خود	نظیرہ	خود	خود	خود
ترتیب	د	ا	ل	ح	ر	ف	ت	ا	ک	ھ	و
جواب	دال			حرف			تا		کہو		

تشریح :۔ یعنی جنکے نام کا سر حرف دیات ہو یا پھر ان کے نام میں کسی بھی جگہ دیات آتا ہو۔ مثلاً محمد علی، شاہد، عابد، حسین، دانیال، تابش وغیرہ 2020ء بہت مبارک ہوسکتا ہے۔ (واللہ اعلم)

یا عَلِیم :۔ کیا میاں نواز شریف کی قید سے رہائی ہوگی؟ 2019ء

نمبر شمار	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
سطر اساس	ک	ا	م	ی	ن	ز	ش	ف	ق	د	ھ	و	س
مؤخر صدر	س	ک	و	ا	ھ	م	د	ی	ق	ن	ف	ز	ش
مستحصلہ	س	ز	ا	د	خ	ھ	و	ی	ذ	ن	ر	س	ش
جوابی حروف	نظیرہ	خود	خود	خود	نظیرہ	خود	خود	خود	نظیرہ	خود	نظیرہ	نظیرہ	نظیرہ
ترتیب	ا	ز	ا	د	ی	ھ	و	ی	ک	ن	و	ا	ز
جواب	آزادی				ہوگی				نواز (شریف)				

حکومت سے لین دین طے ہونے پر 2020ء میں امکان ہے۔ (واللہ اعلم)

تنویر السال

فکر کاوش: تنویر عسکری (ایم۔اے) راولپنڈی
(سرپرست اعلیٰ تنویر عسکری ویلفیئر ٹرسٹ واہ کینٹ)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ نَفْعَمَۃٍ کَانَتْ اَوْھِیَ کَائِنَۃٌ (اللہ کے نام سے جو رحمٰن اور رحیم ہے حمد کُلی ہے اس اللہ کیلئے ہر اس نعمت پر جو ہے یا ہوگی) وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہِ الطَّاھِرِیْنَ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ (اور اللہ کی رحمت ہو حضرت محمد ﷺ اور انکی پاکیزہ آل پر اور نہیں قوت مگر وہ جو بلند و بزرگ اللہ سے ہے)

سن 2017-2018ء اور 2019ء میں بتدریج میں نے علم الاعداد کے ایک حساس گوشہ کو قرآن کریم کی روشنی میں غور و فکر کی دعوت دی تھی۔ مگر انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ علم ریاضی و اعداد کے شائقین نے اس بات کو فضول سمجھتے ہوئے غور و فکر کی کاوش نہیں کی کیونکہ مولا حسین علیہ السلام نے فرمایا ''لوگوں نے دین کو زبان کا چسکا بنا رکھا ہے اس میں سے اتنا لیتے ہیں جتنا ان کو اپنے روزگار کے لئے ضروری ہے'' یہی وجہ ہے کہ مسلمان روز بروز جہالت کے اندھیرے میں ڈوبتے جا رہے ہیں حالانکہ انہیں اس بات کا علم نہیں کہ **"READERS BECOMES LEADERS"** اسکی دلیل میں یہود و نصاریٰ کی ترقیاں اور تسخیرات گواہ ہیں۔

قَالَ عَلِیٌّ عَلَیْہِ السَّلَامُ: فَحَقُّ الْوَلِدِ عَلَی الْوَالِدِ عَلَی الْوَالِدِ یُعَلِّمُہٗ الْقُرْآنَ (حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا بیٹے کا حق باپ پر یہ ہے کہ وہ (باپ) اُسے قرآن کریم ترجمہ سے تعلیم دیکر تلاوت کی عادت بنوائے) مگر آج کے دور کا سانحہ یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ کے فرمان کے مطابق قرآن کریم اور اہل بیتؑ اطہار دونوں ہی سے ہم لاتعلق ہوتے جا رہے ہیں جو لوگ قرآن کریم کی تلاوت کرتے بھی ہیں وہ ''دعوت پیغام قرآن کی طرف توجہ دینے کے لئے تیار نہیں کیونکہ دعوت پیغام ترجمے اور تفسیر سے سمجھ آتا ہے۔ نیز اقوال معصومینؑ کو کتابوں کی زینت بنا کر سجا رکھا ہے کہ کہیں مطالعے سے عمل کی ترغیب نصیب نہ ہو جائے۔ محافل و مجالس کے ممبر سب تذکرے معصومینؑ سے خالی دنیاوی زینت کا سبب بنے ہوئے ہیں۔ نبی رحمت ﷺ کی قرآنی سیرت میں 2 ہی سوال نظر آتے ہیں (1) اہل بیت رسالت ﷺ سے مودت کا، دوسرے شکوہ کہ میری اُمت نے قرآن کریم کو تنہا چھوڑ دیا جسکی ایک مثال ذیل میں ضمیر جگانے کے لئے کافی ہے۔ استاد محسن قرائتی ؒ فرماتے ہیں کہ وہ مدینہ میں قبر رسول ﷺ کے گرد بہت بڑی تعداد میں لوگوں کا ہجوم دیکھ کر فکر میں ڈوب گئے اور دل میں پیغمبر ﷺ سے پوچھا ''یا رسول اللہ ﷺ کیا آپ ان لوگوں سے راضی ہیں؟ اس وقت میرے ہاتھ میں قرآن کریم کا نسخہ تھا میں نے عرض کیا ''یا رسول اللہ ﷺ میں اس قرآن کریم کو کھول رہا ہوں۔ آپ ان لوگوں سے خوش ہوں یا ناراض قرآن کریم کی پہلی سطر میں کوئی ایسی آیت نکلے جس سے مجھے آپ کی مرضی معلوم ہو جائے اس کے بعد میں نے قبر اطہرؐ رسول کے سرہانے قرآن کھولا تو دیکھا کہ اس صفحے کی پہلی آیت یہ تھی سورۃ الفرقان آیت 30 ''اے میرے پروردگار بے شک میری قوم نے اس قرآن کو چھوڑ دیا ہے۔ اس آیت نے مجھے ہلا کر رکھ دیا اور میں سمجھ گیا کہ روح پیغمبر ﷺ ہم سے خوش نہیں۔ برادران اسلامی سے التجاء ہے کہ نبی رحمت ﷺ کی شفاعت حاصل کرنے کے لئے خود بھی اور اپنی نسل کو بھی روزانہ صرف 5 آیات قرآنی ترجمے اور حاشیہ سے پڑھنا عادت بنوائیں۔

اس تمہیدی بیان کے بعد اب ہم سال 2020ء کی طرف توجہ دیتے ہیں اس سال کا عدد 20+20=40=4 بنتا ہے دوسرے معنوں میں 2018ء میں گذرے ہوئے حالات میں شدت نظر آ رہی ہے جس طرح ایک کی نسبت دس طاقتور ہوتا ہے اس طرح اس مرتبہ جفت عدد 2 شدت پسندی کا

مظاہرہ کرتا ہوا نظر آتا ہے۔ کیونکہ دونوں "2" کے ساتھ صفر موجود ہیں۔ ویسے بھی عدد "4" یورنس، دلو سے نسبت رکھنے کے علاوہ شمس کا منفی عدد بھی ہے اور بروج میں سرطان جسکا حاکم قمر سمجھا جاتا ہے خاصیتیں رکھنے کے ساتھ ساتھ بدھ کے دن اور اسکے حاکم عطارد کی تخلیقی باریکیوں کو بھی اپنے محور میں سموئے ہوئے نظر آرہا ہے۔ عدد "4" مکعب، مربع، طبعی قوانین منطق اور عقل پر دلالت کرتا ہے۔ یہ عدد نامیاتی تبدیلیوں سے نسبت رکھنے کے سبب کیمیا گری سے خصوصی ربط رکھتا ہے اور سائنسی ایجادات اسکی نمایاں خصوصیات میں شامل ہے۔ نیز مذہبی شدت پسندی بھی نمایاں زور دکھاتی ہوئی نظر آتی ہے۔

عدد "4" عطارد کے زیر اثر ہونے کے سبب علمی عظمت، فنی شہرت، علوم وفنون کی ترقی اور کوششوں کی طرف حکومت کی نشاندہی کر رہی ہے۔ الیکٹرک اور الیکٹرونکس کی صنعتیں اس سال خصوصی ترقی کرتی نظر آرہی ہیں۔ ساتھ ساتھ حسن پرستی، عشق ومحبت، تعیش پسندی کے جرائم شدت سے جنم لیں گیں۔

چینی علم الاعداد کے "نظام ٹی سنگ" بھارتی مکتب فکر "نظام جینی" جناب نوح کی نسل میں تاریخ بنی ناحور کو نظر انداز کرتے ہوئے عبرانی مکتب فکر "اصف بن برخیا" کے عبرانی فکر میں موجود ہے کہ معنات کی چوتھی بتی کا عدد "4" ہے جسے "حضورال" کہتے ہیں بائبل مقدس کی ایک سو ساتویں لوح میں مرقوم ہے کہ "4" انسانوں کو اللہ کا شکر بجالانا چاہئے۔ (1) وہ جس نے صحرا کو حفاظت سے پار کرلیا ہو۔ (2) جس نے مرض صعب سے صحت حاصل کی ہو۔ (3) وہ جو بحری سفر سے امن کے ساتھ گھر واپس آگیا ہو۔ (4) وہ جو قید وبند کے مصائب سے مرخص ہوا ہو۔ یعنی عدد "4" محافظت، صحت، نجات کا عدد ہے اس اعتبار سے بہت سے مصائب میں مبتلا افراد سکون کا سانس لینے کے قابل ہو جائیں گے۔ فکر کو مثبت تاویل کے تناظر میں دہرائیں تو اس حقیقت کا انکشاف بھی واضح ہوگا کہ ابجد کا چوتھا عدد "دال" ہے جو کہ انگریزی "D" سے مشابہ ہے اسکے عدد بھی "چار" ہیں گویا عدد "چار" اور دُنیاوی دولت کا خصوصی تعلق موجود ہے نیز لفظ "دولت" پر غور کریں تو "دال" کے عدد "چار" اور آخری حرف "ت" جسکے اعلیٰ ترین اعداد "400" "4" کی قوت قاہرہ کی نشاندہی کر رہے ہیں مزید "دولت" میں حروف بھی "چار" ہی ہیں گویا دولت جو مالی وسعتوں کا بھرپور لفظ ہے "عدد چار" کے زیر سایہ تاثیر دکھاتا ہے۔ حکومت مثبت مشوری سے چاہے تو حکمت کو بروئے کار لاتے ہوئے مالی بحرانوں پر قابو پانے میں کامیاب ہوسکتی ہے۔ جسکے آثار کم نظر آتے ہیں۔

اگرچہ معاشرتی اصلاحات حکومت کی ترجیحات میں ہوں گیں مگر پھر بھی حکومت کو اپنی سوچوں اور پالیسیوں میں اپنا محاسبہ کرتے ہوئے داناؤں کے مشورہ سے تبدیلیاں لانا ناگزیر ہوگا۔ امام زین العابدینؑ فرماتے ہیں "وہ شخص ہلاک ہوگیا جس کی راہنمائی کے لئے کوئی دانا موجود نہ ہو" موجودہ طرز عمل مفروضوں پر، خیالوں کی دنیا میں مگن، عجلت پسندی اور غلط حقائق کے سبب وسائل کو ضائع کر کے مملکت کو مزید معاشی تباہی وبربادی کی طرف ڈبونے کے مترادف ہوگا۔ یعنی مالی پریشانیاں، پڑوسی ملکوں کی حسد بھری دشمنی، حکوت کو پریشان کر کے جس کے سب عوام الناس روحانی وجسمانی تکالیف میں مبتلا رہیں۔ دماغی مالی خولیا، دمہ، پھیپھڑے کے امراض کے ساتھ گردے کی تکالیف میں شوت سے اضافہ ہوگا۔ اس سال پیدا ہونے والے بچے قوت برداشت سے عاری، خودسر، ضدی طبع کے ہونگے۔

اس سال حکومت اور عوام الناس کو اپنے اہم امور سرانجام دینے کے لئے ہفتہ، اتوار، پیر اور بدھ کے دن مفید نتائج دیں گے۔ نیز اس سال کے بداثرات سے تحفظ کے لئے پتھروں میں نیلم، زمرد، زرد پکھراج، سکہ، قلعی یا چاندی میں بنوا کر استعمال کرنا مفید ثابت ہوگا۔ نیز سورۃ اخلاص قُل ھواللہُ، سورۃ القریش، مجادلہ، البروج، الانبیاء اور سورۃ فاتحہ میں سے کوئی سی 4 سورتیں اُدل بدل کر کے یا کوئی ایک سورۃ 4 یا 40 مرتبہ پڑھنا تحفظ ونحوست کی کمی کا سبب ظاہر ہوسکتا ہے اسی طرح اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے "ربّ" "یرحٰ" "حبیب" و "سبحان" میں سے کسی ایک اسم کا روزانہ 202 مرتبہ اور نمازوں میں 22 مرتبہ دہراتے رہنا کشادگیوں، مسرت وخوشحالی کا باعث بن سکتا ہے۔ ان چاروں اسماء کو ملا کر بھی 202 مرتبہ یا ہر نماز میں 22 مرتبہ دہرانا بہت خوب ثابت ہوگا۔ اسی طرح سورۃ انفال پارہ 9 رکوع 16 آیت 17 " وَمَا رَمَيْتَ إِذْ رَمَيْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ رَمَىٰ " جسکے اعداد 247 بنتے ہیں اسکا نقش اور اوّل آخر درود کے ساتھ اسی تعداد میں روزانہ اسکو دہراتے رہنا نہ صرف سال کی نحوستوں بلکہ مرگی، فالج، السر، اختلاج قلب سے بچاؤ کے لئے بھی بہت ہی فائدہ مند ہے۔

انشاء اللہ

مخفی اعداد سے خواہشات کی تکمیل

تمام حمد خالق کائنات کے لئے وقف کرتے ہوئے باعث تخلیق کائنات ہستیوں کو ہدیہ درود وسلام کے بعد ظاہر اُدنیا کا وجود آدم علیہ السلام اور جناب حوا علیہا السلام کے جنت سے زمین کی طرف ہجرت کے بعد شروع ہوا۔ مگر خالق اکبر نے آدم علیہ السلام کو خلیفہ بناتے ہی علم کی آفادیت اُجاگر کرنے کے لئے آدم علیہ السلام کی تعلیم وتربیت کا بندوبست کر کے عالم وجاہل کے فرق کو واضح کر دیا۔ کیونکہ انسان کی جبلت میں کائنات کی تسخیر وترقی کو رکھا گیا جسکا خاص نامعلوم خواہشات کے لئے کی گئی جدوجہد کے نتائج سے آگاہ ہونا بھی لازمی تھا۔ بشیریت کی افزائش کے ساتھ ہی ساتھ آدم علیہ السلام کو اپنی اولاد کی فطری فکر لاحق ہوئی۔ پس اللہ تعالیٰ سے آدم علیہ السلام نے التجا کی کہ مجھے اولاد کی خیریت سے باخبر رہنے کی راہنمائی عطا فرماتا کہ میں طول وعرض میں پھیلی ہوئی اولاد کے حالات سے باخبر رہ سکوں۔ تو اللہ تعالیٰ نے سب سے اوّل آدم علیہ السلام کو "علم رَمَل" کی تعلیم دلوائی جس سے آدم علیہ السلام اپنی اولاد کے حالات سے باخبر رہنے لگے۔ اسی طرح جناب نوح علیہ السلام کی نسل سے علم الاعداد نے جنم لیا اور انہی تعلیمات نے وقت کے ساتھ ساتھ تجسس وتدبر سے مختلف طریقوں کو روشناس کرایا اور روحانی علوم کی بنیادیں پڑتی چلی گئیں۔ حتیٰ کہ قرآن کریم کے نزول کے ساتھ "مولا علی ابن طالب علیہ السلام سے منسوب جفر جامع ان کی انتہاء ہوگئی۔ قرآن کریم نے کیونکہ تمام ہی علوم کو روشناس کرایا اسی سبب اسکے رموز میں "علم الاعداد" کی بنیادی جزئیات سے بھی روشناس کرایا اور معصوم علیہ السلام کے فرمان کے مطابق "کائنات علم الاعداد میں مخفی ہے" اسی سبب علم الاعداد کے فالنامے کثرت سے نظر آتے ہیں۔ انہی میں سے ایک فالنامے کے اعداد پیش کرنے کی جسارت کر رہا ہوں۔ اس سے غازی اور پرہیزگار لوگ زیادہ بہتر نتائج حاصل کرنے کے قابل ہوں گیں۔ جوابات حاصل کرنے کے لئے پہلے اپنے نام کے اعداد مثلاً میرا نام سید تنویر حیدر نقوی امروہوی ہے تو حرف اس میں سے تنویر حیدر کے اعداد حاصل کر کے ابجد قمری سے ابجد قمری درج ذیل موجود ہے (کیبوڈ سے ڈال دیں) کسی بھی نماز سے فارغ ہو کر گیارہ مرتبہ اوّل آخر درود پڑھ کر 11 مرتبہ سورۃ رعد کی آیت نمبر 3 "وَهُوَ الَّذِي مَدَّ الْأَرْضَ وَجَعَلَ فِيهَا رَوَاسِيَ وَأَنْهَارًا ۖ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ جَعَلَ فِيهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ ۖ يُغْشِي اللَّيْلَ النَّهَارَ ۚ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَتَفَكَّرُونَ هو لاول هوالاخر هو الظاهر و هو الباطن وَ هو بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝" کے ورد کے بعد انگلی رکھیں۔ علیحدہ کاغذ پر عدد کو نوٹ کر لیں ان اعداد میں فجر سے زوال یعنی 12 بجے تک کے اوقات کے لئے جواب میں عدد 27 کا اضافہ کریں اگر 12 بجے سے غروب آفتاب تک کا وقت ہو تو عدد 23 جمع کریں اور غروب آفتاب سے فجر تک کا وقت ہو تو عدد 11 جمع کریں۔ ان تمام اعداد کو جمع کر کے 9 پر تقسیم کریں باقی کو جواب میں تلاش کر کے اللہ تعالیٰ سے صبر کی توفیق مانگتے ہوئے اس پر عمل کریں۔ ایک سوال کو کم سے کم 15 دن کے بعد دوبارہ دہرائیں مثلاً تنویر حیدر کے اعداد (888) + زوال سے مغرب کے درمیان ہونے کے سبب عدد 23 + مخفی عدد 381 جنکا مجموعہ 1292 بنتا ہے کو 9 پر تقسیم کرنے سے باقی 5 رہ گیا اس عدد کو جواب میں تلاش کریں اور اس پر عمل کریں یہ غیبی تائید ثابت ہوگی۔ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْإِحْسَانِ

مخفی اعداد کا شیڈول

۳۷۹	۳۳۲	۱۷۲	۱۱۳	۳۲۱	۳۲۴	۲۱۵	۱۵۱	۱۰۸
۲۱۵	۳۱۸	۲۴۱	۲۲۴	۳۴۲	۱۷۳	۴۵۹	۴۷۱	۲۱۲
۲۵۲	۳۸۱	۵۷	۲۱۲	۳۳۲	۲۱۹	۱۱۷	۳۷۶	۲۵۲
۳۷۵	۳۲۵	۹۹	۱۷۴	۱۶۶	۲۱۳	۴۱۵	۱۷۸	۲۰۲

باقی عدد	احکام	تصدیق
1	اگر ایک بچے تو آپکا کام بہت جلد ہونے والا ہے۔ مگر ابھی وقت کچھ اچھا نہیں ہے اور یہ موجودہ پریشانی کوئی دن کی بات ہے جس سے تم مدعا چاہتے ہو وہ بھی تمہارا مشتاق ہے دیکھو عنقریب پردہ غیب سے کیا ظہور ہونے والا ہے۔	تمہارے سینہ پر تل ہے

2	اگر دو بچیں تو تمہارا کام تو ہو جاوے گا مگر آپ کے منشاء کے مطابق نہ ہوگا ایک آدمی آپ کی مخالفت کے درپے ہے کچھ نہ کچھ اس کا ضرور اثر پڑے گا تدبیر اور عقل و فکر سے کام لو اور اپنے دلی راز کو پوشیدہ رکھو دیکھو۔	تمہارے بازو پر تل ہے
3	اگر تین بچیں تو آپ امید کو ختم کر کے اس خیال سے باز آجاؤ ورنہ اگر آپ بضد رہے تو سخت نقصان اُٹھاؤ گے جس کے خمیازے کے طور پر آپ کو علاوہ نقصان کے ذلت و خواری ہو گی دیکھو۔	آپ کے دونوں نتھے چل رہے ہیں۔
4	اگر چار بچیں تو مرض کو سخت ہے مگر زندگی بچ جاوے گی ابھی کم و بیش دو اڑھائی ماہ تک یہ سلسلہ چلا جاوے گا علاج و پرہیز کرو دیکھو۔	تمہاری پیٹھ پر تل ہے۔
5	اگر پانچ بچیں تو آپ کو کم و بیش ہشیاری کی ضرورت ہے اس پر اعتبار نہ کرو یہ مار آستین ثابت ہوگا ابھی آپ کی کامیابی میں دیر ہے کوئی اچھی سفارش آپ کی کامیابی کا باعث ہو سکتی ہے دیکھو۔	تمہارے بازو پر تل ہے۔
6	اگر چھ بچیں تو آپ نے محض دوسروں کے کہنے سے دُکھ اُٹھایا ہے ورنہ اگر آپ تدابیر و عقل سے کام لیتے تو کب کے کامیاب ہو جاتے خیر عنقریب اچھا وقت آنے والا ہے دیکھو۔	تمہاری پیٹھ پر تل ہے۔
7	اگر سات بچیں تو سفر میں کم فائدہ ہوگا مگر نہ کرنے سے کرنا بہتر ہے یاد رکھو تمہارے دوست نے آپ کو نقصان پہنچایا ہے بیماری میں بہت پرہیز کرو بد پرہیزی نے مرض کو بڑھا دیا ہے۔ عنقریب اچھا وقت آنے والا ہے دیکھو۔	تم نے آج میٹھا کھایا ہے۔
8	اگر آٹھ بچیں تو اب وقت اچھا آ گیا ہے آپ کے دلی مقاصد پورے ہو کر سب کام درست ہو جاویں گے۔ ایک دوست سے آپ کو اچھی مدد ملے گی اس قدر فکر نہ کرو دیکھو۔	تم ہنس رہے ہو۔
9	اگر نو بچیں تو آپ کی تبدیلی ہوگی اور خانگی جھگڑے بدستور رہیں گے ایک آدمی آپ کو نقصان دے گا۔ حکومت سے نفع پاؤ گے مہینہ بہت اچھا گذرے گا سچ یہ ہے کہ آپ ابھی کہیں سے دیکھو۔	چل پھر آئے ہو۔

ابجد قمری معہ اعداد

حروف	ا	ب پ	ج چ	د ڈ	ھ	و	ز	ح	ط	ی	ک گ	ل	م	ن
اعداد	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
حروف	س	ع	ف	ث	ق	رؔ	ش	ت ٹ	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
اعداد	۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

ابجد شمسی معہ اعداد

حروف	ا	ب	ت	ث	ج	ح	خ	د	ذ	ر	ز	س	ش	ص





مسجد کے آداب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قال رسول اللہ تبارک و تعالیٰ فی القرآن الکریم:

"إِنَّمَا يَعْمُرُ مَسَاجِدَ اللَّهِ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَأَقَامَ الصَّلَاةَ وَآتَى الزَّكَاةَ وَلَمْ يَخْشَ إِلَّا اللَّهَ فَعَسَى أُولَئِكَ أَنْ يَكُونُوا مِنَ الْمُهْتَدِينَ"

"اللہ کی مسجد کو صرف وہ لوگ آباد کرتے ہیں جن کا ایمان اللہ اور روز آخرت پر ہے اور جنہوں نے نماز قائم کی ہے اور زکوٰۃ ادا کی ہے اور سوائے اللہ کے کسی سے نہیں ڈرے یہی وہ لوگ ہیں جو عنقریب ہدایت یافتہ لوگوں میں شمار کئے جائیں گے۔" (سورۃ برأت التوبہ 18)

اس آیۃ کریمہ سے دو اہم باتوں کی وضاحت ہو جاتی ہے

1:۔ صاحبانِ ایمان کو غیرت دلائی گئی ہے کہ مساجد اللہ کے گھر ہیں اور بندگانِ خدا کا فرض ہے کہ اپنے گھروں سے زیادہ اللہ کے گھر کی آبادی کی فکر کریں۔

2:۔ تعمیرِ مساجد کا کام کاملِ الایمان قسم کے افراد کے ہاتھوں میں ہونا چاہئے ورنہ اس کے بغیر مساجد کی آبادی ممکن نہیں ہے اور مسجدوں کے سیاسی اکھاڑے اور نفسانیت کے اڈے بن جانے کا خطرہ ہے۔ اکثر بن چکے ہیں جس کی وجہ سے آئے روز عدالتوں میں مقدمات قائم ہو رہے ہیں۔

مساجد کو آباد کرنے کے لئے پانچ شرائط ضروری ہیں

1:۔ اللہ پر ایمان ہونا کہ خانہ خدا سے دلچسپی پیدا ہو۔

2:۔ آخرت پر ایمان ہونا کہ دُنیا کا فائدہ نہ تلاش کریں۔

3:۔ نماز قائم کریں تاکہ آبادی کی فکر ہو۔

4:۔ زکوٰۃ (اور خمس) ادا کریں تاکہ آبادی کی راہ میں خرچ کر سکے۔

5:۔ اللہ کے علاوہ کسی کا خوف نہ رکھتا ہو تاکہ صرف چند افراد کے طعن و طنز کرنے سے مسجد نہ چھوڑ دے۔ مسجد کی تولیت اور اس کے انتظام کی ذمہ داری اس سے زیادہ شرائط کی متقاضی ہے۔

آدابِ مسجد

مسجد میں باطہارت داخل ہونا چاہئے۔ اس کے علاوہ خوشبو لگانا اچھا لباس پہن کر مسجد میں جانا مستحب ہے۔

حدیث میں ہے کہ مسجد میں داخل ہو تو پہلے دایاں پاؤں داخل کرو اور باہر نکلو تو پہلے بائیں پاؤں سے ابتداء کرو۔

مسجد میں درود و سلام پڑھ کر داخل ہونا، دو رکعت نماز، نماز تحیت پڑھنا مستحب ہے۔ (تمام مسجدوں میں)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے کہ مسجد قرآن خوانی کے لئے ہے شعر خوانی کے لئے نہیں ہے (لیکن وہ اشعار جو مدح اللہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم و آل رسولؐ پر ہو) نیز آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے کہ "آخر زمانہ میں ایسے لوگ بھی ہوں گے جو مساجد میں حلقہ باندھ کر دُنیاوی باتیں کریں گے۔ پس ایسے لوگوں کے ساتھ بیٹھنا چھوڑ دو کیونکہ اللہ کو ایسے لوگوں کی ضرورت نہیں ہے۔"

اب تو کچھ پیش امام حضرات بھی ملوث ہیں۔ مسجد میں دُنیاوی کاروبار کرنا یا اس کی باتیں کرنا، خرید و فروخت کرنا، فیصلے کرنا، شور شرابا کرنا، چیخنا و چلانا، لغو باطل گفتگو کرنا، قہقہہ لگانا اور گم شدہ چیزوں کا اعلان کرنا وغیرہ مکروہ ہے۔ مسجد میں منہ ناک وغیرہ کی غلاظت ڈالنا، دیوانوں کو ٹھہرانا مکروہ ہے۔ نجاست (جنب) کی حالت میں مسجد میں داخل ہونا جائز نہیں، اسی طرح جنب، حائض اور نفاس والی عورت کا ٹھہرنا ممنوع ہے۔ پیاز و لہسن کھا کر مسجد میں جانا مکروہ ہے مسکد میں جھاڑو دینا مستحب اور اسے کوڑا کرکٹ سے آلودہ کرنا حرام ہے۔ مسجد میں چراغاں کرنا مستحب اور ثواب کثیر کا باعث ہے۔

معزز قارئین کرام! ماہ مبارک رمضان کے متعلق آپ حضرات تک کم وبیش تحقیقی مطالب پہنچتے ہی رہتے ہیں لیکن جن مسجدوں سے ہمارا روزانہ کا سروکار ہے اس کی اہمت وافادیت سے ہماری قوم کے اکثر و بیشتر افراد خصوصاً ہماری نئی نسلیں بالکل نا آشنا ہیں۔ لہٰذا یہ ضروری سمجھتے ہوئے اس فریضے کی انجام دہی پر مامور ہوا تا کہ ہماری نئی نسلیں ان باتوں سے آشنا ہو کر اس سے کسبِ فیض حاصل کریں اور ان دقیانوسی باتوں اور غلط افکار کہ ''مسجد صرف نماز اور لوگوں کے ایصال ثواب کی جگہ ہے وغیرہ وغیرہ'' کا اصلاح اور اسے اپنے علم وعملی کا مرکز قرار دے سکیں۔

آبادی مسجد بہ نماز است و دُعا است
عمران وی از جہت واخلاص شماست
آباد کن از نماز، تو خانہ حق
شکرانہ نعمت کہ خدا دادہ تو راست

مولائے متقیان حضرت علیؑ نہج البلاغہ میں فرماتے ہیں:۔

''یاتی علی الناس زمان لایبقی فیھم من القرآن الا رسمہ، و من الاسلام الا اسمہ، و مساجد ھم یومئذٍ عامرۃ من البناء، خراب من الھدی سکانھا و عمّارھا شرّ اھل الارض، منھم تخرج الفتنۃ و الیھم تاوی الخطیئۃ، یردّون من شذّعنھا فیھا و یسوقون من تاخّر عنھا الیھا یقول اللہ سبحانہ: فی حلفت العشن علی اولئک فتنۃ تترُک الحلیم فیھا خیران و قد فعل و نحن نستقیل اللہ عشرۃ الغفلۃ''

یعنی ''لوگوں پر ایک ایسا دور بھی آنے والا ہے جب قرآن میں صرف نقوش باقی رہ جائیں گے اور اسلام کا صرف نام باقی رہ جائے گا، مسجدیں تعمیرات کے اعتبار سے آباد ہونگی اور ہدایت کے اعتبار سے برباد ہونگی، اس کے رہنے والے اور آباد کرنے والے سب بدترین اہلِ زمانہ ہوں گے، انہیں سے فتنہ باہر آئے گا اور انہیں کی طرف غلطیوں کو پناہ ملے گی، جو اس سے بچ کر جانا چاہے گا اسے اس کی طرف پلٹا دیں گے۔ اور جو دور رہنا چاہے گا اسے ہنکا کر لے آئیں گے'' ایسا نہ ہو کہ وہ دور پہنچ گیا ہو؟ (نہج البلاغہ کلمات 369)

مسجد کی عظمت اور اس کی فضیلت

حدیثِ قدسی میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ زمین پر مساجد میرے گھر ہیں اور بشارت ہے اس شخص کے لئے جو اپنے گھر میں طہارت کر کے میرے گھر میں میری ملاقات کو آئے اور میزبان پر واجب ہے کہ وہ آنے والے مہمان کی عزت کرے۔ (وسائل الشیعہ)

رسالت مآب حضرت ختمی مرتبت ﷺ نے فرمایا: ''مسجد میں بیٹھنا عبادت ہے۔ جو شخص مسجد کی طرف چلتا ہے اس کے ہر قدم کے بدلہ میں اس کے نامہ اعمال میں دس نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور دس گناہ محو کئے جاتے ہیں اور اس کے دس درجے بلند کئے جاتے ہیں۔ (وسائل الشیعہ)

نیز آپ ﷺ فرماتے ہیں: ''زمین میں میرے گھر، مساجد ہیں جو اہلِ آسمان کے لئے ایسے چمکتے ہیں جس طرح ستارے اہل زمین کو چمکتے نظر آتے ہیں۔ طوبیٰ ہے اس شخص کے لئے جو میرے گھر میں وضو کر کے میری زیارت کو آئے اور جس کی زیارت کی جائے اس پر اپنے زائر کی عزت واجب ہے۔ جو لوگ تاریکیوں میں مساجد کی طرف جاتے ہیں ان کے لئے بشارت ہو کہ قیامت کے دن ان کے چہروں سے نور ساطع ہوگا۔

ولایتمآب حضرت علیؑ نے فرمایا: ''جنت میں بیٹھنے سے مسجد میں بیٹھنا افضل ہے کیونکہ جنت میں بیٹھنا نفس کے لئے اور مسجد میں بیٹھنا اللہ کے لئے ہے۔

صادق آلِ محمد امام جعفر صادقؑ نے فرمایا: جو شخص مسجد کی طرف روانہ ہو، زمین کے خشک وتر پر جہاں پر بھی قدم رکھتا ہے ساتوں زمینیں اس کے لئے تسبیح کرتی ہیں۔

مسجد کے احکام

یہ بات ہر مصلّی (نماز گزار) کے پیش نظر رہنا چاہئے کہ مسجد اللہ کا گھر ہے جس طرح انسان اپنے گھر اور اپنے اموال کی حفاظت کرتا ہے۔ اسی طرح مسجد کی حفاظت اور اس کا احترام واجب وضروری ہے۔

مسجد وامام بارگاہ کے اموال کو ''مالِ مفت دلِ بے رحم'' سمجھ کر اس میں تصرف کرنا اسے اپنی ملکیت جاننا اس کے اموال کو غبن کرنا حرام ہے وہ چاہے جس صورت میں ہو اس لئے کہ مسجد وامام بارگاہ کے وقف کرنے والوں کا ہدف اللہ، رسول ﷺ اور آئمہ اطہار علیہم السلام کے اذکار اور ان کے مشن کی ترویج کے سوا کچھ نہیں! لہٰذا مسجد وامام بارگاہ میں بلاوجہ مسلط ہونا نماز گزاروں اور مؤمنین کرام کی عبادت واذکار میں خلل واقع کرنا شرعاً جائز نہیں ہے۔ مسجد وامام بارگاہ کی ساری چیزیں عام نماز گزاروں اور آئمہ اطہار

علیہم السلام کے محبوں کے لئے وقف ہیں اس لئے ضروری ہے کہ اس بات کو ملحوظ خاطر رکھا جائے تا کہ اللہ اور رسول ﷺ اور آئمہ معصومینؑ کے غضب کا شکار نہ بنیں۔ جس طرح اصل مسجد میں یہ جائز نہیں کہ اس کو ایک جگہ سے نقل کر کے دوسری جگہ بنایا جائے۔ اس طرح جو اشیاء مسجد کے لئے وقف کی جائیں وہ بھی مسجد سے باہر استعمال نہیں کی جاسکتیں۔ اگر ایک مسجد میں کوئی سامان وافر مقدار میں ہو تو اسے دوسری مساجد میں وقف کیا جاسکتا ہے۔

اگر مسجد سے متعلق کسی چیز کے ضائع ہونے کا خطرہ ہو اور اس مسجد میں وہ صرف بھی نہ کی جاسکتی ہو تو ایسی صورت میں اس کو فروخت کر کے اس کی قیمت مسجد کی ضروریات میں صرف کی جاسکتی ہے۔ مسجد کو ملکیت میں داخل کرنا حرام ہے اور اسی طرح مسجد کو راستہ بنانا یا راستے میں اس کا کچھ حصہ داخل کرنا ناجائز اور ناقابل معافی جرم ہے۔ اگر مسجد گر جائے اور مسجد کے آثار بھی ختم ہو جائیں تاہم اس جگہ کو کسی دوسرے تصرف میں لانا جائز نہیں اور اس جگہ کو پاک رکھنا جائز ہے۔ اور اس میں پڑی ہوئی نجاست کو دور کرنا واجب ہے کیونکہ مسجد کو پاک رکھنا واجب ہے اور اس کو نجس کرنا حرام ہے اسی بناء پر مسجد میں سونا مکروہ قرار دیا گیا ہے۔ اگر نماز کا وقت ہو اور مسجد میں نجاست ہو تو نماز پر واجب ہے کہ پہلے نجاست کو دور کرے پھر نماز پڑھے۔ بشرطیکہ نماز کا وقت تنگ نہ ہو۔ ورنہ پہلے نماز پڑھے پھر مسجد کو تطہیر (پاک) کرے۔ گھر میں نماز پڑھنا صرف فرض کی ادائیگی ہے اور گلی کی مسجد میں ایک نماز بارہ نمازوں کے برابر ہے اور محلے کی مسجد میں ایک نماز پچیس نمازوں کے برابر ہے اور جامع مسجد میں ایک نماز ایک سو نمازوں کے برابر ہے۔ اپنے گھر میں جو مقام نماز کے لئے مخصوص کیا جاتا ہے اس پر مسجد کے احکام جاری نہیں ہوتے اور اس کی تبدیلی بھی جائز ہے اگرچہ اس پر گھر والے مسجد کا اطلاق بھی کرتے ہوں۔ حضرت رسالت مآب ﷺ نے فرمایا: جس دن کوئی سایہ نہ ہوگا سات قسم کے لوگوں کو اللہ اپنی سایہ رحمت میں جگہ دے گا: امام عادل، جوانِ عابد، مسجد کا محب، دو شخص جو اللہ کی اطاعت میں اکٹھا وقت گزاریں اور اسی حالت میں ایک دوسرے سے جدا ہوں، وہ شخص جو عالمِ تنہائی میں اللہ کی عظمت کو یاد کر کے گریہ کرے اور اس کی آنکھوں میں آنسو آجائیں، وہ شخص جس کو تنہائی میں خوبصورت عورت برائی کی دعوت دے اور وہ یہ کہہ کر وہاں سے راستہ بدل دے کہ میں اللہ سے ڈرتا ہوں، وہ شخص جو خفیہ (چھپا کر) اس انداز میں صدقہ دے کہ بائیں ہاتھ کو دائیں کے دینے کا علم نہ ہو۔ (وسائل الشیعہ)

وہ مساجد جس میں انبیاء اوصیاء علیہم السلام نے نمازیں پڑھیں

مسجد الحرام، مسجد نبوی ﷺ، مسجد کوفہ، مسجد بیت المقدس، مسجد سہلہ اور مسجد براثا۔

نوٹ: بعض اہلِ معرفت کا کہنا ہے کہ ''مسجدوں سے اُٹھنے والی اذان، تلاوت قرآن، قرأت و دُعا کی صدائیں ایسی خوش نما ہونا چاہئے تا کہ لوگ اس کی طرف جذب ہوں۔'' لیکن افسوس! کہ ہماری مسجدوں سے اذان، تلاوت قرآن اور قرأت و دُعا کی صدائیں جو فضاؤں میں گونجتی ہیں، اللہ اکبر! جس سے آپ بخوبی واقف ہیں۔ کئی مرتبہ خود راقم الحروف نے لوگوں کو ان کی غلطی و تساہلی کی طرف شخصاً متوجہ کیا ہے کہ دُنیا کی نگاہیں ہم پر جمی ہوئی ہیں لہٰذا کوئی ایسی فعل انجام نہ دیں جو ہماری نئی نسلوں کے لئے دردِ سر بن جائے۔ اس لئے ان باتوں کی طرف بھی خوب توجہ کی جائے اور نوجوانوں کو اذان و تلاوت قرآن کریم اور قرأت و دُعا کی طرف مائل کیا جائے تا کہ وہ اپنے خوش لب و لہجہ میں اللہ کی وحدانیت کا اعلان کر کے لوگوں کو اس کی طرف جاذب کر سکیں۔ اس لئے کہ ہمارے یہ جوان ہماری قوم کا سرمایہ ہیں ہم اگر ان کی صلاحیتوں سے استفادہ نہ کریں گے اور انہیں عملی میدان میں نہ لائیں گے تو وہ دن دور نہیں ہے کہ دشمنانِ دین انہیں اپنے ماڈرن تہذیب کا گرویدہ بنا کر بے دینی اور بے راہ روی کی طرف راغب کر دیں گے۔ لہٰذا مومنین کرام سے مؤدبانہ التماس ہے کہ وہ اس گرانبہا سرمایہ سے ہوشیار رہیں۔

مسجد سے کنارہ کشی

مسجدیں مرثیہ خواں ہیں کہ نمازی نہ رہے
یعنی وہ صاحب اوصاف حجازی نہ رہے

حضرت امیر المومنین علیہ السلام کو ایک مرتبہ اطلاع ملی کہ ایک قوم مسجد میں نماز کے لئے حاضر نہیں ہوتی تو آپ نے خطبہ پڑھا اور فرمایا: ''جو لوگ مسجد میں نماز کیلئے حاضر نہیں ہوتے تو ان کا کھانا پینا، مشورہ، نکاح اور باقی لین دین ہمارے ساتھ بند ہے جب تک کہ ہماری جماعت میں شریک نہ ہوں اور اگر وہ

بازنہ آئے تو قریب ہے کہ میں ان کے گھر کو جلا کر خاکستر کردوں۔'' پس لوگوں نے ان سے قطع تعلقی کرلی کھانا پینا وغیرہ سب بند کردیا تو وہ باز آنے لگے۔

صادق آل محمد حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: ''تین چیزیں قیامت کے روز شکوہ کریں گی۔ ایسی مسجد جو نمازیوں سے خالی (ویران پڑی) ہو، جاہلوں کے درمیان عالم، قرآن جو برائے نام طاق میں پڑا ہو اور اس پر گرد و غبار جما ہو اور لوگ اسے نہ پڑھتے ہوں۔'' روایت میں ہے کہ عام جگہ پر باجماعت نماز سے مسجد کی فرادیٰ نماز افضل ہے۔

حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: ''جو شخص پہلے سے مسجد میں ہو اور اذان کی آواز سن کر باہر نکل جائے تو وہ منافق ہے مگر یہ کہ پلٹنے کا ارادہ رکھتا ہو۔''

(ماخوذ از تفسیر النوار النجف جلد 7)

البتہ یہ دیکھا گیا ہے کہ ہاں میں ہاں اور برے کام کو اچھا کہنے والے لوگ، لوگوں کو پیارے ہوتے ہیں اور جو برائی، فکری کج روائی کی اصلاح کا اقدام کرتا اور برائی، فتنہ فساد پر ٹوکتا ہو تو انہیں کوئی نہیں چاہتا۔ انبیاء و اوصیاء علیہم السلام انتہائی مخلص و خیر خواہ ہونے کے باوجود مفلوک الحال عوام کی نظروں میں بدنام صرف اس لئے تھے کہ وہ غلطیوں پر ٹوکتے تھے اور ہمیشہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے فرائض کو انجام دیتے تھے اس لئے لوگوں نے انہیں برا بھلا کہا، انہیں ضرب و شتم کیا، ان پر مظالم کے پہاڑ ڈھائے لیکن اس کے باوجود بھی ان کے پائے ثبات میں زرہ برابر لغزش نہیں آئی۔

آج کا زمانہ بالکل وہی جہالت کا زمانہ ہے جہاں باطل حق کو مٹانے پر کمر بستہ ہے۔ حق کہنے والوں پر تہمتیں لگائی جارہی ہیں تاکہ وہ اپنا محاذ تبلیغ چھوڑ کر کنارہ کشی کرلیں! لیکن اس سازش میں نہ وہ کل کامیاب تھے اور نہ آج اور نہ ہی رہتی دُنیا تک یہ کامیاب ہوسکتے ہیں۔ اس جنجال آفریں دور میں آئمہ اطہار علیہم السلام اپنے شیعوں سے یہ چاہتے ہیں کہ وہ ان کے لئے زینت کا باعث بنیں ننگ و نار کا سبب نہ بنیں کیونکہ جب وہ اسلامی اخلاق سے آراستہ ہوں گے اور اسلامی ادب سے سنور جائیں گے تو لوگ اہل بیت علیہم السلام کی مداح کریں گے اور یہ کہیں گے کہ انہوں نے اپنے شیعوں کی کتنی اچھی تربیت کی اور جب لوگ شیعوں کے لین دین، بداخلاقی ان کے غلط برتاؤ، حدود اللہ اور اس کے حلال و حرام سے ان کی لاپرواہی کو دیکھیں گے تو ان کی وجہ سے وہ اہل بیت علیہم السلام پر بھی نکتہ چینی کریں گے۔ لہٰذا سلمان بن مہران سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا: ''میں جعفر بن محمد صادق علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا، اس وقت آپؑ کے پاس کچھ شیعہ بھی موجود تھے اور آپؑ فرما رہے تھے: ''اے شیعو! کونوا النازیناً و لاتکونو علینا شیناً'' (ہمارے لئے باعث زینت بنو ننگ و عار کا سبب نہ بنو۔ لوگوں سے نیک بات کہو، اپنی زبان پر قابو رکھو، اسے برا اور فضول کہنے سے باز رکھو)

(امام شیخ طوسی جلد 2 صفحہ 55 بحار الانوار جلد 68 صفحہ 151 ماخوذ از اہل بیتؑ کے شیعہ صفحہ 40)

نیز آپؑ ہی سے مروی ہے کہ آپؑ نے فرمایا: ''وہ ہمارا شیعہ نہیں ہے جو کسی شہر میں ہو اور اس شہر میں ہزاروں لوگ ہوں اور اس شہر میں کوئی اس سے زیادہ پاک دامن ہو۔ (حوالہ گزشتہ ص 44)

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک مقام پر فرماتے ہیں: ''ہمارا شیعہ تو بس وہی ہے جو ہمارے اعمال میں ہمارا اتباع کرتا ہے اور جو ہمارے اعمال میں ہمارا اتباع نہیں کرتا وہ ہرگز ہمارا شیعہ نہیں ہوسکتا۔ (حوالہ گزشتہ)

ایک شخص نے امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام سے عرض کیا: ''میں آپ کا شیعہ ہوں'' امام علیہ السلام نے فرمایا: ''اے اللہ کے بندے! اگر تم ہمارے اوامر میں ہمارے تابع ہو اور جن چیزوں سے ہم نے روکا ہے ان میں ہمارے مطیع ہو تو تم سچے ہو اور اگر تمہارا عمل اس کے برخلاف ہے تو تمہارے گناہوں کے ساتھ اس دعوے سے تمہارے مرتبہ میں اضافہ نہ ہوگا تم اس کے اہل نہیں ہو اور یہ نہ کہو کہ میں آپ کا شیعہ ہوں بلکہ یہ کہو کہ میں آپؑ کے دوستوں میں سے ہوں اور آپ کا محب ہوں اور آپؑ کے دشمنوں کا دشمن ہوں۔'' (حوالہ گزشتہ ص 46)





اس دُعا میں شکر، تولا و تبرا سب یکجا ہیں۔ ہر روز ممکن نہ ہو تو شب جمعہ، جمعہ کو معصومین کی پردہ پوشی اور محرم اور صفر کے ایام عزا میں اس تسبیح کو لازمی زبانوں کی زینت بنائیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ۝ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ وَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلٰى اَعْدَآئِهِمْ اَجْمَعِيْنَ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ الْعَنْ اَوَّلَ ظَالِمٍ ظَلَمَ حَقَّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّآخِرَ تَابِعٍ لَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ ۝

ہر روز درج ذیل سوالات کے جواب اپنے نفس سے حاصل کیجئے۔ امید ہے کہ یہ محاسبہ نفس آپ کو تقویٰ کی منزل سے قریب کر دے گا۔

1:۔ کیا آج ہم نے اپنے پیدا کرنے والے کو یاد کیا؟
2:۔ کیا آج ہم نے خلق خدا کی کوئی خدمت کی؟
3:۔ کیا آج ہم نے برائیوں کو دُور کرنے اور اچھائیوں کو پھیلانے کی کوشش کی؟
4:۔ کیا آج ہم نے کسی بیوہ یا یتیم کی کوئی مدد کی؟
5:۔ کیا آج ہم نے اپنے مستحق ہمسایہ کی کوئی خدمت کی؟
6:۔ کیا آج ہم سے کوئی ایسا فعل تو سرزد نہیں ہوا جس سے کسی کو کوئی تکلیف پہنچی ہو؟
7:۔ کیا آج ہم نے اپنے گناہوں سے توبہ و استغفار کا کوئی موقع نکالا؟
8:۔ کیا آج ہم نے کسی اچھے کام کرنے کے روحانی لذّت محسوس کی؟
9:۔ کیا آج ہم سے کوئی ایسا کام ہو سکا جس سے کسی کو فائدہ حاصل ہوا ہو؟
10:۔ کیا آج ہم نے کسی بھوکے کو کھانا کھلایا یا کسی ننگے کو کپڑا دیا؟
11:۔ کیا آج ہم نے اپنے اہل و عیال کے لئے جائز ذرائع سے روزی حاصل کی؟
12:۔ کیا آج ہم سے کوئی گناہ تو سرزد نہیں ہوا؟
13:۔ کیا آج ہم میں کسی موقع پر ظالم سے نفرت اور مظلوم سے ہمدردی کا جذبہ پیدا ہوا؟
14:۔ کیا آج ہم نے اپنی کسی اخلاقی کمزوری کو محسوس کیا؟



"ن و القلم و ما یسطرون" ن حروف مقطعات یا روحانی حروف سے اسکا تعلق ہے ن کے اعداد قمری 50 جنکا مفرد 5 بنتا ہے۔ اور ملفوظی نون کے اعداد 106 ہیں جن کا مفرد عدد 7 ہے اور جدول ابجد شمسی میں ن کا مفرد عدد 7 ہیں اور علم علی کے مفرد عدد 7 ہیں یہ عدد روحانیت میں باکمال ہے حرف ن کی منزل سماک اور اسکا موکل خولائیل ن کا عنصر بادی ہے اور سمت اسکی مغرب ہے وہ آسماء جن کے آخر میں حرف آتا ہے وہ اپنے اندر مقناطیسی کشش رکھتے ہیں جو کہ ہر قسم کی بندشیں روکاوٹیں ختم کر کے زندگی کی کامیابی کی راہیں کھل جاتی ہیں اور یہ لوح بندتالوں کی چابی ہے روحانی جسمانی تکالیف گھریلو ناچاقی، روزگار کا نہ ملنا شادی میں روکاوٹ جو کہ ایک بار رشتہ دیکھنے آتے ہیں دوبارہ پلٹ کر نہیں آتے ناکامیوں کے بعد کامیابیوں کا آغاز اور خوشگوار زندگی پیام مسرت اور قسمت کا عروج میں ہونا اس لوح ن میں پوشیدہ ہے۔ **طریقہ:**۔ اپنا نام مکمل و مقصد کے حروف اور نقاط گن کر پھر ان اسماء کے نام کے حروف اور نقاط گن لیں پھر ان دونوں کو جمع کر کے 21 عدد نفی کر کے خانہ نمبر 13 تا 16 تک لوح کو حروف میں پُر کریں۔ **مثال:**۔ عرفان رضا کے کاروبار میں ترقی ہو۔

حروف:۔ 26 نقاط 10 =10+26= 36

یاحنان یامنان یاسبحان یادیان یاسلطان یاحسن یاحسین کے حروف و نقاط 43 ہیں دونوں کو جمع کیا 36+43 =79 نفی 21 کیا بقایا 58 کو حروف بنا کر لکھیں علم جفر کے قاعدہ کے مطابق۔

لوح ن

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم صل علیٰ محمد و علیٰ آل محمد

ا 1	ط ن 14	ھو 11	ح 8
واجب 12	ز 7	ب 2	ح ن 13
ء 6	حا 9	اس 16	ج 3
س 15	د 4	ہ 5	حب 10

ن و القلم و ما یسطرون یا حنان یا منان یا سبحان یا دیان یا سلطان یا حسن یا حسین عرفان رضا کے کاروبار میں ترقی ہو ن ن ن ن ن



ہر کام میں قمر کی سعادت و نحوست معلوم کرنا

آپ جب بھی کوئی کام کرنا چاہیں تو پہلے یہ دیکھیں کہ اس دن قمر کس برج میں ہے اس کام کے لیے سعد ہے یا نہیں۔ اگر سعد ہے تو اس برج کے جدول کو دیکھیں کہ اس میں قمر کس درجہ پر ہے۔ اس سے سعد دن سے نحس دن کے مساوی سعد ہے۔ اس درجہ کے جدول کو دیکھیں۔

احکامات	حمل	ثور	جوزا	سرطان	اسد	سنبلہ	میزان	عقرب	قوس	جدی	دلو	حوت
خاص مبادت کرنا	م	س	م	ن	م	م	م	ن	س	ن	س	ن
خصوصی دعا کرنا	ن	س	م	م	ن	ن	س	س	ن	س	ن	س
نیک کام شروع کرنا	س	ن	س	س	ن	س	س	ن	م	ن	م	ن
زیارت بزرگان کرنا	ن	ن	س	ن	م	س	م	ن	س	م	ن	س
کسی سے سوال کرنا	م	س	س	ن	س	م	س	س	س	ن	ن	س
جانشین بنانا	ن	م	م	ن	س	س	ن	س	س	ن	س	ن
مخفی کام کرنا	ن	س	ن	ن	س	ن	س	س	م	ن	س	س
وزراء حکام سے ملاقات کرنا	س	س	س	س	س	م	ن	ن	س	ن	ن	س
کسی عورت سے ملاقات کرنا	ن	س	م	ن	س	م	ن	س	م	ن	س	م
کسی کام میں شمولیت کرنا	س	س	س	ن	س	س	ن	س	م	ن	س	م
نکاح کرنا	ن	س	م	ن	س	م	ن	ن	س	ن	س	س
شب زفاف کرنا	ن	س	م	ن	س	م	ن	ن	س	ن	س	س
بچہ کا نام رکھنا	ن	س	م	ن	س	م	ن	ن	ن	م	س	س
بچہ کی خوشی کرنا	س	م	س	ن	ن	م	م	س	س	ن	ن	س
بچہ کا دودھ چھڑانا	ن	س	م	م	س	س	ن	س	م	م	س	س
ختنہ کرنا	س	س	م	س	ن	س	س	ن	ن	س	س	ن
مدرسہ میں داخل کرانا	ن	ن	س	م	م	س	س	ن	س	ن	ن	س
غسل کرنا	س	م	س	س	س	م	س	س	م	ن	س	س
خوشی کی مجلس کرنا	ن	س	م	ن	س	م	ن	س	م	ن	س	م
جلسہ کرنا	س	ن	س	س	ن	م	س	ن	م	ن	م	م
زیور خریدنا	س	س	س	س	س	س	ن	ن	س	ن	ن	س
کوئی میل شروع کرنا	ن	س	س	م	س	س	س	ن	س	ن	س	س
خرید کرنا	س	م	س	س	ن	م	س	س	س	ن	م	س
حکومت شروع کرنا	س	س	ن	س	س	س	س	ن	س	ن	م	ن
شراکت کرنا	ن	م	س	ن	س	س	ن	ن	س	س	م	ن
مناظرہ کرنا	ن	ن	س	م	س	م	س	ن	س	س	م	ن
ضمانت لینا	س	ن	س	س	ن	س	ن	س	س	ن	ن	س
مقام تبدیل کرنا	س	ن	س	س	س	م	س	ن	س	س	ن	س
علم موسیقی حاصل کرنا	م	س	ن	م	س	ن	س	س	ن	م	س	س
کسی مہم پر جانا	س	س	م	س	س	س	ن	ن	س	ن	ن	م
قرض دینا	س	ن	م	س	ن	ن	ن	س	ن	س	س	س
قرض لینا	ن	ن	س	ن	م	س	ن	م	س	ن	م	س
دعوی کرنا	ن	م	س	م	س	س	ن	س	س	ن	س	ن
جائیداد خریدنا	م	ن	س	م	س	ن	س	م	ن	ن	س	ن
مکان بنوانا	ن	ن	ن	س	س	م	س	م	ن	ن	س	م
ہتھیار خریدنا	س	ن	ن	ن	م	ن	س	س	م	ن	س	س
تجارت شروع کرنا	م	س	ن	م	ن	س	س	ن	ن	ن	س	م
فروخت کرنا	ن	م	س	م	س	ن	ن	س	ن	ن	ن	ن
ناخن کاٹنا	س	س	ن	س	س	س	س	س	س	ن	س	ن
حجامت بنوانا	س	ن	ن	ن	س	ن	س	ن	س	ن	س	ن
باغ لگانا	ن	س	ن	س	ن	س	س	ن	ن	ن	م	س
کھیت بونا	ن	ن	م	س	ن	م	س	ن	ن	س	س	س
غلہ کاٹنا	ن	م	س	م	س	ن	ن	س	ن	ن	ن	س
مویشی خریدنا	س	س	س	س	س	س	م	ن	س	س	م	ن
علاج شروع کرانا	س	س	م	س	س	ن	ن	س	ن	س	س	ن
مہمانی کرنا	س	ن	س	س	ن	م	س	ن	م	ن	م	س
ملازم رکھنا	ن	س	س	ن	س	س	م	س	س	س	س	س
سفر کرنا	س	ن	س	س	ن	س	س	س	ن	س	س	س
واردات کرنا	س	ن	س	ن	س	س	ن	م	م	ن	س	س
دشمنی کا بیٹھ لینا	س	س	م	ن	س	م	ن	س	س	ن	س	م
عہد و پیمان کرنا	ن	س	م	م	س	س	ن	ن	س	ن	س	م
شکار کھیلنا	س	س	س	ن	ن	ن	ن	س	ن	س	ن	س
جہاز یا کشتی میں سفر کرنا	س	ن	س	س	ن	ن	ن	س	ن	س	ن	س

بارہ ماہا منیہ جنتری تقویم ماہ جنوری 2020ء عیسوی

عمومی تقویم				استخراج وکوائف سیارگان بمطابق اہل برصغیر			
ایام	عیسوی	بکرمی	شمسی	قمر	قمر	قمر	سیارگان
	2020	2076	1941	فی البروج	فی المنازل	فی البروج	فی البروج
31	جنوری	پوہ	جدی				
بدھ	1	19	11		رشا 07:01		
جمعرات	2	20	12	حمل 09:00	شرطین 09:00		
جمعہ	3	21	13		بطین 10:58		اوس مرد 14/34
ہفتہ	4	22	14	ثور 21:15	ثریا 12:44		
اتوار	5	23	15		دبران 14:06		
پیر	6	24	16		ہقعہ 14:57		
منگل	7	25	17	جوزا 07:10	ہنعہ 15:11		
بدھ	8	26	18		ذراعہ 14:45		
جمعرات	9	27	19	سرطان 13:43	نثرہ 13:43		
جمعہ	10	28	20		طرفہ 12:06		
ہفتہ	11	29	21	اسد 17:15	جبہہ 10:02		
اتوار	12	30	22		زہرہ 07:36		
پیر	13	ماگھ	23	سنبلہ 19:06	صرفہ 04:57		زہرہ صعد 23/38
منگل	14	2	24		عوا 02:10 سماک 23:23		
بدھ	15	3	25	میزان 20:43	غفر 20:43		
جمعرات	16	4	26		زبانہ 18:14		عطارد ر 23/30
جمعہ	17	5	27	عقرب 23:20	اکلیل 16:00		
ہفتہ	18	6	28		قلب 14:05		
اتوار	19	7	29		شولہ 12:31		
پیر	20	دلو	8	قوس 03:40	نعائم 11:19		عس ر 19/54
منگل	21	2	9		بلدہ 10:28		
بدھ	22	3	10	جدی 09:59	ذابح 09:59		
جمعرات	23	4	11		سعد بلع 09:53		
جمعہ	24	5	12	دلو 18:20	سعود 10:09		
ہفتہ	25	6	13		اخبیہ 10:48		
اتوار	26	7	14		مقدم 11:50		
پیر	27	8	15	حوت 04:43	مؤخر 13:13		
منگل	28	9	16		رشا 14:55		
بدھ	29	10	17	حمل 16:50	شرطین 16:50		
جمعرات	30	11	18		بطین 18:52		
جمعہ	31	12	19		ثریا 20:50		

جمادی الاول/ جمادی الثانی ۱۴۴۱ ہجری

اسلامی تقویم

طلوع وغروب اسلام آباد			ہجری ۱۴۴۱ جمادی الاول	نیک نحس	ولادت وشہادت معصومین علیہم السلام اسلامی معلومات
07-02	17-10		5	نیک	بروایت میلاد مسعود حضرت زینبؑ 5ھ
07-02	17-10		6	نیک	
07-02	17-11		7	نیک	جنگ موتہ 8ھ
07-03	17-12		8	نیک	
07-03	17-13		9	نیک	
07-03	17-13		10	نحس اکبر	
07-03	17-14		11	نحس اکبر	
07-03	17-15		12	نیک	
07-03	17-16		13	نحس	احتمال شہادت حضرت فاطمۃ الزہراؑ 11ھ
07-03	17-17		14	نیک	
07-03	17-18		15	نیک	میلاد مسعود امام زین العابدینؑ 38ھ
07-03	17-18		16	نحس	
07-03	17-19		17	میانہ	
07-03	17-20		18	نیک	
07-03	17-21		19	نیک	جنگ جمل 36ھ
07-02	17-22		20	میانہ	
07-02	17-23		21	نحس	
07-02	17-24		22	نیک	
07-02	17-25		23	نیک	
07-01	17-25		24	نحس	
07-01	17-26		25	نحس	
07-01	17-27		26	نیک	
07-00	17-28		27	نیک	
07-00	17-29		28	نحس اکبر	
07-00	17-30		29	نیک	
06-59	17-31		30	نیک	
06-59	17-32	جمادی الثانی		نحس اکبر	
06-58	17-33		2	نیک	
06-58	17-34		3	نحس	شہادت بی بی فاطمہ الزہراؑ 11ھ
06-57	17-35		4	نیک	
06-57	17-35		5	نحس	



قرآن کی نظر میں حضرت علی علیہ السلام کا مقام

علامہ ڈاکٹر محمد حسین اکبر (ادارہ منہاج الحسین لاہور)

مقدمہ

(1) مختصر تاریخ دمشق میں ابن عباس سے نقل ہوا ہے کہ ابن عباس کہتے ہیں: "ما نزل القرآن "یا ایھا الذین آمنوا" الا علی سیدھا و شریفھا و امیرھا و ما احد من اصحاب رسول اللہ الا قد عاتبہ اللہ فی القرآن ما خلا علی بن ابی طالب فانہ لم یعاتبہ بشیء... ما نزل فی احد من کتاب اللہ ما نزل فی علی... نزلت فی علی ثلاثماۃ آیۃ۔ جہاں بھی قرآن میں "یا ایھا الذین آمنوا" اے ایمان والو، آیا ہے حضرت علی (علیہ السلام) ان مومنوں کا سید اور سالار ہے اور مومن کا مصداق کامل، حضرت علی علیہ السلام ہے۔ قرآن میں رسول اکرم ﷺ کے ہر صحابی پر عتاب کا ذکر ہوا ہے سوائے حضرت علی علیہ السلام کے ان پر کوئی کسی عتاب کا ذکر نہیں ہوا۔ حضرت علی علیہ السلام کے فضائل کی قرآن میں اتنی آیتیں ہیں جتنی کسی کے فضائل کی نہیں۔ قرآن کی تین سو ۳۰۰ آیتیں ان کی شان میں نازل ہوئی ہیں۔

ہم نے اس مقالہ میں حضرت علی علیہ السلام کو قرآن کی نظر سے دیکھنے کی کوشش کی ہے۔ حضرت علی علیہ السلام قرآن کی تعریف میں فرماتے ہیں: ان اللھتعالی انزل کتاباھادیا. بین فیہ الخیر والشر فخذوا نھج الخیر تھتدوا و اصدفوا عن سمت الشر تقصدوا۔(2)

اللہ تعالی نے ہدایت کرنے والی کتاب نازل فرمائی ہے، اس مبارک کتاب میں خیر اور شر کو بیان کیا گیا ہے تا کہ خیر کے راستے کو اپنا کے ہدایت یافتہ بن جاؤ اور شر سے دور رہو تا کہ اچھی اور میانہ زندگی بسر کرو۔

واعلموا ان ھذا القرآن ھو الناصح الذی لایغش والھادی الذی لایضل و المحدث الذی لایکذب۔(3) جان لو قرآن ایسا نصیحت کرنے والا ہے جو خیانت نہیں کرتا، ایسا ہادی ہے جو گمراہ نہیں کرتا، ایسا سچا کلام ہے جس میں جھوٹ کی آمیزش نہیں ہے۔

قرآن کریم میں حضرت علی علیہ السلام کے فضائل پر مشتمل تین سو ۳۰۰ آیتیں ہیں اور حضرت علی علیہ السلام نے قرآن کے بارے میں بلند والا خطبے ارشاد فرمائے ہیں۔ ثقل اکبر، ثقل اصغر کی اور ثقل اصغر، ثقل اکبر کی معرفت کا وسیلہ ہے یعنی قرآن حضرت علی علیہ السلام کی پہچان کرواتا ہے اور حضرت علی علیہ السلام قرآن کے فضائل بیان کرتے ہیں۔ رسول اکرم ﷺ کے ارشاد کے مطابق قرآن اور حضرت علی علیہ السلام ہمیشہ ساتھ رہیں گے۔ جب کوئی طہارت کے بغیر قرآن کے قریب نہیں جا سکتا "لایمسہ الا المطھرون"(4) تو کوئی کیسے طہارت کے بغیر اہلبیت (علیہم السلام) کو سمجھ سکتا ہے۔ اہل بیت (علیہم السلام) کی معرفت کا قرآن کے سوا کوئی ذریعہ نہیں ہے۔ ہم بھی اہلبیت (علیہم السلام) میں سے پہلے فرد حضرت علی علیہ السلام کی معرفت کیلئے قرآن سے مدد لیتے ہیں۔ قرآن میں کئی اسباب کے سبب علی کا نام ذکر نہیں ہوا۔(5) لیکن اہل سنت کے علاو بزرگان نے کئی مقامات پہ اعتراف کیا ہے کہ: قرآن میں حضرت علی علیہ السلام کی شان میں کئی آیتیں نازل ہوئی ہیں۔ قرآن میں اہل بیت (علیہم السلام) کی شان بیان ہوئی ہے۔ اہلبیت (علیہم السلام) کی شان جیسی کسی ان کے علاوہ کسی کی شان بیان نہیں ہوئی۔ اس نقطہ سے بھی غافل نہ رہیں کہ ممکن ہے ایک آیت عام ہو بہت سارے مصداق رکھتی ہو لیکن اس آیت کا مصداق کامل حضرت علی علیہ السلام اور اہلبیت (علیہم السلام) ہوں۔ پہلے بیان ہوا کہ ابن عباس کے قول کے مطابق

بارہ ماہیہ جنتری تقویم ماہ فروری 2020ء عیسوی

ایام	عمومی تقویم: عیسوی 2020	بکرمی 2076	شمسی 1941	استخراج و کواکب سیارگان بمطابق اہل برصغیر: قمر فی البروج	قمر فی المنازل	سیارگان فی البروج
28	فروری	ماگھ	دلو			
ہفتہ	1	20	13	ثور 05:27	دبران 22:35	
اتوار	2	21	14		ہقعہ 23:54	
پیر	3	22	15	جوزا 16:28	ہقعہ	عطارد ث 16/37
منگل	4	23	16		ہنعہ 00:39	
بدھ	5	24	17		زراعہ 00:43	
جمعرات	6	25	18	سرطان 00:02	شرطین 00:02 ملرفہ 22:38	
جمعہ	7	26	19		جبہہ 20:34	
ہفتہ	8	27	20	اسد 03:44	زہرہ 17:55	حمل ح 01/02
اتوار	9	28	21		صرفہ 14:51	
پیر	10	29	22	سنبلہ 04:38	عوا 11:30	
منگل	11	30	23		سماک 08:02	
بدھ	12	ماگھ	24	میزان 04:37	غفر 04:37	
جمعرات	13	2	25		زبانہ 01:23 اکلیل 22:29	
جمعہ	14	3	26	عقرب 05:37	قلب 20:02	
ہفتہ	15	4	27	قمر	شولہ 18:05	
اتوار	16	5	28	قوس 09:06	نعائم 16:42	مرکا ج 16/32
پیر	17	6	29		بلدہ 15:53	
منگل	18	7	30	جدی 15:36	ذابح 15:36	
بدھ	19	8	حوت		بلع 15:48	عش ح 09/56
جمعرات	20	9	2		سعود 16:24	
جمعہ	21	10	3	دلو 00:41	اخبیہ 17:22	
ہفتہ	22	11	4		مقدم 18:37	
اتوار	23	12	5	حوت 11:37	موخر 20:08	
پیر	24	13	6		رشا 21:52	
منگل	25	14	7	حمل 23:47	شرطین 23:47	
بدھ	26	15	8		شرطین	
جمعرات	27	16	9		بطین 01:47	
جمعہ	28	17	10	ثور 12:29	ثریا 03:49	
ہفتہ	29	18	11		دبران 05:45	

جمادی الثانی / رجب ۱۴۴۱ ہجری

اسلامی تقویم

ہجری	طلوع و غروب اسلام آباد		نیک نحس	ولادت و شہادت معصومین علیہم السلام — اسلامی معلومات
6	06:56	17:36	نیک	
7	06:55	17:37	نیک	عرس بی بی پاک دامن (لاہور)
8	06:55	17:38	نیک	
9	06:54	17:39	نیک	
10	06:53	17:40	نیک	فتح جنگ جمل 37ھ
11	06:53	17:41	نحس اکبر	
12	06:52	17:42	نحس اکبر	
13	06:51	17:43	نحس	شہادت اُم البنینؑ (والدہ حضرت عباسؑ)
14	06:50	17:44	نیک	
15	06:49	17:44	نیک	
16	06:49	17:45	نحس	
17	06:48	17:46	میانہ	
18	06:47	17:47	نیک	
19	06:46	17:48	نیک	
20	06:45	17:49	نیک	میلاد مسعود بی بی فاطمۃ الزہراؑ
21	06:44	17:50	نحس	
22	06:43	17:50	نیک	منت و ستر خوان امام حسنؑ
23	06:42	17:51	نیک	
24	06:41	17:52	نحس	
25	06:40	17:53	نحس	
26	06:39	17:54	نیک	
27	06:38	17:54	نیک	
28	06:37	17:55	نحس اکبر	
29	06:36	17:56	نیک	
30	06:35	17:57	نیک	
رجب	06:34	17:58	نیک	میلاد مسعود امام محمد باقرؑ 57ھ
2	06:33	17:58	نحس	
3	06:32	17:59	نحس	شہادت امام علی نقیؑ 254ھ
4	06:31	17:59	نیک	

قرآن کی نظر میں حضرت علی علیہ السلام کا مقام

قرآن میں حضرت علی (علیہ السلام) کے فضائل کی تین سو ۳۰۰ آیتیں ہیں۔ ہم یہاں اس مقالے میں چند ایک کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور ان آیتوں کا شان نزول بھی اہلسنت کی کتابوں سے نقل کرتے ہیں تاکہ برادران اہلسنت ان کتابون کی طرف مراجعہ کر کے مطمئن اور مسرور ہوں۔

1- آیہ تبلیغ

یا ایھا الرسول بلغ ما انزل الیك من ربك و ان لم تفعل فما بلغت رسالته والله یعصمك من الناس ان الله لا یھدی القوم الکافرین (6) اے پیغمبر آپ اس حکم کو پہنچادیں جو آپ کے پروردگار کی طرف سے نازل کیا گیا ہے اور اگر آپ نے یہ نہ کیا تو گویا اس کے پیغام کو نہیں پہنچایا اور خدا آپ کو لوگوں کے شر سے محفوظ رکھے گا کہ اللہ کافروں کی ہدایت نہیں کرتا ہے۔ تمام شیعہ مفسروں کے ساتھ اکثر اہل سنت (7) مفسروں کا ماننا ہے کہ یہ آیت حضرت علی علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی ہے۔

شان نزول

یہ آیت غدیر خم سے متعلق ہے۔ علامہ امینی نے اپنی کتاب الغدیر میں حدیث غدیر کو معتبر اور مختلف سندوں کے ساتھ ۱۱۰، اصحاب سے نقل کیا ہے: ان روایتوں میں اس آیت کا شان نزول کچھ اس طرح سے ہے، ہم یہاں مختصر بیان کرتے ہیں۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات طیبہ کے آخری سال حجۃ الوداع کے اعمال رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضور کی برکت سے شان و شوکت سے انجام پائے۔ واپسی کے سفر میں یہ قافلہ بیابانوں سے گذرتا ظہر کے وقت غدیر خم پہ پہنچا۔ اس وقت عید قربان کو آٹھ دن گذرے تھے۔ اچانک رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے رکنے کا حکم آیا جو آگے نکل گئے تھے انہیں واپس بلایا گیا جو پیچھے تھے ان کا انتظار کیا گیا۔ جب سب جمع ہوئے سول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اقتدا میں نماز جماعت انجام پائی، گرمی میں جلتے صحرا میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیلئے سائبان بنایا گیا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمام لوگوں کو حکم خداوندی سننے کیلئے آمادہ ہونے کا حکم دیا۔ لوگ زیادہ تھے ہر ایک کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرہ مبارک دکھائی نہیں دے رہا تھا، اس لئے اونٹوں کے پالانوں کا منبر بنایا گیا۔ رسول اکرم اس منبر پہ جلوہ افروز ہوئے اور پر معنی خطبہ ارشاد فرمایا: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خدا کی حمد وثنا کے بعد کچھ اس طرح سے خطاب کیا: میں عنقریب داعی اجل کو لبیک کہتے ہوئے تمہارے درمیان سے جانے والا ہوں۔ تم لوگوں سے بھی سوال ہوگا اور مجھ سے بھی پوچھا جائے گا۔ تم لوگ میرے بارے میں کیا گواہی دو گے؟ تمام افراد نے ملکر ایک جواب دیا: "نشھد انك قد بلغت و نصحت و جھدت فجزاك الله۔ ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ نے وظیفہ رسالت کو بخوبی نبھایا اور اپنی تمام کاوشوں کو انسانی ہدایت کیلئے بروئے کار لائے۔ اللہ تعالی آپ کو اس کی نیک جزا عنایت فرمائے۔ اس کے بعد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تمام مسلمانوں سے اللہ تعالی کی وحدانیت، اپنی رسالت، مرنے اور مرنے کے بعد زندہ ہونے کا اقرار لیا اور اس اقرار پر اللہ تعالی کو گواہ بنایا اور فرمایا:

میں تم لوگوں میں دو عظیم چیزیں چھوڑے جارہا ہوں جو میری یادگار ہیں، دیکھو تم لوگ ان سے کیا سلوک کرتے ہو؟ ایک عظیم چیز، اللہ تعالی کی پاک کتاب ہے اور دوسری عظیم چیز میری اہلبیت (علیہم السلام) ہے۔ مجھے رب جلیل نے بتایا ہے کہ یہ دونوں کبھی بھی جدا نہ ہونگے یہاں تک کہ جنت میں مجھ سے مل جائیں۔ ان سے آگے نہ بڑھنا ورنہ ہلاک ہوجاؤ گے ان سے پیچھے بھی نہ رہ جانا ورنہ ہلاک ہوجاؤ گے۔

لوگوں نے دیکھا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظریں لوگوں کا طواف کرنے لگیں جیسے کسی کو ڈھونڈ رہی ہوں۔ جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نظریں حضرت علی (علیہ السلام) پہ پڑیں ان کو بلایا اور ان کا ہاتھ تھام کر اتنا بلند کیا کہ بغلوں کی سفیدی نظر آنے لگی۔ تمام افراد کو حضرت علی (علیہ السلام) نظر آنے لگے۔ اس وقت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "ایھا الناس من اولی الناس بالمؤمنین من انفسھم۔ اے لوگو! مومنوں کی جانوں پر ان سے بھی زیادہ حق کس کا ہے؟ سب نے جواب دیا اللہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بہتر جانتے ہیں۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ میرا مولا ہے اور میں مومنین کا مولا ہوں اور مومنین کی جانوں پر ان سے بھی



تقویم ماہ مارچ 2020ء عیسوی

ایام	عمومی تقویم: عیسوی 2020	بکرمی 2076	شمسی 1941	استخراج وکوائف سیارگان بمطابق اہل برصغیر: قمر فی البروج	قمر فی المنازل	سیارگان فی البروج
31	عادج	پھاکن	ہوت			
اتوار	1	19	12		ہقعہ 07:26	
پیر	2	20	13	جوزا 00:20	ہنعہ 08:42	
منگل	3	21	14		ذراع 09:24	
بدھ	4	22	15	سرطان 09:25	نثرہ 09:25	عطارد/ 16/08
جمعرات	5	23	16		طرفہ 08:39	زہرؔ/ 08/07
جمعہ	6	24	17	اسد 14:27	جبہ 07:07	
ہفتہ	7	25	18		زہرہ 04:52	
اتوار	8	26	19	سنبلہ 15:47	صرفہ 01:59 عوا 22:36	
پیر	9	27	20		سماک 18:54	
منگل	10	28	21	میزان 15:02	غفر 15:02	
بدھ	11	29	22		زبانہ 11:13	
جمعرات	12	30	23	عقرب 14:28	اکلیل 07:35	
جمعہ	13	31	24		قلب 04:21	
ہفتہ	14	چیت	25	قوس 16:09	شولہ 01:37 نعائم 23:31	
اتوار	15	2	26		بلدہ 22:07	
پیر	16	3	27	جدی 21:25	ذابح 21:25	عطارد/ 12/43
منگل	17	4	28		بلع 21:23	
بدھ	18	5	29		سعود 21:57	
جمعرات	19	6	30	دلو 06:15	اخبیہ 23:01	
جمعہ	20	7	31		اخبیہ	عش عمل/ 08/40
ہفتہ	21	8	حمل	حوت 17:33	مقدم 00:26	
اتوار	22	9	2		موخر 02:08	زحل/ 08/58
پیر	23	10	3		رشا 04:00	
منگل	24	11	4	ثور 05:57	شرطین 05:57	
بدھ	25	12	5		بطین 07:58	
جمعرات	26	13	6	حمل 18:36	ثریا 09:57	
جمعہ	27	14	7		دبران 11:52	
ہفتہ	28	15	8		ہقعہ 13:36	
اتوار	29	16	9	جوزا 06:38	ہنعہ 15:05	
پیر	30	17	10		ذراع 16:09	
منگل	31	18	11	سرطان 16:43	نثرہ 16:43	مریخ/ 00/43

رجب / شعبان ۱۴۴۱ ہجری

اسلامی تقویم

طلوع وغروب اسلام آباد		ہجری ۱۴۴۱	نیک نحس	ولادت وشہادت معصومین علیہم السلام اسلامی معلومات
06:29	18:01	5	نیک	میلاد مسعود امام علی نقیؑ 214ھ
06:28	18:01	6	نیک	
06:27	18:02	7	نیک	
06:26	18:03	8	نیک	
06:25	18:04	9	نیک	میلاد مسعود شہزادہ علی اصغرؑ
06:24	18:04	10	نیک	میلاد مسعود امام محمد تقیؑ 195ھ
06:22	18:05	11	نحس اکبر	
06:21	18:06	12	نیک	
06:20	18:06	13	نیک	ظہور پرنور حضرت علیؑ در خانہ کعبہ
06:19	18:07	14	نحس	
06:18	18:08	15	نحس	بقول شہادت بی بی زینب ام ۱۰ و ۱۱ و ۱۲
06:16	18:09	16	میانہ	
06:15	18:09	17	نیک	
06:14	18:10	18	نیک	
06:13	18:11	19	میانہ	
06:11	18:11	20	نیک	ولادت سکینہ بنت حسینؑ
06:10	18:12	21	نیک	
06:09	18:13	22	نیک	نیاز امام جعفر صادقؑ (کونڈے)
06:08	18:13	23	نحس	روز غم امام حسنؑ زخمی ہوئے
06:06	18:14	24	نیک	فتح خیبر بدست حضرت علیؑ 7ھ
06:05	18:15	25	نحس	شہادت امام موسیٰ کاظمؑ 183ھ
06:04	18:15	26	نیک	شب معراج
06:02	18:16	27	نیک	عید بعثت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
06:01	18:17	28	نیک	امام حسینؑ کی مدینہ سے روانگی کربلا 60ھ
06:00	18:17	29	نیک	جنگ جمل
05:59	18:18	شعبان	نیک	میلاد مسعود بی بی زینبؑ
05:57	18:19	2	نیک	ماہ رمضان کے روزے (فرض ہوئے) 2ھ
05:56	18:19	3	نیک	میلاد مسعود امام حسینؑ
05:55	18:20	4	نیک	میلاد مسعود حضرت عباس علمدارؑ
05:54	18:21	5	نحس	وفات حضرت فضہؑ
05:52	18:21	6	نیک	

قرآن کی نظر میں حضرت علی علیہ السلام کا مقام

زیادہ حق رکھتا ہوں فمن کنت مولاہ فعلی مولاہ۔ جس کا میں مولا ہوں اس کا حضرت علی علیہ السلام مولا ہے۔

پھر آسمان کی طرف منہ کر کے فرمایا: "اللھم وال من والاہ و عاد من عاداہ و احب من احبہ و ابغض من ابغضہ وانصر من نصرہ واخذل من خذلہ و ادر الحق معہ حیث دار۔ پروردگارا! حضرت علی علیہ السلام کے دوست کو اپنا دوست قرار دے اور حضرت علی علیہ السلام کے دشمن کو اپنا دشمن قرار دے، جو حضرت علی علیہ السلام سے محبت کرے تو بھی اس سے محبت کر، جو حضرت علی علیہ السلام سے دشمنی کرے تو بھی اس سے دشمنی کر، جو حضرت علی علیہ السلام کی مدد کرے تو بھی اس کی مدد کر، جو حضرت علی علیہ السلام سے منہ موڑے تو اس سے منہ موڑ لے، جہاں حضرت علی علیہ السلام ہو وہاں حق کو قرار دے۔ آخر میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تاکید کی کہ جو یہاں موجود نہیں ان تک اس بات کو پہنچائیں۔ اس کے بعد تمام مسلمانوں نے ابوبکرؓ اور عمرؓ کے ساتھ حضرت علی علیہ السلام کو یہ کہہ کہ مبارک باد پیش کی: علی ابن ابو طالب علیہ السلام تم کو مبارک ہو! آپ آج تمام مومن مرد اور عورتوں کے مولا بن گئے۔ (8)

۲۔ آیہ ولایت

انما ولیکم اللہ و رسولہ والذین امنوا الذین یقیمون الصلاۃ و یؤتون الزکاۃ و ھم راکعون (9) ایمان والو بس تمہارا ولی اللہ ہے اور اس کا رسول اور وہ صاحبانِ ایمان جو نماز قائم کرتے ہیں اور حالت رکوع میں زکوٰۃ دیتے ہیں (الغدیر میں علامہ امینی نے ان بزرگان اہلسنت کے نام لکھے ہیں جو اس آیت کے شان نزول میں حضرت علی علیہ السلام کا ذکر کرتے ہیں اور فرماتے ہیں (10) تمام اہل تشیع نے اس آیت کے شان نزول میں حضرت علی علیہ السلام کا نام لکھا ہے۔

شان نزول

سیوطی نے اپنی کتاب الدر المنثور میں اس آیت کے ذیل میں ابن عباس سے نقل کیا ہے حضرت علی علیہ السلام نماز کی حالت رکوع میں تھے جب کسی سائل نے اللہ کی راہ میں مدد کا سوال کیا، حضرت علی علیہ السلام نے اپنی انگوٹھی سائل کو صدقے میں دے دی۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سائل سے پوچھا تمہیں یہ انگوٹھی کس نے دی ہے؟ سائل نے حضرت علی علیہ السلام کی طرف اشارہ کیا اور کہا اس مرد نے جو کہ حالت رکوع میں ہے۔ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی "انما ولیکم اللہ و رسولہ" (11)

۳۔ آیہ اولی الامر

"یا ایھا الذین امنوا اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول و اولی الامر منکم۔ ایمان والو اللہ کی اطاعت کرو رسول اور صاحبانِ امر کی اطاعت کرو جو تم ہی میں سے ہیں پھر اگر آپس میں کسی بات میں اختلاف ہو جائے تو اسے خدا اور رسول کی طرف پلٹا دو اگر تم اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھنے والے ہو۔ یہی تمہارے حق میں خیر اور انجام کے اعتبار سے بہترین بات ہے۔

شان نزول

حاکم حسکانی حنفی نیشابوری اہلسنت کے معروف مفسر ہیں وہ اپنی کتاب میں اس آیت کے ذیل میں پانچ روایتیں نقل کرتے ہیں، ان پانچوں روایتوں کا عنوان اولی الامر ہے اور سب کی سب حضرت علی علیہ السلام پر صادق آتی ہیں۔ آخری روایت میں وہ خود حضرت علی علیہ السلام سے نقل کرتے ہیں حضرت علی علیہ السلام نے نقل کیا ہے کہ: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا میرے شریک وہ ہیں جن کو اللہ تعالی نے اپنے ساتھ اور میرے ساتھ اس آیت میں بیان کیا ہے "یا ایھا الذین امنوا اطیعوا اللہ و اطیعوا الرسول و اولی الامر منکم۔ میں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا "یا نبی اللہ من ہم؛ اے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اولی الامر کون ہیں؟ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جواب دیا "قال: انت اولھم؛ تم اولی الامر کے پہلے فرد ہو (12) اہل سنت کی بعض روایتوں میں بارہ اماموں (علیہم السلام) میں سے ہر ایک کا نام ذکر ہوا ہے (13)

۴۔ آیہ صادقین

"یا ایھا الذین آمنوا اتقوا اللہ و کونوا مع الصادقین (14) ایمان والو اللہ سے ڈرو اور صادقین کے ساتھ ہو جاؤ۔



تقویم ماہ اپریل 2020ء عیسوی

عمومی تقویم				استخراج وکواکب سیارگان بمطابق اہل بر صغیر		
ایام	عیسوی 2020	بکرمی 2076	شمسی 1942	قمر فی البروج	قمر فی المنازل	سیارگان فی البروج
30	اپریل	چیت	حمل			
بدھ	1	19	12		طرفہ 16:38	
جمعرات	2	20	13	23:26 اسد	جبہہ 15:51	
جمعہ	3	21	14		زہرہ 14:20	زہرہ 22/10/1
ہفتہ	4	22	15		صرفہ 12:07	
اتوار	5	23	16	02:18 سنبلہ	عوا 09:17	
پیر	6	24	17		سماک 05:57	
منگل	7	25	18	02:16 میزان	غفر 02:16 زبانہ 22:24	
بدھ	8	26	19		اکلیل 18:32	
جمعرات	9	27	20	01:16 عقرب	قلب 14:51	
جمعہ	10	28	21		شولہ 11:31	
ہفتہ	11	29	22	01:35 قوس	نعائم 08:42	عطارد 09/48
اتوار	12	30	23		بلدہ 06:32	
پیر	13	31	24	05:05 جدی	ذابح 05:05	
منگل	14	بیساکھ	25		بلع 04:23	
بدھ	15	2	26	12:37 دلو	سعود 04:26	
جمعرات	16	3	27		اخبیہ 05:09	
جمعہ	17	4	28	23:29 حوت	مقدم 06:25	
ہفتہ	18	5	29		مؤخر 08:04	
اتوار	19	6	30		رشا 09:58	عطارد 17/48
پیر	20	7	ثور	12:00 حمل	شرطین 12:00	
منگل	21	8	2		بطین 14:01	
بدھ	22	9	3		ثریا 15:58	
جمعرات	23	10	4	00:35 ثور	دبران 17:46	
جمعہ	24	11	5		ہقعہ 19:23	
ہفتہ	25	12	6	12:19 جوزا	ہنعہ 20:45	
اتوار	26	13	7		زراعہ 21:47	
پیر	27	14	8	22:27 سرطان	نثرہ 22:27	
منگل	28	15	9		طرفہ 22:39	عطارد 09/52
بدھ	29	16	10		جبہہ 22:20	
جمعرات	30	17	11	06:06 اسد	زہرہ 21:25	

شعبان / رمضان ۱۴۴۱ ھجری

اسلامی تقویم

طلوع وغروب اسلام آباد			ھجری ۱۴۴۱ شعبان	نیک نحس	ولادت وشہادت معصومین علیہم السلام اسلامی معلومات
05:51	18:22		7	نیک	میلاد مسعود شہزادہ قاسم ابن امام حسنؑ
05:50	18:23		8	نیک	آغاز غیبت صغریٰ امام زمانہ 260ھ
05:49	18:23		9	نیک	وفات شاہ نجفؑ
05:47	18:24		10	نیک	
05:46	18:25		11	نیک	میلاد مسعود شہزادہ علی اکبرؑ
05:45	18:25		12	نیک	
05:44	18:26		13	نیک	
05:42	18:27		14	نیک	
05:41	18:27		15	نیک	میلاد مسعود جناب صاحب العصرؑ 256ھ
05:40	18:28		16	نحس	
05:39	18:29		17	میانہ	
05:38	18:29		18	نیک	عرس لال شہباز قلندرؒ
05:36	18:30		19	نیک	
05:35	18:31		20	نحس اکبر	
05:34	18:31		21	نحس	
05:33	18:32		22	نیک	
05:32	18:33		23	نیک	
05:31	18:33		24	نحس	
05:30	18:34		25	نحس	عرس بابا ولائیت حب (کراچی)
05:28	18:35		26	میانہ	ولادت حضرت میراں حسین زنجانیؒ
05:27	18:35		27	نیک	
05:26	18:36		28	نیک	
05:25	18:37		29	نیک	
05:24	18:38		30	میانہ	
05:23	18:38	رمضان		نیک	صحیفہ ابراہیمؑ نازل ہوا، غزوہ تبوک 9ھ
05:22	18:39		2	نیک	امام رضاؑ کی ولی عہدی کا آغاز
05:21	18:40		3	نحس	
05:20	18:40		4	نیک	
05:19	18:41		5	نحس	
05:18	18:42		6	نیک	نزول توریت

قرآن کی نظر میں حضرت علی علیہ السلام کا مقام

شان نزول

درالمنثور میں معروف مفسر سیوطی اس آیت "اتقوا الله و کونوا مع الصادقین" کے ذیل میں ابن عباس سے نقل کرتے ہیں کہ ابن عباس نے کہا ہے: "مع علی بن ابی طالب؛ حضرت علی علیہ السلام کے ساتھ ہوجاؤ۔ (15) اس آیت کے شان نزول میں دونوں مکتبوں یعنی اہلسنت اور اہل تشیع سے اور بھی روایتیں موجود ہیں (16) غور طلب بات یہ ہے کہ یہاں اللہ تعالی مومنین کو حکم دے رہا ہے کہ صادقین کے ساتھ ہوجاؤ۔ یہ حکم مطلق ہے اس میں کوئی قید یا شرط نہیں، کسی حالت سے مخصوص نہیں اس طرح کا حکم امام معصوم کے ساتھ مخصوص ہے کیونکہ غیر معصوم سے غلطی ممکن ہے اور جب غلطی کرے گا اس حالت میں اس سے جدا ہونا پڑے گا۔ جس کی ہر حالت میں پیروی کی جاسکتی ہے وہ امام معصوم ہے۔ اس مطلب کی روشنی میں بخوبی سمجھا جاسکتا ہے کہ صادقین سے مراد ہر سچا نہیں بلکہ امام معصوم ہے جس کی گفتار میں جان بوجھ کے یا بھولے سے غلطی کی گنجائش نہیں۔ اس آیت سے مراد حضرت علی علیہ السلام اور اس کے معصوم بیٹے (علیہم السلام) ہیں جو امت کے ہادی ہیں۔ اس مطلب کے اثبات کیلئے ڈاکٹر تیجانی نے ایک کتاب لکھی ہے جس کا نام بھی یہی رکھا ہے کہ کونو مع الصادقین یعنی صادقین کے ساتھ ہوجاؤ۔ اس کتاب نے اکثر مسلمانوں پر عجیب اثر چھوڑا ہے۔

۵۔ آیہ قربی

"قل لا اسئلکم علیه اجرا الا المودة فی القربی (17) آپ کہہ دیجئے کہ میں تم سے اس تبلیغ رسالت کا کوئی اجر نہیں چاہتا علاوہ اس کے کہ میرے اقربا سے محبت کرو۔

شان نزول

حاکم حسکانی جو پانچویں صدی ہجری کے مشہور دانشمند ہیں، اپنی کتاب شواہد التنزیل میں سعید ابن جبیر اور ابن عباس سے اس طرح نقل کرتے ہیں "لما نزلت قل لا اسئلکم علیه اجرا الا المودة فی القربی قالوا یا رسول الله من هولاء الذین امرنا الله بمودتهم! قال: علی و فاطمة و ولدهما؛ جب یہ آیت نازل ہوئی تو صحابہ نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا وہ کون ہیں جن کے ساتھ ہمیں محبت کرنے کا حکم دیا گیا ہے؟ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا وہ حضرت علی علیہ السلام حضرت فاطمہ (علیہا السلام) حضرت حسن علیہ السلام حضرت حسین علیہ السلام ہیں (18)

اہم نکتہ

قرآن مجید سورہ شعرا میں پانچ نبیوں (نوحؑ، ہودؑ، صالحؑ، لوطؑ و شعیبؑ) سے نقل کرتا ہے کہ انہوں نے فرمایا: "و ما اسئلکم علیه من اجر ان اجری الا علی رب العالمین" اور میں اس تبلیغ کی کوئی اجر بھی نہیں چاہتا ہوں میری اجرت تو رب العالمین کے ذمہ ہے۔ اور دوسری طرف ہم سورۃ فرقان کی ۵۷ آیت میں نبیوں کے بارے میں پڑھتے ہیں "قل ما اسئلکم علیه من اجر الا من شاء ان یتخذ الی ربه سبیلا؛ آپ کہہ دیجئے کہ میں تم لوگوں سے کوئی اجر نہیں چاہتا مگر یہ کہ جو چاہے وہ اپنے پروردگار کا راستہ اختیار کرے۔ اور پھر سورۃ سبا کی سنتالیسویں ۴۷ آیت میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں "قل ما سئلتکم من اجر فهو لکم ان اجری الا علی الله" کہہ دیجئے کہ میں جو اجر مانگ رہا ہوں وہ بھی تمہارے ہی لئے ہے میرا حقیقی اجر تو پروردگار کے ذمہ ہے اور وہ ہر شے کا گواہ ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ: ان چار باتوں کا جمع کرنا کیسے ممکن ہے؟ کیا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں اور دوسرے نبیوں میں تضاد پایا جاتا ہے؟ اس سوال کے جواب میں یوں کہنا چاہیے: ان آیتوں کے دقیق مطالعہ سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی اپنی رسالت اور تبلیغ کے بدلے میں اپنی ذات کیلئے کچھ نہیں مانگا بلکہ اپنی قربیٰ کی مودت کا تقاضہ کیا ہے جو اللہ تعالی تک پہنچنے کا راستہ ہیں۔ یہ سو فیصد انسانوں کے نفع کی بات ہے کیونکہ یہ مودت مسئلہ امامت اور خلافت اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جانشینی کا پیش خیمہ ہے اور حقیقت میں امت میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مشن کو آگے بڑھانا ہے جو انسانوں کی ہدایت ہے۔

۶۔ آیہ تطہیر

"انما یرید الله لیذهب عنکم الرجس اهل البیت و

بارہ امامیہ جنتری تقویم ماہ مئی 2020ء عیسوی

ایام	عمومی تقویم: عیسوی	بکرمی	شمسی	استخراج و کواکب سیارگان: بمطابق اہل برصغیر: قمر فی البروج	قمر فی المنازل	سیارگان فی البروج
31	2020	2077	1942	ثور	بیساکھ	فی البروج
جمعہ	1	18	12		صرفہ 19:55	
ہفتہ	2	19	13	سنبلہ 10:35	عوا 17:49	
اتوار	3	20	14		سماک 15:12	
پیر	4	21	15	میزان 12:09	غفر 12:09	
منگل	5	22	16		زبانہ 08:47	راس جوز 10/48 ذنب قوس 10/48
بدھ	6	23	17	عقرب 12:04	اکلیل 05:15	
جمعرات	7	24	18		قلب شولہ 01:43 22:20	
جمعہ	8	25	19	قوس 12:15	نعائم 19:16	
ہفتہ	9	26	20		بلدہ 16:39	
اتوار	10	27	21	جدی 14:38	ذابح 14:38	
پیر	11	28	22		بلع 13:17	
منگل	12	29	23	دلو 20:38	سعود 12:40	سعد جوز 02/57
بدھ	13	30	24		اخبیہ 12:47	مرخ حوت 09/17
جمعرات	14	31	25		مقدم 13:34	
جمعہ	15	جیٹھ	26	حوت 06:24	مؤخر 14:53	
ہفتہ	16	2	27		رشا 16:37	
اتوار	17	3	28	حمل 18:35	شرطین 18:35	
پیر	18	4	29		بطین 20:37	
منگل	19	5	30		ثریا 22:33	
بدھ	20	6	31	ثور 07:10	ثریا	نحس جوز 18/48
جمعرات	21	7	جوزا		دبران 00:18	
جمعہ	22	8	2	جوزا 18:35	ہقعہ 01:47	
ہفتہ	23	9	3		ہنعہ 02:56	
اتوار	24	10	4		زراعہ 03:43	
پیر	25	11	5	سرطان 04:08	نثرہ 04:08	
منگل	26	12	6		طرفہ 04:09	
بدھ	27	13	7	اسد 11:32	جبہہ 03:47	
جمعرات	28	14	8		زہرہ 02:57	سعد ہمام 23/09
جمعہ	29	15	9	سنبلہ 16:40	صرفہ 01:43	
ہفتہ	30	16	10		عوا 00:04 سماک 22:01	
اتوار	31	17	11	میزان 19:37	غفر 19:37	

رمضان/ شوال ۱۴۴۱ ہجری

اسلامی تقویم

طلوع و غروب اسلام آباد	ہجری ۱۴۴۱ رمضان	نیک نحس	ولادت و شہادت معصومین علیہم السلام اسلامی معلومات	
05:17	18:42	7	نحس	وفات بی بی فاطمہ بنت اسدؑ
05:16	18:43	8	نیک	
05:15	18:44	9	نیک	
05:15	18:44	10	نحس	وصال بی بی خدیجہ الکبریٰؑ 10 بعثت
05:14	18:45	11	نیک	
05:13	18:46	12	نیک	نزول انجیل روز مواخات 1ھ
05:12	18:47	13	نحس	
05:11	18:47	14	نیک	
05:10	18:48	15	نیک	میلاد مسعود حضرت امام حسنؑ 3ھ
05:10	18:49	16	نحس	
05:09	18:49	17	میانہ	فتح غزوہ بدر 2ھ
05:08	18:50	18	نیک	نزول زبور
05:07	18:51	19	نحس	ضربت بر سر اقدس مولا علیؑ
05:07	18:51	20	نیک	شب قدر دن گزرنے کے بعد۔ فتح مکہ 8ھ
05:06	18:52	21	نحس اکبر	شہادت مولا علیؑ در مسجد کوفہ 40ھ
05:05	18:53	22	نیک	شب قدر دن گزرنے کے بعد
05:05	18:53	23	نیک	نزول قرآن پاک
05:04	18:54	24	نحس	شہادت حضرت امیر مختارؒ
05:04	18:55	25	نیک	یوم القدس
05:03	18:55	26	نیک	شب قدر دن گزرنے کے بعد
05:03	18:56	27	نیک	شب قدر
05:02	18:57	28	نیک	جمعۃ الوداع
05:02	18:57	29	نیک	
05:01	18:58	30	نیک	چاند رات
05:01	18:59	شوال	نیک	عید الفطر
05:00	18:59	2	نحس اکبر	
05:00	19:00	3	نحس	
04:59	19:00	4	نیک	آغاز غیبت کبریٰ امام زمانہؑ 329ھ
04:59	19:01	5	نحس	
04:59	19:02	6	نحس اکبر	
04:59	19:02	7	نیک	

قرآن کی نظر میں حضرت علی علیہ السلام کا مقام

یطھر کم تطھیرا (19) بس اللہ کا ارادہ یہ ہے اے اہلبیت علیہم السلام کہ تم سے ہر برائی کو دور رکھے اور اس طرح پاک و پاکیزہ رکھے جو پاک و پاکیزہ رکھنے کا حق ہے۔ آیت تطہیر، اہل بیت (علیہم السلام) کے فضائل میں چمکتا ستارہ ہے ،اس میں بلند مطالب اور فائدہ مند نکات ہیں جو ہر حق طلب محقق کی توجہ اپنی طرف کھینچتے ہیں۔ ہم ان میں سے چند نکات کی طرف اشارہ کرتے ہیں جو سمندر کے مقابلے میں ایک قطرہ ہیں۔

شان نزول

علامہ طباطبائی المیزان میں فرماتے ہیں ستر ۷۰ سے زیادہ روایتیں اس بات پہ دلالت کرتی ہیں کہ آیت تطہیر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ، حضرت علی علیہ السلام حضرت فاطمہ (علیہا السلام) حضرت حسن علیہ السلام حضرت حسین علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی ہے اور ان کے علاوہ کوئی اس میں شامل نہیں۔ کچھ روایتیں اہلسنت کی ہیں اور کچھ اہل تشیع کی ہیں پر مزے کی بات یہ ہے اہل تشیع سے زیادہ روایتیں اہلسنت کی ہیں۔ (20) ڈاکٹر تیجانی اپنی کتاب فاسئلوا اھل الذکر میں اہلسنت کی حدیث کی معتبر کتابوں میں سے تیس ۳۰ سے زیادہ کتابیں ذکر کیں ہیں جو اس بات پہ دلالت کرتی ہیں کہ آیت تطہیر اہلبیت (علیہم السلام) یعنی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت علی علیہ السلام، حضرت فاطمہ (علیہا السلام) ، حضرت حسن علیہ السلام حضرت حسین علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی ہے۔ اور آخر میں فرماتے ہیں اہلسنت کے زیادہ تر علما آیت تطہیر کو اہلبیت (علیہم السلام) کی شان میں سمجھتے ہیں اور ہم بھی اس مقدار کو کافی سمجھتے ہیں۔ (21) آلوسی جو کہ اہلسنت کے متعصب ترین عالم ہیں وہ بھی آیت تطہیر کو حضرت علی علیہ السلام اور اہلبیت (علیہم السلام) کی شان میں سمجھتے ہیں وہ اس بارے میں لکھتے ہیں: اہلبیت (علیہم السلام) سے مراد وہ ہستیاں ہیں جن کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چادر کے نیچے جمع کیا اور ان کے بارے میں ارشاد فرمایا: ''اللھم ھؤلاء اھل بیتی فاجعل صلواتك و برکاتك علی آل محمد کما جعلتھا علی آل ابراھیم انك حمید مجید'' پروردگارا یہ میرے اہلبیت (علیہم السلام) ہیں ان پر درود و سلام نازل فرما جس طرح تو نے ابراہیم اور آل ابراہیم پر درود و سلام نازل، فرمایا بے شک تیری ہستی بلند و بالا ہے۔ (22) وہ روایتیں جو آیت تطہیر کے متعلق حدیث اور تفسیر کی کتابوں میں مذکور ہیں ان کی چار قسمیں ہیں:

۱۔ وہ روایتیں جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج مطہرہ سے نقل ہیں وہ فرماتی ہیں ہم چادر تطہیر سے باہر ہیں (23) ۲۔ وہ روایتیں جو حدیث کساء کے بارے میں ہیں۔ (24) ۳۔ وہ روایتیں جو کہتی ہیں کہ آیت تطہیر کے نازل ہونے کے بعد چھ ۶ مہینوں تک رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر نماز کے وقت حضرت علی علیہ السلام اور فاطمہ (علیہا السلام) کے گھر کے دروازہ پہ جاتے اور فرماتے: الصلوۃ! یا اھل البیت! انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت و یطھر کم تطھیرا ''اے اہلبیت نماز کا وقت ہو چکا ہے! بس اللہ کا ارادہ یہ ہے اے اہلبیت علیہم السلام کہ تم سے ہر برائی کو دور رکھے اور اس طرح پاک و پاکیزہ رکھے جو پاک و پاکیزہ رکھنے کا حق ہے (25)

۴۔ وہ روایتیں جو ابوسعید خدری سے ہم تک پہنچیں ہیں۔ ابوسعید خدری کہتے ہیں ''نزلت فی خمسة: فی رسول اللہ و علی و فاطمة والحسن و الحسین علیہم السلام یہ آیت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حضرت علی علیہ السلام حضرت فاطمہ علیہا السلام، حضرت حسن علیہ السلام، حضرت حسین علیہ السلام کے شان میں نازل ہوئی ہے۔ (26) ہم یہاں اس بات کو پورا کرنے کیلئے جناب عائشہ سے ایک جملہ نقل کرتے ہیں جو ثعلبی نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے۔ ثعلبی لکھتا ہے جب جناب عائشہؓ جنگ جمل میں آئیں۔ کسی نے ان سے اس بارے میں سوال کیا، جناب عائشہؓ نے افسوس ناک انداز میں کہا یہی تقدیر الٰہی تھی۔ اور جب جناب عائشہؓ سے حضرت علی علیہ السلام کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے اس طرح سے جواب دیا ''تسالنی عن احب الناس کان الی رسول اللہ و زوج احب الناس کان الی رسول اللہ. لقد رایت علیا و فاطمة و حسنا و حسینا و جمع رسول اللہ بثوب علیھم. ثم قال: اللھم ھؤلاء اھل بیتی و حامتی فاذھب عنھم الرجس و طھرھم تطھیرا.

بارہ ماہ منیہ جنتری تقویم ماہ جون 2020ء عیسوی

عمومی تقویم				استخراج و کوائف سیارگان			
				بمطابق اہل برصغیر			
ایام	عیسوی	بکرمی	شمسی	قمر	قمر	سیارگان	
	2020	2077	1942	فی البروج	فی المنازل	فی البروج	
30	جون	جیٹھ	جوزا				
پیر	1	18	12		زبانہ 16:56		
منگل	2	19	13	عقرب 21:05	اکلیل 14:04		
بدھ	3	20	14		قلب 11:06		
جمعرات	4	21	15	قوس 22:16	شولہ 08:09		
جمعہ	5	22	16		نعائم 05:22		
ہفتہ	6	23	17		بلدہ 02:51		
اتوار	7	24	18	جدی 00:44	ذابح 00:44 سعد ذابح 23:07		
پیر	8	25	19		سعود 22:05		
منگل	9	26	20	دلو 05:53	اخبیہ 21:43		
بدھ	10	27	21		مقدم 21:59		
جمعرات	11	28	22	حوت 14:31	مؤخر 22:52		
جمعہ	12	29	23		مؤخر		
ہفتہ	13	30	24		رشا 00:16		
اتوار	14	31	25	حمل 02:02	شرطین 02:02		
پیر	15	بارہ	26		بطین 04:00		
منگل	16	2	27	ثور 14:35	ثریا 05:57		
بدھ	17	3	28		دبران 07:45		
جمعرات	18	4	29		ہقعہ 09:14		
جمعہ	19	5	30	جوزا 01:59	ہنعہ 10:18		
ہفتہ	20	6	31		ذراع 10:54		
اتوار	21	7	سرطان	سرطان 11:01	نثرہ 11:01	نحس سرطان 02/43	
پیر	22	8	2		طرفہ 10:40		
منگل	23	9	3	اسد 17:33	جبہہ 09:54		
بدھ	24	10	4		زبرہ 08:44		
جمعرات	25	11	5	سنبلہ 22:04	صرفہ 07:14		
جمعہ	26	12	6		عوا 05:27		
ہفتہ	27	13	7		سماک 03:27		
اتوار	28	14	8	میزان 01:16	غفر 01:16 زبانہ 22:57	مریخ حمل 06/48	
پیر	29	15	9		اکلیل 20:35		
منگل	30	16	10	عقرب 03:47	قلب 18:11		

شوال / ذیعقد ۱۴۴۱ ھجری

اسلامی تقویم

طلوع و غروب اسلام آباد		ہجری ۱۴۴۱ شوال	نیک نحس	ولادت و شہادت معصومین علیہم السلام اسلامی معلومات
04:58	19:03	8	نحس اکبر	یوم انہدام جنت البقیع 1344ھ
04:58	19:03	9	نیک	
04:58	19:04	10	نیک	عقد خدیجۃ الکبریٰ 25 عام الفیل
04:58	19:04	11	نیک	
04:57	19:05	12	نیک	
04:57	19:05	13	نحس	
04:57	19:06	14	نیک	معجزہ شق القمر
04:57	19:06	15	نحس	شہادت امام جعفر صادقؑ 148ھ
04:57	19:07	16	نحس	
04:57	19:07	17	میانہ	فتح جنگ اُحد
04:57	19:08	18	نیک	
04:57	19:08	19	نیک	
04:57	19:08	20	میانہ	
04:57	19:09	21	نحس	
04:57	19:09	22	نیک	
04:57	19:09	23	نیک	
04:57	19:10	24	نحس	
04:58	19:10	25	نحس	
04:58	19:10	26	نیک	
04:58	19:10	27	نیک	
04:58	19:11	28	نیک	
04:58	19:11	29	نیک	ولادت باسعادت حضرت ابوطالب
04:59	19:11	ذیقعد	نیک	میلاد مسعود بی بی فاطمہ معصومہ بنت امام موسیٰ کاظمؑ
04:59	19:11	2	نحس	
04:59	19:11	3	نیک	
04:59	19:11	4	نحس	
05:00	19:11	5	نیک	حضرت ابراہیمؑ و حضرت اسماعیلؑ نے خانہ کعبہ کی بنیاد رکھی
05:00	19:12	6	نیک	
05:00	19:12	7	نیک	
05:01	19:12	8	نیک	حج فرض پہلا 8ھ

قرآن کی نظر میں حضرت علی علیہ السلام کا مقام

قالت: فقلت: یا رسول الله انا من اهلك؟ فقال: تنحی فانك الی خیر۔ مجھ سے اس شخص کے بارے میں کیا پوچھتے ہو جو رسول اکرم ﷺ کا محبوب ترین شخص ہے میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا حضرت علی علیہ السلام، حضرت فاطمہ علیہا السلام حضرت حسن علیہ السلام، حضرت حسین علیہ السلام کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک چادر میں بلا کر ارشاد فرمایا: خدایا! یہی میرے اہلبیت (علیہم السلام) ہیں، یہی میرے حامی ہیں، پروردگار ان سے رجس کو دور فرما اور اس طرح پاک کردے جس طرح پاک کرنے کا حق ہے۔ میں نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ کیا میں بھی ان میں شامل ہوں؟ رسول اکرم نے ارشاد فرمایا تم نیکی پہ ہو (پر اہلبیت (علیہم السلام) میں شامل نہیں) (27)

۷۔ آیہ مباھلہ

''فمن حاجك فیه من بعد ما جائك من العلم فقل تعالوا ندع ابنائنا و ابنائكم و نسائنا و نسائكم و انفسنا و انفسكم ثم نبتهل فنجعل لعنة الله علی الكاذبین۔ (28) پیغمبر علم کے آجانے کے بعد جو لوگ تم سے کٹ حجتی کریں ان سے کہہ دیجئے کہ آؤ ہم لوگ اپنے اپنے فرزند اپنی اپنی عورتوں اور اپنے اپنے نفسوں کو بلائیں اور پھر خدا کی بارگاہ میں دعا کریں اور جھوٹوں پر خدا کی لعنت قرار دی لغت میں ابتہال کی معنی کسی فرد یا حیوان کو اس کے حال پر چھوڑنا ہے۔ اور اصطلاح میں ابتہال کی معنی نفرین کرنا ہے اور مباہلہ کی معنی دو شخصوں کا ایک دوسرے پر نفرین کرنا ہے۔ اس معنی کے مطابق جب دو شخص دینی مسئلے پہ گفتگو کریں اور کوئی زبانی دلیل کام نہ آئے تو دونوں ساتھ ملکر اللہ تعالی کی بارگاہ میں درخواست کرتے ہیں کہ پروردگار جھوٹے کو ذلیل اور رسوا کردے۔ (29)

شان نزول

جو اسلامی روایتیں محدثین اور مفسرین نے نقل کی ہیں ان سے سمجھ میں آتا ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نجران کے مسیحیوں کو مباہلہ کی دعوت دی۔ عیسائی علما نے ایک دن کی مہلت مانگی تا کہ اس بارے میں غور وفکر کریں۔ اسقف نے ان سے کہا اگر محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے خاندان اور بیٹوں کے ساتھ آئے تو مباہلہ نہ کرنا اور اگر اپنے اصحاب کے ساتھ آئے تو ان سے مباہلہ کرنا کیونکہ اس صورت میں وہ حق پر نہ ہوں گے۔ اگلے دن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس صورت میں آئے کہ حضرت علی علیہ السلام کا ہاتھ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہاتھ میں تھا حضرت حسن علیہ السلام اور حضرت حسین علیہ السلام ساتھ تھے اور حضرت فاطمہ (علیہا السلام) پیچھے تھی اور دوسری طرف سے مسیحی اپنے اسقف اعظم کے ساتھ آئے۔ جب انہوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو چند افراد کے ساتھ دیکھا تو پوچھا یہ کون ہیں؟ کسی نے جواب دیا: ان میں سے ایک رسول اکرم ﷺ کا چچازاد بھائی اور داماد ہے اور یہ دونوں بچے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دختر کے بیٹے ہیں اور یہ خاتون رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹی ہے۔ یہ سب رسول اکرم ﷺ کے نزدیک ترین افراد ہیں اور رسول اکرم ﷺ کو بہت پیارے ہیں۔ جب اسقف نے ان کو دیکھا تو بولا: میں ایسے چہرے دیکھ رہا ہوں جو یقین اور اطمینان کے ساتھ مباہلہ کرنے آئے ہیں، میں ڈرتا ہوں کہیں یہ سچے نہ ہوں! اگر یہ سچے نکلے تو ہم برباد ہو جائیں گے۔ اسقف نے رسول اکرم ﷺ سے کہا اے ابا القاسم ﷺ ہم تم سے ہرگز مباہلہ نہ کریں گے، ہم سے صلح کرلو۔ کچھ روایتوں میں آیا ہے کہ جب اسقف نے اہلبیت (علیہم السلام) کو دیکھا تو کہا: میں ایسے چہرے دیکھ رہا ہوں اگر یہ اللہ تعالی سے پہاڑ کو اس کی جگہ سے ہٹانے کی دعا کریں تو ضرور بہ ضرور ایسے ہوگا، مباہلہ نہ کرو ورنہ ہلاک ہو جاؤ گے۔ (30) صحیح مسلم میں اس طرح لکھا ہے کہ معاویہ نے سعدؓ ابن وقاص سے پوچھا: تم حضرت علی علیہ السلام پر لعنت کیوں نہیں کرتے؟ سعدؓ نے جواب دیا تین چیزوں کی وجہ سے، جنگ تبوک میں حدیث منزلت کی وجہ سے، جنگ خیبر میں پرچم کی وجہ سے، اور مباہلہ کی وجہ سے۔ جب یہ آیت نازل ہوئی رسول اکرم ﷺ نے حضرت علی علیہ السلام حضرت فاطمہ (علیہا السلام) حضرت حسن علیہ السلام حضرت حسین علیہ السلام کو بلایا اور کہا پروردگارا یہی میرے اہل بیت (علیہم السلام) ہیں۔ (31)

بارہ امامیہ جنتری — تقویم ماہ جولائی 2020ء عیسوی

ایام	عمومی تقویم: عیسوی 2020	بکرمی 2077	شمسی 1942	استخراج و کواکب ستارگان بمطابق اہل برصغیر: قمر فی البروج	قمر فی المنازل	ستارگان فی البروج
31	قمری	ہاڑ	سرطان			
بدھ	1	17	11		شولہ 15:51	
جمعرات	2	18	12		نعائم 13:37	
جمعہ	3	19	13		بلدہ 11:34	
ہفتہ	4	20	14	جدی 09:47	ذابح 09:47	
اتوار	5	21	15		بلع 08:22	
پیر	6	22	16	دلو 15:08	سعود 07:21	
منگل	7	23	17		اخبیہ 06:51	
بدھ	8	24	18	حوت 23:12	مقدم 06:52	
جمعرات	9	25	19		مؤخر 07:27	
جمعہ	10	26	20		رشا 08:33	
ہفتہ	11	27	21	حمل 10:05	شرطین 10:05	
اتوار	12	28	22		بطین 11:56	
پیر	13	29	23	ثور 22:33	ثریا 13:54	
منگل	14	30	24		دبران 15:48	
بدھ	15	31	25		ہقعہ 17:27	
جمعرات	16	ساون 1	26	جوزا 10:19	ہنعہ 18:39	
جمعہ	17	2	27		ذراعہ 19:20	
ہفتہ	18	3	28	سرطان 19:23	نثرہ 19:23	
اتوار	19	4	29		طرفہ 18:51	
پیر	20	5	30		جبہ 17:45	
منگل	21	6	31	اسد 01:16	زہرہ 16:09	دل بہی 04/37
بدھ	22	7	اسد		صرفہ 14:09	عض اسد 13/36
جمعرات	23	8	2	سنبلہ 04:39	عوا 11:52	
جمعہ	24	9	3		سماک 09:25	
ہفتہ	25	10	4	میزان 06:53	غفر 06:53	
اتوار	26	11	5		زبانہ 04:22	
پیر	27	12	6	عقرب 09:11	اکلیل 01:58 قلب 23:42	
منگل	28	13	7		شولہ 21:39	
بدھ	29	14	8	قوس 12:24	نعائم 19:49	
جمعرات	30	15	9		بلدہ 18:15	
جمعہ	31	16	10	جدی 16:58	ذابح 16:58	

ذیعقد/ ذی الحج ۱۴۴۱ ہجری

اسلامی تقویم

طلوع و غروب اسلام آباد		ہجری ۱۴۴۱	نیک نحس	ولادت و شہادت معصومین علیہم السلام — اسلامی معلومات
05:01	19:12	9	محس اکبر	
05:02	19:11	10	نیک	
05:02	19:11	11	نیک	میلاد مسعود امام علی رضا 148ھ
05:03	19:11	12	نحس	
05:03	19:11	13	نیک	
05:03	19:11	14	نیک	
05:04	19:11	15	نحس	
05:04	19:11	16	میانہ	
05:05	19:10	17	نیک	
05:05	19:10	18	نیک	
05:06	19:10	19	میانہ	
05:06	19:10	20	نحس	
05:07	19:09	21	نیک	
05:08	19:09	22	نحس	
05:08	19:09	23	نحس	احتمال شہادت امام علی رضا 203ھ
05:09	19:08	24	نیک	
05:09	19:08	25	نیک	ولادت حضرت ابراہیم و عیسیٰ، عید حوالارض
05:10	19:07	26	نیک	
05:11	19:07	27	میانہ	ولادت محمد بن ابی بکر 10ھ
05:11	19:06	28	نحس	
05:12	19:06	29	نحس	شہادت امام محمد تقیؑ
05:12	19:05	30	نحس	
05:13	19:05	ذی الحج 1	نیک	عقد بی بی فاطمۃ الزہراؑ 2ھ
05:14	19:04	2	نیک	
05:14	19:04	3	نیک	حضرت آدمؑ کی توبہ قبول ہوئی
05:15	19:03	4	نیک	
05:16	19:02	5	نحس	وفات حضرت ابوذر غفاریؓ (صحابی رسولؐ)
05:16	19:02	6	نیک	
05:17	19:01	7	نحس	شہادت امام محمد باقرؑ 114ھ
05:17	19:00	8	نحس	مکہ سے امام حسینؑ کا سفر
05:18	18:59	9	نیک	یوم عرفہ حج بیت اللہ (شہادت مسلم بن عقیلؑ)

قرآن کی نظر میں حضرت علی علیہ السلام کا مقام

۸۔ آیہ خیر البریہ

"ان الذین آمنوا و عملوا الصالحات اولئك هم خير البرية * جزائهم عند ربهم جنات عدن تجری من تحتها الانهار خالدين فيها ابدا رضی الله عنهم و رضوا عنه ذلك لمن خشی ربه۔(32)

اور بے شک جو لوگ ایمان لائے ہیں اور انہوں نے نیک اعمال کئے ہیں وہ بہترین خلائق ہیں (7) پروردگار کے یہاں ان کی جزاء وہ باغات ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی وہ انہی میں ہمیشہ رہنے والے ہیں خدا ان سے راضی ہے اور وہ اس سے راضی ہیں اور یہ سب اس کے لئے ہے جس کے دل میں خوف خدا ہے۔ بے شک اس آیت کا مفہوم بے حد وسیع ہے۔ اس آیت کا مفہوم کسی ایک یا چند اشخاص سے مخصوص نہیں۔ لیکن اسلامی روایتوں کے مطالعہ سے سمجھ میں آتا ہے کہ خیر البریہ اور اللہ تعالی کی بہترین مخلوق ہونے کے چند مصداق بتائے گئے ہیں۔

شان نزول

اہلسنت کے مفسروں میں سے مشہور مفسر سیوطی اپنی تفسیر الدر المنثور میں اور ایک بزرگ حنفی عالم حاکم حسکانی اپنی مشہور اور معروف کتاب شواہد التنزیل میں بہت ساری روایتیں نقل کی ہیں جن سے سمجھ میں آتا ہے کہ خیر البریہ کے مصداق کامل حضرت علی علیہ السلام ہیں۔

الف۔ سیوطی، ابن عساکر سے اور جابر ابن عبداللہ سے نقل کرتے ہیں کہ میں رسول اکرم ﷺ کی خدمت میں تھا اتنے میں حضرت علی علیہ السلام ہماری طرف آتے ہوئے نظر آئے، جب رسول اکرم ﷺ کی نظر ان پر پڑی تو رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: "والذی نفسی بیده ان هذا و شیعته لهم الفائزون یوم القیامة قسم اس ذات کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے یہ شخص اور اسکے شیعہ قیامت میں کامیاب ہیں۔ جابر ابن عبداللہ کہتے ہیں: "نزلت ان الذین آمنوا و عملوا الصالحات اولئك هم خير البرية. فكان اصحاب النبی ﷺ اذا اقبل علی (علیه السلام) قالوا جاء خير البرية؛ اسی وقت یہ آیت نازل ہوئی اس وجہ سے جب بھی حضرت علی علیہ السلام آتے رسول اکرم کے صحابہ کہتے خیر البریہ آئے ہیں۔(33)

ب۔ حاکم حسکانی اوپر والی حدیث کو ذکر کرنے کے بعد ابن عباس سے ایک اور حدیث نقل کرتے ہیں: ابن عباس کہتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی "ان الذین آمنوا و عملوا الصالحات اولئك هم خير البرية" رسول اکرم ﷺ نے حضرت علی (علیہ السلام) سے فرمایا: "هو انت و شيعتك، تأتی انت و شيعتك يوم القيامة راضين مرضيين و يأتی عدوك غضبانا مقمحين؛ تم اور تیرے شیعہ خیر البریہ ہیں، قیامت میں ایسے آؤ گے کہ اللہ تعالی تم لوگوں سے راضی ہوگا اور تم اللہ سے لیکن تمہارا دشمن اس حال آئے گا کہ عذاب میں ہوگا۔(34)

اہم نکتہ

حضرت علی (علیہ السلام) کے ماننے والوں کو شیعہ پکارنا، رسول اکرم ﷺ کے دور کی بات ہے اور سب سے پہلے شیعہ پکارنے والے بھی خود رسول اکرم ﷺ ہیں۔ لفظ شیعہ بھی رسول اکرم ﷺ کے ارشادات میں موجود ہے، اب جو شیعہ کی معنی ادہر ادہر کی کریں درست نہیں، کیونکہ شیعہ رسول اکرم ﷺ کا دیا ہوا نام ہے۔ اب جو اس نام کی توہین کرے وہ درحقیقت رسول اکرم ﷺ شان میں گستاخی کر رہا ہے اور شیعہ سے بغض اور عداوت، رسول اکرم ﷺ سے بغض اور عداوت ہے۔ رسول اکرم ﷺ کی صفتوں میں سے ایک صفت جو قرآن میں ذکر ہے "و ما ينطق عن الهوی ان هو الا وحی يوحی،(35) رسول اکرم ﷺ اپنی طرف سے کچھ نہیں بولتے جو بولتے ہیں اللہ تعالی کے حکم سے بولتے ہیں۔ بے شک حضرت علی علیہ السلام کے ماننے والوں کو شیعہ کا نام دینا، ایسا کام ہے جو صرف رسول اکرم ﷺ کے کہنے پہ نہیں ہوا بلکہ اللہ تعالی کی جانب سے انجام پایا ہے کیونکہ رسول اکرم ﷺ وحی کے سوا کچھ نہیں بولتے۔

۱۰۔ آیہ لیلۃ المبیت

"و من الناس من يشری نفسه ابتغاء مرضات الله والله رؤف بالعباد"(36) اور لوگوں میں وہ بھی ہیں جو اپنے نفس کو مرضی



بارہ امامیہ جنتری تقویم ماہ اگست 2020ء عیسوی

عمومی تقویم				استخراج وکوائف سیارگان بمطابق اہل برصغیر		
ایام	عیسوی	بکرمی	شمسی	قمر	قمر	سیارگان
	2020	2077	1942	قمر	قمر	سیارگان
31	اگست	ساون	اسد	فی البروج	فی المنازل	فی البروج
ہفتہ	1	17	11		بلغ 15:58	
اتوار	2	18	12	دلو 23:10	سعود 15:19	
پیر	3	19	13		اخبیہ 15:01	
منگل	4	20	14		مقدم 15:08	
بدھ	5	21	15	حوت 07:27	مؤخر 15:41	طالع اسد 08/31
جمعرات	6	22	16		رشا 16:40	
جمعہ	7	23	17	حمل 18:04	شرطین 18:04	زہرہ مریخ 20/21
ہفتہ	8	24	18		بطین 19:49	
اتوار	9	25	19		ثریا 21:47	
پیر	10	26	20	ثور 06:27	دبران 23:48	
منگل	11	27	21		دبران	
بدھ	12	28	22	جوزا 18:45	ہقعہ 01:41	
جمعرات	13	29	23		ہنعہ 03:13	
جمعہ	14	30	24		زراعہ 04:13	
ہفتہ	15	31	25	سرطان 04:35	نثرہ 04:35	
اتوار	16	جنادی	26		طرفہ 04:13	
پیر	17	2	27	اسد 10:38	جبہہ 03:08	
منگل	18	3	28		زبرہ 01:24 صرفہ 23:06	
بدھ	19	4	29	سنبلہ 13:20	عوا 20:23	
جمعرات	20	5	30		سماک 17:23	
جمعہ	21	6	31	میزان 14:15	غفر 14:15	
ہفتہ	22	7	32		زبانہ 11:09	شمس سنبلہ 20/44
اتوار	23	8	سنبلہ	عقرب 15:15	اکلیل 08:11	
پیر	24	9	2		قلب 05:30	
منگل	25	10	3	قوس 17:48	شولہ 03:09	
بدھ	26	11	4		نعائم 01:12 بلدہ 23:41	
جمعرات	27	12	5	جدی 22:36	ذابح 2:36	
جمعہ	28	13	6		بلغ 21:55	
ہفتہ	29	14	7		سعود 21:37	
اتوار	30	15	8	دلو 05:36	اخبیہ 21:41	
پیر	31	16	9		مقدم 22:06	

ذی الحج / محرم ۱۴۴۱ ہجری

اسلامی تقویم

طلوع وغروب اسلام آباد			ہجری ۱۴۴۱ ذی الحج	نیک نحس	ولادت وشہادت معصومین علیہم السلام اسلامی معلومات
05:19	18:59		10	نیک	عید الاضحیٰ
05:19	18:58		11	نیک	
05:20	18:57		12	نیک	
05:21	18:56		13	نحس	
05:21	18:55		14	نیک	
05:22	18:54		15	نیک	ولادت امام علی نقیؑ
05:23	18:53		16	نحس	
05:23	18:53		17	میانہ	
05:24	18:52		18	نیک	عید غدیر 10ھ (اعلان ولائیت مولا علیؑ)
05:25	18:51		19	نیک	شب رخصتی بی بی فاطمہؑ
05:25	18:50		20	میانہ	عرس عبداللہ شاہ غازیؒ (کراچی)
05:26	18:49		21	نحس	
05:26	18:48		22	نیک	
05:27	18:47		23	نیک	جشن آزادی
05:28	18:46		24	نیک	ولادت سیدہ معصومہ حضرت سکینہؑ (عید مباہلہ 10ھ)
05:28	18:45		25	نیک	نزول سورۃ آل اتی (سورۃ دہر)
05:29	18:44		26	نیک	
05:30	18:43		27	نیک	
05:30	18:41		28	نحس اکبر	
05:31	18:40		29	نیک	
05:32	18:39		محرم	نحس اکبر	آغاز سال نو 1442ھ (ایام عزا)
05:32	18:38		2	نحس اکبر	حضرت امام حسینؑ کی کربلا آمد
05:33	18:37		3	نحس اکبر	
05:33	18:36		4	نحس اکبر	
05:34	18:35		5	نحس اکبر	
05:35	18:33		6	نحس اکبر	تقریباً 30 ہزار یزیدی فوج کربلا آئی
05:35	18:32		7	نحس اکبر	قافلہ حسینیؑ پر پانی بند ہوا
05:36	18:31		8	نحس اکبر	
05:36	18:30		9	نحس اکبر	شب عاشور
05:37	18:29		10	نحس اکبر	شہادت امام حسینؑ 61ھ (یوم عاشور)
05:38	18:27		11	نحس اکبر	روانگی اسیران کربلا بطرف کوفہ

قرآن کی نظر میں حضرت علی علیہ السلام کا مقام

پروردگار کے لئے بیچ ڈالتے ہیں اور اللہ اپنے بندوں پر بڑا مہربان ہے۔

اس آیت کے شان نزول میں اسلامی معتبر کتابوں میں بہت ساری روایات وارد ہوئی ہیں جیسا کہ ثعلبی اپنی تفسیر میں اور حاکم حسکانی شواہد التنزیل میں ابوسعید خدری اور ابن عباس سے حدیث نقل کرتے ہیں ہم ثعلبی کے بیان کو یہاں پر نقل کرتے ہیں۔(37)

شان نزول

ثعلبی لکھتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب مدینہ کی طرف ہجرت کا ارادہ کیا حضرت علی علیہ السلام کو اپنے قرض اور امانتیں ادا کرنے کیلئے مقرر فرمایا اور غار کی طرف روانہ ہوئے اس حال میں کہ مشرکین نے گھر کو گھیر رکھا تھا۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو حکم دیا کہ آپؐ کے بستر پہ سوئے اور ارشاد فرمایا جو سبز چادر میں اوڑھ کے سوتا ہوں وہ چادر اوڑھ کے سو جاؤ انشاءاللہ کوئی پریشانی پیش نہ آئے گی۔ حضرت علی علیہ السلام نے حکم کی تعمیل کی تو اللہ تعالی نے جبرئیلؑ اور میکائیلؑ پہ وحی نازل فرمائی کہ میں نے تم دونوں کو ایک دوسرے کا بھائی بنایا ہے لیکن ایک کی زندگی دوسرے سے طولانی ہے، تم دونوں میں سے کون دوسرے کو خود پر مقدم کرے گا؟ دونوں میں سے ہر ایک نے اپنی زندگی کے طولانی ہونے کا تقاضہ کیا۔ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا تم دونوں حضرت علی علیہ السلام کی طرح کیوں نہیں بنتے؟

میں نے حضرت علی علیہ السلام اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک دوسرے کا بھائی بنایا حضرت علی علیہ السلام اپنے بھائی کے بستر پر سو رہا ہے اور اپنے بھائی کی جان کو اپنی جان پر مقدم کر رہا ہے، پس زمین پر جاؤ اور حضرت علی علیہ السلام کی دشمنوں سے حفاظت کرو۔ جبرائیلؑ اور میکائیلؑ زمین پر آئے، میکائیل پائنتی کی طرف بیٹھے اور جبرائیلؑ سر کے پاس بیٹھے اور کہنے لگے اے حضرت علی علیہ السلام تیرے کیا کہنے! تیرے جیسا کون ہے؟ اللہ تعالی فرشتوں میں تجھ پر فخر کر رہا ہے۔ جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ کی طرف روانہ تھے اس وقت یہ آیت حضرت علی علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی "و من الناس من یشری۔" (38) ابن ابی الحدید نہج البلاغہ کی شرح میں ابوجعفر اسکافی سے نقل کرتے ہیں: "حدیث الفراش قد ثبت بالتواتر فلا یجحدہ الا مجنون او حدیث فراش متواتر ہے پاگل کے سوا کوئی اس حدیث کا انکار نہیں کر سکتا۔ تمام مفسروں نے نقل کیا ہے کہ: یہ آیت شب ہجرت حضرت علی علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی ہے کیونکہ حضرت علی علیہ السلام کا رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بستر پہ سونا تمام مفسروں کے نزدیک ثابت ہے اسلئے پاگل کے سوا کوئی اس حدیث کا انکار نہیں سکتا۔ تمام مفسروں نے نقل کیا ہے یہ آیت شب ہجرت جب حضرت علی علیہ السلام رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بستر پہ سوئے تو حضرت علی علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی ہے۔(39) مستدرک الصحیحین میں حاکم نیشابوری داستان شب ہجرت کو ابن عباس سے نقل کرتے ہیں اور صاف صاف لکھتے ہیں: "هذا حديث صحيح الاسناد و لم يخرجاه؛ اگرچہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم نے اس حدیث کو نقل نہیں کیا لیکن یہ حدیث صحیح ہے اور اس حدیث کی سند درست ہے(40)

۱۰۔ آیات برائت

براة من الله و رسوله الى الذين عاهدتم من المشركين- مسلمانو جن مشرکین سے تم نے عہد و پیمان کیا تھا اب ان سے خدا و رسول کی طرف سے مکمل بیزاری کا اعلان ہے(41) اہل تشیع کے تمام مورخین، محدثین اور مفسرین اور اہل سنت کے اکثر مورخین، محدثین اور مفسرین نے نقل کیا ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سورۃ برائت کی ابتدائی آیتوں کے پہنچانے کی ذمہ داری ابوبکرؓ کو سونپی لیکن بعد میں حضرت علی علیہ السلام کو ابوبکر کے پیچھے بھیجا کہ ابوبکرؓ سے ان آیتوں کو لے کہ خود مدینہ جا کے ان آیتوں کو پہنچاؤ۔ اس بارے میں ہم اہلسنت کے مشہور عالم احمد ابن حنبل کی معتبر کتاب مسند احمد ابن حنبل کے بیان پر اکتفا کرتے ہیں۔

شان نزول

احمد ابن حنبل اپنی کتاب مسند احمد ابن حنبل میں لکھتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سورہ برائت کی ابتدائی آیتوں کے پہنچانے کی ذمہ داری دے کر ابوبکرؓ کو اہل مکہ کی طرف بھیجا تا کہ وہ اعلان کرے کہ اس سال کے بعد کسی مشرک کو خانہ کعبہ

تقویم ماہ ستمبر 2020ء عیسوی

عمومی تقویم				استخراج و کواکب سیارگان بمطابق اہل برصغیر		
ایام	عیسوی	بکرمی	شمسی	قمر	قمر	سیارگان
	2020	2077	1942	فی البروج	فی المنازل	فی البروج
30	ستمبر	بھادوں	سنبلہ			
منگل	1	17	10	حوت 14:34	مؤخر 22:51	
بدھ	2	18	11		رشا 23:56	
جمعرات	3	19	12		رشا	
جمعہ	4	20	13	حمل 01:21	شرطین 01:21	
ہفتہ	5	21	14		بطین 03:04	
اتوار	6	22	15	ثور 13:43	ثریا 05:02	سعد بلع 00:48 زہرہ سعد 12/21
پیر	7	23	16		دبران 07:07	
منگل	8	24	17		ہقعہ 09:10	
بدھ	9	25	18	جوزا 02:27	ہنعہ 11:02	
جمعرات	10	26	19		زراعہ 12:29	
جمعہ	11	27	20	سرطان 13:22	نثرہ 13:22	
ہفتہ	12	28	21		طرفہ 13:32	
اتوار	13	29	22	اسد 20:32	جبہ 12:55	
پیر	14	30	23		زہرہ 11:30	
منگل	15	اسج	24	سنبلہ 23:37	صرفہ 09:23	
بدھ	16	2	25		عوا 06:38	
جمعرات	17	3	26	میزان 23:55	سماک 03:26 غفر 23:55	
جمعہ	18	4	27		زبانہ 20:17	
ہفتہ	19	5	28	عقرب 23:32	اکلیل 16:42	
اتوار	20	6	29		قلب 13:19	
پیر	21	7	30		شولہ 10:17	
منگل	22	8	31	قوس 00:31	نعائم 07:43	نحس میزان 18/30
بدھ	23	9	میزان		بلدہ 05:42	
جمعرات	24	10	2	جدی 04:16	ذابح 04:16	
جمعہ	25	11	3		بلع 03:24	
ہفتہ	26	12	4	دلو 11:07	سعود 03:07	
اتوار	27	13	5		اخبیہ 03:18	سعد ذبح 12/40
پیر	28	14	6	حوت 20:33	مقدم 03:56	
منگل	29	15	7		مؤخر 04:55	
بدھ	30	16	8		رشا 06:13	

محرم / صفر ۱۴۴۲ ہجری

اسلامی تقویم

طلوع و غروب اسلام آباد	ہجری ۱۴۴۲ محرم	نیک نحس	ولادت و شہادت معصومین علیہم السلام اسلامی معلومات	
05:38	18:26	12	نحس اکبر	سوئم شہداء کربلا
05:39	18:25	13	نحس	
05:39	18:24	14	نحس اکبر	
05:40	18:22	15	نیک	
05:41	18:21	16	نحس	
05:41	18:20	17	میانہ	اصحاب فیل پر نزول عذاب
05:42	18:19	18	نیک	تحویل قبلہ بجانب کعبہ 2ھ
05:42	18:17	19	نیک	
05:43	18:16	20	میانہ	
05:44	18:15	21	نحس	
05:44	18:13	22	نحس اکبر	
05:45	18:12	23	نیک	
05:45	18:11	24	نحس	
05:46	18:10	25	نحس	شہادت امام زین العابدینؑ 95ھ، وفات جناب فضہؑ
05:47	18:08	26	نیک	
05:47	18:07	27	میانہ	شہادت میثم تمارؒ
05:48	18:06	28	نیک	
05:48	18:04	29	نیک	
05:49	18:03	صفر	نحس اکبر	داخلہ اہل حرم در بار یزید ملعون
05:50	18:02	2	میانہ	شہادت حضرت زیدؑ، جنگ صفین
05:50	18:00	3	نحس	
05:51	17:59	4	نیک	
05:51	17:58	5	نحس	عرس بابا فرید گنج شکرؒ
05:52	17:56	6	نیک	
05:53	17:55	7	نیک	میلاد مسعود امام موسیٰ کاظمؑ 128ھ
05:53	17:54	8	نیک	
05:54	17:53	9	میانہ	شہادت حضرت عمر بن یاسرؓ 38ھ فتح جنگ نہروان
05:54	17:51	10	نحس اکبر	
05:55	17:50	11	نیک	وفات حضرت ام سلمہ قرشیہؓ 27ھ ہجرۃ الحمیر 37ھ
05:56	17:49	12	نیک	

قرآن کی نظر میں حضرت علی علیہ السلام کا مقام

کے حج کا حق نہیں اور کسی کیلئے مناسب نہیں کہ وہ ننگا اور عریان خانہ کعبہ کا حج کرے۔ بعد میں رسول اکرم ﷺ نے حضرت علی علیہ السلام سے فرمایا جاؤ مدینہ اور مکہ کے بیچ ابوبکرؓ سے ملو، ابوبکرؓ کو میرے پاس واپس بھیجو اور خود جا کے مکہ میں سورۃ برائت کی آیتوں کو پہنچاؤ۔ اس روایت کے آخر میں ہے جب ابوبکرؓ نے سوال کیا میں ان آیتوں کو کیوں نہ پہنچاؤں، میری مخالفت میں کچھ نازل ہوا ہے کیا؟ رسول اکرم ﷺ نے جواب دیا: "امرت ان لا یبلغه الا انا او رجل منی۔ مجھے حکم ہوا ہے اس سورۃ کو کوئی نہ پہنچائے سوائے میرے یا اس شخص کے جو مجھ سے ہو۔ (42) ترمذی اپنی مشہور کتاب سنن ترمذی میں (اہلسنت کے نزدیک سنن ترمذی حدیث کے اصل کتابوں میں شمار ہوتی ہے) اس حدیث کو مختلف انداز میں انس ابن مالک سے نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں: رسول اکرم ﷺ نے ابوبکرؓ کو سورۃ برائت کی ابتدائی آیات دے کر بھیجا پھر فرمایا "لا ینبغی لاحد ان یبلغ هذا الا رجل من اهلی فدعا علیا فاعطاه ایاه۔ کسی کیلئے سزاوار نہیں کہ وہ ان آیات کی تبلیغ کرے سوائے میرے یا اس شخص کے جو مجھ سے ہو پھر حضرت علی علیہ السلام کو بلا کے یہ ذمہ داری اُن کے سپرد کی۔ (43)

۱۱۔ آیہ سقایۃ الحاج

"اجعلتم سقایة الحاج و عمارة المسجد الحرام کمن آمن بالله والیوم الآخر و جاهد فی سبیل الله لا یستوون عند الله و الله لا یهدی القوم الظالمین۔ (44) کیا تم نے حاجیوں کے پانی پلانے اور مسجد الحرام کی آبادی کو اس کا جیسا سمجھ لیا ہے جو اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہے اور راہِ خدا میں جہاد کرتا ہے۔ ہرگز یہ دونوں اللہ کے نزدیک برابر نہیں ہو سکتے اور اللہ ظالم قوم کی ہدایت نہیں کرتا ہے۔ اس آیت کو جو مفسرین حضرت علی علیہ السلام کی شان میں سمجھتے ہیں ان میں سے ایک حاکم حسکانی ہے۔ وہ اپنی تفسیر شواہد التنزیل میں اس آیت کے ذیل میں مختلف اسناد کے ساتھ دس حدیثیں لا کر اس مطلب کو ثابت کرتے ہیں۔

شان نزول

حاکم حسکانی اپنی تفسیر شواہد التنزیل میں انس ابن مالک سے ایک روایت نقل کرتے ہوئے لکھتے ہیں: عباس ابن عبدالمطلبؓ اور شیبہؓ ایک دسرے پر فخر کر رہے تھے اتنے میں حضرت علی علیہ السلام وہاں پہنچے۔ عباس ابن عبدؓ المطلب نے عرض کیا: اے میرے بھتیجے رک جاؤ! تم سے ایک کام ہے۔ حضرت علی علیہ السلام رک گئے۔ عباس نے کہا: شیبہ مجھ پر فخر کر رہا ہے، وہ گمان کر رہا ہے کہ وہ مجھ سے افضل اور اشرف ہے۔ حضرت علی علیہ السلام نے کہا چچا جان آپ نے کیا جواب دیا؟ عباسؓ نے عرض کیا میں نے اس کے جواب میں کہا: میں رسول اکرم ﷺ کا چچا ہوں، رسول اکرم ﷺ کے والد محترم کا وصی ہوں اور حاجیوں کو سیراب کرنے والا ہوں حاجیوں کو پانی پلاتا ہوں میں تم سے افضل ہوں! حضرت علی علیہ السلام نے شیبہؓ سے کہا تم نے عباسؓ کے جواب میں کیا کہا؟ شیبہؓ نے کہا میں نے عباسؓ کو جواب دیا: میں تم سے افضل ہوں کیونکہ میں اللہ تعالیٰ کا امین ہوں خانہ کعبہ کی چابیاں میرے پاس ہیں۔ اگر تم افضل ہوتے اللہ تعالیٰ تمہیں امین قرار دیتا اللہ تعالیٰ نے تمہیں امین کیوں نہیں بنایا؟ حضرت علی علیہ السلام نے کہا میرا افتخار اس چیز پر ہے کہ میں اس امت کا پہلا شخص ہوں جس نے سب سے پہلے رسول اکرم ﷺ پر ایمان قبول کیا اور ہجرت اور جہاد کیا۔ پھر یہ تینوں ملکر رسول اکرم ﷺ کی بارگاہ میں آئے اور ہر ایک نے اپنی بات رسول اکرم ﷺ کو بتائی۔ رسول اکرم ﷺ نے کچھ نہ کہا خاموش رہے اس واقعہ کے چند دن بعد اس بارے میں وحی نازل ہوئی۔ رسول اکرم ﷺ نے قاصد بھیج کر تینوں کو بلایا۔ جب تینوں رسول اکرم ﷺ کی خدمت میں آئے۔ رسول اکرم ﷺ نے اس آیت کی تلاوت کی "اجعلتم سقایة الحاج و عمارة المسجد الحرام"۔ (45) یہی مضمون کچھ کمی زیادتی کے ساتھ دوسری روایات میں بھی آیا ہے۔

۱۲۔ آیہ وکفی اللہ المؤمنین القتال

"و رد الله الذین کفروا بغیظهم لم ینالوا خیرا و کفی الله المؤمنین القتال و کان الله قویا عزیزا (46) اور خدا نے کفار کو ان کے غصہ سمیت واپس کر دیا کہ وہ کوئی فائدہ حاصل نہ کر سکے اور اللہ نے

تقویم ماہ اکتوبر 2020ء عیسوی

ایام	عیسوی	بکرمی	شمسی	قمر	قمر	سیارگان
	2020	2077	1942	بمطابق اہل برصغیر		
31	اکتوبر	اسوج	میزان	فی البروج	فی المنازل	فی البروج
جمعرات	1	17	9	حمل 07:47	شرطین 07:46	
جمعہ	2	18	10		بطین 09:33	
ہفتہ	3	19	11	ثور 20:12	ثریا 11:31	زہرہ منتہ 01/47
اتوار	4	20	12		دبران 13:35	
پیر	5	21	13		ہقعہ 15:41	
منگل	6	22	14	جوزا 09:02	ہنعہ 17:41	
بدھ	7	23	15		ذراع 19:25	
جمعرات	8	24	16	سرطان 20:45	نثرہ 20:45	
جمعہ	9	25	17		طرفہ 21:30	
ہفتہ	10	26	18		جبہ 21:33	
اتوار	11	27	19	اسد 05:24	زہرہ 20:50	
پیر	12	28	20		صرفہ 19:20	
منگل	13	29	21	سنبلہ 09:55	عوا 17:06	
بدھ	14	30	22		سماک 14:14	
جمعرات	15	کاتک	23	میزان 10:53	غفر 10:53	
جمعہ	16	2	24		زبانہ 07:12	
ہفتہ	17	3	25	عقرب 10:05	اکلیل 03:22 قلب 23:33	
اتوار	18	4	26		شولہ 19:56	
پیر	19	5	27	قوس 09:42	نعائم 16:40	
منگل	20	6	28		بلدہ 13:53	
بدھ	21	7	29	جدی 11:43	ذابح 11:43	
جمعرات	22	8	30		سعد بلع 10:13	
جمعہ	23	9	1	دلو 17:16	سعود 09:23	نحس اکبر 03/50
ہفتہ	24	10	2		اخبیہ 09:14	
اتوار	25	11	3		مقدم 09:42	
پیر	26	12	4	حوت 02:18	مؤخر 10:40	
منگل	27	13	5		رشا 12:03	
بدھ	28	14	6	حمل 13:44	شرطین 13:44	سعد بہران 04/34 نحس بہران 08/40
جمعرات	29	15	7		بطین 15:37	
جمعہ	30	16	8		ثریا 17:37	
ہفتہ	31	17	9	ثور 02:18	دبران 19:40	

صفر / ربیع الاول ۱۴۴۲ ہجری

اسلامی تقویم

طلوع و غروب اسلام آباد		ہجری ۱۴۴۲ صفر	نیک نحس	ولادت و شہادت معصومین علیہم السلام اسلامی معلومات
05:56	17:47	13	نحس	شہادت بی بی سکینہؑ 61ھ وفات حضرت سلمان فارسیؓ 35ھ
05:57	17:46	14	نیک	
05:58	17:45	15	نیک	
05:58	17:44	16	نحس	
05:59	17:42	17	نحس اکبر	شہادت امام علی رضاؑ 203ھ
06:00	17:41	18	نیک	آغاز عرس داتا گنج بخشؒ (لاہور)
06:00	17:40	19	نیک	
06:01	17:39	20	نحس اکبر	چہلم امام حسینؑ۔ عرس داتا گنج بخشؒ
06:02	17:37	21	نحس	
06:02	17:36	22	نیک	
06:03	17:35	23	نیک	آغاز حکومت بنی عباس
06:04	17:34	24	نحس	وفات حضرت ام کلثوم بنت علیؑ
06:04	17:33	25	نحس	
06:05	17:32	26	نیک	
06:06	17:30	27	نیک	
06:06	17:29	28	نحس اکبر	وصال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم 11ھ شہادت حضرت امام حسنؑ 50ھ
06:07	17:28	29	نیک	عرس حضرت میاں میرؒ (لاہور)
06:08	17:27	30	نیک	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مکہ سے مدینہ ہجرت
06:09	17:26	ربیع الاول 1	نیک	
06:09	17:25	2	نحس	
06:10	17:24	3	نحس اکبر	
06:11	17:23	4	نحس	
06:12	17:22	5	نیک	
06:12	17:21	6	نحس	وفات حضرت ام ربابؑ
06:13	17:20	7	نیک	
06:14	17:19	8	نحس	شہادت امام حسن عسکریؑ 260ھ
06:15	17:18	9	نیک	عید شجاع، اہلبیت نے سوگ ختم کیا
06:15	17:17	10	میانہ	عرس پیر سید مکیؒ (لاہور)
06:16	17:16	11	نیک	عرس پیر سیدنا فرحمین (رجانیؒ) (بھاں بھگیاں لاہور)
06:17	17:15	12	نیک	عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
06:18	17:14	13	نحس	

قرآن کی نظر میں حضرت علی علیہ السلام کا مقام

مومنین کو جنگ سے بچالیا اور اللہ بڑی قوت والا اور صاحب عزت ہے۔ بہت سارے محدثین اور مفسرین نے لکھا ہے: یہ حضرت علی علیہ السلام کی طرف اشارہ ہے اس بے مثال ضربت کی وجہ سے جو حضرت علی علیہ السلام نے جنگ خندق میں عمر ابن عبدود پر لگائی جس سے مسلمان، کفار پر فاتح قرار پائے۔ حاکم حسکانی نے بہت ساری حدیثیں مختلف اسناد سے نقل کی ہیں۔ ہم حاکم حسکانی کی اس روایت کے ذکر کو کافی سمجھتے ہیں جو انہوں نے بہت مشہور اور معتبر صحابی حذیفہؓ سے نقل کی ہے۔

شان نزول

حضرت علی علیہ السلام کی عمر ابن عبدود کے ساتھ جنگ کو اور عمر ابن عبدود کے قتل کو حذیفہؓ نے تفصیل سے نقل کیا ہے۔ حذیفہؓ کہتے ہیں: رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "ابشر یا علی! فلو وزن الیوم عملك بعمل امة محمد ﷺ لرجح عملك بعملهم و ذلك انه لم یبق بیت من بیوت المسلمین الا و قد دخله عز بقتل عمرو۔ اے علی علیہ السلام تمہیں بشارت ہو تم نے وہ کارنامہ انجام دیا ہے۔ اگر تیرے اس کارنامے کا امت مسلمہ کے اعمال سے موازنہ کیا جائے تو تیرا یہ کارنامہ امت مسلمہ کے تمام اعمال پر بھاری ہوگا کیونکہ اگر تیرا یہ کارنامہ نہ ہوتا تو زمین پر کوئی مسلمان نہ ہوتا۔ (47)

۱۳۔ آیہ صدیقون

"والذین آمنوا باللہ و رسله اولئك هم الصدیقون والشهداء عند ربهم لهم اجرهم و نورهم والذین كفروا و كذبوا بآیاتنا اولئك اصحاب الجحیم۔ (48) اور جو لوگ اللہ اور رسول پر ایمان لائے وہی خدا کے نزدیک صدیق اور شہید کا درجہ رکھتے ہیں اور ان ہی کے لئے ان کا اجر اور نور ہے اور جنہوں نے کفر اختیار کرلیا اور ہماری آیات کی تکذیب کردی وہی دراصل اصحاب جہنم ہی حاکم حسکانی نے اپنی تفسیر شواہد التنزیل میں اس آیت کے ذیل میں پانچ مختلف اسناد سے پانچ روایتیں نقل کی ہیں ہم فقط ابن ابی لیلی کی روایت پر اکتفا کرتے ہیں۔

شان نزول

ابن ابی لیلی اپنے والد سے نقل کرتے ہیں: "قال رسول اللہ: الصدیقون ثلاثة حبیب النجار مؤمن آل یاسین و حزبیل (حزقیل) مؤمن آل فرعون و علی بن ابی طالب الثالث و هو افضلهم۔" رسول اکرم ﷺ نے فرمایا صدیق تین ہی ہیں حبیب نجار مومن آل یاسین، حزبیل (حزقیل) مومن آل فرعون اور تیسرے حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام جو کہ سب سے افضل ہیں۔ (49)

۱۴۔ آیہ نور

"یا ایها الذین آمنوا اتقوا الله و آمنوا برسوله یؤتكم كفلین من رحمته و یجعل لكم نورا تمشون به و یغفر لكم والله غفور رحیم۔ (50) ایمان والو اللہ سے ڈرو اور رسول پر واقعی ایمان لے آؤ تاکہ خدا تمہیں اپنی رحمت کے دہرے حصے عطا کردے اور تمہارے لئے ایسا نور قرار دے جس کی روشنی میں چل سکو اور تمہیں بخش دے اور اللہ بہت زیادہ بخشنے والا اور مہربان ہے

شان نزول

حاکم حسکانی اپنی تفسیر شواہد التنزیل میں ابن عباس سے نقل کرتے ہیں "یؤتكم كفلین من رحمته۔" اس جملے سے مراد، حضرت حسن علیہ السلام اور حضرت حسین علیہ السلام ہیں جبکہ "یجعل لكم نورا تمشون۔" سے مراد، حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام ہیں۔ (51) اسی کتاب کی دوسری حدیث میں جابر ابن عبداللہ کی سند سے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کرتے ہیں "یؤتكم كفلین من رحمته" اس جملے سے مراد، حضرت حسن علیہ السلام اور حضرت حسین علیہ السلام ہیں جبکہ "یجعل لكم نورا تمشون۔" سے مراد حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام ہیں۔ حاکم حسکانی اسی کتاب کی دوسری حدیث میں امام محمد باقر علیہ السلام سے اس آیت کی تفسیر میں نقل فرماتے ہیں امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا: "من تمسك بولایة علی فله نور۔ جس کے دل میں حضرت علی علیہ السلام کی ولایت ہے اس کے دل میں نور ہے (52)

بارہ امامیہ جنتری تقویم ماہ نومبر 2020ء عیسوی

عمومی تقویم				استخراج و کواکب سیارگان بمطابق اہل بر صغیر		
ایام	عیسوی 2020	بکرمی شمسی 2077		قمر فی البروج	قمر فی المنازل	سیارگان فی البروج
30	نومبر	کاتک	مقرب			
اتوار	1	18	10		ہقعہ 21:41	
پیر	2	19	11	جوزا 14:59	ہنعہ 23:36	
منگل	3	20	12		ہنعہ	
بدھ	4	21	13		ذراع 01:19	
جمعرات	5	22	14	سرطان 02:45	نثرہ 02:45	
جمعہ	6	23	15		طرفہ 03:46	
ہفتہ	7	24	16	اسد 12:18	جبہہ 04:16	
اتوار	8	25	17		زہرہ 04:09	
پیر	9	26	18	سنبلہ 18:29	صرفہ 03:23	
منگل	10	27	19		عوا 01:56 سماک 23:50	
بدھ	11	28	20	میزان 21:09	غفر 21:09	سماک عزب 02/56
جمعرات	12	29	21		زبانہ 18:00	
جمعہ	13	30	22	عقرب 21:18	اکلیل 14:31	
ہفتہ	14	ملحہ	23	[illegible]	قلب 10:51	
اتوار	15	2	24	قوس 20:46	شولہ 07:09	
پیر	16	3	25		نعائم 03:37	
منگل	17	4	26	جدی 21:34	بلدہ 00:22 ذابح 21:34	
بدھ	18	5	27		بلع 19:20	
جمعرات	19	6	28		سعود 17:46	
جمعہ	20	7	29	دلو 01:24	اخبیہ 16:55	
ہفتہ	21	8	30		مقدم 16:47	زہرہ عزب 18/21
اتوار	22	9	[illegible]	حوت 09:05	مؤخر 17:20	مشتری س 01/38
پیر	23	10	2		رشا 18:29	
نوچندی جمعرات: عملیات میں نوچندی جمعرات کو خاصی اہمیت حاصل ہے رزق و ادائے قرض کے عملیات اس میں بجالائے جاتے ہیں نیز عقد مطلوب (من پسند شادی) کے حصول کے اعمال اور خوش بختی وسعادت وتزکیہ نفس وغیرہ کے اعمال اور تسخیر کی تمام اقسام مثلاً محبت زوجین وغیرہ کے عملیات کے لئے سعید ترین اور نیک دن ہے۔

شب ہمہ روز جمعہ: ہر قسم کی آفات سے حفاظت اور حاجات کی برآوری اور مشکلات سے نجات کیلئے نیز رزق میں وسعت وبرکت کیلئے اور کاروبار میں نقصان سے بچنے اور نفع پانے والے اعمال اس شب وروز میں بجالانا تاثیر سے خالی نہیں۔

ایام بیض: ہر قمری ماہ کی تیرھویں چودھویں پندرھویں تاریخ کو "ایام بیض" کہا جاتا ہے ہر ماہ کی چودہ کو "شرف قمر" ہوتا ہے لہٰذا چودہ کی رات اور دن کو محبت زوجین وحصول رشتہ اور تسخیر کے اعمال کا بجالانا پایہ تکمیل تک پہنچنے کے مترادف ہے۔

آخری عشرہ: ہر قمری ماہ کا آخری عشرہ متبوری اعداء مغلوبیٔ دشمنان اور ان کی بیخ کنی کے اعمال کیلئے مختص ہے اس عشرہ کے آخری منگل بدھ ہفتہ اور سوموار کو بجالایا جانے والا عمل مخالفین کی شکست کا موجب بنتا ہے نیز اس قسم کے عملیات کو قمر در عقرب کے ایام میں انجام دینے سے یہ سو فیصد نتائج کے حامل ہوجاتے ہیں۔

رجال الغیب

از انتخاب: شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ۝ (سورۃ تحریم پ ۲۸) فرشتے اس کی پشت پر ہوتے ہیں

☆اس ترقی اور سرعت کے دور میں ہر انسان یہی چاہتا ہے کہ کم سے کم وقت میں اسے زیادہ سے زیادہ فوائد حاصل ہوں۔علمائے اہل فن نے روحانی عملیات کی متعدد وکمل تشریحات کی ہیں جن کے ذریعے عملیات کو باقوت وزود اثر بنایا جاسکتا ہے۔یہ بات بدیانتی کے مترادف ہوگی کہ مشتاقانِ عملیات وراہ سلوک کے متلاشی حضرات سے ان روحانی رموز واسرار کو مخفی رکھا جائے پس یہ جاننا چاہیے کہ عمل کو سریع الاثر بنانے میں روحانی قوتوں کی استمداد واستعانت کا بڑا عمل دخل ہے ان روحانی قوتوں کو عملیات کی زبان میں رجال الغیب کہا جاتا ہے۔

☆ہر آیت وحرف اور اسم کے لئے اللہ نے مؤکلین مقرر فرمائے ہیں یہ مؤکلین صاحب ریاضت کی پشت پناہی کرتے ہیں اور تمام امور میں امداد بہم پہنچاتے ہیں جیسا کہ اللہ کا ارشاد ہے

اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝ کوئی چیز ایسی نہیں جس پر نگہبان مقرر نہیں (الطارق: ۴)

☆رجال الغیب (مؤکلین فرشتے) عامل کی حفاظت ومدد ہی نہیں کرتے بلکہ نورانی علوم کے دشمن ومخالفین "شیاطین" کے وسوسوں اور حملوں سے عامل کو محفوظ بھی رکھتے ہیں۔

☆یہ ارواح مقدسہ قمری مہینہ کی مختلف تاریخوں میں مختلف اطراف کی سیر کرتے ہیں جس طرح کہ آنے والے جدول رجال الغیب میں ظاہر کیا گیا ہے۔چاند کی جس تاریخ کو عمل کرنا مقصود ہو تو اس روز دیکھیں کہ رجال الغیب آج کس سمت پر ہیں اس سمت کے مخالف منہ کر عمل کریں تاکہ رجال الغیب پشت پر آجائیں اور پشت پناہی کرتے رہیں۔

رجال الغیب کا سامنے، دائیں، بائیں پشت پر ہونا کیا ہوتا ہے

مخلوق سے استمداد: عملیات میں انبیاء علیہم السلام وآئمہ اطہار علیہم السلام اور اہل بیتؑ کی ارواح مقدسہ سے توسل کرنا عمل کے نتائج کو چار چاند لگاتا ہے کیونکہ یہ بزرگ ہستیاں روحانیات میں اعلیٰ مقام رکھتی ہیں ان ارواح طیبہ سے توسل کے لئے سورۃ فاتحہ فاتحۃ اوّل وآخر تین مرتبہ صلوات کے ساتھ پڑھ کر اس کا ثواب ان کی ارواح کو ہدیہ کر کے ان سے مدد طلب کرے

دعائے رجال الغیب: رجال الغیب سے عملی مدد حاصل کرنے کیلئے عمل سے پہلے یہ دعا پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا رِجَالَ الْغَيْبِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَدْوَاحَ اللہ کے نام سے جو رحمٰن ورحیم ہے اے رجال الغیب (پوشیدہ خلق) تم پر سلام ہو، اے پاک ارواح تم پر

اَلْمُقَدَّسَةُ اَغِيْثُوْنِيْ وَانْظُرُوْا اِلَيَّ بِنَظْرَةٍ يَا رُوْحَانِيَّا وَقَهَّارُ يَا جَبَّارُ يَا اَبْدَالُ يَا اَوْتَادُ

سلام ہو تم میری مدد کرو اور میری طرف خاص نظر سے دیکھو اے رقبا اے نجبا اے ابدال اے اوتاد


صرف عمار: صرف عمار کے بغیر کوئی عمل پرتاثیر واقع نہیں ہوسکتا عمل کے اثرات کو رہائشی جنات وبد روحوں سے محفوظ بنانے کے لئے عمل سے پہلے تین مرتبہ سورۂ زلزال کو اس طرح پڑھے کہ لفظ اشتات کو تین مرتبہ دہرا کر سورۂ مکمل کر کے یہ درج ذیل کلمات تین مرتبہ پڑھے (الا حضار الاجنۃ)

يَا عَمَّارُ هٰذَا الْمَكَانَ انْصَرِفُوْا اِلٰى اَمَاكِنِكُمْ اے عمار اپنے اصلی ٹھکانوں کو چلے جاؤ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ○ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ○ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَالَهَا ○ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ○ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ○ يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ○ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ○ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ○


دائمی جدول رجال الغیب

جہت رجال الغیب	قمری تاریخ	نیت جہت	جہت رجال الغیب	قمری تاریخ	نیت جہت
جنوب مشرق	۱-۹ / ۱۶-۲۴	شمال مغرب	شمال مغرب	۵-۱۳ / ۲۰-۰۰	جنوب مشرق
جنوب مغرب	۲-۱۰ / ۱۷-۲۵	شمال مشرق	شمال مشرق	۶-۲۱ / ۲۸-۰۰	جنوب مغرب
جنوب	۳-۱۱ / ۱۸-۲۶	شمال	مشرق	۷-۱۴ / ۲۲-۲۹	مغرب
مغرب	۴-۱۲ / ۱۹-۲۷	مشرق	شمال	۸-۱۵ / ۲۳-۳۰	جنوب



لوح مصطفائی

یارب تری رحمت سے مایوس نہیں خائف
لیکن تری رحمت کی تاخیر کو کیا کہیے



مصائب اور
انبساط غم اور خوشی انسان کے مقدر میں ہے
کسی کو زیادہ اور کسی کو کم در حقیقت اس دنیا میں آسائش کے محل
بھی ہیں اور مصیبتوں کی جھونپڑیاں بھی۔ قہقہوں کی سمندر بھی ہے اور آنسوؤں کا سرچشمہ
بھی۔ انسان کبھی آرام کے جھولے میں جھولتا ہے تو کبھی گردش ایام کے کوڑے سہتا ہے۔

کس حال میں قدرت کے کرخانے میں
ثبات ایک تغیر کو ہے زمانے میں

آفت و بلا درست، تکلیف اور دکھ بجا، لیکن خداوند تعالیٰ سبحانہ نے اس کے اثر کو زائل کرنے کے لیے اپنے کلام بلاغت نظام میں اوصاف پنہاں رکھے ہیں۔ مشکل سے مشکل اور مصائب بھی اس کالم پاک کے آگے دم نہیں مار سکتے، چنانچہ ماہر فلکیات و عامل عملیات و تعویذات قبلہ منجم اعظم شاہ زنجانی صاحب نے نوروز 21 مارچ کی ساعت بابرکت میں کلام مجید سے لوح مصطفائی تیار کی ہے۔ آج سے پہلے حضور کا یہ فیض حقہ خاص تک تھا، اب آپ نے اس فیض سے روحانی سے عوام کو بھی مستفیض فرمایا ہے۔ لوح مصطفائی پاس رکھ کر ہر ضرورت مند اپنے دلی مقصد میں کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔

☆ بے اولاد کے ہاں اولاد ہوگی ☆ دشمن مغلوب ہونگے ☆ افسران بالا مہربان ہونگے ☆ ہر شخص آپکا احترام کریگا ☆ قرضدار ہونے کے سامان غیب سے پیدا ہونگے ☆ مقدمات میں کامیابی ہوگی ☆ حسب منشاء ملازمت ملے گی ☆ بحکم خدا قرضہ وصول ہو سکے گا ☆ کاروبار میں کشادگی ہوگی ☆ امتحان میں کامیاب ہوگی ☆ مایوس مریضوں کو شفاء منجانب اللہ ہوگی ☆ شادی خانہ آبادی میں رکاوٹ دور ہوگی ☆ جائیداد حسب منشاء فروخت ہو سکے گی ☆ محبوب کو آپ سے والہانہ محبت ہوگی۔ غرضیکہ لوح مصطفائی ﷺ پاس رکھنے سے آپ کی جملہ شکایات دور ہونگی۔

پس لوح مصطفائی کیا ہے؟ قرآن مجید کا زندہ جاوید معجزہ ہے۔ جو آپ کے دلی جائز مقاصد ہوں وہ تفصیل سے لکھیے اور ساتھ ہی والدین کے نام بھی تحریر فرمائیے لوح مصطفائی آپ کو عمر بھر کام دے گی۔

ہدیہ 900 روپے۔ نوٹ: ایک وقت میں صرف 2 مقاصد لکھیں۔

خاندان زنجانیہ عالیہ کے بے مثال روحانی تحائف

نقش اسم اعظم	حصول خیر و برکت کے لیے پاس رکھنے کے لیے اس سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں	ہدیہ -/700 روپے
نقش نادِ علی	نادِ علیؑ کا ورد دشمن کو زیر کرتا ہے اور اسکا نقش دشمن کے ہر وار کو بے اثر کر کے برجاں بن جاتا ہے، گویا یہ ایک خاص تحفہ ہے	ہدیہ -/700 روپے
نقش تنظیمی	بازاری اور پیشہ ور محبوبہ کی ناپاک محبت سے آزاد کر کے انسان کو تباہی و بربادی سے بچا لیتا ہے	ہدیہ -/700 روپے
نقش انقلاب عظیم	تبادلہ حسب منشاء کرانے کے لیے اس سے بڑھ کر اور کوئی روحانہ تحفہ نہیں ہے	ہدیہ -/700 روپے
نقش یوسفؑ	گھر سے مفرور اور آوارہ لڑکوں کو واپس بلانے کے لیے شاہ زنجانی کا بے نظیر روحانی تحفہ	ہدیہ -/700 روپے
نقش حافظ	یہ نقش پاس رکھنے سے حمل ضائع نہیں ہوتا اور بچہ صحیح سالم پیدا ہو کر زندہ رہتا ہے	ہدیہ -/700 روپے
نقش ولادت	دردِ ولادت میں کمی کر کے بچے کی پیدائش کو بے آسان بنا دیتا ہے	ہدیہ -/700 روپے

میسرز شہزاد اینڈ کمپنی آستانہ عالیہ کاشانہ زنجانی، D-125، بلبرگ 2، (نزد مین مارکیٹ)، لاہور
فون لاہور: 042-35752277 - 35872277
فون کراچی: 021 - 32217544
0300 - 9483758
بیرون ملک کے لیے ہر نقش کا ہدیہ 10 پونڈ ہے

توشہ اصحاب کہف

کی پُرنور ہستیوں کی فضیلت اس سے زیادہ اور کیا ہوسکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کلام پاک میں سورۃ کہف کو نازل فرمایا۔ بزرگان دین نے توشہ اصحاب کو بڑا متبرک اور سریع الاثر مانا ہے۔ جو انسان مصیبت میں ان کی نظر دیتا ہے اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کی مصیبت کو ان ہستیوں کے صدقے دُور فرما دیتا ہے۔ جناب شاہ زنجانی اپنے زیر نگرانی ہر ماہ باقاعدگی سے توشہ اصحاب کی نظر دیتے ہیں۔ ضرورت مند اور معتقد حضرات اس میں شریک ہو کر اپنی مصیبتوں کو دُور فرما سکتے ہیں۔ لیکن ناجائز اور خلاف شرع مقصد نہ ہو ورنہ بجائے فائدہ کے نقصان پہنچ سکتا ہے۔ ہدیہ ایک مقصد کے لئے صرف پانچ سو (500) روپے ہے۔ آپ اپنے مقاصد کے اعتبار سے شریک ہو سکتے ہیں۔ ایک دو یا تین زیادہ نہیں۔ توشہ کی تاریخ ہر قمری ماہ کی نوچندی جمعرات مقرر ہے۔ مقررہ تاریخ کا خاص خیال رکھیں ورنہ آپ کا توشہ اگلے ماہ دیا جائے گا۔

روحانی مشاورت



خوشی وغمی سے مرقع اور روحانی وجسمانی مسائل سے بھرپور زندگی کا طویل راستہ ماہرانہ رائے کے بغیر دشوار تر ہوتا ہے۔ کسی بھی قسم کی ماہرانہ رائے کیلئے علم نجوم اور دیگر علوم متعلقہ سے رجوع کریں۔ جن کا تمام الہامی کتب میں بڑی اہمیت کے ساتھ ذکر آیا ہے۔ زمین سے فلکیاتی رابطے کے تحت کائناتی شعاعیں قوانین فطرت کے تحت شب و روز اپنے فرائض انجام دے رہی ہیں جن سے ہم ہر لحہ متاثر ہوتے ہیں۔ معمولیات زندگی مثلاً ذاتی مسائل' مال واسباب' عزیز واقارب' گھریلو مسائل' معاملات عشق ومحبت' غیر متوقع آمدن' انعام وغیرہ' صحت وقرض کے مسائل' شادی اور شراکت' وراثت اور حادثات' سفر و روحانیات' ترقی وروزگار' خواہشات' خفیہ امور' مبارک نگینہ اور دیگر فی زمانہ مسائل غرض ہر طرح کی دنیاوی روحانی مشکلات کے حل کیلئے پیدائشی زائچہ و وقتی زائچہ سے منجم و عامل شاہ زنجانی کی وسیع تر خاندانی روحانی خدمات سے بالمشافہ یا بذریعہ خط فیض یاب ہو سکتے ہیں۔

عطر تسخیر محبوب



آپ عطر حنا یا خس کی ایک شیشی ماشہ دو ماشہ کی لے لیں۔ جس کی خوشبو نہایت تیز ہو اس شیشی کو اپنے سامنے رکھیں۔ طہارت جسم ولباس اور باوضو ہو کر اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ یہ آیت پڑھ کر اس شیشی پر دم کر لیں۔ **واللہ المستعان علی ما تصفون** یہ عمل چاند دیکھنے پر جو پہلا جمعہ آئے جمعہ کی نماز پڑھ کر شروع کریں اور ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر عصر کی نماز پڑھ لیں۔ پس عطر تسخیر محبوب تیار ہے۔ اسکے بعد عروج ماہ تک عمل تجہیم کرنا بھی ضروری ہے۔ آپ جس مجلس اور جس شخص کے پاس یہ عطر لگا کر جائینگے اور اس عطر کی خوشبو آئے گی تو بے ساختہ اور والہانہ طور سے آپکی عزت و اخوت کریگا۔ اگر کوئی شخص یہ عطر خود تیار نہیں کر سکے تو ایک ماشہ عطر کی شیشی شعبہ روحانیات ادارہ آئینہ قسمت لاہور یا کراچی سے طلب کریں۔

اپنا نام مع والدہ ضرور لکھیں ہدیہ ایک ہزار (1000/=) روپے

لوح امساک

شرعی پابندیوں کے بنا عشق کی ذاتی طور پر حل کر لائف پرابلمز سے فیض یاب ہو سکتے ہیں۔

چاند وسورج گرہن کے اوقات کی تیار کردہ یہ لوح میرے خاندان عالیہ زنجانیہ میں کئی پشتوں سے مجرب چلی آرہی ہے۔ اس لوح کو بڑی محنت اور احتیاط سے تیار کیا جاتا ہے۔ چاند گرہن یا سورج گرہن کے وقت زیر ناف پانی میں کھڑے ہو کر سیسہ (جس سے بندوق کے چھرے بنتے ہیں) پر کندہ کریں۔ سیسہ کا مربع حسب ضرورت پہلے سے بنوا لیا جائے۔ اس محنتی کو اپنی کمر (گردوں) پر باندھ لیں۔ اس سے ایسی قوت باہ پیدا ہوگی۔ جو مقوی سے مقوی ادویات سے بھی پیدا نہیں ہو سکتی۔ اگر کوئی یہ لوح خود تیار نہ کر سکے تو ہمارے شعبہ روحانیات سے حاصل کرے۔ ہدیہ لوح سات سو (700/=) روپے ہے۔ گزشتہ سال جو الوح گرہنوں کے اوقات میں تیار کی گئی تھیں ان میں سے صرف چند الوح باقی رہ گئی ہیں

ایمسن	لوح درج ذیل ہے	دوروی
۳۶۶	۳۵۸	۳۶۴
۳۶۰	۳۶۳	۳۶۵
۳۶۲	۳۶۷	۳۵۹

طلسماتی دھاگہ



چھوٹے بچوں کو نظر بد سے محفوظ رکھنے کیلئے خاندان زنجانیہ عالیہ کا صدیوں سے مجرب چلا آرہا ہے۔ ایسے والدین جو اپنے بچوں کو نظر لگ جانے سے پریشان رہتے ہیں۔ ان کے لئے اکسیر نعمت ہے۔ اس دھاگے کو جو آئینہ قسمت کے دفتر سے مفت مل سکتا ہے بچوں (7 سال تک کی عمر) کے گلے میں ڈالنے سے بچے نظر بد سے محفوظ رہیں

سلسلہ روحانیات حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانیؒ پیر بھائی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ



حضرت منجم اعظم الحاج سیّد ناظر حسین شاہ زنجانی

بانی ادارہ آئینہ قسمت کے پوتے علوم الفلکیات کا روشن مستقبل

آئیں اور اپنے لکی پرائز بانڈ نمبرز معلوم کریں

ماہر علم الاعداد و نجوم شہزادہ سیّد مصوّر علی زنجانی کا لاہور میں مستقل قیام



شہرۂ آفاق کتب لکی نمبرز "انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت میں" کے ایڈیٹر شہزادہ سید مصور علی زنجانی کی ٹیم ورک خدمات 2003, 2004, 2005، 2006، 2007، 2008، 2009 تا 2019ء سے اب تک سینکڑوں بہن بھائی لاکھوں روپے کے انعامات پا چکے ہیں اور پا رہے ہیں۔ آپ بھی اِن خوش قسمت لوگوں کی صف میں شامل ہو سکتے ہیں۔ اپنے پیدائشی زائچہ سے لکی نمبرز، لکی جیم سٹون، صدقات، الواح تحقیق کروا کر ملکی و غیر ملکی پرائز بانڈز انٹرنیشنل لاٹریوں سے انعام پائیں۔ اپنے پیدائشی زائچہ سے دُنیا و روحانی راہنمائی کیلئے ماہر علم آسٹرو پامسٹ نمرالوجسٹ شہزادہ سید مصور علی زنجانی سے وقت لے کر بالمشافہ یا بذریعہ خط راہنمائی لے سکتے ہیں۔ خوشگوار ازدواجی زندگی کیلئے شادی سے قبل ستاروں کی موافقت، نیک وقت نکاح کے تعین سے زندگی سکھی بنائیں۔

اوقات ملاقات
صبح 11:00 بجے سے
شام 04:00 بجے



بالمشافہ ملاقات کیلئے مزید معلومات:

شہزادہ سیّد مصوّر علی زنجانی

Viber 0300-9483758

Ph: +92 42 35752277 - 35872277


ASTROLOGY FOR ALL

WATCH EVERY FRIDAY, SATURDAY AND SUNDAY
FROM 9:00 PM TO 10:00 PM

YouTube astrologermussawarzanjani | astrologermuhammadalizanjani YouTube

خوشخبری شہزادہ سید مصور علی زنجانی / شہزادہ سیّد محمد علی زنجانی سے تمام بہن بھائی کال کیلئے ذریعے ایک سوال مفت پوچھیں

زنجانی جنتری 2020ء




بلادِ اسلامیہ ہند و پاک کی مایۂ ناز اور مقبول عام اسلامی تقویم **زنجانی جنتری** جسے آج سے **72** سال پہلے مجمع اعظم الحاج سیّد ناظر حسین شاہ زنجانی نے شائقین روحانیات علم نجوم کیلئے پاکستان اور بیرونِ ممالک مقیم علوم مخفیہ کے شائقین کیلئے صدقِ خلوص سے مرتب و جاری کیا تا کہ ان کی بہتر راہنمائی ہو سکے اور انہیں فیض روحانی بھی ملے۔ بانی ادارہ مجمع اعظم کی فہم و فراست، روحانی علم دوستی اور دور اندیشی کا اپنا انداز تھا۔ انکے جانشین فرزند شہزادہ سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی کی شب و روز محنت سے آج "**زنجانی جنتری**" نہ صرف پاکستان بلکہ پوری دنیا میں اُردو پڑھنے والے افراد کی پسندیدہ تقویم بنتی جا رہی ہے۔ جس کی وجہ اس کی خوبصورت ڈیزائننگ، پرنٹنگ، کتابت اور بالخصوص اس میں ہر وہ معلومات موجود ہوتی ہیں جو عاملین، علم نجوم، جفر، رمل، اعداد کے شائقین اور حالاتِ حاضرہ پر نظر رکھنے والے افراد کیلئے مفید ہیں اور کسی مخفی خزانہ سے کم نہیں۔

"زنجانی جنتری" کے مستقل مضامین کی ایک جھلک

عالمی پیشگوئیاں، نوروز عالم افروز، کسوف و خسوف، قمر در عقرب کے درست اوقات، روزانہ استخراج سیارگان اور نظراتِ سیارگان کے مطابق سال بھر کے بہترین اوقاتِ عملیات، مجرب عملیات قرآنی، دربارِ مصطفائی کا روحانی فیض، علم الجفر سے پیش گوئیاں، پاکستان اور عالمی سیاست کے اُتار چڑھاؤ اور کئی مقبول نئے سلسلے۔ صفحات **196**، قیمت:-/**300** روپے، نیوز ایجنٹ اپنے آرڈر سے آج ہی مطلع کریں۔

زنجانی جنتری 2012ء ماہِ نومبر میں پاکستان بھر کے بک سٹالوں کی زینت بن جائے گی







علامہ سید شہنشاہ حسین نقوی

علاماتِ ظہورِ امام مہدی علیہ السلام

علمائے عظام نے ظہور امام مہدی علیہ السلام کی علامات جو مختلف احادیث سے اخذ فرمائی ہیں ان کو تین حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ (1) عمومی علامات (2) شرطیہ علامات (3) حتمی علامات

عمومی علامات: عمومی علامات وہ ہیں جو آخر زمانہ کی حالت سے متعلق اخلاقی، معاشرتی، تمدنی اور مذہبی تبدیلیوں کی بات ہیں ان علامات کو اس غرض سے تحریر کیا جاتا ہے کہ یہ معلوم ہو سکے کہ کون کون سی پوری ہو رہی ہیں یا پوری ہو چکی ہیں تاکہ ہمارے انتظار کی کچھ گھڑیاں تو کم ہو جائیں۔

رسولؐ خدا کی پیشگوئیاں

جناب جابر بن عبداللہ انصاریؓ نے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایک خطبہ بیان کیا ہے جو ان علامات سے متعلق ہے وہ اختصار کے ساتھ بیان کیا جاتا ہے۔

''علم کم ہو جائے گا، زکوٰۃ دینا بند ہو جائے گی، دنیا کی عزت اور علم کی تذلیل ہوگی، مسجدوں سے آوازیں بلند ہوں گی، جھوٹ، غیبت اور حرام کی کثرت ہو گی، بڑا چھوٹے پر رحم نہیں کرے گا، چھوٹا بڑوں کا احترام نہیں کرے گا، ان کے درمیان دشمنی پیدا ہو جائے گی، اس وقت سرخ ہواؤں کے چلنے، آسمان سے پتھر برسنے اور چہروں کے مسخ ہونے کا انتظار کرنا، نمازوں کو پس پشت ڈال دیا جائے گا، نفسانی خواہشات کی پیروی کی جائے گی، مختلف اقسام کے تہوے پیے جائیں گے، ماں باپ کو گالیاں دی جائیں گی، مرد عورت کا حکم مانیں گے، ہمسایہ اپنے ہمسایہ پر ظلم کرے گا، مکانوں کی بنیادیں محکم رکھی جائیں گی، نفس کی خواہش کے مطابق گواہی دی جائے گی، ظلم وستم کی حکمرانی ہوگی، بھائی بھائی سے حسد کرے گا، شر فاخیانت کریں گے، وفا ختم ہو جائے گی، زنا عام ہوگا، مرد عورتوں کے کپڑوں سے زینت کریں گے، عورتیں بے حیا ہوں گی لوگ تکبر کریں گے، گناہ کبیرہ حقیر سمجھے جائیں گے، مال کثرت سے گانے بجانے پر خرچ ہوگا، آخرت کی فکر نہ ہوگی، لوگ صرف دنیا میں مشغول ہونگے، پرہیزگاری کم اور لالچ زیادہ ہوگا، مومن ذلیل اور منافق معزز ہوں گے، لوگوں کے پیٹ ان کے خدا اور ان کی عورتیں ان کے قبلہ و کعبہ ہوں گی، ایسے لوگوں کا دین مال و دولت ہوگی جب یہ سب کچھ ہوگا تو اللہ تعالیٰ انہیں چار چیزوں میں مبتلا کر دے گا۔

(1) بادشاہوں کے جور وستم (2) قحط (3) حاکموں کے ظلم میں

(4) بتوں کی پرستش (یعنی مال و دولت)

اگر ہم دل کی گہرائیوں سے اپنے گریبانوں میں نظر ڈالیں اور کھلی آنکھوں سے اس زمانہ کے معاشرہ کو دیکھیں تو کیا یہ سب کچھ نہیں ہو رہا؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ قیامت کی شرائط میں آگ ہے جو مشرق سے مغرب تک پھیل جائے گی۔ اس سے مراد شاید جنگ کی آگ ہو جس کی لپیٹ میں مغربی ممالک بھی آجائیں گے۔

آئمہ علیہم السلام کی پیشگوئیاں

(1) جناب علی علیہ السلام مسجد نبوی میں منبر رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جلوہ افروز تھے کہ محمد ابن صوحان نے عرض کی کہ یا امیر المومنین دجال کا خروج کب ہوگا؟ ارشاد فرمایا۔ ''جب لوگ نماز کو ماریں گے، امانت ضائع ہو جائے گی، لوگ سود کھائیں گے، دین کے عوض دنیا کو ترجیح دیں گے، ظلم پر فخر کیا جائے گا، دولت مند فاجر ہوں گے، وزیر ظالم ہوں گے، عارف خائن اور قاری قرآن فاسق ہوں گے، جھوٹی شہادتیں اور گناہ وسرکشی عام ہوگی، عورتیں مردوں کی شبیہ بنیں گی، گواہ بغیر دیکھے چشم دید گواہی دیں گے، بھیڑوں کے لباس میں بھیڑیے ہوں گے ایسے وقت میں امام کا ظہور ہوگا، ذرا اس زمانہ پر نظر ڈالی جائے تو کیا ایسا نہیں ہو رہا ہے؟

(2) سعیدؒ ابن اعسیب نے حضرت علی علیہ السلام سے مختلف شہروں کی بربادی کے بارے میں روایت کی ہے کہ: ''دور آخر میں شہر قند و جاج و خوارزم اور اصفہان و کوفہ تباہ ہو جائیں گے ترکوں (اہل روس) کے ہاتھوں۔ رے (تہران ایران) دیلم اہل قزوین کے ہاتھوں اور طبریہ اور مدینہ و خلیج فارس کا علاقہ قحط اور بھوک کے ذریعہ۔ مکہ حبشہ کے ہاتھوں تباہ ہوں گے۔ بصرہ اور بلخ غرق ہو جائیں گے۔ بدخشان صاحانی کرمان اور شاہ کے بعض علاقے فوجوں کے پیروں سے روندے جائیں گے۔ قتل وغارتگری کی زیادتی اور یمن کے فرمانرواؤں کے ہاتھ سجستان اور شام کے بعض علاقے ہواؤں (گیس وغیرہ) شومان طاعون کے سبب اور مرد نڈیوں کے ذریعہ اور ہرات میں سانپوں سے مخلوق تباہ ہوگی۔ نیشاپور دریائے نیل کے انقطاع سے پہلے تباہ ہوگا۔ آذربائیجان گھوڑوں کی ٹاپوں اور بجلیوں کے ذریعہ تباہ ہو گا۔ بخارا تباہ ہوگا قحط سے۔ سلم و بغداد غرق ہونے سے تباہ ہوگا۔

(3) حضرت امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ سب سے پہلے کوفہ کے چاروں طرف دشمن کے خوف سے خندق کھود کر گھیرا ڈالا جائے گا۔ کوفہ کی گلیوں میں جھنڈے پھاڑے جائیں گے مسجد کوفہ چالیس راتوں تک معطل رہے گی۔ (یہ پیشگوئی پوری ہو چکی ہے۔ عراق اور کویت کی جنگ کے دوران جب امریکی فوج عراق پر حملہ آور تھی تو مسجد کوفہ چالیس راتیں بند رہ چکی ہے)

(4) کوفہ کے اطراف میں تین جھنڈے متحرک ہوں گے، غارتگری ہو

گی۔ مسجد کوفہ کی پشت پر ستر افراد کے ساتھ پاکیزہ نفس انسان کا قتل ہونا (بعض لوگوں نے اس سے مراد جناب باقر الصدا اور ان کے ساتھیوں کو جو شہید کئے جا چکے ہیں مراد لیا ہے)

(5) مولا ارشاد فرماتے ہیں کہ "ایران کے بادشاہ کی شان و شوکت کا زوال ہوگا اور ایران سے شہنشاہیت ختم ہو جائے گی پھر پوری دنیا میں خونریزی کا بازار گرم ہو جائے گا۔ ایران کے دو گروہوں میں جنگ شروع ہوگی اور تقریباً اسی ہزار انسان مارے جائیں گے (یہ دونوں نشانیاں پوری ہو چکی ہیں)

(6) حضرت امام مہدی علیہ السلام کے انقلاب ظہور کے لئے تحریر کا شروع ہونا اور اس کا کامیاب ہونا بہت اہم ہے۔ روایات میں ایران کی دو اہم شخصیات کا ذکر ملتا ہے۔ (۱) سید خراسانی یا ہاشمی خراسانی (۲) شعیب بن صالح۔ روایات میں اس کا بھی ذکر ہے کہ اس تحریک کا آغاز "قم" کے رہنے والے ایک شخص کے ہاتھوں ہوگا جو حق کی دعوت دے گا اس کی قوم اس کے ہمراہ ہوگی اور ان کے دل فولاد کی طرح ہوں گے۔ تیز و تند طوفان بھی انہیں اپنی جگہ سے نہ ہلا سکیں گے وہ اپنے دشمنوں سے کہیں گے کہ انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیا جائے لیکن دشمن انہیں جنگ میں داخل کر دیں گے۔ ایران کے حالات یہ ظاہر کرتے ہیں کہ آقائے خمینیؒ سے لے کر اب تک یہ سب درست ثابت ہو رہا ہے۔ روایات بتاتی ہیں کہ سید خراسانی یا ہاشمی خراسانی فقیہ اور مرجع یا سیاسی قائد ہوں گے اور شعیب بن صالح مسلح افواج کے کمانڈر ہوں گے جو "رے" کا رہنے والا ہوگا یہ دونوں اپنے لشکر کے ہمراہ امام مہدیؑ مع پرچموں کے سپرد کریں گے۔ (آقائے خمینیؒ اپنا دور گزار چکے۔ اب سید خراسانی کا دور ہے۔ شعیب بن صالح کا انتظار ہے)

(7) روایت میں ہے کہ "کوفہ سے علم اس طرح نکل جائے گا جیسے سانپ اپنے بل سے نکل جاتا ہے پھر علم "قم" سے ظاہر ہوگا یہ ظہور امام علیہ السلام کے نزدیک ہوگا۔ قم سے علم مشرق و مغرب تک پھیلے گا" (نجف اشرف کا اصل نام نجف الکوفہ ہے) یہ نشانی پوری ہو چکی ہے۔

(8) ظہور سے قبل کی نشانیوں میں مصر کے "امیر" کا قتل بھی ہے۔ امیر سے مراد سلطان نہیں بلکہ کسی بھی طریقہ سے امارت حاصل کر لی گئی ہو۔ انور السادات امیر مصر تھا جو قتل ہو چکا ہے۔ یہ نشانی بھی پوری ہو چکی ہے۔

(9) جزیرہ کے علاقہ میں مرغ کے انڈوں کے برابر ژالہ باری ہوگی۔ ایسا اکثر ہو چکا ہے یہ نشانی بھی پوری ہو چکی ہے۔

(10) ایک اور نشانی یہ ہے کہ سات افراد نبوت کا دعویٰ کریں گے جو جھوٹے اور فاسق ہوں گے یہ بھی نشانی پوری ہو چکی ہے۔

(11) بارہ جھوٹے سید امانت، نیابت، وکالت اور مہدویت کا دعویٰ کریں گے ایسا بھی ہو چکا ہے۔

(12) بنی عباس کا جلیل القدر انسان جلولا اور خالقین کے درمیان جل جائے گا یا جلایا جائے گا۔ یہ نشانی بھی پوری ہو چکی ہے کیونکہ عبدالسلام عارف طیارہ کے حادثہ میں اس مقام پر جل کر مر چکے ہیں۔

(13) بغداد میں محلہ کرخ کی جانب دریائے دجلہ پر ایک نیا پل بنایا جائے گا۔ یہ پل تعمیر ہو چکا ہے۔

(14) بغداد کی تباہی شدید ترین زلزلہ سے ہوگی سیاہ آندھی آئے گی (یہ عراق کے خلاف امریکہ اور اس کے اتحادیوں کے حملہ کی طرف اشارہ ہے پہلے دن پورا بغداد حملہ سے لرز اٹھا پھر بارود کی وجہ سے سیاہ آندھی چلی)

(15) مسجدوں میں سنہرا کام کیا جائے گا اور قرآن مجید سنہرے تاروں سے لکھا جائے گا (یہ نشانی پوری ہو چکی ہے)

(16) کل عالم اور خاص طور سے اہل اسلام میں کفر پھیل جائے گا اور تہذیب و تمدن میں اس کی تقلید کی جائے گی۔ اسلام کا صرف نام باقی رہ جائے گا۔ (آج کل ایسا ہو رہا ہے)

(17) سعودی عرب اور دوسرے عرب ملکوں کے درمیان ایک ایسی قوم جو منکر خدا ہوگی حائل ہو جائے گی (امریکہ اور دوسرے اتحادی حائل ہو چکے ہیں)

(18) آذربائیجان اور آرمینیا سے فتنہ شروع ہوگا اور وہاں سے کوہ سبز کی طرف بڑھے گا جہاں ایک بہت بڑا حادثہ واقعہ ہوگا کہ بچے خوف سے بوڑھے اور بوڑھے مر جائیں گے اور پھر یہ فتنہ واسطہ عراق اور کوفہ تک پہنچے گا اور نجف اشرف کے قریب شدید جنگ ہوگی اور شہر "رے" (تہران) کے قرب و جوار میں بھی شدید جنگ ہوگی۔ (اس فتنہ کی ابتداء ہو چکی ہے)

(19) والدین مختلف قسم کے خوف سے خود اپنی اولاد کو قتل کریں گے (آج کل ایسا ہو رہا ہے)

(20) آئمہ علیہم السلام سے روایت ہے کہ جس صدی میں ظہور امام زمانہ علیہ السلام ہوگا اس کے آخری تیس سال عجیب و غریب ہوں گے (بیسویں صدی کے آخری تیس سال کے حالات کا بغور جائزہ لیا جائے تو ایسے حالات رونما ہوئے اور ہو رہے ہیں)

(21) جزیرہ عرب میں روس والے اور اہل روم (انگریز) فلسطین و اسرائیل میں داخل ہو جائیں گے (ایسا ہو چکا ہے)

(22) اہل چین ظہور امام علیہ السلام کے نزدیک جزیرہ عرب میں داخل ہو جائیں گے (ممکن ہے کہ چین تیسری جنگ عظیم کے دوران داخل ہو کر تباہی کرے)

(23) عورتیں سٹیج پر جا کر تقریر کریں گی اور حکومتوں کی سربراہ ہوں گی۔ مردوں کے ساتھ کسب معاش کریں گی۔ انجمنیں بنائیں گی ان کے بال اونٹ کے کوہان کی طرح ہوں گے (ایسا ہو رہا ہے)

(24) مکہ اور مدینہ میں آلات موسیقی عام ہوں گے اور گانے بجانے عام ہوں گے (ایسا ہو رہا ہے)

(25) دریائے سادہ جو ایران میں ہے اور جو رسول خدا کی ولادت کے وقت

خشک ہوگیا تھا اس میں دوبارہ پانی آجائے گا۔ (اس میں دوبارہ پانی پیدا ہورہا ہے)

(26) حذیفہ یمانی نے جناب رسولؐ خدا سے روایت کی ہے کہ جب تم پہلی مرتبہ ترکوں اور روسیوں کو جزیرہ عرب میں دیکھو تو ان سے جنگ کرو یہاں تک کہ ان کو شکست ہو (یہ علامت اہل مغرب کے خروج کے متعلق ہے)

(27) مشرق میں دمدار ستارہ ظاہر ہوگا۔ جب تم اس کو دیکھنا تو اللہ سے پناہ مانگنا اس کی روشنی چودھویں رات کے چاند کی طرح ہوگی۔

(28) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ "مسجد (کوفہ) میں ایک واقعہ ہوگا جب کہ یوم عرب منایا جارہا ہوگا۔ اس دن فیل کی جانب اصحاب صابون میں سے چار افراد قتل کئے جائیں گے۔ جب وہ اس راستہ سے آئیں تم ان سے پرہیز کرنا (امریکہ نے جب عراق پر حملہ کیا تو اس کے آخری روز یوم کویت منایا۔ یہ نشانی پوری ہوچکی ہے)

(29) حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ "اے جابرؓ جب ناقوس چیخنے لگیں اور بھینس بولنے لگے (اس سے مراد عیسائیت کا زور بڑھ جائے اور بھینس بولنے سے مراد افریقہ والوں میں آزادی کی لہر دوڑنے لگے) تو اس وقت دنیا میں آگ (جنگ) روشن ہوجائے گی۔ عثمانی جھنڈا وادی سودا میں ظاہر ہوگا۔ بصرہ میں اضطراب پیدا ہوگا۔ فوجیں حرکت کریں گی اور بطن طالقان سے شعیب بن صالح تمیمی کی اتباع کی جائے گی اور خوزستان میں سعید مولوی کی بیعت کی جائے گی اور کردی بہادروں کا جھنڈا نصب ہوجائے گا۔ (یہ حدیث اہم واقعات کی حامل ہے اور غور طلب ہے)

(30) حضرت علی علیہ السلام نے جنگ نہروان سے واپسی پر فرمایا کہ جمادی الاول اور رجب کے درمیان اختلافات رونما ہوں گے اور تلواروں سے کھیتی کاٹی جائے گی اور آوازوں کے بعد آوازیں ہوں گی۔ (جب امریکہ اور اس کے اتحادیوں نے عراق کے خلاف جنگ شروع کی تو جمادی الآخر کا آخری دن تھا یا رجب کا پہلا دن تھا یہ علامت پوری ہوچکی ہے)

(31) مشرق میں آگ اور دھواں مسلسل چالیس راتوں تک رہے گا (عراق پر چالیس دن رات امریکہ نے مسلسل بمباری کی اور کویتی پٹرول کے کنوؤں میں آگ لگی) (یہ پیشگوئی پوری ہوچکی ہے)

(32) حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا کہ "جب نجف میں سیلاب و بارش ہو اور حجاز اور عدن میں آگ ظاہر ہو اور بغداد میں ترک (اہل روس) قبضہ کرلیں تو اس وقت تم ظہور امام علیہ السلام کی توقع کرنا (یہ علامات پوری ہوچکی ہیں اور ہورہی ہیں)

(33) حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ "مجھے عمان کے لوگوں پر افسوس ہے کہ وہ چاروں طرف سے گھر جائیں گے اور عورتیں اسیر کرلی جائیں گی"۔

(34) حضرت رسولؐ خدا نے فرمایا "تم کو فتنے اس طرح اسیر کریں گے جس طرح رات سیاہی کو دن پر مسلط کردیتی ہے ان فتنوں سے مسلمانوں کا کوئی گھر مشرق میں محفوظ نہ رہ سکے گا"۔

(35) حضرت رسولؐ خدا نے فرمایا کہ ماہ رمضان میں ایک نشانی زمین و آسمان کے درمیان روشنی عمودی شکل میں ظاہر ہوکر ساکن ہوجائے گی۔ ماہ شوال میں بلائیں اور مصیبتیں شروع ہوں گی اور ذیقعد میں ہنگامے ہوں گے ذی الحجہ میں حاجیوں کے قافلے لوٹ لئے جائیں گے۔ ان کی تباہی ہوگی راستے بند ہوجائیں گے اور محرم تو بس محرم ہے۔

(36) امیرالمومنین علی علیہ السلام نے خطبۂ افتخاریہ میں ظہور امام مہدیؑ کے ذیل میں دس علامتیں ارشاد فرمائی ہیں۔

(۱) کوفہ میں جھنڈوں کی تبدیلی (۲) کوفہ میں مساجد کا معطل ہوجانا (۳) خراسان (ایران) میں زمین کا دھنس جانا (۴) حاجیوں پر پابندی کا ہونا (۵) لوگوں کا انتہائی پریشان ہوکر دوسرے مقامات میں بکھر جانا (۶) دمدار ستارے کا نکلنا (۷) چند ستاروں کا ایک جگہ جمع ہوجانا (۸) قتل و خونریزی کا ہونا (۹) پھر قتل عام ہونا (۱۰) دہشت و گھبراہٹ کا چھا جانا۔

ان علامات پر اگر غور کیا جائے تو ان میں بہت سی پوری ہوچکی ہیں ہم اختصار کے ساتھ ان کا جائزہ لیتے ہیں۔

(۱) جب امریکہ اور اس کے اتحادیوں نے عراق پر حملے شروع کئے تو عراقی صدر صدام حسین نے عراق کے جھنڈے میں تبدیلی کر کے "اللہ اکبر" لکھوایا۔ پہلی نشانی پوری ہوچکی ہے۔

(۲) عراق پر ہر وقت ہوائی حملہ کا خطرہ رہتا تھا اور رہتا ہے لوگ مسجدوں میں بالخصوص رات کے وقت کم جاتے یا نہیں جاتے اور گھروں میں ہی نماز ادا کرتے ہیں۔ دوسری نشانی پوری ہوئی۔

(۳) تیسری نشانی بھی پوری ہوگئی جب کہ عراقیوں پر حج کی پابندی لگادی گئی۔

(۴) تقریباً چار سال پہلے ایران میں شدید زلزلہ آیا تھا جس میں مرنے والوں کی تعداد ایک لاکھ تک پہنچ گئی تھی اور کافی علاقہ زمین میں دھنس گیا تھا یہ نشانی بھی پوری ہوچکی۔

(۵) ماہ جون **1994**ء میں دمدار ستارے کا کافی چرچا رہا اور اخباروں میں ستاروں کے ایک جگہ جمع ہونے کا بھی ذکر ہوا۔ **1996**ء میں بھی دمدار ستارے کو بہت سے لوگوں نے دیکھا اور اخباروں میں کثرت سے ذکر کیا گیا ہوسکتا ہے کہ مستقبل میں بھی ایسا ہو۔

(۶) اگر عراق کی حالت کو دیکھیں تو وہاں قتل و غارت روز کا معمول تھا اور وہاں کے لوگوں پر دہشت و پریشانی چھائی ہوئی ہے۔ حال ہی میں افغانستان اور دوسرے مسلم ممالک میں گھبراہٹ اور پریشانی اور قتل و غارت گری ہوئی اور ہورہی ہے۔ اگر ان علامات میں سے کچھ مکمل نہیں ہوئی تو مستقبل میں ممکن ہے ہوجائیں۔

(37) حضرت علی علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ ''حضرت امام مہدیؑ کا اس وقت تک ظہور نہ ہوگا جب تک کہ دنیا کی آبادی کی ایک تہائی قتل نہ کر دی جائے اور ایک تہائی اپنی موت نہ مر جائے اور ایک تہائی باقی نہ رہ جائے۔''

(38) حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ ظہور امام مہدیؑ کے دو خاص اشارے ہیں۔ (۱) بالکل خلاف اصول چاند گرہن رمضان کی پانچ تاریخ کو لگنا اور (۲) سورج گرہن کا پندرہ رمضان کو لگنا'' جب سے دنیا کا وجود ہوا ہے ایسا نہیں ہوا۔

(39) حضرت امام محمد باقرؑ نے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ ''ظہور امام مہدیؑ سے قبل زلزلہ زیادہ تعداد میں آئیں گے۔ مخلوق خدا مصیبت میں اور خوف و ہراس میں مبتلا ہو جائے گی۔ طاعون پھیلے گا اور عرب کے درمیان شدید جنگ ہوگی۔ دین کمزور ہو جائے گا زندہ لوگ اپنے مرنے کی تمنا صبح و شام کریں گے۔

(40) جزیرہ کویت سے ''عوف'' خروج کریں گے جو ایک بہت بڑے فتنہ کے بعد ہوگا۔ یہ اپنے نظریہ کی دعوت دیتے ہوئے اور انقلاب برپا کرتے ہوئے دمشق تک پہنچیں گے جہاں انہیں قتل کر دیا جائے گا اسی طرح مغربی علاقے (جس سے مراد یورپ نہیں بلکہ مصر کے مغرب میں الجزائر اور مراکش وغیرہ) سے کوئی شخص انقلاب برپا کر کے مصر پہنچے گا۔

(41) آسمان اور زمین کے درمیان تین یا سات دن تک آگ اس طرح روشن ہوگی کہ لوگ حیران رہ جائیں گے۔ حضرت امام محمد باقرؑ سے روایت ہے کہ جب تم مشرق میں ایسی آگ دیکھو جس میں زردی کے ساتھ سرخی جھلکتی ہو تب تم ظہور امامؑ کی توقع کرو۔

(42) حضرت امام علیہ السلام کا قیام اس وقت تک نہ ہوگا جب تک عورتیں ایک وقت کے کھانے کے بدلے فروخت نہ ہو جائیں۔

(43) حضرت رسولؐ خدا نے فرمایا کہ ''حیرت ہے اہل بحرین اور ان پر ہونے والے مسلسل حادثات پر جن میں بزرگوں کو گرفتار کر لیا جائے گا اور بچوں کو جیلوں میں ڈال دیا جائے گا۔ فروری 1996ء میں امیر بحرین کے مظالم کے خلاف اہل بحرین نے احتجاج کیا اور سیاہ لباس پہن کر عید منائی تھی۔

(44) ایک ایسا فتنہ پیدا ہوگا جس میں تمام مسلمان مبتلا ہوں گے اور مغربیوں اور روسیوں کا مسلمانوں پر غلبہ ہوگا۔

(45) شام میں فتنہ برپا ہوگا جو شامیوں میں اختلاف ان کے کمزور ہونے کا سبب ہوگا۔

(46) دمشق میں زلزلہ آئے گا جس کی وجہ سے مسجد کی مغربی جانب اور دوسری عمارتیں منہدم ہوں گی۔

(47) شام میں دو گروہوں میں جنگ ہوگی۔ ایرانی اور مغربی فوجیں شام میں داخل ہوں گی۔

(48) حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا کہ تین باتوں کے ظاہر ہونے سے ظہور امام مہدی علیہ السلام اور فتح کا انتظار کرو (۱) شام والوں کے آپس میں اختلاف (۲) خراسان سے سیاہ جھنڈوں کا ظاہر ہونا (۳) ماہ رمضان میں فزعہ یعنی صیحہ آسمانی خوفناک آواز۔

(49) سفیانی کے خروج سے پہلے مغرب والوں کی افواج شام میں داخل ہو جائیں گی۔ شام کے اندر داخلی لڑائی ایرانیوں کو علاقہ میں یہودیوں کے ساتھ جنگ کرنے کے لئے داخل ہونے کا موقع فراہم ہو گا۔ ایرانی فوج فلسطین میں مغربی افواج کو شکست دیں گی۔ شام کے لئے مغربی اور روسی فوجوں کے درمیان رسہ کشی ہوگی۔

(50) حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا کہ تم ہاتھ پاؤں کو حرکت نہ دینا جب تک کہ کچھ ان علامات کو دیکھو جو یہ ہیں: (۱) فلاں کی اولاد میں اختلاف ہونا (۲) آسمان سے ندا آنا (۳) دمشق کی طرف سے فوج، کشادگی اور فتح کی آواز کا آنا (۴) شام میں جابیہ نامی بستی کا دھنس جانا (۵) روسی افواج کا جزیرہ عرب میں داخل ہونا اور انگریزوں کا فلسطین میں آنا۔

حتمی علامات

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ قیام و ظہور مہدی علیہ السلام سے قبل پانچ علامات کا ظاہر ہونا حتمی ہے۔ (۱) یمانی کا خروج (۲) سفیانی کا خروج (۳) آسمانی آواز (۴) نفس ذکیہ کا قتل (۵) زمین کا لشکر سمیت بیدا کے مقام دھنس جانا۔

یمانی کا خروج

احادیث و روایت میں یمن میں اسلامی انقلاب کا تذکرہ ہے جس کے قائد کا نام یمانی ہوگا۔ بعض روایات میں اس کا نام حسن یا حسین بھی تحریر ہے۔ شاید یمانی حضرت زید بن علی کی اولاد میں سے ہو۔ احادیث یہ بھی بتاتی ہیں کہ یہ انقلاب ضرور ہوگا۔ زمانہ ظہور میں اس انقلاب کا پرچم سب پرچموں سے زیادہ ہدایت والا ہوگا اور حضرت امام مہدی علیہ السلام کی نصرت کرے گا اس انقلاب کا مرکز صنعا ہوگا۔ یہ ماہ رجب میں سفیانی اور خراسانی کے خروج کے زمانے میں ایک ہی سال ایک ہی مہینہ اور ایک ہی دن میں ہوگا۔ ہر طرف جنگ ہی جنگ ہوگی۔ اس انقلاب کا پرچم اپنے امام وقت کی طرف دعوت دے گا جب یمانی خروج کرے تو لوگو تم پر اسلحہ فروخت کرنا حرام ہے۔ یہ انقلاب براہ راست امام زمانہ عجل اللہ تعالیٰ سے ہدایت لے گا۔

سفیانی خروج

تمام علماء اس بات پر متفق ہیں کہ یہ شخص ابوسفیان نسل سے ہوگا اس کا نام عثمان ابن عنبہ ہوگا۔ جناب رسولؐ خدا نے فرمایا کہ یہ وادی یابس سے خروج کرے گا۔ یہ شقی ترین اور سنگدل ترین انسان ہوگا۔ انسانوں کو بے دریغ قتل کرے گا عورتوں کی عصمت دری کرے گا۔ مردوں اور عورتوں کے الگ الگ مذبحہ خانے مقرر کرے گا۔ مشرق وسطیٰ میں یہ شخص بڑی مصیبت لائے گا۔ اس کی حکومت شام، عراق، مدینہ منورہ اور ان کے مضافات پر ہوگی۔ وہ مغربی علوم کا

حامل اور ثقافت مغربی کا دلدادہ ہوگا۔ سفیانی روم سے نصرانی بن کر آئے گا۔ شام میں اپنی تحریک کا آغاز کرے گا۔ نصرانیوں اور یہودیوں کا حامی ہوگا۔ اسے جو بھی آل محمدؐ کا حامی ملے گا قتل کردے گا اور جو بھی اس کا سر لائے گا اس کو ایک ہزار درہم فی سر دے گا۔ اس کے ظلم و ستم سے احادیث کی کتابیں بھری ہوئی ہیں۔ اس کا لشکر مقام بیدا میں زمین میں دھنس جائے گا اور اس میں صرف دو افراد باقی رہیں گے ان میں سے ایک ظہور امام علیہ السلام کی خبر دے گا اور لشکر سفیانی کے زمین میں غرق ہونے کی اطلاع دے گا۔ اس کی حکومت صرف پندرہ ماہ تک رہے گی پہلے چھ ماہ جنگ و جدل میں گزریں گے۔

سفیانی ملعون کا لشکر بابل میں نازل ہوگا جہاں تین ہزار افراد کو قتل کرے گا۔ بنی عباس کے تین سو معزز افراد کو قتل کرے گا پھر کوفہ کو ویران کرے گا وہاں سے اس کا لشکر دمشق کی طرف پلٹے گا۔ کوفہ سے ہدایت کا پرچم بلند ہوگا جو سفیانی کے لشکر کا تعاقب کرے گا سخت جنگ کے بعد سفیانی کا تمام لشکر قتل ہو جائے گا۔ سفیانی کا دوسرا لشکر مسلسل تین دن اور تین راتیں مدینہ میں قتل و غارت جاری رکھے گا مدینہ سے پھر یہ لشکر مکہ کا رخ کرے گا جب یہ لشکر وادی ''بیدا'' میں پہنچے گا تو بحکم خدا وہاں کی زمین معہ اس لشکر کے دھنس جائے گی اور صرف دو آدمی بچ جائیں گے جب امام مہدی علیہ السلام بیت اللہ کا سہارا لے کر کھڑے ہوں گے تو ایک شخص آپؑ کے سامنے آکر کھڑا ہوگا اور کہے گا کہ اے آقا میں سفیانی کے لشکر کا ایک فرد ہوں میرا چہرہ پشت کی طرف ہے ایک فرشتہ کے حکم سے آپؑ کو بتانے آیا ہوں کہ سفیانی کا لشکر غرق ہو چکا ہے۔ امام علیہ السلام کے استفسار پر اس نے وادی بیدا کے دھنس جانے کا پورا واقعہ بتایا اور کہا کہ میرے دوسرے بھائی کو حکم دیا گیا تھا کہ جاؤ اور سفیانی کو اطلاع دو کہ امام علیہ السلام کا ظہور ہو چکا ہے اور تیرا تمام لشکر غرق ہو چکا ہے۔

ویب سائٹ سے ملنے والی پیشگوئیاں حضرت امام مہدی عجل اللہ تعالیٰ کے ظہور سے قبل کی کچھ علامات ایسی بیان کی گئی جو ضرور بالضرور پوری ہوں گی ان علامات سے ظہور امام علیہ السلام کا قریب ہونا ظاہر ہوتا ہے۔ قیامت کبریٰ سے قبل قیامت صغریٰ کا واقع ہونا معلوم ہوتا ہے۔ یہ قیامت صغریٰ اس وقت واقع ہوگی جب فلسطین سے رجب کے مہینہ میں سفیانی خروج کرے گا اور ماہ صفر تک آٹھ مہینوں میں سے چار مہینوں میں مصر کو فتح کرے گا پھر وہ ٹیونیشیا، الجیریا، مراکش، اردن اور شام کو فتح کرے گا اور دمشق اس کا ہیڈ کوارٹر ہوگا۔ سفیانی کی فوج ستر ہزار افراد پر مشتمل ہوگی جو سب کے سب حرامی ہوں گے اور یہودی ہوں گے ایک اور علامت جو واقع ہوگی وہ حسن اور حسین نامی دو بچوں جن کی عمریں دس دس سال کی ہوں گی سفیانی تشدد کرے گا اور کوفہ کی مساجد کو تباہ کرے گا پھر وہ مدینہ پر حملہ کرنے کی غرض سے جائے گا سفیانی کی ایک لاکھ فوج کا لشکر جب بیدا کے صحرا سے جو مکہ اور مدینہ کے درمیان واقع ہے گزرے گا تو زمین میں دھنس جائے گا اور صرف دو افراد بشیر اور نذیر نامی بچ جائیں گے۔ بشیر امام علیہ السلام کو خوشخبری جا کر دے گا اور نذیر حضرتؑ کو یہ بری خبر دے گا۔ امام علیہ السلام مدینہ سے مکہ کی طرف مراجعت فرمائیں گے۔ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عمامہ آپؑ کے سر پر ہوگا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا اور ذوالفقار حیدریؑ اور حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگشتری آپؑ کے ہاتھ میں ہوگی۔ پھر تین سو تیرہ اصحاب آپؑ کے گرد وہاں جمع ہوں گے۔ ان اصحاب کے متعلق حضرت علی علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ جب حضرت امام مہدیؑ قیام فرمائیں گے تو مشرق اور مغرب سے لوگ جمع ہوں گے آپؑ کے اصحاب کوفہ سے ہوں گے اور بہادر معاون شام سے ہوں گے۔

ایک اور علامت ظہور کی یہ ہے کہ ماہ صفر جو سفیانی کے مظالم کا آٹھواں مہینہ ہوگا ایک دمدار ستارہ ظاہر ہوگا نیز ماہ رمضان کی **23** تاریخ کو لیلۃ الجمعہ اور لیلۃ القدر واقع ہوگی۔ جمعرات کی نصف شب کو حضرت امام مہدی علیہ السلام چپل پہنے اور بھیڑوں کو لکڑی سے ہانکتے ہوئے پوشیدہ طور پر خانۂ کعبہ میں داخل ہوں گے وہ جمعہ کا دن اور دس محرم ہوگا۔ جب حضرتؑ ظہور فرمائیں گے تو آپؑ کے ساتھ جناب عیسیٰ علیہ السلام، جناب خضر علیہ السلام، جناب الیاس علیہ السلام، جناب ادریس علیہ السلام اور حضرت جبرائیل علیہ السلام اور حضرت میکائیل علیہ السلام ہوں گے۔ آپ نجف میں قیام فرمائیں گے جو آپ کا دارالخلافہ ہوگا اور آپ کی مسجد **مسجد سھلہ** ہوگی۔ آپؑ کے ظہور سے اٹھارہ دن قبل دجال آئے گا یہ بیان کیا گیا ہے کہ دجال سورۃ فاتحہ کی تلاوت کرنے والے سے دور رہے گا۔

مستدرک میں جناب محمد ابن حنفیہ سے روایت ہے کہ ہم حضرت علی علیہ السلام کی خدمت میں حاضر تھے کہ ایک شخص نے حضرت امام مہدی عجل اللہ تعالیٰ کے متعلق دریافت کیا امام علی علیہ السلام نے سات مرتبہ افسوس افسوس فرماتے ہوئے کہا کہ امام مہدی علیہ السلام اس وقت کے آخر میں تشریف لائیں گے جب اللہ کے نام لینے والے کو قتل کر دیا جائے گا تب اللہ تعالیٰ ایک جماعت کو آپؑ کے گرد جمع کر دے گا جن کے دل بادلوں کی طرح نرم وہ ایک دوسرے سے محبت کرنے والے اور انہیں نہ خوف ہوگا اور نہ وہ بھاگنے والے ہوں گے ان کی تعداد اصحاب بدر کے برابر ہوگی۔

اگر آپ یہ معلوم کرنا چاہیں کہ آپؑ کا لقب المہدیؑ کیوں ہوا تو ابو عمرو مدائنی اپنی سنن میں فرماتے ہیں کہ حضرت امام العصر علیہ السلام کو المہدیؑ اس لئے کہا جاتا ہے کہ آپؑ شام کے پہاڑوں کی جانب جائیں گے اور وہاں سے توریت برآمد فرمائیں گے اور اس سے یہودیوں کو قائل کریں گے اور پھر وہ اپنی شکست تسلیم کرلیں گے۔

آسمانی آواز

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ حضرت قائم علیہ السلام جمعہ کے دن، طاق سال میں ظہور فرمائیں گے۔ تیسویں کی رات امام مہدی علیہ السلام کے نام کی آواز دی جائے گی۔ آپؑ کا قیام روز عاشورہ ہوگا احادیث یہ بتاتی ہیں کہ آپؑ کے ظہور اور قیام میں فصل ہوگا۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جبرائیل امین علیہ السلام تمام اہل ارض کو با آواز بلند مخاطب کر کے ندا دیں گے کہ: ''اے لوگو! میں جو کچھ کہہ رہا ہوں غور سے سنو حضرت مہدی آل محمد علیہ السلام نے ظہور کیا ہے اٹھو اور لبیک کہو''۔ یہ آواز ہر شخص سنے گا، سونے والے جاگ جائیں گے، بیٹھے ہوئے کھڑے ہو جائیں گے۔ یہ **23** رمضان کی جمعہ کی رات گزار کے صبح کے وقت ہوگا اس آواز میں شک نہ کرنا اور اطاعت کرنا۔ اس آواز میں حضرتؑ کا اسم مبارک اور آپؑ کے والد ماجد کا نام لیا جائے گا جسے ہر ایک سنے گا۔ اسی دن کے آخری حصہ میں ابلیس کی آواز بلند ہوگی جس سے لوگ شک میں پڑ جائیں گے اور سفیانی کے لشکر میں شامل ہو جائیں گے۔

نفس ذکیہ کا قتل

حضرت امام مہدی علیہ السلام اپنے ظہور پرنور سے پندرہ دن پہلے **23** و **24** ذی الحجہ کو اپنے اصحاب و رشتہ داروں میں سے ایک نوجوان کو حرم میں بھیجیں گے تاکہ وہ آپؑ کے منصوبے کو اہل مکہ کے سامنے پڑھیں حکومت کے کارندے اس نوجوان پر حملہ آور ہوں گے اور بڑے وحشیانہ انداز میں مسجد الحرام کے اندر رکن و مقام کے درمیان قتل کر دیں گے۔ روایات میں اس مقدس شخص کا نام نفس ذکیہ آیا ہے بعض روایات میں ان کا نام محمد ابن الحسن ہے۔

سید حسنی

بعض حتمی نشانیوں میں سید حسنی کے قیام کے متعلق تحریر کیا گیا ہے۔ آپؑ کا سلسلہ نسب حضرت امام حسن علیہ السلام تک بیان کیا گیا ہے۔ آپؑ قزوین جو ایران کا ایک شہر ہے سے ظاہر ہوں گے اور حدود الٰہی کے نفاذ اور اصلاح معاشرہ کے لئے اور ظلم و استبداد کے خاتمہ کے لئے جہاد کریں گے۔ قزوین سے آپ طالقان کی طرف تشریف لے جائیں گے وہاں کے لوگ آپ کے ساتھ مل جائیں گے ان کی تحریک زور پکڑ جائے گی اور قزوین سے عراق تک آپ کا تسلط قائم ہوگا۔ آپ کرمان کے راستہ ملتان اور پھر بصرہ تک کا علاقہ فتح کریں گے جب آپ کی ترقی عروج پر ہوگی تو حضرت امام مہدی علیہ السلام مکہ معظمہ میں آمد کا اعلان فرمائیں گے پھر آپ کوفہ کی طرف حرکت فرمائیں گے جہاں آپ حضرت امام مہدی علیہ السلام کی زیارت سے مشرف ہوں گے۔ اپنے ساتھیوں کو اطمینان دلانے کی خاطر سید حسنی امام علیہ السلام سے میراث انبیاء علیہم السلام کی بابت سوال کریں گے جو دکھائی جائیں گی سید حسنی امام علیہ السلام کی دست بوسی کریں گے پھر ان کا لشکر بھی بیعت کرے گا۔

دجال

یہ علامت بھی ظہور امام علیہ السلام سے متصل ہے جس کا ذکر تمام کتابوں میں ہے۔ اس سے مراد کثرت سے دھوکہ دینے والا یا دینے والے افراد جو ظہور سے پہلے خروج کریں گے۔ یہ اس زمانہ میں ظاہر ہوگا جب مشرق وسطیٰ شدید بحران، قحط اور ظلم و ستم میں مبتلا ہوگا اور یہ سب سے بڑے فتنہ کا ذمہ دار ہوگا۔ یہ نبوت اور الوہیت کا دعویٰ بھی کرے گا۔ لوگ اس کے مکر و فریب میں گرفتار ہو جائیں گے لیکن اہل ایمان اس سے بچے رہیں گے۔ حضرت علی علیہ السلام کے ارشاد کے مطابق دجال کوشام میں عقبہ کے پاس قتل کر دیا جائے گا۔

ویب سائٹ پر محمد علی بن زبیر علی کی کتاب آثار قیامت سے دجال کے متعلق اقتباس نشر ہوا جو اختصار کے ساتھ ذیل میں تحریر کیا جاتا ہے۔

نوٹ: جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ''سورۃ الکہف'' کی تلاوت دجال کے شر سے محفوظ رکھے گا۔

حضرت عمران بن حسینؓ بیان فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا کہ ''حضرت آدم علیہ السلام کی خلقت سے قیامت تک کوئی ایسا بڑا فتنہ نہیں ہے جتنا کہ دجال کا فتنہ ہے'' حضرت حذیفہ بیان فرماتے ہیں کہ ''دجال کی بائیں آنکھ نہ ہوگی اس کے جسم پر گھنے بال ہوں گے اور اس کے ساتھ اس کی اپنی بظاہر جنت اور دوزخ ہوں گے جو حقیقت میں جنت جہنم ہوگا اور جہنم جنت ہوگا (حدیث مسلم)

جناب عمران بن حسینؓ بیان فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ''وہ لوگ جو دجال کے متعلق سنیں وہ اس سے دور رہیں۔ واللہ جو شخص اس کو خدا پر اعتقاد رکھنے والا جان کر اس کے قریب جائے گا وہ اس کے خوفناک قدموں کو دیکھ کر اس کا پیرو ہو جائے گا۔''

جناب عبیدہ بن سامط نے فرمایا کہ ''میں نے تمہیں دجال کے متعلق وضاحت سے بتا دیا لیکن میں ڈرتا ہوں کہ تم نہ سمجھ سکے ہو گے دجال پستہ قد اور اس کے پیر ٹیڑھے اس کے سر پر بال گھنگریالے۔ اس کی ایک آنکھ ہو گی جب کہ دوسری آنکھ کی جگہ ہموار ہوگی اور آنکھ کا حلقہ تک نہ ہوگا۔ اگر پھر بھی تم اس کے متعلق شبہ رکھتے ہو تو تم یاد رکھو کہ تمہارا رب ایک آنکھ کا نہیں ہے (کیونکہ اپنے آپ کو خدا کہے گا)۔ ایک طویل حدیث ابو سعیدؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ ''دجال آئے گا لیکن وہ مدینہ میں داخل نہ ہو سکے گا وہ مدینہ کے باہر بنجر زمین میں اپنا خیمہ لگائے گا ایک شخص جو نیک بندوں میں سے ہوگا وہ اس سے کہے گا کہ میں گواہ ہوں کہ تو وہ ہی دجال ہے جس کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے دجال اپنے پیروکاروں سے کہے گا کہ اگر میں اس شخص کو مار دوں اور پھر زندہ کر دوں تو کیا تم پھر بھی میرے متعلق شک رکھو گے انہوں نے جواب دیا نہیں تب وہ اس شخص کو مار کر اور اس پر دو مرتبہ

تھوک کر زندہ کرتا ہے تو وہ شخص کہے گا کہ مجھے کامل یقین ہے کہ تو وہی دجال ہے'' پھر دجال اس شخص کو مارنے کی کوشش کرے گا لیکن وہ ناکام رہے گا۔ اس حدیث کے مطابق پھر دجال کسی کو نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

حضرت انسؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ دجال یقیناً مدینہ کے مضافات تک آئے گا تو تین مرتبہ زلزلہ آئے گا اس وقت مدینہ سے تمام کفار اور مکار بھاگ جائیں گے اور مدینہ منورہ ان سے پاک ہو جائے گا۔

حضرت اسمہ بنت یزیدؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حدیث بیان فرماتی ہیں کہ ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس تشریف لائے اور دجال کے متعلق بتایا کہ دجال کے ظاہر ہونے سے قبل، تین مرتبہ قحط پڑے گا پہلے سال آسمان سے تہائی بارش نہ ہوگی جس کی وجہ سے زمین سے تہائی پیداوار نہ ہوگی دوسرے سال دو تہائی بارش نہ ہوگی اس لئے زمین سے دو تہائی پیداوار نہ ہوگی اور تیسرے سال آسمان سے بالکل بارش نہ ہوگی جس کی وجہ سے زمین سے کچھ بھی تمام سال پیدا نہ ہوگا جس کی وجہ سے تمام چرند و پرند اور درند مر جائیں گے پھر دجال کسی شخص کے پاس آئے گا اور اس سے کہے گا کہ اگر میں تمہارے اونٹ کو زندہ کر دوں تو مجھے اپنا رب مانو گے تو وہ شخص کہے گا ''یقیناً'' شیطانوں میں سے جو اس کے ساتھ ہونگے ایک شیطان تن و مند اونٹ کی شکل میں اس شخص کے سامنے آئے گا جس پر خوراک لدی ہوگی۔ اسی طرح دجال ایک دوسرے شخص سے کہے گا کہ تمہارا باپ اور بھائی جن کو مرے ہوئے ایک عرصہ ہو گیا اگر میں ان کو زندہ کر دوں تو تم مجھے اپنا رب مانو گے وہ کہے گا کیوں نہیں؟ تب شیطان اس کے باپ اور بھائی کا روپ دھار لے گا'' (احمد)

حضرت مغیرہ بن شعبہ سے روایت ہے کہ مجھ سے زیادہ کسی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دجال کے متعلق دریافت نہیں کیا۔ آپؐ نے فرمایا کہ تمہیں وہ کس طرح نقصان پہنچائے گا میں نے کہا کہ لوگ کہتے ہیں کہ دجال کے ساتھ غلہ کا ایک پہاڑ اور پانی کا ایک دریا ہوگا۔ تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ سب سے زیادہ ذلیل ہے (اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ حقیقت میں دجال کے ساتھ کچھ نہ ہوگا اور سب دھوکا ہی دھوکا ہے) (بخاری، مسلم)

دجال کے متعلق دیگر احادیث یہ ہیں کہ دجال شام اور عراق کے درمیان سے نکلے گا اور اس کا نکلنا معلوم ہوگا جب یہ یہود جو اصفہان میں ہے۔ اصفہان کے یہودی اس کے پیرو ہوں گے جن میں زیادہ تر عورتیں ہوں گی۔ آگ اور پانی اس کے ساتھ ہوں گے۔ آگ سرد ہوگی پانی آگ ہوگا۔ جو اس کو مانیں گے وہ اس کی جنت میں اور جو نہ مانیں گے اس کے دوزخ میں جائیں گے۔ اس کی پیشانی پر حروف ک۔ ف۔ ر ظاہر ہوں گے۔ جس کو سب مومنین پڑھیں گے۔ اس کا رنگ گندمی ہوگا اس کی رفتار تیز تر ہوگی اس کی سواری خچر ہوگا جس سے گانے سنائی دیں گے اور گانے سننے والوں کو اپنی طرف راغب کریں گے۔ وہ دعویٰ نبوت پھر خدائی کا دعویٰ کرے گا۔ وہ تمام دنیا کا سفر کرے گا وہ اپنے ماننے والوں کے لئے آسمان سے پانی برسائے گا جس سے غلہ پیدا ہوگا درختوں میں پھل لگیں گے اور مویشی موٹے تازہ ہو جائیں گے جو اس کو نہ مانیں گے وہ بھوکے مریں گے۔ مومنین اپنی بھوک سبحان اللہ اور لا الٰہ الا اللہ پڑھ کر مٹائیں گے اس کے حکم سے زمین سے دفینہ ظاہر ہوں گے۔ وہ اس دنیا میں چالیس روز تک رہے گا۔ پہلا دن ایک سال کے برابر ہوگا۔ دوسرا دن ایک مہینہ اور تیسرا دن ایک ہفتہ اور باقی دن حسب دستور ہوں گے۔ وہ مکہ میں داخل نہ ہو سکے گا کیونکہ ملائکہ اس کی حفاظت کر رہے ہوں گے وہ مدینہ میں بھی داخل نہ ہو سکے گا کیونکہ ملائکہ اس کے بھی محافظ ہوں گے وہ مدینہ سے شام کی طرف جائے گا جہاں حضرت امام مہدی علیہم السلام قیام پذیر ہوں گے پھر جناب عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے نازل ہوں گے اور اس کا خاتمہ مقام لُد پر کریں گے۔

شعیب بن صالح

یہ بزرگوار شہر قند سے خروج کریں گے اور آپ کی ذات سے بہت اہم واقعات ظاہر ہوں گے احادیث و روایات یہ بھی بتاتی ہیں کہ آپ ''رے'' تہران سے ہوں گے جسے خراسانی سید ایرانی فوج کا کمانڈر انچیف مقرر کرے گا روایات یہ بھی ہیں کہ یہ امام علیہ السلام یا سید حسنی کے لشکر کے علمدار ہوں گے۔

عبداللہ

روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ ظہور امام علیہ السلام سے قبل سعودی عرب میں بحران ہوگا اور اقتدار کی جنگ ہوگی۔ سیاسی کشمکش بادشاہ کی موت کے نتیجہ میں ہوگا اور عبداللہ نامی شخص برسر اقتدار آجائے گا جو چند ماہ تک حکومت کرنے کے بعد قتل کر دیا جائے گا اس کے بعد جانشینی کے سلسلہ میں شاہی خاندان میں اختلاف ہو جائے گا جو ظہور امام علیہ السلام تک جاری رہے گا۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ جب عبداللہ مر جائے گا تو لوگ کسی ایک پر جمع نہ ہوں گے۔ سالوں کی بادشاہت مہینوں اور دنوں تک رہ جائے گی۔ ابوبصیر نے دریافت کیا کہ یہ معاملہ کیا لمبا ہوگا تو امامؑ نے ارشاد فرمایا ''ہرگز نہیں'' اس کے قتل کے بعد قبائل میں جنگ ہوگی جو امامؑ کے ظہور کی نشانیوں میں سے ایک ہے اور یہ بھی ایک نشانی ہے کہ دونوں حرموں کے درمیان تعصب کی آگ بھڑک اُٹھے گی اور ایک شخص اپنے قبیلہ کے پندرہ لوگوں کو قتل کرے گا۔

امام علی علیہ السلام نے فرمایا

جب تم (دنیا کو) پیٹھ دکھا رہے ہو اور موت تمہاری طرف رخ کئے ہوئے بڑھ رہی ہے تو پھر ملاقات میں دیر کیسی؟

نہج البلاغہ حکمت ۲۸

جو شخص تنگدستی کی وجہ سے شادی نہیں کرتا وہ خدا سے بدگمان ہوتا ہے (امام جعفر صادق)



رہبر انقلاب اسلامی کی نگاہ میں

سلام اللہ علیہا
حضرت فاطمہ زہرا کا مقام

آیت اللہ حضرت علامہ حافظ سید ریاض حسین نجفی (پرنسپل جامع المنتظر لاہور)

رہبر انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی سید علی خامنہ ای نے خواتین کے ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے دختر رسول حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کو انسانیت کی معراج قرار دیا اور فرمایا: میں اسلام کے نام سے اپنی بات کا آغاز کرتا ہوں اور اسلام کے پیغام کو عظیم پیغام مانتا ہوں۔

رہبر انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی سید علی خامنہ ای نے خواتین کے ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے دختر رسول حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کو انسانیت کی معراج قرار دیا اور فرمایا: میں اسلام کے نام سے اپنی بات کا آغاز کرتا ہوں اور اسلام کے پیغام کو عظیم پیغام مانتا ہوں۔ آپ جیسی خواتین پر مجھے فخر ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ جب بھی کوئی دعویٰ عمل کے مرحلے کے نزدیک پہنچ جاتا ہے تب اسے اس کی حقیقی اہمیت حاصل ہوتی ہے ہم ایک طرف تو خواتین کے مسئلے میں اور دوسری طرف علم و سائنس کے مسئلے میں جب کہ دوسرے پہلو سے انسانیت کی خدمت کے مسئلے میں خاص نقطہ نظر کے حامل ہیں۔

ہمارا نقطہ نظر اسلام کے تناظر میں ہے۔ ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ ایک اچھے انسانی معاشرے میں عورتیں اس بات کی صلاحیت رکھتی ہیں اور انہیں اس کا موقع بھی ملنا چاہئے کہ، اپنے طور پر علمی، سماجی، تعمیری اور انتظامی شعبوں میں اپنی کوشش اور بھرپور تعاون کریں۔ اس زاویہ سے مرد اور عورت میں کوئی فرق نہیں ہونا چاہئے۔ ہر انسان کی تخلیق کا مقصد پوری انسانیت کی تخلیق کا مقصد ہے، یعنی انسانی کمال تک رسائی ایسی خصوصیات اور صفات سے خود کو آراستہ کرنا جن سے ایک انسان آراستہ ہوسکتا ہے۔ اس سلسلے میں مرد اور عورت کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے۔ اس کی سب سے واضح علامت پہلے مرحلے میں تو حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کی ذات با صفات ہے اور اس کے بعد انسانی تاریخ کی دیگر عظیم خواتین کا نام لیا جا سکتا ہے۔ حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا آسمان انسانیت آفتاب کی مانند ضوفشاں ہیں کوئی بھی ان سے بلند و برتر نہیں ہے، ہم دیکھ سکتے ہیں کہ آپ نے ایک مسلمان خاتون کی حیثیت سے اپنے اندر یہ صلاحیت پیدا کی کہ خود کو انسانیت کی اوج پر پہنچا دیا۔ لہذا مرد اور عورت کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے۔ شائد یہی وجہ ہے کہ اللہ تعالی نے قرآن کریم میں جب اچھے اور برے انسانوں کی مثال دی ہے تو عورت اور مرد دونوں سے متعلق مثال پیش کی ہے۔ اگر ایک جگہ فرعون کی بیوی کا تذکرہ فرمایا ہے تو دوسرے مقام پر حضرت لوطؑ اور حضرت نوحؑ کی بیویوں کا ذکر فرمایا ہے۔

اسلام چاہتا ہے کہ تاریخ میں عورت کے سلسلے میں جو غلط تصور قائم رہا اس کی اصلاح کرے۔ مجھے حیرت ہے کہ معدودے چند مثالوں کے علاوہ ایسا کیوں ہے؟ کیوں انسان نے مرد اور عورت کے مسئلے میں ہمیشہ غلط طرز فکر اختیار کیا اور اس پر وہ مصر رہا۔ آپ انبیا کی تعلیمات سے ہٹ کر دیکھیں تو عورتوں کے سلسلے میں جو بھی نظریات قائم کئے گئے ہیں ان میں مرد اور عورت کا مقام حقیقت سے دور ہے اور مرد و عورت کے درمیان جو نسبت بیان کی گئی ہے وہ بھی غلط ہے۔ حتی بہت قدیمی تہذیبوں میں بھی جیسے کہ روم یا ایران کی تہذیبیں ہیں، عورت کے سلسلے میں جو تصور اور نظریہ ہے درست نہیں ہے۔ میں تفصیلات میں نہیں جانا چاہتا، آپ خود ہی اس سے واقف ہیں اور خود جائزہ لے سکتے ہیں۔ آج بھی دنیا کی وہی حالت ہے۔ آج بھی عورتوں کی حمایت کے بڑے بڑے دعوے اور اس کی ذات کے انسانی پہلو پر تاکید کے نعروں کے باوجود عورتوں کے سلسلے میں جو نظریہ ہے وہ غلط ہے۔ چونکہ یورپی ممالک، مسلم ممالک کے مقابلے میں ذرا تاخیر سے اس بحث میں شامل ہوئے ہیں اس لئے خواتین کے مسئلے میں ذرا دیر سے جاگے ہیں۔ آپ جانتے ہیں کہ گذشتہ صدی کے دوسرے عشرے تک یورپ میں کہیں بھی کسی بھی خاتون کو اظہار رائے کا حق نہیں ہوتا تھا جہاں جمہوریت تھی حتی وہاں بھی

عورت کو اپنا مال خرچ کرنے کا اختیار نہیں ہوتا تھا۔ بیسوی صدی کے دوسرے عشرے سے یعنی سن انیس سو سولہ یا اٹھارہ سے رفتہ رفتہ یورپی ممالک میں فیصلہ کیا گیا کہ عورتوں کو بھی اپنے سرمائے کے سلسلے میں اپنی مرضی کے مطابق عمل کرنے کا اختیار دیا جائے اور وہ سماجی امور میں مردوں کے مساوی حقوق حاصل کرے۔ اس بنا پر یورپ بہت تاخیر کے ساتھ خواب غفلت سے جاگا اور بڑی دیر میں وہ اس مسئلے کو سمجھا۔ اور اب ایسا لگتا ہے کہ وہ کھوکھلے دعوؤں کا سہارا لیکر اپنے اس پسماندگی کی تلافی کرنا چاہتا ہے۔ یورپ کی تاریخ میں کچھ ملکہ اور شہزادیاں گذری ہیں لیکن کسی ایک خاتون، ایک گھرانے، خاندان یا قبیلے کی عورتوں کا مسئلہ عورتوں کے عام مسئلے سے الگ ہے۔ تفریق ہمیشہ رہی ہے۔ کچھ عورتیں ایسی بھی تھیں جو اعلیٰ مقام تک پہنچیں کسی ملک کی حاکم بن گئیں اور انہیں حکومت وراثت میں مل گئی، لیکن معاشرے کی سطح پر عورتوں کو یہ مقام نہیں ملا اور ادیان الٰہی کی تعلیمات کے برخلاف کہ جن میں اسلام کی تعلیمات سب سے زیادہ معتبر ہیں عورت ہمیشہ اپنے حق سے محروم رکھی گئی۔ آپ آج بھی دیکھ رہے ہیں کہ مغرب کی مہذب دنیا، عورتوں کے سلسلے میں اپنی شرمناک پسماندگی کی تلافی کرنے کے درپے ہے اور اس کے لئے ایک نیا طریقہ اختیار کر رہی ہے۔ میرا خیال ہے کہ یہ لوگ عورتوں کے انسانی پہلو کو سیاسی، اقتصادی اور تشہیراتی مسائل کی نذر کر دیتے ہیں۔ یورپ میں روز اول سے ہی یہ صورت حال رہی۔ اسی وقت سے جب خواتین کو ان کے حقوق دینے کے مسئلہ اٹھا، انہیں غلط معیاروں کا انتخاب کیا گیا۔ جب ہم دنیا کے فکری اور نظریاتی نظام پر نظر ڈالتے ہیں اور پھر اسلام کی تعلیمات کا مشاہدہ کرتے ہیں تو بڑی آسانی سے یہ بات سمجھ میں آجاتی ہے کہ انسانی معاشرہ اسی صورت میں خواتین کے مسئلے میں اور مرد اور عورت کے رابطے کے تعلق سے مطلوبہ منزل تک پہنچ سکتا ہے، جب اسلامی تعلیمات کو من وعن قبول کرے اور بغیر کسی کمی بیشی کے ان تعلیمات پر عمل پیرا ہو۔ دنیا میں عورت کے تعلق سے ہمارا یہ خیال ہے۔ آج کی دنیا پرست تہذیبوں میں عورتوں کے سلسلے میں جو رویہ اختیار کیا جا رہا ہے ہم اس سے ہم متفق نہیں ہیں اسے ہم عورتوں کے لئے سودمند اور معاشرے کے لئے مناسب نہیں سمجھتے۔ اسلام چاہتا ہے کہ، خواتین، فکری، علمی، سیاسی اور سب سے بڑھ کر روحانی اور اخلاقی کمال کو پہنچیں۔ ان کا وجود معاشرے اور انسانی برادری کے لئے بھرپور انداز میں ثمر بخش ہو۔ حجاب سمیت اسلامی تعلیمات کی بنیاد یہی ہے۔ حجاب، خواتین کو الگ تھلگ کر دینے کے لئے نہیں ہے۔ اگر کوئی حجاب کے سلسلے میں ایسا نظریہ رکھتا ہے تو یہ بالکل غلط اور گمراہ کن نظریہ ہے۔ حجاب درحقیقت معاشرے میں عورتوں اور مردوں کی جنسی بے راہ روی کو روکنے کے لئے ہے کیونکہ یہ صورت حال دونوں بالخصوص عورتوں کے لئے بہت خطرناک ہے۔ حجاب کسی بھی طرح سیاسی، سماجی اور علمی سرگرمیوں میں رکاوٹ نہیں ڈالتا اس کی زندہ مثال خود آپ لوگ ہیں۔ شائد کچھ لوگ حیرت میں رہے ہوں یا آج بھی حیرت زدہ ہوں کہ کسی بلند علمی مقام پر فائز کوئی خاتون اسلامی تعلیمات بالخصوص حجاب کی پابند ہو۔ یہ بات کچھ لوگوں کے لئے ناقابل یقین تھی اور وہ اس کا تصور بھی نہیں کر سکتے تھے۔ شاہ کی طاغوتی حکومت کے زمانے میں پردے کا مذاق اڑانے والوں کے ناروا سلوک کا تذکرہ تو چھوڑیں۔ اس زمانے میں یونیورسٹی میں بہت کم خواتین اور لڑکیاں باحجاب تھیں کہ جنہیں تمسخر اور استہزا کا نشانہ بنایا جاتا تھا۔ ہمارے اسلامی انقلاب کی جدوجہد میں عورتوں نے مرکزی کردار ادا کیا اور ان غلط نظریات پر خط بطلان کھینچ دیا۔ ہم نے مشاہدہ کیا کہ کس طرح خواتین نے انقلاب کے لئے بنیادی کردار ادا کیا اس میں میں کوئی مبالغہ آرائی نہیں کر رہا ہوں۔ ہم نے انقلاب کے دوران دیکھا کہ ہمارے ملک میں خواتین نے ہراول دستے کی ذمہ داری سنبھالی۔ اگر خواتین نے اس انقلاب کو قبول نہ کیا ہوتا اور اس سے انہیں عقیدت نہ ہوتی تو یہ انقلاب کامیابی سے ہمکنار نہ ہو پاتا۔ مجھے یقین ہے کہ اگر خواتین نہ ہوتیں تو انقلابیوں کی تعداد خود بخود نصف ہو جاتی دوسری بات یہ ہے کہ ان کی عدم موجودگی کہ ان کے فرزندوں بھائیوں اور شوہروں پر بھی اثر پڑتا گھر کے ماحول پر اثر پڑتا کیوں کہ خواتین گھر میں اپنا خاص انداز رکھتی ہیں۔ خواتین کا بھرپور تعاون تھا جس کے نتیجے میں دشمن کی کمر ٹوٹ گئی اور ہماری تحریک آگے بڑھی۔ سیاسی شعبے میں بھی ہم نے خواتین کو دیکھا ہے اور دیکھ رہے ہیں، وہ مسائل کے حل میں خاص صلاحیتوں سے آراستہ ہیں اور اسلامی نظام میں اہم ذمہ داریاں ادا کرنے پر قادر۔ یہ سلسلہ جاری ہے اور جاری رہنا چاہئے۔ علمی میدان میں بھی، خواتین کی پیش رفت کا مصداق آپ خود ہیں اسی طرح آپ کی بہنیں ہیں جو دیگر شعبوں میں مشغول ہیں۔ ہمارے معاشرے میں علم کے مختلف موضوعات کی

تعلیم جو معاشرے کی تعمیر کے لئے لازمی ہے ہر فرد کے لئے ضروری ہے۔ آج تحصیل علم سماجی ذمہ داری ہونے کے ساتھ ہی شرعی فریضہ بھی ہے۔ تحصیل علم صرف ذاتی خصوصیت نہیں ہے کہ جس کے سہارے کوئی شخص کسی خاص مقام پر پہنچ جائے اور اسے اچھی آمدنی ہونے لگے۔ مسئلہ یہ ہے کہ جو افراد تحصیل علم پر قادر ہیں ان کے لئے تحصیل علم واجب ہے اسپیشلائزیشن واجب ہے۔ بقیہ موضوعات کی مانند میڈیکل سائنس کی تعلیم مردوں کی لئے واجب ہے تو عورتوں کے لئے اس سے بڑھ کر واجب ہے۔ کیوں کہ معاشرے میں خواتین کے مقابلے میں کام کے مواقع محدود ہیں۔ ہمارے پاس خاتون ڈاکٹروں کی کمی ہے اس بنا پر اسلام کے نقطہ نظر سے یہ مسئلہ حل شدہ ہے اور ہمارے معاشرے کے لئے ترقی ضروری ہے۔

آپ اپنا عملی پیغام دنیا کو دیں۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ آپ خواتین کے پاس دنیا کے لئے پیغام ہے۔ اس پیغام کو منظم شکل دیں اور دنیا کے سامنے پیش کریں۔ پیغام صرف تحریری اور زبانی نہیں ہے، بلکہ عملی پیغام ہے۔ ایرانی خواتین بالخصوص وہ خواتین جنہوں نے اسلام کے تناظر میں اور اسلامی احکامات پر عمل آوری خاص کر حجاب کی پابندی کے ساتھ، مختلف علمی میدانوں میں پیش رفت کی ہے، دنیا کی طالبات کو عملی پیغام دیں کہ علم اور سائنس کا مطلب بے راہ روی نہیں ہے سائنس کا مطلب مرد اور عورت کے درمیان رابطے میں اخلاقی اصولوں کو نظر انداز کرنا نہیں ہے۔ بلکہ ان اصولوں پر عمل آوری کے ساتھ ساتھ تعلیم جاری رکھی جاسکتی ہے اور اعلی علمی مدارج پر پہنچا جاسکتا ہے۔ آپ کا وجود اسلامی کے عالمی پیغام کا مظہر اور مصداق ثابت ہوسکتا ہے۔ میں آپ کی اس بات سے متفق ہوں کہ دنیا ادیان کا پیغام سننے کے لئے بیتاب ہے۔ آسمانی ادیان میں جو دین و دنیا کو معاشرے کو سنوار دینے کی صلاحیت رکھنے کا دعوی کرتا ہے وہ اسلام ہے۔ عیسائیت اور دیگر ادیان اس وقت یہ دعوی نہیں کر رہے ہیں لیکن اسلام اس کا دعویدار ہے کہ اس کے پاس ایک آئیڈیل معاشرے کی تشکیل کی بنیادیں اور ضروری عناصر موجود ہیں وہ ان بنیادوں اور ستونوں کے سہارے ایک مثالی سماجی نظام اور معاشرہ تشکیل دے سکتا ہے۔ ہمیں چاہئے کہ تمام شعبوں میں بالخصوص علم و دانش کے شعبے میں اور خواتین کے تعلق سے یہ ثابت کریں کہ اسلام میں اس کی صلاحیت ہے۔





اللہ تعالیٰ نے انسان کو کس مقصد کے لئے خلق فرمایا ہے؟

علامہ سیّد عون نقوی

اللہ تعالیٰ نے انسان کو کس مقصد کے لئے خلق فرمایا ہے؟

ایک مختصر

الف: کیونکہ اللہ تعالیٰ خالق ہے اس وجہ سے اللہ کی خالقیت کا تقاضا یہی ہے کہ وہ خلق اور پیدا کرے۔

ب: خلقت کا نظام ایک حکیمانہ اور با مقصد نظام ہے۔

ج: پوری کائنات اور دو سے موجودات کی خلقت کا مقصد صرف انسان کی خلقت ہے۔ کیونکہ سب کچھ انسان کے لئے خلق کیا گیا ہے اور وہ احسن الخلوقین ہے۔ جیسا کہ اس کا خدا بھی، احسن الخالقین ہے۔

د: انسان کی خلقت کا مقصد جو کچھ بھی ہو، اس کا نتیجہ اور فائدہ خود انسان سے متعلق ہے، نہ کہ اللہ تعالیٰ سے کیونکہ وہ تو غنی مطلق ہے۔

گ: انسان کو خلق کرنے کا اصلی اور نہائی مقصد یہ تھا کہ وہ واقعی کمال اور سعادت حاصل کرے اور انسانیت کے عظیم مقام کو پالے اور عالم ملکوت میں قدم رکھے البتہ یہ سب کچھ صرف اور صرف حضرت حق تعالیٰ کی شناخت اور معرفت حاصل کرنے کے بعد اس کی آگاہانہ عبودیت اور بندگی کے سائے میں ہی ممکن ہو سکے گا۔

تفصیلی جوابات

یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے تمام اسماء اور صفات، چاہے وہ صفات اللہ تعالیٰ کی ذات سے متعلق ہوں [جن کو صفات ذات کہا جاتا ہے] اور کیونکہ اللہ تعالیٰ واجب الوجود ہے اور واجب الوجود بسیط ہے اس وجہ سے یہ صفات، اللہ کی ذات سے الگ نہیں ہیں اور صفات بعینہ وہی اس کی ذات ہیں جیسے علم، قدرت، قیومیت، مالکیت اور حاکمیت اور چاہے وہ صفات جو اللہ کے فعل سے متعلق ہیں اور اصطلاح میں انھیں ''صفات فعل'' کہا جاتا ہے جیسا کہ ربوبیت، رازقیت، خالقیت، ارادہ اور رحمۃ یہ تمام صفات، صفات ثبوتی ہیں جن کی وجہ سے اللہ تعالیٰ مسلسل بغیر کسی وقفہ کے فیض پہنچا رہا ہے، انہی میں سے خالقیت کی صفت کا تقاضا یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ مسلسل، اور غیر منقطع طور پر خلق کرتا رہے اور کوئی نئی چیز کو وجود میں لاتا رہے کیونکہ «کل یوم ھو فی شأن» (ہر روز اللہ تعالیٰ کی ایک نئی شان ہوتی ہے)

ایک اور بات جس کی طرف دھیان رکھنا ضروری ہے وہی ہے کہ کیونکہ اللہ تعالیٰ حکیم ہے، اور حکیم سے کوئی بھی عبث اور بیہودہ کام سرزد نہیں ہوتا، لہٰذا یہ خلقت کا نظام با مقصد نظام ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے عظیم مقاصد کے لئے خلق فرمایا ہے جس میں کہیں بھی کوئی چیز غیر ضروری یا بلا وجہ نہیں ہے اور پوری کائنات کا ذرہ اپنی زبان میں پکار رہا ہے کہ: نیست در دایرہ یك نقطه خلاف از کم و بیش که من این مسئله بی چون و چرا می بینم

(اس کائنات میں ایک نقطہ بھی کم یا زیادہ نہیں اور یہ بات میں بغیر کسی چون و چرا کے دیکھ رہا ہوں) قرآن کریم کی صریح آیات کی روشنی میں خالق کائنات نے اپنی مخلوقات اور دوسری چیزوں کو بلا وجہ اور بازیچہ بنا کر خلق نہیں فرمایا بلکہ خلقت کی وجہ اور بنیاد، حق و حقیقت پر استوار کی گئی ہے جو اس نظام احسن اور اکمل میں، حتی کہ سب سے کمترین حصہ بھی بہت عظیم اور بلند مقاصد کے لئے خلق کیا گیا ہے اور وہ ذرہ ان مقاصد کا تعاقب کر رہا ہے اور ان میں سے کوئی بھی بلا وجہ اور بے مقصد نہیں ہے:

در این پرده یک رشته بی کار نیست
سر رشته بر ما پدیدار نیست

(اس پردے کا کوئی ایک دھاگہ بھی بے مقصد اور بلا وجہ نہیں ہے لیکن اس دھاگے کا سرا ہم پر آشکار نہیں اور پوشیدہ ہے)

البتہ اس نکتہ کو ذہن نشیں کر لینا چاہئے کہ پوری کائنات کو خلق کرنے اور

موجودات کو ایجاد کرنے کا اصلی اور نہائی مقصد، انسان تھا۔ واضح الفاظ میں یوں کہنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ نے پوری دنیا کو خلق فرمایا ہے تا کہ انسان کو خلق فرمائے: کیونکہ انسان "احسن الخلوقین" ہے، جیسا کہ اس کو خلق کرنے والا احسن الخالقین ہے اور اس کی خلقت کے کارخانے میں سے انسان جیسی کوئی دوسری چیز صادر نہیں ہوئی ہے۔ حدیث قدسی میں ملتا ہے کہ: اے اولاد آدم! میں نے ہر چیز کو تیرے لیے اور تجھ کو اپنے لیے خلق کیا ہے۔ ان باتوں کو جان لینے کے بعد اب اپنی اصلی بحث کی طرف آتے ہیں: انسان کی خلقت کا مقصد جو کچھ بھی ہو اس کا نتیجہ اور فائدہ خود انسان کی طرف پلٹتا ہے، نہ کہ اللہ تعالیٰ کی طرف کیونکہ وہ تو غنی مطلق ہے اور دوسرے تمام ممکنات، من جملہ انسان اس کے محتاج ہیں۔ "اے انسانوں! تم اللہ تعالیٰ کے محتاج ہو، صرف اللہ کی ذات ہی ہے جو بے نیاز ہے اور ہر قسم کی حمد و ثنا صرف اس کے لئے مخصوص ہے۔" حضرت موسیٰ نے بنی اسرائیل سے فرمایا: اگر تم بلکہ پوری زمین کے لوگ بھی کافر ہو جائیں تو اس میں اللہ تعالیٰ کا کوئی نقصان نہیں ہے کیونکہ وہ تو غنی اور تعریف کے لائق ہے۔ امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام، اپنے ایک مشہور خطبہ میں جو خطبہ ہمام کے نام سے مشہور ہے فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ مخلوقات کو خلق کرتے وقت ان کی طاعت اور بندگی سے بے نیاز اور ان کے گناہوں اور ان کی نافرمانیوں سے محفوظ تھا؛ کیونکہ گناہ گاروں کے گناہ اس کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتے اور نہ ہی اس کے فرمانبردار بندوں کی اطاعت اس کو کوئی نفع اور سود پہنچا سکتی ہے۔ (بلکہ اطاعت کرنے کے حکم اور معصیت کرنے سے نہیں کرنے کا مقصد یہ تھا کہ انہیں بندوں کو فائدہ پہنچایا جائے) انسان کی خلقت کے بارے میں قرآن کریم میں مختلف آیات موجود ہیں جن میں سے ہر ایک آیت انسان کی خلقت کے ہدف کے ایک زاویے کو نمایاں کرتی ہے۔ من جملہ: ہم نے جن وانس کو خلق نہیں فرمایا مگر اس لیے کہ ہماری عبادت کریں۔ دوسری جگہ ملتا ہے: "جس نے موت و حیات کو خلق فرمایا ہے، وہ تمہیں آزمانا چاہتا ہے کہ تم میں سے کون زیادہ نیک اعمال بجالاتا ہے۔ (یہاں پر آزمائش کو مقصد تخلیق بتایا گیا ہے جس میں تربیت شامل ہوتی ہے اور اس کا نتیجہ تکامل حاصل کرنا ہے) ایک دوسری جگہ یوں ملتا ہے: "لوگوں میں ہمیشہ اختلاف رہا ہے مگر وہاں پر جہاں اللہ تعالیٰ کی رحمت کا نزول ہو اور اسی وجہ کے لئے (یعنی رحمت کو قبول کرنے اور اس کے نتیجہ میں تکامل پانے کے لئے) انہیں خلق فرمایا ہے۔ جیسا کہ ملاحظہ فرما رہے ہیں یہ تمام خطوط ایک مشترک نقطہ میں جا کر مل جاتے ہیں اور وہ انسان کی پرورش، وایت اور تکامل ہے۔ یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ انسان کی تخلیق کا اصلی اور آخری مقصد، کمال اور سعادت حاصل کرنا اور کرامت اور انسانی اقدار کی بلندترین چوٹیوں پر پہنچنا ہے، اور یہ سب صرف شناخت اور معرفت اور آگاہانہ عبودیت اور بندگی کے ذریعہ ہی ممکن اور میسر ہو سکے گا کیونکہ: "اللہ تعالیٰ کی عبودیت ایسا گرانقدر گوہر ہے جس کے باطن میں ربوبیت کارفرما ہے" جس کو یہ مقام حاصل ہو گیا ہو وہ ماسوائے اللہ پر سلطنت کرے گا۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ایک روایت میں یوں ملتا ہے کہ: حضرت امام حسین علیہ السلام نے اپنے صحابیوں کے سامنے آ کر یوں فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو صرف اس کی شناخت حاصل کرنے کے لئے خلق فرمایا ہے، جب وہ اللہ تعالیٰ کی شناخت حاصل کر لیں گے، تو اس کی عبادت کریں گے، اور جب اللہ تعالیٰ کی بندگی کریں گے تو غیر کی بندگی سے بے نیاز اور رہائی حاصل کر لیں گے۔









اسرارِ غیبی

از تحریر: علامہ آغا سید محمد ابوالحسن موسوی

منجم عصر فقیدار جمند جناب مستطاب شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی دام محدہ اکثر اپنی محافل میں اور راقم الحروف سے فرماتے ہیں کہ ایسے اعمال پیش کیے جائیں جو مولائے کائنات صاحب العصر علیہ السلام سے متعلق ہوں یہ ان کے عشق امامؑ زمانہ کی ایک روشن دلیل ہے اور انتظار حسین کا معنوی ترجمہ امام کا انتظار ہی ہے اس لیے کہ حضرت کے ظہور پرنور کے بعد زمانہ رجعت میں کریم کربلا سلطان نینواء حضرت سید الشہد اعلیہ السلام نے بھی دوبارہ ظاہر ہو کر طویل حکمرانی کرنی ہے لہٰذا برادر مکرم شاہ زنجانی کی خواہش ان کے نام سید انتظار حسین کی معنویت کو واضح کرتی ہے اور حضرت منجم اعظم رحمۃ اللہ علیہ نے یقیناً اسی کی رعایت فرمائی تھی۔

راہ وصال امام زمان: حضرت مدبر کائنات قطب موجودات روح جہان ہستی حجت ابن العسکری علیہ السلام سے طلب نصرت کے چند مجرب ختوم صاحبان کے لیے پیش کر رہے ہیں امید ہے کہ عند الضرورت آپ اس سے فیض یاب ہوں گے۔ انشاء اللہ

ختمِ اول: نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد **110** مرتبہ اللھم صلی علی ولی امرك القائم تنہائی میں چالیس دن تک ورد کریں۔

ختمِ دوم: ہر نماز کے بعد دو ہزار آٹھ سو مرتبہ صلوات چالیس دن تک حضرت مولا کریم علیہ السلام کی بارگاہ میں ہدیہ کرنا تمام حاجات سے خلاصی کی نوید ہے۔ اسی طرح چودہ ہزار مرتبہ ہر روز صلوات پڑھی جائے تو چالیس دن میں ہر حال میں حاجت پوری ہوتی ہے۔

ختمِ سوم: حضرت مولا کریم علیہ السلام کی والدہ معظمہ سلام اللہ علیہا باب توسل ہیں۔ اگر آپ کے لیے ایک سورۃ ہر روز ہدیہ کی جائے اور اس کے بعد **313** بار صلوات اور **110** بار اللھم صلی علی ولی امرك القائم پڑھا جائے حاجت انشاء اللہ چالیس دن میں رواں ہو جائے گی۔

ختمِ چہارم: جب بلاؤں نے ہر طرف سے گھیر لیا ہو اور کوئی راستہ نظر نہ آتا ہو تو چالیس دن تک باوضو نماز تہجد کے بعد قبلہ رخ بیٹھ کر **110** مرتبہ صلوات ہدیہ کریں اور **313** مرتبہ یہ ورد کریں۔ یا صالح یا ابا صالح ارشدنا الی الطریق یر حکم اللہ۔

ختمِ پنجم: دعا توسل کو چالیس دن پڑھا جائے لیکن جس فقرے میں حضرت کا توسل ہے اس پیرے کو **59** مرتبہ تکرار کر کے حاجت طلب کی جائے ہر حال میں دامن مراد پُر ہوگا۔

ختمِ ششم: حصول مقصد کے لیے چالیس دن تک ہر نماز کے بعد **59** مرتبہ اسم مبارک مہدیؑ کے عدد کے مطابق **59** یا اعداد **133** مرتبہ ابا صالح کے اعداد کے کل مجموعہ یعنی **19** مرتبہ عدد کامل کے مطابق پڑھیں حتماً حاجت روا ہو جائے گی۔ عبارت عمل یہ السلام علیك یا ابا صالح المهدی یا ابا صالح المهدی بحق محمدﷺ و علیؑ و فاطمہؑ و الحسنؑ و الحسینؑ ادر کنی۔

ختمِ ہفتم: صاحبان عرفان اور اہل یقین نے بیان فرمایا ہے کہ نماز فجر سے پہلے حضرت حجت علیہ السلام سے توسل ہے حتمی نجات کا ضامن ہے۔ اس استغاثہ کو ایک ہزار ایک مرتبہ یا گیارہ ہزار مرتبہ پڑھا جائے۔ "الغوث یا صاحب الزمان"۔ اگر اس ورد کو چالیس شب بعد از نصف شب پابندی سے کیا جائے تو حاجت روائی کے لیے ارواح طیبہ اور موکلات صف در صف حاضر ہو جاتے ہیں۔

ختمِ ہشتم: اس دور میں افضل اعمال انتظار ظہور ہے۔ بعد نماز صبح سو مرتبہ یہ پڑھنا بہت افضل ہے۔ اللھم عجل فرجه و سهل مخرجه واجعلنا من اصحابه وشیعته۔

ختمِ نہم: زمانے کے اشرار سے بچنے اور فتنوں سے محفوظ رہنے کے لیے نماز کے بعد **59** مرتبہ یہی استغاثہ موجودہ زمانہ میں ہر اہل ایمان پر واجب اور لازم ہے۔ المستغاث بك یا مغیث المستعان الامان

الامان من شر اهل الزمان۔

ختمِ دهم: ہلاکتوں سے بچنے کیلئے بعد از نماز **59** مرتبہ یہ ورد اپنے اندر بے حد اسرار رکھتا ہے۔ جو پڑھنے والوں پر منکشف ہوتے ہیں۔ یا ابن الزهرؑ المصطفی ادرکنی ولا تهلکنی۔

ختمِ یازدهم: ہر انسان ایک غیبی مددگار کا قائل رہا ہے کہ کوئی نہ کوئی غیب سے میری مدد کے لیے پہنچے چاہے اس کا تعلق کسی مذہب یا مسلک سے ہو۔ عاشقان ولی عصر کے لیے یہ ورد دنیاوی خود ساختہ اور مددگاروں سے بے نیاز کریں گے۔ نماز یومیہ کے بعد کھڑے ہو کر **59** مرتبہ یہ نورانی ورد کریں۔ السلام علیك یا صاحب العصر یا ابا النصر ادرکنی ولا تهلکنی۔

ختمِ دوازدهم: انتہائی اضطراب اور سختی کی حالت میں بغیر کسی عدد کے یا عمل کی عبارت کے مطابق تین ہزار دو سو تیرہ مرتبہ پڑھیں۔ انشاء اللہ نو دن کے اندر حاجات پوری ہوں گی۔ یا غیاث المضطر المستکین۔

حضرات اہل بیت اطہار علیہم السلام کا دروازہ اتنا عظیم ہے کہ جب بھی کوئی سوالی سوال کرے یہ فوراً عطا فرماتے ہیں۔ نام نہاد پیروں اور تعویذ نویسوں کے پاس جا کر وقت اور رقم برباد کرنے کی بجائے کیوں نہ اس بابِ رحمت پر دستک دیں، صالحین نے مجربات بیان کیے ہیں۔ آپ بھی ان خزائن نورانیہ سے استفادہ کریں۔

زیارت عاشورہ: اگر دس دن بلاناغہ نمازِ تہجد کے بعد اور فریضہ فجر سے پہلے زیارت عاشورہ پڑھے اور اس کا ثواب حضرت سیدہ نرجس خاتون سلام اللہ علیہا مادرِ گرامی حضرت الزمانؑ کو ہدیہ کرے تو کام کیسا ہی مشکل کیوں نہ ہو جلد ہو جائے گا۔

توسل حضرت أمّ البنین علیها السلام: شب بدھ سے شروع کرے اور چودہ **14** شب مسلسل ہر روز سات مرتبہ سورۃ یٰسین شریف پڑھ کر اس کا ہدیہ حضرت مولا عباس علیہ السلام کی والدہ گرامی سیدہ ام البنین سلام اللہ علیہا کی روح مقدس کو پیش کرے۔ اور مخدومہ عالیہ سے مدد طلب کرے۔ تو یقین جانئے باب الحوائج حضرت ابوالفضل العباس علیہ السلام کی مادر گرامی وہ عطا فرمائیں گی کہ آپ حیران رہ جائیں گے۔

باب الحواج حضرت علی اصغر علیه السلام: دو رکعت نماز اور سات مرتبہ سورۃ یٰسین، سات مرتبہ سورۃ رحمن اور ہزار مرتبہ صلوات حضرت سیدام رباب علیہا السلام کے حضور ہدیہ کر کے پھر اسی طرح دو رکعت نماز اور سات مرتبہ سورۃ یٰسین اور سورۃ رحمن اور ہزار مرتبہ درود شریف پڑھ کر حضرت مولا علی اصغر علیہ السلام کو ہدیہ کرے یہ عمل دوپہر یا رات کو زیر آسمان سر برہنہ کرے پھر سات قدم آگے بڑھ کر روتے ہوئے مولا علی اصغر علیہ السلام سے مدد حاجت طلب کرے۔

اولیاء صالحین فرماتے ہیں کہ مولا علی اصغرؑ سے مدد مانگنے والا کبھی بھی ناکام نہیں ہوا۔ ضرور حاجت پوری ہوتی ہے جس دن عمل کرے چھوٹے بچوں میں دودھ اور مٹھائی تقسیم کرے مولا کی نیاز لازمی ہے۔

لنگر امام علیہ السلام: رفع مشکلات، فراخی رزق اور صحت تمام امور مہمہ کے لیے: شب جمعہ حدیث کساء کے بعد ذکر مصائب وداع خیام سید الشہداءؑ کرے۔ اور اس محفل پاک میں کم از کم دس مومن ضرور شریک ہوں۔ پاک صاف کمرے میں بخورات روشن کر کے یہ محفل منعقد کریں اور حدیث کساء ذکر مصائب دعا کے بعد مومنین کو کھانا دیں انشاء اللہ چند دنوں میں فراخی رزق ہو جائے گی۔

مجلس شبهیه پیغمبر علیہ السلام: کسی اہم حاجت کے لیے منت مانیے کہ حضرت علی اکبرؑ کی مجلس کراؤں گا۔ جس میں صرف شہزادہ علی اکبرؑ کا ہی ذکر فضائل و مصائب بیان ہوگا، ایک دنبہ حضرتؑ کے نام کروں گا میرا فلاں کام ہو جائے۔ اس کے بعد جلد ہی مجلس کا اہتمام کرے جس میں ذاکر صرف حضرت علی اکبرؑ کے فضائل و مصائب بیان کرے، مصائب کے دوران حاجت طلب کرتا رہے اور مسلسل گریہ کرتا رہے، مصائب کے اختتام پر دعا مانگے۔ نوحہ و ماتم علی اکبرؑ کے بعد شرکائے مجلس میں لنگر (کھانا) تقسیم کر کے تمام عزادار بیٹھ کر تناول کریں۔ انشاء اللہ آپ ضرور مقصد حاصل کریں گے۔

حاجت پوری ہونے کیلئے مجرب عمل: ایسی حاجت جو نہایت دشوار اور سبیل نظر آتی ہو آپ حضرت شہزادہ قاسم ابن حسن علیہ السلام کے ولیمہ کی منت مانیں پھر **14** سادات و مومنین (کل چودہ افراد) کے گھر جا کر انہیں ان الفاظ میں دعوت دیں کہ میں نے حضرت قاسمؑ کو بلا کر دولہا کا ولیمہ پکایا ہے۔ آپ کو دعوت ہے پھر حسب استطاعت کھانا پکا کر پاکیزہ جگہ رکھ کر سات مرتبہ الحمد اور پانچ مرتبہ اللہ



ہو پھر سات مرتبہ سورۃ یٰسین پڑھ کر اول و آخر **110** مرتبہ درود شریف کا ہدیہ شہید مظلوم حضرت قاسم ابن امام حسین علیہ السلام کے حضور ہدیہ کرے اور دعوت پر آئے لوگوں میں تقسیم کرے، مگر خود اور اپنے اہل خانہ کو ساتھ نہ کھلائے، جب لوگ دعوت ولیمہ کھا کر چلے جائیں تو بچا ہوا کھانا سامنے رکھ کر حضرت قاسم علیہ السلام کا مرثیہ عروسی پڑھے۔ پھر دعا مانگے، یا حضرت صدیقہ کبریٰ سیدہ فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا میں نے آپ کے پوتے امام حسن مجتبیٰ علیہ السلام کے یتیم اور حضرت امام حسین علیہ السلام کے داماد حضرت قاسم علیہ السلام کا ولیمہ پکایا ہے جن کا ولیمہ **کربلا** والے نہ کر سکے مخدومہ اس کو قبول فرمایئے اور میری یہ حاجت ہے (اپنی حاجت بیان کر) اس کو پورا فرمائے انشاء اللہ جلد حاجت پوری ہو جائے گی۔

حل المشکلات: صالحین نے بیان کیا ہے اور خود راقم السطور کو پانچ مرتبہ اس نذر سے فیض یاب ہونے کا شرف حاصل ہوا ہے۔

1۔ جب کوئی چیز گم ہو جائے۔ **2**۔ کسی اہم کام میں رکاوٹ ہو۔ **3**۔ بیٹی یا بیٹے کا رشتہ نہ ہو۔ **4**۔ کسی سے کام ہو اور وہ لیت و لعل کر رہا ہو۔ **5**۔ نوکری کا مسئلہ ہو۔ غرض ہر کام کے لیے راقم السطور نے اسے مجرب پایا ہے۔ وہ عظیم الشان نذر ہے فرزندان حضرت مسلم بن عقیل یعنی شہزادہ محمد ابراہیم علیہما السلام کوئی میٹھی چیز حسب استطاعت لے کر اس پر الحمد سات مرتبہ سورۃ قدر سات مرتبہ سورۃ توحید سات مرتبہ اور اول و آخر **110** مرتبہ درود شریف پڑھ کر شہزادہ مظلوم محمد بن مسلم اور شہزادہ مظلوم ابراہیم بن مسلم علیہم السلام کی روح اقدس کو ہدیہ کرے اور غروب آفتاب کے وقت چوراہے پر کھڑے ہو کر وہی سورتیں دوبارہ شہیدان کوفہ کے حضور ہدیہ کرے اور حاجت مانگے اے کمسن شہزادہ آپ کو اپنی عظمت شہادت کا واسطہ میری (یہ حاجت) پوری کریں۔ پھر وہ مٹھائی یا میٹھی چیز چوراہے پر ہی بچوں میں تقسیم کر دیں۔ ہمارا ذاتی تجربہ ہے کہ عشاء کی نماز سے پہلے قبولیت کی نشانی مل جاتی ہے۔ خواہ فون آجائے یا پیغام آجائے۔

عمل مجرب ہر جائز حاجت کے لیے: عندالحاجات جمعرات کے روز سے شروع ہو کر سات دن تواتر کے ساتھ ہر روز سات مرتبہ سورۃ یٰسین اول و آخر **110** مرتبہ درود شریف طلوع فجر سے پہلے اور اس کا ہدیہ امام ہشتم امام علی رضا علیہ السلام کے حضور ہدیہ کریں تو جلد کشائش ہوتی ہے۔ آخری دن کچھ تبرک تیار کرے اور بچوں میں تقسیم کرے۔ مجرب ہے۔

عمل ثانی کشائش کے لیے: اگر حاجت مند ہر روز دو دو رکعت نماز حضرت فاطمہ بنت موسیٰ بن جعفر علیہما السلام پڑھے۔ پھر ایک مرتبہ سورۃ یٰسین اور آخر میں مخدومہ کی زیارت پڑھے **28** دن کے اندر دامن مراد پُر ہو جاتا ہے مگر عمل **41** دن پورا کرے۔ **1994**ء اور **1996**ء میں خود اس عمل کو کیا ہے پھر اس معنوی فیوض سے مالا مال بھی ہوئے۔ تفصیل میں نے اپنی کتاب احقاق الحق میں لکھی ہے۔

خاتمہ مشکلات کے لیے: ہر مشکل کے لیے اس نورانی شعر کو کم از کم اسی (**80** مرتبہ)

شاہ مرداں شیر یزداں قوت پروردگا

لافتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

اگر اس شعر کو حضرت علیہ السلام کے اعداد **110** کے مطابق ہر روز طلوع آفتاب کے وقت اتوار کے دن ابھرتے ہوئے سورج کو دیکھ کر اول و آخر **110** مرتبہ درود شریف **110** مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پھر **110** مرتبہ نورانی شعر کا ورد کرے انشاء اللہ جلد اثرات ظاہر ہوں گے۔ مداومت (تکرار) شرط ہے۔

امداد مشکل کشاء: دس شب بلاناغہ بعد از نماز عشاء دو رکعت نماز حاجت پڑھے۔ پھر **132** مرتبہ درود شریف پھر **1140** مرتبہ اسم مبارک **یا علی** علیہ السلام پڑھنے کے بعد **14** مرتبہ درود شریف پھر **110** مرتبہ یا ابا الحسن یا علی بن ابی طالب ادرکنی۔ انشاء اللہ مشکل کشاء عالم کی امداد ضرور حاصل ہوگی۔

حسب حلال: جمعہ کے دن غسل کر کے اور دو رکعت نماز حاجت پڑھنے برائے حصول محبت فلاں پھر سات دن تک ہر روز **246** مرتبہ سورہ توحید با مؤکل اس طرح پڑھے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم قل ھو اللہ احد یا جبرائیل اللہ الصمد یا میکائیل لم یلد ولم یولد یا اسرافیل ولم یکن لہ کفوا احد یا دردائیل اجیونی ولین قلب فلاں بن (مطلوب کا نام لے والدہ) لی وسخرہ بحق کن فیکون۔ آٹھویں دن **249** مرتبہ پڑھنا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی دوران مطلوب مکمل مسخر ہو جائے گا۔ صرف حلال کے لیے اجازت اگر حرام کرے گا تو عاقبت خرابی ہو اور دنیا میں بھی شدید مصیبت میں مبتلا ہو جائے گا۔



شہزادہ سید محمد علی زنجانی

شادی مقدس فریضہ یا بوجھ

حالات حاضرہ کا ایک اہم موضوع

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے: "اے جوانو! اگر شادی کرنے کی قدرت رکھتے ہو تو شادی کرو کیونکہ شادی آنکھ کو نامحرموں سے زیادہ محفوظ رکھتی ہے اور پاکدامنی و پرہیزگاری عطا کرتی ہے۔

اسلام اور شادی

اسلامی روایات میں شادی کی بہت ترغیب دلائی گئی ہے۔ "خداوند عالم کی منجملہ نشانیوں میں ایک نشانی یہ ہے کہ اس نے تم ہی سے تمہارا ہمسفر قرار دیا تا کہ تم اس کے ذریعہ سکون دل حاصل کرو اور تمہارے درمیان مہر و محبت قرار دی" * قرآن کریم کی نظر میں شادی کوئی کثافت اور آلودگی نہیں ہے بلکہ شادی سکون دل کا ذریعہ ہے مہر و محبت کا سبب ہے شادی کی تسکین کو وہ لوگ زیادہ محسوس کر سکتے ہیں جنہوں نے تنہائی کی سختیاں برداشت کی ہوں اور کنواری زندگی کے تلاطم کو محسوس کیا ہو۔ پیغمبر اسلام نے ارشاد فرمایا: "اے جوانو! اگر شادی کرنے کی صلاحیت رکھتے ہو تو ضرور شادی کرو کیونکہ شادی آنکھ کو نامحرموں سے زیادہ محفوظ رکھتی ہے اور پاکدامنی و پرہیزگاری عطا کرتی ہے" * آنحضرت نے یہ بھی ارشاد فرمایا: "جس نے شادی کی اس نے اپنا نصف دین محفوظ کر لیا" * اگر شادی کے ذریعہ جنسی کشش کو مطمئن کر لیا گیا تو متلاطم روح کو سکون مل جائے گا اور زندگی کے حقائق بہتر طریقے سے انجام کئے جا سکیں گے۔ دین اور اپنی سعادت کی طرف قدم بڑھ سکیں گے۔ اس مقصد کے حصول کے لئے ہر ایک پر لازم ہے کہ وہ شادی کے شرائط اور وسائل فراہم کرے تا کہ جوانی کے طرب و نشاط سے لطف اندوز ہو کے کامیابیوں کی آغوش میں مہر و محبت کے پھول سونگھ سکے تا کہ جوانی کی بہاروں میں ابر رحمت ٹوٹ کر برسے اور اس کے دامن کردار کو گناہ کی کثافتیں آلودہ نہ کر سکیں اور اس کی زندگی رنج و غم کی تاریکیوں میں بھٹکنے نہ پائے۔ آنکھیں آوارگی کی کثافتوں میں ملوث نہ ہونے پائیں۔ اس کی پاکیزگی مجروح نہ ہو اور نیکیاں برائیوں میں تبدیل نہ ہوں۔

شادی کی مشکلات اور ان کا حل

۱۹۶۳ء میں صرف ایک سال میں امریکہ میں ڈھائی لاکھ غیر قانونی بچے پیدا ہوئے۔ * امریکہ میں اعداد و شمار کے مطابق ۱۹۶۹ء میں اسکول کی اکثر لڑکیاں عفت سے ہاتھ دھو چکی تھیں اور بے پناہ آزاد ہو گئی تھیں۔ * جرمنی میں پچاس لاکھ لڑکیوں نے صرف اس بنا پر خودکشی کی کوشش کی کہ ان کو کوئی شوہر نہیں مل سکا تھا۔ * اس طرح کے واقعات (جس سے ہندوستان بھی محفوظ نہیں ہے اخبارات ہر روز اس طرح کی خبروں سے بھرے ہوتے ہیں) اس بات کی سند ہیں کہ مغربی تہذیب و تمدن کس قدر پست ہے اور بے عفتی، بے پناہ آزادی، بے حیائی، اخلاقی گراوٹ وغیرہ سب اسی تمدن کے نتائج ہیں۔ یہ بات واضح ہے کہ شادی کی راہ میں جو رکاوٹیں ہیں اگر ان کو برطرف کر دیا جائے اور لڑکے اور لڑکیوں کی شادی کے وسائل جلد فراہم کر دیئے جائیں تو اس طرح کے شرم آور واقعات میں کافی حد تک کمی ہو جائے گی۔ اس سلسلہ میں مغربی دانشور بھی متفکر نظر آتے ہیں، انہوں نے یہ درک کر لیا ہے کہ اس سلسلہ میں صحیح راستہ وہی ہے جو اسلام نے پیش کیا ہے۔ ویل ڈورانٹ کا کہنا ہے: "اگر ایسی صورت نکل آئے کہ شادیاں فطری عمر میں ہو جائیں تو فحشاء، خطرناک بیماریاں، بے نتیجہ تنہائیاں، انحرافات وغیرہ جنہوں نے زندگی کو داغدار کر دیا ہے نصف حد تک کم واقع ہو سکتے ہیں۔

شادی کے اخراجات

دوسری مشکل یہ ہے کہ شادی کے اخراجات میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ والدین اور سرپرستوں کی توقعات بڑھتی جا رہی ہیں۔ رسم و رواج اور تکلفات اتنے زیادہ مہنگے ہو گئے ہیں کہ جوان شادی سے گھبراتے ہیں۔ ان غلط رسم و رواج اور بے جا تکلفات کا ذمہ دار کون ہے؟ مناسب ہے کہ لڑکیاں اور ان کے والدین حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ پیغام غور سے سنیں۔ اس کی پیروی کرتے ہوئے حقائق کو سمجھیں اور ہوا و ہوس سے دور رہیں۔ آنحضرت کا ارشاد ہے: "اگر کوئی (خواستگاری) کے لئے تمہارے پاس آئے اور تم اس کے اخلاق اور دین سے راضی ہو (اس کو پسند کرتے ہو) تو اس سے شادی کر لو۔ اور اگر انکار کرو گے تو زمین میں عظیم فتنہ و فساد برپا ہو جائے گا" آنحضرت نے یہ بھی ارشاد فرمایا: "میری امت کی بہترین عورتیں وہ ہیں جو خوبصورت ہوں اور جن کا مہر کم ہو" * حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا: "وہ عورت بابرکت ہے جو کم خرچ ہو۔

کفو

بے جا توقعات کی ایک وجہ "کفو" کے صحیح مفہوم سے ناواقفیت ہے بہت سے لوگ بہت ساری چیزوں کو اپنی شان کی خصوصیت سمجھتے ہیں جن کی حیثیت تکلفات سے زیادہ نہیں ہے وہ کہتے ہیں کہ ہم اپنی لڑکی کی شادی کس طرح کریں ابھی تک ہمیں کوئی آئیڈیل لڑکا نہیں مل سکا یعنی مالدار ہو، بڑا خاندان ہو، زندگی کے جملہ وسائل فراہم ہوں۔ بعض افراد اس طرح کے قیود سے عاجز آ چکے ہیں اور معاشرہ کو تصوردار قرار دیتے ہیں اور وہ خود اس بات سے غافل ہیں کہ اس طرح کا سماج خود انہیں نے تشکیل دیا ہے۔ اسلام

میں کفو کا مطلب مال و دولت، جاہ و منصب اور مادیت کی برابری نہیں ہے بلکہ اگر وہ افراد دینی اور اخلاقی اعتبار سے برابر ہیں تو وہ ایک دوسرے کے کفو ہیں۔ "جویبر" یمامہ کے رہنے والے تھے مدینہ میں رسول خدا ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اسلام قبول کیا۔ کوتاہ قد تھے۔ محتاج و برہنہ تھے اور کسی قدر کریہ المنظر تھے۔ پیغمبر اسلام آپ کو کافی تسلی دیتے تھے اور آنحضرتؐ کے حکم کے مطابق جویبر رات کو مسجد میں سوتے تھے۔ اور اس طرح رفتہ رفتہ ان مہاجروں اور غریبوں کی تعداد میں اضافہ ہو گیا جن کا ٹھکانہ بس مسجد تھی۔ پیغمبر اسلام پر وحی نازل ہوئی کہ ان لوگوں کو مسجد کے باہر جگہ دی جائے۔

رسول خدا ﷺ نے خدا کے حکم پر عمل کرتے ہوئے حکم دیا کہ پناہ گزینوں کے لئے ایک الگ جگہ معین کی جائے بعد میں اس جگہ کا نام "صفہ" قرار پایا۔ جو لوگ وہاں رہتے تھے ان کو اسی مناسبت سے اصحاب صفہ کہا جاتا تھا۔ ایک دن پیغمبر اسلام نے شفقت بھری نگاہ سے جویبر کو دیکھا اور شادی کرنے کی پیش کش کی۔ جویبر نے کہا: میرے ماں باپ آپ پر قربان! کون لڑکی مجھ سے شادی کرنے پر تیار ہو گی خدا کی قسم میرا نہ کوئی حسب و نسب ہے نہ دولت ہے اور خوبصورت بھی تو نہیں ہوں۔ پیغمبر اسلام نے فرمایا: اسلام نے جاہلیت کی رسموں کو ختم کر دیا ہے وہ لوگ جو اس زمانے میں پست تھے اسلام لانے کے بعد باعزت ہو گئے وہ لوگ جو جاہلیت میں (دولت، ثروت، جاہ و منصب کی بنا پر) اپنے کو باعزت سمجھتے تھے آج وہ (احکام خدا کی نافرمانی کرنے کی بنا پر) اسلام کی نگاہ میں ذلیل ہو گئے ہیں۔ جویبر! تمام انسان، گورے کالے، عرب عجم سب فرزند آدم ہیں اور خدا نے آدم کو مٹی سے پیدا کیا، قیامت میں وہی شخص سب سے بہتر ہے جو سب سے زیادہ احکام الٰہی کی پیروی کرنے والا اور پرہیزگار ہو۔ اس بنا پر کسی بھی انسان کو تم پر فوقیت حاصل نہیں ہے مگر تقویٰ اور پرہیزگاری کی بنیاد پر۔ اسکے بعد فرمایا: زیاد بن بشیر اپنے قبیلہ کی محترم شخصیت ہے اس کے پاس جاؤ اور کہو رسول خدا ﷺ نے مجھے آپ کے پاس بھیجا ہے تا کہ آپ سے آپ کی بیٹی "ذلفا" کی خواستگاری کروں۔ پیغمبر اسلام کے حکم کے مطابق جویبر زیاد بن بشیر کے گھر گئے اجازت طلب کی، داخل ہوئے اور پیغمبر کا پیغام پہنچایا۔ زیاد نے تعجب سے پوچھا کیا پیغمبر اسلام نے تمہیں بس اسی کام سے بھیجا ہے۔ جویبر نے کہا: ہاں میں رسول خدا ﷺ کی طرف غلط نسبت نہیں دونگا۔ زیاد نے کہا: ہم اپنی لڑکیوں کی شادی صرف انہیں سے کرتے ہیں جو ہمارے برابر ہوں اور انصار سے ہوں تم جاؤ۔ میں خود رسول خدا ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر معذرت کر لوں گا۔ جویبر یہ کہتے ہوئے واپس چلے آئے کہ آپ کا یہ طریقہ قرآن اور حدیث پیغمبر کے مطابق نہیں ہے۔ زیاد کی بیٹی ذلفا کنارے کھڑی جویبر کی گفتگو سن رہی تھی اس نے باپ کو بلایا اور دریافت کیا آپ نے جویبر کو کیا جواب دیا؟ زیاد نے کہا: جویبر تمہاری خواستگاری کے لئے آیا تھا اور کہہ رہا تھا کہ پیغمبر اسلام کے حکم کے مطابق تمہاری شادی اس کے ساتھ کر دوں۔ ذلفا نے کہا کہ اس کو جلدی واپس بلایئے خدا کی قسم وہ پیغمبر کی طرف غلط نسبت نہیں دے سکتا۔ زیاد نے جویبر کو واپس بلایا اور خود پیغمبر اسلام کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا میرے والدین آپ پر قربان۔ آپ کی جانب سے جویبر اس طرح کا پیغام لایا تھا آپ تو جانتے ہی ہیں کہ ہم اپنی لڑکیوں کی شادی اپنے برابر والوں کے علاوہ کسی اور سے نہیں کرتے۔

پیغمبر اسلام نے فرمایا: جویبر مومن ہے اور مرد مومن زن مومنہ کا کفو ہے اور مسلمان مرد مسلمان عورت کا کفو ہے: "المومن کفو للمومنة و المسلم کفو للمسلمة" جویبر کو اپنا داماد بنا لو اور اس کو اپنے سے دور کرنے کے لئے بہانہ مت تلاش کرو۔ زیاد واپس ہوئے جو باتیں رسول خدا ﷺ سے ہوئی تھیں ذلفا سے بیان کر دی۔ ذلفا نے نہایت ایمان و اطمینان سے اپنے والد سے کہا رسول خدا ﷺ کے حکم پر عمل کیجئے اگر آپ نافرمانی کریں گے تو کافر ہو جائیں گے۔ زیاد نے دیکھا کہ اس کی بیٹی اس شادی پر راضی ہے۔ جویبر کو اپنے رشتہ داروں کے درمیان بلایا اور ذلفا سے شادی کر دی۔ چونکہ جویبر کے پاس گھر نہیں تھا لہٰذا ایک گھر بھی دیا تا کہ جویبر اور ذلفا آسانی کے ساتھ اپنی زندگی کا آغاز کر سکیں" یہ بات بھی قابل توجہ ہے یہ لوگ جو تحصیل علوم کی طولانی مدت کو شادی کی راہ میں رکاوٹ خیال کرتے ہیں وہ اشتباہ کرتے ہیں کیونکہ شادی صرف تحصیل علوم کو متاثر نہیں کرتی بلکہ شادی کے بعد وہ سکون ملتا ہے کہ جس کی بنا پر مزید ذوق و شوق سے پڑھائی کی جا سکتی ہے۔ جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ جب تک جوان ڈگری حاصل نہ کر لے، اس کی مالی حیثیت درست نہ ہو جائے اس وقت تک شادی نہیں کرنا چاہئے یہ نظریہ بالکل بے بنیاد ہے۔ کیونکہ یہ بات بیان کی جا چکی ہے کہ اقتصادی پریشانی زیادہ تر غلط رسم و رواج کی بنا پر ہے۔ اگر گھرانے اسلامی قوانین پر عمل کرنے لگیں اور اپنی توقعات کم کر دیں، خرافات اور اندھی تقلید سے دست بردار ہو جائیں تو وہ شادی جو ایک ہیولی بنی ہوئی ہے اور خطرناک نظر آتی ہے نہایت آسان ہو جائے گی۔ دوسرے لفظوں میں یوں بیان کیا جا سکتا ہے کہ اگر طالب علم اپنی توقعات کم کریں اور واقعی ضرورتوں کو خیالی ضرورتوں سے جدا کریں اور لڑکی کے والدین اسلامی احکام سے واقفیت کی بنا پر غلط رسم و رواج سے دست بردار ہو جائیں تو طالب علم کی شادی کے لئے راہ خود بخود ہموار ہو جائے گی اور آسانی سے شادی ہو سکے گی۔

رسم و رواج سے پاک شادی

ایک راستہ یہ بھی ہے کہ دوران تعلیم عقد کر لیں اور تعلیم کی تکمیل کے بعد بقیہ مراسم انجام دیں تا کہ اس مدت میں جنسی کشش کی طغیانیوں سے محفوظ رہیں۔ مولائے کائنات حضرت امیر المومنین علیہ السلام کا ارشاد ہے: "قبل اس کے کہ نفسانی خواہشات قوی ہوں ان پر غالب آجاؤ کیونکہ اگر وہ طاقتور ہو گئیں تو تم پر حکومت کریں گی اور تم کو پستیوں تک کھینچ لے جائیں گی پھر تم میں ان کے مقابلہ کی طاقت باقی نہیں رہ جائے گی" حضرت علیہ السلام نے یہ بھی ارشاد فرمایا: "جس پر شہوت غالب آجائے وہ غلام سے بدتر ہے" امید ہے کہ ہمارا معاشرہ اسلامی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے اور معارف اہلبیتؑ کی پیروی کرتے ہوئے تمام غلط اور فرسودہ رسم و رواج سے شادی کو پاک و صاف قرار دے کر شادی کو آسان بنائے گا۔ خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ عصر جدید کے جوانوں کے دلوں میں نور اسلام کی کرنیں نظر آ رہی ہیں۔ امید ہے کہ اسلامی جوان بہت جلد غلط رسم و رواج اور بیہودہ شرائط کا لبادہ اُتار پھینکے گا اور سامراج کی امیدوں کو خاک میں ملا دے گا نیز خالص اسلامی طرز پر اپنی ازدواجی زندگی کا آغاز کرے گا۔

مجرب ترین عملیات

شہزادہ حافظ سیّد محسن علی زنجانی روحانی اسکالر

(نوٹ: اس سے قبل کہ ان نوادرات دعاؤں سے فیض حاصل کریں انتظار حسین زنجانی مع متعلقین کیلئے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ محمدؐ و آل محمدؐ کے صدقے میں ان کی خدمات کو قبول فرماتے ہوئے صحت و سلامتی عزت و وقار میں اضافہ فرمائے تا کہ علم کے نور کی کرنیں اسی طرح حاصل ہوتی رہیں۔ آمین۔ ثم آمین)

دعا اور فلسفہ دعا ایک مستقل موضوع ہے۔ جس پر ضخیم کتابوں میں تفصیلات موجود ہیں اس جگہ صرف اتنا عرض کرنا مقصود ہے کہ دعا کی قبولیت کے لئے آداب دعا اور کمال طہارت قلبی کی ضرورت ہے جو ہمارے معاشرہ میں میسر نہیں اور ہمارا اپنا رجحان اس کو سمجھنے اور عمل کی طرف راغب ہونے سے قاصر نظر آتا ہے۔ اس بات کو خالق حقیقی بہتر طور پر جانتا تھا اور اسی سبب قرآن کریم میں ایک مقام پر خالق حقیقی نے انسان کی عجلت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ جس طرح انسان دعا کی قبولیت کے لئے عجلت پسندی کا مظاہرہ کرتا ہے اسی طرح اگر میں ان کے گناہوں پر سزا دینے میں عجلت برتوں تو کیا حال ہوگا۔ مگر حلیم و کریم ہستی نے ہر ممکن کوشش کی کہ تخلیقی نقائص پر حجت قائم کرنے کے بجائے انبیاءؑ و معصومینؑ کی معرفت خطاؤں کی معافی اور بخشش کا سامان مہیا کرنے کے لئے ہزاہا دعاؤں کو زینت ذہن بنوایا اور کوشش کی کہ کفران نعمت میں ملوث انسان کسی طرح تکبر کی گرداب سے نکل کر شکران نعمت کا استحقاق حاصل کرے۔ روزمرہ واجبات کی ادائیگی اسی سمت ایک قدم ہے۔ مگر افسوس اس امر کا ہے کہ دعاؤں کا انبار صرف اور صرف ولایت علی کو مرکز نجات سمجھنے والوں کے گھر ہی میں ہے۔ اگرچہ کسی علم سے فیض حاصل کرنے والوں نے دعاؤں کی ہیئت میں ردوبدل کر کے اپنے مقلدین کو مطمئن کرنے کی ضرور کوشش کی مگر وہ دعائیں روح سے خالی الفاظوں کا مجموعہ نظر آتی ہیں۔

دوسری مجبوری انسانیت کا عربی سے واقفیت نہ رکھنا ہے۔ اسی سبب حضور اکرمؐ نے فرمایا ''عربی سیکھو اس لئے کہ خالق حقیقی عربی میں تم سے کلام کرتا ہے'' ظاہر ہے کہ طوطے کی رٹ کی طرح دعاؤں کا پڑھنا اور بات ہے اور اردو میں مفہوم دعا کی کیفیات سے لطف اندوز ہونا اور بات ہے۔ یہ امتیاز امام زین العابدینؑ کو حاصل ہے کہ آپؑ نے دعاؤں کے توسط سے تعلیمات اسلامی کو اس طرح پیش کیا کہ دنیا محو حیرت ہے۔ اگر انسان واجبات کی ادائیگی میں درج ذیل روزانہ کی دعا و نقش کو اپنا معمول بنالے۔ اگر عربی نہیں پڑھ سکتا تو اردو ترجمے کو ہی اپنے ورد کا محور قرار دے لے تو انشاء اللہ ہر دن کے بدا ثرات اور گردش لیل و نہار کی سختیوں سے یقینی اپنے کو محفوظ رکھنے میں کامیاب ہو جائے گا۔ شرط عمل کرنے کی ہے توجہ دینے کی بات ہے فکر سے گوشوں کے مفہوم پر نگاہ رکھنے کی ہے۔ آخر میں دعا گو ہوں کہ اس پر آشوب دور میں جن دعاؤں کو ترجمہ کے ساتھ پیش کیا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ معصومینؑ کے صدقے میں ہر فرد کو توفیق حقیقی عطا فرمائے کہ وہ ان سے استفادہ حاصل کر سکیں۔ ان دعاؤں کی فوٹو کاپیاں کروا کر عزیز و اقارب میں تقسیم کر کے ان کے دکھوں کا مداوا کر سکیں۔ آمین۔ ثم آمین

بروز جمعرات

جو شخص اس نقش کو بروز جمعرات دیکھے اس کو دولت و مال ملے اور عزت ملے۔ کارہائے آخرت بہتر ہوں، مصائب سے نجات حاصل ہو۔

یا سُبُّوحُ	یا فَتَّاحُ	یا اَللّٰہُ	یا وَدُوْدُ	یا قُدُّوسُ
۲۰۲	۷	۱۰۰	۲۱	۱
۲	۳	۱۳	۶	۱۲
وا	و	ع	ع	ھ
۲	ع	و۱۲	و	۲
۳	۳	۳۱	۸	۹ء

روزانہ

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَ بِحَمْدِہٖ

پاک و منزہ ہے اللہ اور میں اسی کی حمد کرتا ہوں۔ پاک ہے اللہ عظمت والا اور اسی کی حمد کرتا ہوں۔ تین مرتبہ مذکورہ تسبیح پڑھے پھر اس نقش کو دیکھے۔

۱۸۱۱۲	۲۲۱	۱۱ع۱	۱۱م	۷۱۱۸
۲۱۲۱ع۸	۱۲۲۲	۱۱۵	۷۱ع۵	۱۸ ع
۱۹ع	۷۲ع۱۱	۴۳۱	۹۱۱	۱۷۱۱
۱۱۱۹	ص ۸۱	۹ی۱۱	۵۱۱۹	۹۱۹
۱ لا ۱	۱۱۳۹	۱۲ و	۱۱۱ ۱۱۱	۴۲۱۵۶
لا ۱	۱۱ء	۱۱۹۹	۱۲۰	ع ۱۱

جمعرات کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ الَّیْلَ مُظْلِمًا بِقُدْرَتِهٖ وَجَآءَ بِالنَّهَارِ مُبْصِرًا بِرَحْمَتِهٖ وَكَسَانِیْ ضِیَآءَهٗ وَاَنَا فِیْ نِعْمَتِهٖ، اَللّٰهُمَّ فَكَمَآ اَبْقَیْتَنِیْ لَهٗ فَاَبْقِنِیْ لَاَمْثَالِهٖ وَ صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَلَا تَفْجَعْنِیْ فِیْهِ وَ فِیْ غَیْرِهٖ مِنَ اللَّیَالِیْ وَالْاَیَّامِ بِارْتِكَابِ الْمَحَارِمِ وَاكْتِسَابِ الْمَاٰثِمِ وَارْزُقْنِیْ خَیْرَهٗ وَ خَیْرَمَا فِیْهِ وَ خَیْرَمَا بَعْدَهٗ وَاصْرِفْ عَنِّیْ شَرَّهٗ وَ شَرَّمَا فِیْهِ وَ شَرَّمَا بَعْدَهٗ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ بِذِمَّةِ الْاِسْلَامِ اَتَوَسَّلُ اِلَیْكَ وَ بِحُرْمَةِ الْقُرْاٰنِ اَعْتَمِدُ عَلَیْكَ وَ بِمُحَمَّدٍ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ اَسْتَشْفِعُ لَدَیْكَ فَاعْرِفِ اللّٰهُمَّ ذِمَّتِیَ الَّتِیْ رَجَوْتُ بِهَا قَضَآءَ حَاجَتِیْ یَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ. اَللّٰهُمَّ اقْضِ لِیْ فِی الْخَمِیْسِ خَمْسًا لَّا یَتَّسِعُ لَهَا اِلَّا كَرَمُكَ وَلَا یُطِیْقُهَا اِلَّا نِعَمُكَ سَلَامَةً اَقْوٰی بِهَا عَلٰی طَاعَتِكَ وَ عِبَادَةً اَسْتَحِقُّ بِهَا جَزِیْلَ مَثُوْبَتِكَ وَسَعَةً فِی الْحَالِ مِنَ الرِّزْقِ الْحَلَالِ وَ اَنْ تُؤْمِنَنِیْ فِیْ مَوَاقِفِ الْخَوْفِ بِاَمْنِكَ وَ تَجْعَلَنِیْ مِنْ طَوَارِقِ الْهُمُوْمِ وَالْغُمُوْمِ فِیْ حِصْنِكَ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْ تَوَسُّلِیْ بِهٖ شَافِعًا یَّوْمَ الْقِیٰمَةِ نَافِعًا اِنَّكَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ

ترجمہ: تمام تعریفیں اس اللہ کی جس نے اپنی قدرت سے رات کو اس کی تاریکیوں سمیت ہٹا دیا اور اپنی رحمت سے نور پھیلانے والا دن لایا اور دن کی روشنی مجھ پر اوڑھا کر اپنی رحمت میں شامل کر لیا یا اللہ جیسے اس دن کے لئے مجھے زندہ رکھا اسی طرح اور دنوں کے لئے بھی مجھے برقرار رکھ اور رحمت نازل فرمانی (برحق) محمدؐ اور ان کی آل پر اور مجھے اس دن اور اس کے علاوہ دوسرے شب و روز میں مبتلائے غم نہ کرنا کہ میں حرام امور کا ارتکاب کروں اور گناہ سمیٹوں اور مجھے اس دن اور جو کچھ آج کل ہونے والا ہے اس کی خوبیاں نصیب فرما اور آج اور آج کے بعد ہر شر (برائی) سے محفوظ رکھ۔ یا اللہ میں تیری بارگاہ کے لئے عہد اسلام کے وسیلہ اور حرمت قرآن کے ذریعہ اعتماد اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے تیری بارگاہ میں سفارش چاہتا ہوں۔ یا اللہ! میری اس ضمانت و عہد کو دیکھ لے جن کے وسیلے سے میں اپنی تمنائیں پوری کرنے کی آرزو رکھتا ہوں اے رحم الراحمین۔ یا اللہ! جمعرات (پنجشنبہ) میں میری پانچ ایسی خواہشیں پوری کر دے جو تیرے کرم کے سوا کسی کے بس کی نہیں اور تیری نعمتوں کے علاوہ انہیں کوئی برداشت نہیں کر سکتا (وہ پانچ تمنائیں یہ ہیں) صحت و سلامتی جس کے سہارے تیری فرمانبرداری میں تقویت حاصل کروں اور عبادت جس کی بنا پر تیرے ثواب بے حساب کا مستحق ہوں اور حلال روزی عطا کر کے مجھے خوش حال کر دے اور مجھے اپنے امن خاص سے خوف کے مقامات میں امن و سکون عطا فرما اور رنج و غم کے حملوں میں مجھے اپنے قلعہ (پناہ) میں رکھنا اور محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور حضورؐ سے میرے توسل کو قیامت کے روز شفاعت کرنے والا بنا۔ بے شک تو سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔

بروز جمعته المبارك

بروز جمعہ اس نقش کو دیکھنے سے خلائق میں محترم ہوگا، دشمن دوست ہو جائے، ہر طرح محفوظ رہے گا۔

ملیقا	ملیقا	الت تعلم	ما فی قلوبهم	ملیقا
۱	ع ۱	۲	ع	۱۸
ع	د ع ه ه	۵۵۷۸	۱۲	۱۲
۷۲	ع	۱۲	ع ه	۱۳
ه ۲ ه	ع	۱۳۱	ع و ا	۳ ی
لَآ اِلٰهَ	اِلَّا اللّٰهُ	مُحَمَّدٌ	رَّسُوْلُ	اللّٰهِ

روزانه

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَ بِحَمْدِهٖ

پاک و منزہ ہے اللہ اور میں اسی کی حمد کرتا ہوں۔ پاک ہے اللہ عظمت والا اور اسی کی حمد کرتا ہوں۔ تین مرتبہ مذکورہ تسبیح پڑھے پھر اس نقش کو دیکھے۔

۱۸۱۱۲	۲۲۱	۱ ع ۱۱ م	۱۱ م	۷۱۱۸
۲۱۲۱ ع ۸	۱۲۲۲	۱۱۵	۱۷۱ ع ۵	۱۸ ع
۱۹ ع	۷۲ ع ۱۱	۴۳۱ م	۹۱۱	۱۷۱۱
۱۱۱۹	ص ۸۱	۹ ی ۱۱	۵۱۱۹	۹۱۹
۱ لا ۱	۱۱۳۹	۱۲ و	۱۱۱۱۱۱	۴۲۱۵۶
لا ۱	۱۱ ء	۱۱۹۹	۱۲۰	۱ ع ۱۱ ۱

جمعته المبارك کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْاَوَّلِ قَبْلَ الْاِنْشَآءِ وَالْاِحْیَآءِ وَالْاٰخِرِ بَعْدَ فَنَآءِ الْاَشْیَآءِ الْعَلِیْمِ الَّذِیْ لَا یَنْسٰی مَنْ ذَكَرَهٗ وَلَا یَنْقُصُ مَنْ شَكَرَهٗ وَلَا یُخَیِّبُ مَنْ دَعَاهُ وَلَا یَقْطَعُ رَجَآءَ مَنْ رَّجَاهُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اُشْهِدُكَ وَكَفٰی بِكَ شَهِیْدًا وَّ اُشْهِدُ جَمِیْعَ مَلَآئِكَتِكَ وَسُكَّانَ سَمٰوٰتِكَ وَحَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَنْ بَعَثْتَ مِنْ اَنْبِیَآئِكَ وَرُسُلِكَ وَاَنْشَاْتَ مِنْ اَصْنَافِ خَلْقِكَ اَنِّیْ اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ

لَا شَرِيْکَ لَکَ وَلَا عَدِيْلَ وَلَا خُلْفَ لِقَوْلِکَ وَلَا تَبْدِيْلَ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ عَبْدُکَ وَرَسُوْلُکَ اَدّٰى مَا حَمَّلْتَهٗ اِلَى الْعِبَادِ وَ جَاهَدَ فِى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ حَقَّ الْجِهَادِ وَ اَنَّهٗ بَشَّرَ بِمَا هُوَ حَقٌّ" مِّنَ الثَّوَابِ وَ اَنْذَرَ بِمَا هُوَ صِدْقٌ" مِّنَ الْعِقَابِ اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْنِىْ عَلٰى دِيْنِکَ مَآ اَحْيَيْتَنِىْ وَلَا تُزِغْ قَلْبِىْ بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنِىْ وَهَبْ لِىْ مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَةً ۚ اِنَّکَ اَنْتَ الْوَهَّابُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِىْ مِنْ اَشْيَاعِهٖ وَ شِيْعَتِهٖ وَاحْشُرْنِىْ فِىْ زُمْرَتِهٖ وَ وَفِّقْنِىْ لِاَدَآءِ فَرْضِ الْجُمُعَاتِ وَمَآ اَوْجَبْتَ عَلَىَّ فِيْهَا مِنَ الطَّاعَاتِ وَ قَسَمْتَ لِاَهْلِهَا مِنَ الْعَطَآءِ فِىْ يَوْمِ الْجَزَآءِ اِنَّکَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

ترجمہ: اس اللہ کی حمد وثنا جو پیدا کرنے اور زندگی عطا کرنے سے پہلے اور تمام چیزوں کے فنا ہونے کے بعد رہنے والا ہے۔ وہ علیم جو اپنے یاد رکھنے والوں کو نظر انداز اور اپنے شکر گزاروں کو (نعمتیں دینے میں) کمی نہیں کرتا جو اسے پکارے اسے وہ ناکام نہیں رہنے دیتا اور جو اس سے آس لگائے وہ اسے مایوس نہیں کرتا۔ یا اللہ! میں تجھے گواہ کرتا ہوں اور تیرا گواہ ہونا ہی کافی ہے اور تیرے تمام ملائکہ کو اور آسمانوں کے مکینوں اور حاملین عرش اور تیرے بھیجے ہوئے نبیوں اور رسولوں اور تیری طرح طرح کی مخلوق کو گواہ بناتا ہوں اور گواہی دیتا ہوں کہ بلاشبہ فقط تو ہی "اللہ" ہے تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں تو یکتا ہے تیرا کوئی شریک و جواب نہیں۔ تیرا قول ٹلنے اور تیرے کلمات بدلنے والا نہیں اور بلاشبہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیرے بندہ خاص اور رسول ہیں جو (پیغام) تو نے بندوں کے لئے ان کے حوالے کیا تھا وہ انہوں نے پہنچا دیا اور اللہ عزوجل کی راہ میں پوری پوری کوشش کی جو واقعی ثواب تھا اس کی بشارت دی اور جو واقعی عذاب ہے اس سے آپؐ نے ڈرایا۔ پروردگار! مجھے اپنے دین پر ثبات واستقلال عطا فرما جب تک تو مجھے زندہ رکھنا چاہتا ہے میرے دل کو اپنی رہنمائی کے بعد گمراہ نہ ہونے دے اور مجھے اپنے خزانے سے رحمت عطا فرما۔ بلاشبہ تو سب سے زیادہ انعام دینے والا ہے۔ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اور آل محمد پر رحمت فرما اور مجھے آنحضرتؐ کے پیروکاروں اور شیعوں میں شمار فرما اور مجھے ان کے حلقہ میں محشور فرما۔ مجھے جمعہ کے فرائض اور اس دن کی واجب کردہ اطاعتوں کو انجام دینے اور اہل اطاعت کے لئے جو انعامات تو روز جزا تقسیم فرمائے گا انہیں حاصل کرنے کی توفیق عطا فرما۔ بلاشک وشبہ تو صاحب اقتدار اور حکمت والا ہے۔

بروز ہفتہ

بروز ہفتہ اس نقش کو دیکھنے سے اللہ تعالیٰ اس کو سلاطین اور افسروں کے خوف سے محفوظ رکھے گا اور پورے ہفتے بلاؤں سے مامون رہیگا۔

وَ اُفَوِّضُ	اَمْرِیْ	اِلَی اللّٰہِ	اِنَّ اللّٰہَ	بِعِبَادِہٖ بِالْعِبَادِ
مُحَمَّدٌ عَلِیٌّ	۵۳	۷ء	۱۲۲	۷
۱۷۳	مہ	۱۲	ع	۱۷
ء	۷۵	۸۱۷۰	و ا	۱۷
۱۸	۱۷	ءو	ع	۱۰۷۱
لَآ	اِلٰہَ	اِلَّا اللّٰہُ	مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ	اللّٰہ

روزانہ

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَ بِحَمْدِهٖ

پاک ومنزہ ہے اللہ اور میں اسی کی حمد کرتا ہوں۔ پاک ہے اللہ عظمت والا اور اسی کی حمد کرتا ہوں۔ تین مرتبہ مذکورہ تسبیح پڑھے پھر اس نقش کو دیکھے۔

۷۱۱۸	۱۱م	۱۱ع ام	۲۲۱	۱۸۱۱۲
۱۸ ع	۵ع ۷۱	۱۱۵	۱۲۲۲	۲۱۲۱ع۸
۱۷۱۱	۹۱۱	۴۳۱	۱۱ ع۷۲	ع ۱۹
۹۱۹	۵۱۱۹	۹ی ۱۱	ص ۸۱	۱۱۱۹
۴۲۱۵۶	۱۱۱۱۱۱	۱۲ و	۱۱۳۹	۱ ۷۱
۱۱ع ا	۱۲۰	۱۱۹۹	۱۱ء	۱ ۷

ہفتہ کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ كَلِمَةِ الْمُعْتَصِمِيْنَ وَمَقَالَةِ الْمُتَحَرِّزِيْنَ وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ تَعَالٰى مِنْ جَوْرِ الْجَآئِرِيْنَ وَكَيْدِ الْحَاسِدِيْنَ وَبَغْيِ الظَّالِمِيْنَ وَاَحْمَدُهٗ فَوْقَ حَمْدِ الْحَامِدِيْنَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْوَاحِدُ بِلَا شَرِيْكٍ وَّ الْمَلِكُ بِلَا تَمْلِيْكٍ لَا تُضَادُّ فِىْ حُكْمِکَ وَلَا تُنَازَعُ فِىْ مُلْكِکَ اَسْئَلُکَ اَنْ تُصَلِّىَ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَاَنْ تُوْزِعَنِىْ مِنْ شُكْرِ نُعْمَاکَ مَا تَبْلُغُ بِىْ غَايَةَ رِضَاکَ وَ اَنْ تُعِيْنَنِىْ عَلٰى طَاعَتِکَ وَلُزُوْمِ عِبَادَتِکَ وَاسْتِحْقَاقِ مَثُوْبَتِکَ بِلُطْفِ عِنَايَتِکَ وَتَرْحَمَنِىْ بِصَدِّىْ عَنْ مَّعَاصِيْکَ مَآ اَحْيَيْتَنِىْ وَتُوَفِّقَنِىْ لِمَا يَنْفَعُنِىْ مَآ اَبْقَيْتَنِىْ وَ اَنْ تَشْرَحَ بِكِتَابِکَ صَدْرِىْ وَ تَحُطَّ بِتِلَاوَتِهٖ وِزْرِىْ وَتَمْنَحَنِى السَّلَامَةَ فِىْ دِيْنِىْ وَ نَفْسِىْ وَلَا تُوْحِشَ بِىْ اَهْلَ اُنْسِىْ وَتُتِمَّ اِحْسَانَکَ فِيْمَا بَقِىَ مِنْ عُمْرِىْ كَمَآ اَحْسَنْتَ فِيْمَا مَضٰى مِنْهُ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۔

ترجمہ: بسم اللہ جو حفاظت چاہنے والوں کا تکیہ کلام اور حفاظت کے خواہشمندوں کا قول ہے میں اللہ کے ذریعہ پناہ مانگتا ہوں ظالموں کے ظلم، حاسدوں کے مکر اور سرکشوں کی سرکشی سے۔ میں اس معبود کی حمد کرتا ہوں (ایسی حمد) جو حمد کرنے والوں کی حمد سے بڑھ چڑھ کر ہو۔ بارالٰہا! تو یکتا و لاشریک ہے تو کسی کے مالک بنائے بغیر مالک ہے نہ تیرے فرمان کی مخالفت ہو سکتی ہے اور نہ تیرے ملک میں کوئی تیرا حریف و فریق ہو سکتا ہے میں دعا کرتا ہوں تو اپنے خاص بندے اور رسول محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت نازل فرما اور مجھے اپنی نعمتوں کے شکریہ میں وہ رحمت عطا فرما جو مجھے تیری انتہائے خوشنودی تک پہنچا دے اور تیرے لطف و عنایت سے مجھے تیری اطاعت اور عبادت کا پابند اور ثواب کا مستحق بنانے میں میری مدد کرے، تو مجھ پر رحم فرما اور جب تک زندہ رکھنا چاہے اس وقت تک مجھے اپنی نافرمانیوں سے باز رکھ اور جب تک مجھے باقی رکھنا منظور ہو اس وقت تک انہی کاموں کی توفیق دے جو نفع بخش ہوں اور اپنی کتاب کے ذریعے میرا سینہ کھول دے اور اس کی تلاوت کے ذریعے میرے گناہوں کا بوجھ ہلکا فرما دے۔ مجھے دین اور جان کی سلامتی مرحمت فرما مجھ سے محبت رکھنے والوں کو میرے اعمال کی بدولت پریشان نہ فرما اور میری باقی زندگی میں تو اسی طرح اپنے احسانوں کی تکمیل فرما جیسے میری گزشتہ زندگی میں تو نے احسانات جاری رکھے اے رحم کرنیوالوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

بروز اتوار

جو شخص بروز اتوار اس نقش کو دیکھے اس کے امور دنیا و آخرت میں آسانی پیدا ہوگی، دشمن زیر دست ہوگا، جہنم سے نجات پائیگا، لوگوں میں محترم رہیگا۔

اِنَّا فَتَحْنَا	لَکَ فَتْحاً	مُبِیْنًا	یَاسُبُّوْحُ	یَا قُدُّوْسُ
۱	۱۱ء۱	۹۷	۱۸۱	۲۵۸
۸۷	۷	۲	۵۹۵	ءو
ع	ع۱۸	۲ و ۱	۱ء۵	۵ع۵۵
۲ و ۱	ءو	صح	ع ۱	۱۸
لَا	اِلٰہَ	اِلَّا اللّٰہُ	مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ	اللّٰہِ

روزانہ

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ بِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَ بِحَمْدِہٖ

پاک و منزہ ہے اللہ اور میں اسی کی حمد کرتا ہوں۔ پاک ہے اللہ عظمت والا اور اسی کی حمد کرتا ہوں۔ تین مرتبہ مذکورہ تسبیح پڑھے پھر اس نقش کو دیکھے۔

۷۱۱۸	۳۱۱	۱ع۱۱م	۲۲۱	۱۸۱۱۲
۱۸ ع	۱۷ع۵	۱۱۵	۱۲۲۲	۲۱۲۱ع۸
۱۷۱۱	۹۱۱	۴۳۱	۱۱ع۷۲	ع۱۹
۹۱۹	۵۱۱۹	۹ی۱۱	ص ۸۱	۱۱۱۹
۴۲۱۵۶	۱۱۱ ۱۱۱	۱۲ و	۱۱۳۹	۱ ۱ ۱
۱ع۱۱	۱۲۰	۱۱۹۹	۱۱ء	۱ ۱

اتوار کی دعا

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَآ اَرْجُوْٓ اِلَّا فَضْلَہٗ وَلَآ اَخْشٰی اِلَّا عَدْلَہٗ وَلَآ اَعْتَمِدُ اِلَّا قَوْلَہٗ وَلَآ اُمْسِکُ اِلَّا بِحَبْلِہٖ ۔ بِکَ اَسْتَجِیْرُ یَاذَا الْعَفْوِ وَالرِّضْوَانِ مِنَ الظُّلْمِ وَالْعُدْوَانِ وَ مِنْ غِیَرِ الزَّمَانِ وَ تَوَاتُرِ الْاَحْزَانِ وَطَوَارِقِ الْحَدَثَانِ وَ مِنِ انْقِضَآءِ الْمُدَّۃِ قَبْلَ التَّاَھُّبِ وَالْعُدَّۃِ وَ اِیَاکَ اَسْتَرْشِدُ لِمَا فِیْہِ الصَّلَاحُ وَالْاِصْلَاحُ وَ بِکَ اَسْتَعِیْنُ فِیْمَا یُقْتَرَنُ بِہِ النَّجَاحُ وَالْاِنْجَاحُ وَ اِیَّاکَ اَرْغَبُ فِیْ لِبَاسِ الْعَافِیَۃِ وَتَمَامِھَا وَشُمُوْلِ السَّلَامَۃِ وَ دَوَامِھَا ۔ اَعُوْذُ بِکَ یَا رَبِّ مِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیٰطِیْنِ وَاَحْتَرِزُ بِسُلْطَانِکَ مِنْ جَوْرِ السَّلَاطِیْنِ فَتَقَبَّلْ مَا کَانَ مِنْ صَلٰوتِیْ وَ صَوْمِیْ وَاجْعَلْ غَدِیْ وَمَا بَعْدَہٗ اَفْضَلَ مِنْ سَاعَتِیْ وَیَوْمِیْ وَاَعِزَّنِیْ فِیْ عَشِیْرَتِیْ وَ قَوْمِیْ وَاحْفَظْنِیْ فِیْ یَقْظَتِیْ وَنَوْمِیْ فَاَنْتَ اللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْرَاُ اِلَیْکَ فِیْ یَوْمِیْ ھٰذَا وَمَا بَعْدَہٗ مِنَ الْاَحَادِ مِنَ الشِّرْکِ وَالْاِلْحَادِ وَ اُخْلِصُ لَکَ دُعَآئِیْ تَعَرُّضًا لِلْاِجَابَۃِ وَ اُقِیْمُ عَلٰی طَاعَتِکَ رَجَآءَ لِلْاِثَابَۃِ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَیْرِ خَلْقِکَ الدَّاعِیْ اِلٰی حَقِّکَ وَ اَعِزَّنِیْ بِعِزِّکَ الَّذِیْ لَا یُضَامُ وَاحْفَظْنِیْ بِعَیْنِکَ الَّتِیْ لَا تَنَامُ وَاخْتِمْ بِالْاِنْقِطَاعِ اِلَیْکَ اَمْرِیْ وَ بِالْمَغْفِرَۃِ عُمْرِیْ اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ

ترجمہ: اللہ کے نام سے کہ میں صرف اسی کے فضل کا امیدوار ہوں میں صرف اسی کے عدل سے ڈرتا ہوں اور صرف اسی کے وعدہ پر بھروسہ کرتا ہوں اور صرف اسی کے رشتہ سے وابستہ ہوں میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں اے معافی و خوشنودی کے مالک! ظلم و سرکشی سے دنیا کی تیز قینچیوں سے نگاہ بازگشت سے اور نازل ہونے والے حادثوں سے اور اس بات سے کہ تیار اور کمربستہ ہونے سے پہلے مدت (زندگی) ختم ہو جائے اور میں صرف تجھ ہی سے ان باتوں میں رہنمائی چاہتا ہوں جن میں بھلائی اور اصلاح احوال ہو اور تجھ سے ان چیزوں میں مدد چاہتا ہوں جن کی بدولت نجات اور کامیابی ہو اور صرف تجھ سے خواہش کرتا ہوں کہ عافیت کا لباس اور اس کی تکمیل اور سلامتی شامل حال اور اس کا دوام عطا ہو۔ اے پروردگار! میں شیطان کے وسوسوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور تیرے اقتدار کی مدد سے بادشاہوں کے جور سے بچنا چاہتا ہوں میری نماز اور میرا روزہ جیسا بھی ہے قبول فرما

اور میرا آنے والا دن اور مستقبل میرے اس لمحے اور اس دن سے بہتر بنا دے اور مجھے میری قوم اور قبیلے میں معزز قرار دے اور مجھے سوتے جاگتے میں محفوظ رکھ اس لئے کہ اے اللہ تو بہترین حفاظت کرنیوالا اور تو ہی سب مہربانوں سے زیادہ رحم کرنیوالا ہے یا اللہ میں تیرے حضور آج کے دن اور آج کے بعد آنے والی اتواروں میں شرک اور الحاد (بے دینی) سے لاتعلقی کا اظہار کرتا ہوں اور اپنی دعا کو فقط تیرے لئے مخصوص کرتا ہوں قبول ہونے کے لئے اور تیری اطاعت پر ثابت قدم ہوتا ہوں ثواب کی امید میں محمد مصطفیٰ پر رحمت نازل فرما کہ آپ تیری مخلوق میں سب سے بہتر اور تیرے حق (اسلام) کے داعی ہیں اور مجھے اپنی ایسی عزت سے معزز فرما جسے ذلت سے بدلا نہیں جا سکتا اور میری حفاظت فرما اپنی اس نگاہ کرم کے ذریعے جسے غفلت نہیں ہوتی اور میرے معاملات اپنے حضور میں مکمل وابستگی پر اور میری زندگی مغفرت پر تمام کر یقیناً تو بہت بخشنے والا اور بہت رحم کرنے والا ہے۔

بروز پیر

جو شخص بروز پیر اس نقش کو دیکھے اللہ تعالیٰ کی مہربانی سے لوگوں میں پسندیدہ ہوگا۔ ارضی وسماوی بلاؤں سے مامون رہیگا، دعائیں قبول ہونگی۔

نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ	فَتْحٌ قَرِيْبٌ	بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ	حفظ الله عمر	وارحم لرامسن
۱	۱۸۱	۸	۷	۱۵
۸	ع	۷	۱۷۳	۵ عـه
ء	ع ۱	۲۷۲	۷	۷ ء
۲ء	۱۸	ع ۳	۷	ع ۷۱
لَآ اِلٰهَ	اِلَّا اللّٰهُ	مُحَمَّدٌ	رَّسُوْلُ	اللّٰهِ

روزانہ

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَ بِحَمْدِهٖ

پاک وہ ذات ہے اللہ اور میں اسی کی حمد کرتا ہوں۔ پاک ہے اللہ عظمت والا اور اسی کی حمد کرتا ہوں۔ تین مرتبہ مذکورہ تسبیح پڑھے پھر اس نقش کو دیکھے۔

۱۸۱۱۲	۲۲۱	۱ع ۱۱م	۳۱۱	۷۱۱۸
۲۱۲۱ع۸	۱۲۲۲	۱۱۵	۱۷ع۵	۱۸ ع
ع ۱۹	۷۲ع ۱۱	۴۳۱	۹۱۱	۱۷۱۱
۱۱۱۹	ص ۸۱	۹ی ۱۱	۵۱۱۹	۹۱۹
۱۷۱	۱۱۳۹	۱۲ و	۱۱۱ ۱۱۱	۴۲۱۵۶
۱۷	۱۱ء	۱۱۹۹	۱۲۰	۱ع ۱۱

خفیه سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد بارہویں کا حاکم ستارہ مریخ 3 جنوری تا 15 فروری آٹھویں نحس گھر میں رہنے سے خفیہ دُشمن آشکار ہوں اور آپ اپنی ہمت وذہانت سے دشمنوں کے منصوبوں کو ناکام بنا سکیں گے۔ 16 فروری تا 31 مارچ ستارہ مریخ شرف یافتہ رہتے ہوئے عبادت وریاضت چلہ کشی بیرونِ ملک ہجرت یا حصول امیگریشن کیلئے اپلائی کرنا بہت نیک رہے گا۔ 31 مارچ تا 12 مئی مریخ بارہویں سے بارہویں گھر رہے۔ یہ عرصہ بڑھتے ہوئے اخراجات پر قابو پانے کیلئے نیک تاہم بچوں کی تعلیم وتربیت اور شادی پر ضروری اخراجات پیش آسکتے ہیں۔ اور اس کا تسلسل 28 جون تا 31 دسمبر جاری رہے گا۔ مریخ 2020ء میں طویل عرصہ بارہویں رہتے ہوئے بے چینی ناگہانی اخراجات ومسائل۔ دشمنوں کی سازشوں سے محتاط رہیں۔ مریخ زہرہ نحس نظرات 28,27,26,25 جنوری، 4,3,2 جون، 5,4,3 ستمبر، 10,9 نومبر بننے سے ذہنی دباؤ ڈپریشن اور خرابی صحت جیسے مسائل پیش آسکتے ہیں اپنی صحت کا مناسب خیال رکھنے کی وجہ سے آپ کو کچھ عرصہ اپنے گھر یا ہسپتال کی ضرورت ہوگی۔ اس سے قبل کہ ایسا ہو محتاط طرز زندگی۔ محتاط روز وشب آرام اور صدقات سے ان خدشات بہتر کیا جا سکتا ہے۔

ثوری مرد وزن پر گرھنوں کے اثرات:۔ 2020ء میں 4 چاند اور 2 سورج گرہن لگیں گے۔ اِن کے ناقص اثرات گرہن لگنے سے 15 دن قبل تا بعد محتاط رہتے ہوئے دو نفل نماز خسوف (چاند) اور دو نفل نماز کسوف (سورج) ادا کریں۔ 11 جنوری چاند گرہن، 21 جون سورج گرہن شمسی زائچہ کے تیسرے لگنے سے عزیز واقارب بہن بھائیوں سے اختلاف رائے سے بچیں اور ان کی ممکنہ فرمائش پوری کرسکیں۔ اور ایسا صلہ رحمی کے طور پر ضرور کریں۔ 6 جون چاند گرہن اور 14 دسمبر سورج گرہن شمسی زائچہ کے آٹھویں لگنے سے مشترکہ شراکتی کاموں میں لین دین میں دھوکہ دہی کے خدشات سے بچیں۔ 5 جولائی نویں چاند گرہن لگنے سے بیرونِ ملک سفر اشد ضرورت کے تحت کریں اور دورانِ سفر ممکنہ نحوستوں سے بچنے کیلئے متوقع خیرات بھی ضرور دیں۔ 30 نومبر خانہ مال میں چاند گرہن عزیز واقارب کی جانب سے صدقات اور مالی نقصانات کا اشارہ ہے۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) جسے نماز آیات بھی کہا جاتا ہے۔ بوقت گرہن ضرور ادا کر کے دُعاؤں کی قبولیت کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ ہر یوم گرہن صدقہ وخیرات بھی ضرور دیں۔





آپ کی شخصیت:۔ 2020ء آپ کی زندگی کا ایک اہم سال اہم ستاروں کی تبدیلی آپ کی طرز زندگی میں تبدیلیاں لائے گی۔ 22 مارچ تا 2 جولائی زحل نویں سے آٹھویں اور پھر 17 دسمبر نویں واپس آئے۔ شمسی زائچہ میں یہ برج جدی اور دلو دونوں زحل کے اپنے ہی گھر ہیں جبکہ 5 مئی طالع میں راہو اور ساتویں میں کیتو آئندہ ڈیڑھ سال کیلئے آجائیں گے۔ اور 19 دسمبر مشتری بھی آئندہ ایک سال کیلئے نویں گھر میں آجائے گا۔ ستاروں کی یہ تبدیلی آپ کے روزمرہ کاموں میں مثبت تبدیلی لا سکتے ہیں۔ اپنے روحانی و دنیاوی علم میں اضافہ کر کے یا پھر سارا سال تفسیر قرآن کا مطالعہ کرنا آپ اپنی زندگی میں کامیابیوں کو اپنے قریب تر لا سکتے ہیں۔ اساتذہ بزرگوں کی مشاورت بھی آپ کو روزمرہ زندگی کے مسائل کو حل کرنے میں معاون ثابت ہو سکتی ہے۔ شمسی زائچہ کے چاروں اوتاد کے حاکم ستارے عطارد اور مشتری کی سعد نظرات 3,2 جنوری، 9,8,7 اپریل، 11,10 مئی، 30,29 اگست، 30,29,28 نومبر بننے سے ان ایام میں آپ مستقل مزاجی سے اپنے دنیاوی اور روحانی مقاصد بآسانی پا کر کامیاب زندگی گزارنے کے ہنر سے آشنا ہو سکتے ہیں۔ تاہم عطارد مشتری نحس نظرات 26,25 اپریل، 31,30 جولائی اور 18,17,16 ستمبر بننے سے اپنے اہم کاموں میں محتاط رہیں۔ تب آپ کی کوئی ذہانت آپ کے کام نہ آسکے۔ ہر کام کو اپنے ہاتھ میں لینے کے بجائے کبھی کبھی قدرت پر بھی چھوڑ دیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ گزشتہ سال سے 5 مئی 2020ء تک راہو کی خانہ مال مقابلہ کیتو نے آپ کے مالی اخراجات پر جو دباؤ قائم رکھا ہوا ہے اس تبدیلی راہو کیتو سے آپ کو قدرے سکھ نصیب ہوگا۔ خانہ مال کا حاکم ستارہ قمر 2020ء میں ہر ماہ شرفی وعروجی پوزیشن میں آنے کے سبب آپ کو وقفہ وقفہ سے مالی سعادتوں سے نوازتا رہے اور درپیش مشکلات کو حل کرنے کی صلاحیت برقرار رہنے سے اس سال اخراجات و آمدن میں توازن برقرار رکھ سکیں جبکہ سال کے ابتداء سے ہی آٹھویں 6 ستاروں کی نشست آپ کے خانہ مال کو ناظر رہیں تو اس بات کی نشاندہی ہوتی ہے کہ مالی پلاننگ کی اشد ضرورت اور غیر ضروری انوسٹمنٹ سے گریز اور مخلصین اور تجربہ کار افراد کے تجربات سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے اپنا وقت اور پیسہ دونوں بچا سکیں۔ اس سال اہم ستارے راہو کیتو کی 5 مئی کو برج کی تبدیلی سے اس سال کے مئی تا دسمبر تک کے ماہ مالی آمدن میں درپیش رکاوٹوں کے خاتمہ کا وقت ہو اور ماضی میں اللہ سے کی گئی تجارت کا حقیقی معنوں میں ثمر ملے تو سال کے یہ ایام آپ کیلئے مالی سعادتوں سے بھرپور رہیں اور تب مالی اسکیموں میں حصہ لینا بھی آپ کیلئے کسی نعمت سے کم ثابت نہ ہو۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ شمس ابتداء سال میں آٹھویں نحس گھر دیگر پانچ کواکب کے اجتماع عطارد زحل مشتری کیتو کے ہونے کے سبب عزیز و اقارب بہن بھائیوں پڑوسیوں کے ساتھ بلاوجہ اختلاف رائے بدمزگی تنازعے پیش آنے کے خدشات کے سبب آپ پر لازم ہوگا کہ آپ اپنی طبیعت کے برعکس درگذر صبر و تحمل سے کام لیں ورنہ خواہ مخواہ کے جھگڑے بڑھنے سے آپ ذہنی مسائل و پریشانیوں کا شکار ہو سکتے ہیں۔ 2020ء میں ایک چپ سو سکھ والا مقولہ یاد رہیں۔ خصوصاً شمس کے کمزور ایام 2020ء نوٹ فرمالیں یکم جنوری تا 19 فروری، 22 ستمبر تا 22 اکتوبر، 21 تا 31 دسمبر ان ایام میں قریبی افراد سے تعلقات اور اندرون ملک شہر ٹو شہر سفر کرنے سے قبل اپنے ضروری کاغذات اور گاڑی کا ضرور چیک اَپ کروالیں۔ ستارہ شمس 20 مارچ تا 19 اپریل شرف یافتہ 22 جولائی تا 22 اگست عروج یافتہ تب عزیز و اقارب سے تجدید مراسم ناراض احباب سے صلح و صفائی خوشگوار تعلقات پھر سے بحال و قائم ہو سکیں گے۔ آپ کے پڑوسی بھی بدل سکتے ہیں۔ ان دنوں انکی آمد ہوئی تو آپ کا ان سے اور انکا آپ سے حسن سلوک دوستانہ ہوگا۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ وتد الارض اور طالع کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں آٹھویں نحس گھر دیگر پانچ ستاروں کے ہونے سے اندرون خاندان بعض حساس نوعیت کے معاملات زیر غور ہونگے۔ اہل خاندان یا اہل خانہ کے لئے مشکل فیصلے بھی کرنے پڑیں تو سمجھداری سے کریں اور مسائل بڑھنے نہ دیں ورنہ بقایا سارا سال ناخوشگواری میں گذر سکتا ہے۔ **2020ء** میں ستاروں کی نشست کے اعتبار سے نظر بد جادو ٹونہ سے بچنے کے لئے صدقہ خیرات سارا سال وقفہ وقفہ سے کرتے رہیں۔ **2020ء** میں عطارد رجعت (اُلٹا) **17** فروری تا **10** مارچ، **18** جون تا **12** جولائی اور **14** اکتوبر تا **3** نومبر اس عرصہ میں اپنے التواء میں پڑے ہوئے کاموں کو مکمل کرنے کی کوشش کریں۔ رہائشی تزئین وآرائش اور اپنی گاڑی کا مکمل چیک اَپ بھی ضرور کروائیں۔ زراعت باغبانی سے تعلق رکھنے والے اپنی کاشت کاری سے بہتر نتائج حاصل کرنے کیلئے اس سال کچھ زیادہ ہی آپ کو محنت کرنی ہوگی۔ ستارہ عطارد **3** فروری تا **4** مارچ، **16** مارچ تا **11** اپریل اور **2** تا **21** دسمبر کمزور پوزیشن میں رہے گا تب بھی بعض اہم خاندانی فیصلے تبدیل کرنے پڑ سکتے ہیں۔ اہم اور نیک اور خوش بخت ایام **12** سے **28** مئی، **20** اگست سے **6** ستمبر ستارہ عطارد شرف یافتہ اور **7** ستمبر تا یکم دسمبر۔ ستارہ عطارد اوج یافتہ رہے۔ مندرجہ بالا سال کے یہ بھی ایام خوش بخت زمین جائیداد کی خرید وفروخت اور بعض اہم خانگی یا خاندانی کام جو عرصہ دراز سے التواء کا شکار چلے آرہے تھے اب ان کی تکمیل کا وقت آن پہنچا ہے۔

اولاد، انعامات ومحبت:۔ بیت الاولاد کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء سال نویں نصیب کے گھر میں اور پھر **13** جنوری تا **8** فروری یہ شرف یافتہ رہے۔ صاحب اولاد افراد کو اپنے بچوں کے تعلیمی کیریئر پر خوشی محسوس ہو۔ بچوں کی تعلیم وتربیت ہائر ایجوکیشن کیلئے ان کو بیرون ملک بھجوانے اور ان کی شادی بیاہ کے انتظامات کرنے کیلئے **2020ء** ایک نہایت اہم سال دکھائی دیتا ہے۔ معاملات اُلفت ومحبت اور آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی محبت اور شادی میں جلد بدل سکتی ہے۔ بشرطیکہ آپ اس کے خواہاں بھی ہوں۔ **5** مارچ تا **13** اپریل اور **28** اکتوبر تا **21** نومبر آپ کے شعور وادراک میں اضافہ، علم وادب میں دلچسپی اور جدت زمانہ کے ساتھ آپ کی انٹرنیٹ سے مثبت دوستی آپ کے علم میں اضافہ کا باعث بنے۔ **13** تا **25** مئی زہرہ رجعت (اُلٹا) **8** فروری تا **4** مارچ اور **21** نومبر تا **15** دسمبر زہرہ وبال یافتہ رہے۔ تب بازاری قسم کی محبت ٹیلیفون کال پر فضول قسم کی دوستیاں۔ آپ کی بے عزتی اور رسوائی کا سبب بن سکتی ہیں۔ ان ایام میں جنس مخالف کے دام فریب میں آنے سے بھی بچیں اور اپنا قیمتی وقت اور روپیہ کسی اچھے کام میں صرف کریں۔ انٹرنیشنل لاٹریوں اور پرائز بانڈز میں حصہ لینے کے شوقین جوزوی **26,25,24** جنوری، **27,26,25** فروری، **5,4** مارچ، **19,18,17** اپریل، **23,22** مئی، **18,17,16** اگست، **29,28,6,5,4,3** ستمبر، **13,12,11** اکتوبر، **16,15,14** دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے شرف شمس **9,8** اپریل اور اوج شمس **12,11** جولائی بھی نہایت اہم تواریخ۔ حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام لکی نمبرز'' آئینہ قسمت میں **2020ء** کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔

صحت وامراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ مریخ ابتداء سال میں اپنے ہی گھر ہونے سے اور بعد ازاں ستارہ مریخ **16** فروری تا **20** مارچ شرف یافتہ، **13** مئی تا **27** جون اوج یافتہ جبکہ **28** جون تا **7** جنوری **2021ء** طویل عرصہ یہ طالع میں رہے۔ صحت وتندرستی کے مسائل شفاء کی جانب جائیں۔ **2020ء** آپ اپنے روزمرہ کے معمولات زندگی میں صحت وتندرستی حفظان صحت اپنی ادویہ واغذیہ، پھلوں کے رس، ہلکی پھلکی ورزش اور اپنی صحت کا مناسب انداز میں خیال رکھتے ہوئے گزشتہ پیدا شدہ امراض سے شفاء پائیں۔ بلڈ پریشر کولیسٹرول یورک ایسڈ یا وزن بڑھنے جیسے سبھی جسمانی صحت کے مسائل پر آپ قابو پاسکیں گے۔ جواں سال مزید تندرست وصحت مند اور بڑی عمر کے جوزوی اپنی عمر سے **15,10** سال کم لگنے لگیں گے۔ بیروزگار افراد کو حسب منشاء اچھا روزگار مل جائے۔ تبدیلی ملازمت اور فرائض منصبی میں ذمہ داری سے ترقی کے مواقع ملیں۔ ایسے ہنر مند افراد جو کام سیکھ کر بیرون ملک روزگار کیلئے جانا چاہتے ہیں انہیں بھی بآسانی روزگار کے مواقع میسر آئیں۔ مقدمات اور قرض مرض پر بھی ممکنہ قابو پایا جاسکتا ہے۔ مریخ عطارد سعد نظرات **26,25,24** جنوری، **27,26,25** فروری، **20,19,18** اپریل، **18,17,16** اگست، **16,15,14** دسمبر بننے سے آپ اپنی صحت

قرض کی مشکلات پر اپنے ڈاکٹر اور بزرگوں کی مشاورت سے بآسانی قابو پا سکتے ہیں۔ مریخ عطارد نحس نظرات **12,11,10** مئی، **9,8,7** جولائی، **29,28,27,26** جولائی، **25,24,23** ستمبر ان سبھی ایام میں قرض لینا یا دینا اور کوئی تحریری قانونی معاہدہ کرنے سے گریز کریں۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ ساتویں دسویں کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری **19** دسمبر تک آٹھویں نحس گھر میں ہبوط یافتہ جبکہ **14** مئی تا **13** ستمبر رجعت اور ابتداء سال میں یہ **5** ستاروں کے اجتماع میں ہونے سے **2020**ء شادی بیاہ کے خواہاں لڑکے لڑکیاں اپنی شادی کے معاملات میں تاخیر یا رکاوٹ اگر محسوس کریں تو اپنے ہاتھ میں زرد عقیق پہننے کے علاوہ **7** جمعرات زردہ بنا کر اس پر پنجتن پاک کی نذر دلا کر اپنے شہر میں کسی درگاہ پر جمعرات کے دن جا کر صاحب مزار کو سلام اور فاتحہ پیش کرنے کے بعد درگاہ پر آئے ہوئے زائرین میں تقسیم کریں۔ شادی شدہ زوجین کے مابین شکوک وشبہات اور غلط فہمیاں جنم لے کر علیحدگی جیسی صورتحال میں آنے کے خدشات بعید از قیاس نہیں۔ شریکِ حیات یا شریکِ کار اور آپ کے مابین جب بھی کوئی غلط فہمی ہو تو اسے فوری دُور کرنے کی کوشش کریں۔ منگنی شادی طے شدہ رشتہ اور شادی خانہ آبادی ہو جانے کے لئے **2020**ء ایک آزمائش جیسا سال معلوم ہوتا ہے جنہیں صدقے وخیرات سے دُور کیا جا سکتا ہے۔ اسم اعظم "یَا وارِثُ" **707** مرتبہ اوّل آخر **11** مرتبہ درُود شریف پڑھ کر روزانہ پڑھنا معمول بنا لیں **2020**ء میں آپ کو کوئی بھی روحانی بزرگ مخلص احباب اور جو آپ کی نگاہ میں نیک عورت یا مرد ہو۔ اُس سے اپنے نیک نصیب ہونے کیلئے دُعا ضرور لیں۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف اور وراثت اور مشترکہ مفادات کا حاکم ستارہ زحل یوں تو یہاں **17** دسمبر **2020**ء تک قیام کرے گا۔ تاہم ابتداء سال سے زحل کے ہمراہ کیتو شمس مشتری عطارد اور پلوٹو کا قیام حالات کی حساسیت کی نشاندہی کرتا ہے۔ وراثتی شراکتی اور انشورنس کلیم جیسے معاملات میں گزشتہ سال کی طرح آسانی نہ ہوگی۔ **5** مئی کو ایک اہم ستارہ یا سایہ کیتو برج تبدیل کر کے ساتویں آجائے گا تو کچھ معاملات آہستہ آہستہ بہتر ہونے لگیں گے۔ مئی سے دسمبر بغیر محنت کے دولت مل سکتی ہے۔ ستارہ زحل **22** مارچ تا یکم جولائی نویں اور پھر **2** جولائی تا **16** دسمبر یہ پھر آٹھویں آجائے گا اور پھر **17** دسمبر **2020**ء تا **7** مارچ **2023**ء یہ نویں گھر رہے گا۔ زحل کی یوں بروجی تبدیلی وراثتی فیصلے قانونی طور سے یا پنچائتی طور سے آپ کے حق میں ہو سکیں گے۔ ستارہ زحل **11** مئی تا **23** ستمبر رجعت میں ہونے کے سبب کاموں میں سست روی آسکتی ہے۔ ان ایام میں اپنی جان مال کا صدقہ ضرور دیں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر یا نصیب کا حاکم ستارہ زحل **27** سال بعد اپنے گھر میں **23** مارچ **2020**ء کو آکر **7** مارچ **2023**ء تک قیام کرے گا۔ اس سال ماسوائے **2** جولائی تا **16** دسمبر یہ پھر رجعت کرتے ہوئے آٹھویں چلا جائے گا تاہم زحل کی **23** مارچ کو اپنے ہی گھر میں آمد آپ کا نصیب کھول دے گا۔ **2020**ء اور آئندہ **2023**ء تک لمبے سفر خصوصاً بیرونِ ملک کاروباری کامیاب سفر طلبہ اعلیٰ تعلیم کیلئے بیرونِ ملک فل یا ہاف اسکالرشپ پر ذرا سی کوشش کرنے سے جا سکتے ہیں۔ دیرینہ قانونی پیچیدہ معاملات حسبِ منشاء حل ہو سکیں گے۔ زیارات اور مقدس سفر مذہب وروحانیت میں آپ کی دلچسپی۔ کسی مرشد کامل یا بزرگ روحانی سے فیض ملے۔ **2020**ء اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے آپ بہترین طویل المعیاد یا جز وقتی منصوبہ بندی بآسانی کر پائیں گے۔ بزرگوں خصوصاً اپنے والد یا دادا کی رہنمائی بھی آپ کو ملے۔ زحل عطارد سعد نظرات **13,12,11** جنوری، **12,11** اپریل، **13,12** مئی، **4,3,2** ستمبر، **30** نومبر، یکم دسمبر بننے سے آپ اپنی مشکلات کو حل کرنے کیلئے بآسانی دنیاوی اور روحانی حل تلاش کر سکیں گے۔ ان ایام میں بیرونِ ملک کیا گیا سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ زحل عطارد نحس نظرات **29,28** اپریل، **4,3** اگست، **23,22** ستمبر، **31** اکتوبر تا **8** نومبر ان سبھی ایام میں اپنے قانونی مشیر سے مشاورت ضروری کریں۔ بیرونِ ملک سفر سے قبل صدقے وخیرات ضرور دیں۔

کیریئر، کاروبار، عزت ووقار:۔ بیت العزت اور کیریئر کا حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری **18** دسمبر تک شمسی زائچہ کے آٹھویں نحس گھر میں ابتداء سال میں **5** ستاروں کے اجتماع اور غروب ہونے کے سبب سال کی ابتداء کاروباری اور کیریئر کے حوالے سے کچھ بہتر انداز میں نہ ہو سکے گی۔ **2020**ء کیریئر اور عزت کے حوالے سے کوئی آسان سال معلوم نہیں ہوتا اپنے مقاصد کی تکمیل اپنی عزت کیریئر اور وقار کو بحال رکھنے کیلئے ضرورت سے زیادہ محنت کرنی

پڑے گی۔ اپنے حاسدین ومخالفین سے محتاط رہیں۔ حکومت اور بااثر لوگوں سے بھی اپنے مفادات کے حصول کیلئے آپ کو اپنا طرزِ حسن واخلاق اور ملازمتی یا ملازم پیشہ افراد کو حکام بالا کی نظر میں اپنی عزت ووقار قائم رکھنے کیلئے نہایت ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی کی ضرورت پر زور دیں۔ اپنے حاسدین اور مخالفین پر برتری لے جانے کے بجائے اپنے کام کو محنت اور مہارت سے مکمل کرنے کی صلاحیت اور قابلیت کو بڑھائیں۔ سارا سال اپنے مخلصین بزرگوں اور ہم پیشہ دوستوں سے مشاورت وقفہ وقفہ سے کرتے رہیں۔ مشتری عطارد سعد نظرات **3,2** جنوری، **9,8,7** اپریل، **12,11,10** مئی، **30,29** اگست، **30,29,28** نومبر بننے سے حل المشکلات میں قابو پانے میں آپ کو غیبی طور سے مدد ملے۔ تاہم نحس نظرات **26,25** اپریل، **31,30** جولائی **18,17,16** ستمبر بننے سے غیر ذمہ داری سے آپ کی مشکلات اچانک بڑھ سکتی ہیں ان ایام میں حسبِ توفیق صدقے وخیرات ضرور دیتے رہیں۔ اور روحانی ودنیاوی کامیابیوں کے لئے **313** مرتبہ درود شریف پڑھ کر دُعا کرتے رہیں۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ مریخ **16** فروری تا **30** مارچ شرف یافتہ، **28** جون **2020**ء تا **7** جنوری **2021**ء اپنے ہی گھر میں ایک طویل عرصہ عروج یافتہ رہنے سے آپ کی سماجی وسیاسی زندگی یا روزمرہ کاموں میں مثبت تبدیلیاں رونما ہونگی۔ آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ کی عزت توقیر اور حلقہ احباب میں وسعت ہو سکے گی۔ پرانے دوستوں سے اچانک ملاقات ناراض دوستوں سے صلح صفائی اور گلے شکوے دُور کئے جاسکتے ہیں۔ آپ کی زندگی سے کچھ بے وفا قسم کے دوست نکل جائیں گے اور ان کی جگہ نئے اور اچھے دوستوں کا اضافہ ہو سکے گا۔ جو زوجی افراد کی بعض دیرینہ خواہشات **2020**ء میں بآسانی پوری ہو سکیں گی۔ مریخ عطارد سعد نظرات **25,24** جنوری، **27,26,25** فروری، **20,19,18** اپریل، **18,17,16** اگست، **16,15,14** دسمبر بننے سے گزشتہ پیدا شدہ مشکلات پر آپ بآسانی قابو پاسکیں گے۔ بعض دیرینہ خواہشات کی تکمیل بھی ہو سکے گی۔ مریخ عطارد نحس نظرات **12,11,10** مئی، **29,28,26,9,8,7** جولائی، **25,24,23** ستمبر بننے سے دوسروں پر بھروسہ کرنے سے پہلے ان کا حسب نسب ضرور چیک کرلیں۔ اور اجنبی افراد پر قطعاً بھروسہ نہ کریں۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء سال میں نویں اور پھر **13** جنوری تا **8** فروری شرف یافتہ، **5** مئی تا **3** اپریل، **28** اکتوبر تا **21** نومبر عروج یافتہ جبکہ **3** اپریل تا **7** اگست اوج یافتہ رہے۔ بیرونِ ملک حصول امیگریشن کیلئے یہ مجموعی طور پر یہ بھی عرصہ نہایت اہم دکھائی دیتا ہے۔ **2020**ء آمدن سے زیادہ اخراجات بڑھ سکتے ہیں۔ خصوصاً **13** مئی تا **25** جون جب زہرہ طالع میں رجعت یافتہ ہوگا۔ تو یہ عرصہ اخراجات کے ساتھ ایسے ضروری اخراجات جس کا تعلق بچوں کی خوشی شادی بیاہ پر متوقع ہو اس کیلئے پہلے سے تیار رہیں۔ ضروری اخراجات ضرور کریں تاہم اسراف سے گریز کریں۔ **8** فروری تا **5** مارچ **3** تا **28** اکتوبر اور **21** نومبر تا **15** دسمبر ستارہ زہرہ وبال اور ہبوط میں ہونے سے حاسدین مخالفین آپ کے خلاف خفیہ سازشیں کر سکتے ہیں ان سے محتاط رہیں۔ حسبِ توفیق صدقہ وخیرات وقفہ وقفہ سے ضرور دیں۔

جوزوی مرد وزن پر گرہنوں کے اثرات:۔ **2020**ء میں **2** شمسی اور **4** چاند گرہن لگیں گے۔ **11** جنوری چاند گرہن اور **21** جون سورج گرہن خانہ مال میں لگنے سے کاروباری معاشی نقصانات دھوکہ دہی اور خاندانی صدمات پیش آسکتے ہیں۔ **6** جون چاند اور **14** دسمبر سورج گرہن ساتویں گھر لگنے سے شراکتی کاروباری اور ازدواجی تعلقات میں اچانک مسائل وپریشانیاں پیش آسکتی ہیں۔ **5** جولائی آٹھویں چاند گرہن لگنے سے مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے اُمور اور وراثتی جھگڑے پریشانی کا باعث بن سکتے ہیں۔ **30** نومبر طالع میں چاند گرہن لگنے سے حاسدین مخالفین آپ کی عزت اور نیک نامی اور بڑھتی ہوئی ساکھ کے خلاف سازشیں کر سکتے ہیں۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن) جیسے نماز آیات بھی کہا جاتا ہے۔ بوقت گرہن ضرور ادا کر کے دُعاؤں کی قبولیت کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ ہر یوم گرہن صدقہ وخیرات بھی ضرور دیں۔

سرطان CANCER

22 June - 23 July

ستارہ: قمر
حروف: ح ہ
دن: پیر
عدد: 2
رنگ: دودھیا سفید
پتھر: دُر نجف، سفید مرجان، موتی

Element: Water
Ruling Planet: The Moon
Symbol: The Crab
Your Stone: Moonstone
Life Pursuit: Constant reassurance and intimacy.
Secret Desire: To feel safe (emotionally, spiritually, romantically and financially).

آپ کی شخصیت: ۔شمسی زائچہ کے طالع میں ابتداء سال میں راہو اور مقابل کیتو اور **5** ستاروں کا قیام آپ کی شخصیت اور نفسیات کو متاثر کر سکتا ہے۔ اپنی ساکھ اور شخصیت کو قائم رکھنے کیلئے اپنے اہم کاموں کو فوکس کریں اور پورا سال غیر ضروری اُلجھاؤ پریشانی سے ممکنہ حد تک دُور رہنے کی کوشش کریں۔ کوئی آپ سے زیادتی بھی کرے تو صبر و تحمل درگزر سے کام لیں۔ میڈیکل سائنس کے مطابق ہر شخص کے جسم میں **73** فیصد پانی موجود ہوتا ہے۔ آپ دن بھر **12** سے **14** گلاس پانی ضرور پئیں پانی کے ہر گلاس پر ایک دفعہ سورۃ فاتحہ دم کر کے پئیں۔ آپ نے اس چھوٹی سی گزارش پر عمل کیا تو آپ تر و تازہ مضبوط روحانی شخصیت بن کر اُبھریں گے اور اپنی مشکلات پر بھی قابو پا سکیں گے۔ **5** مئی راہو طالع سے بارہویں اور کیتو چھٹے چلا جائے گا تو بقایا سال پیدا ہونے والی غیر محسوس طریقے سے زندگی میں آنے والی پریشانیوں کو بھی کم کرے گا۔ روزانہ دو گلاس دودھ پینا بھی آپ کی شخصیت میں سکون اور خود اعتمادی میں اضافہ کا باعث بنے گا۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن: ۔خانہ مال کا حاکم شمس **20** مارچ تا **19** اپریل شرف، **21** جون تا **21** جولائی اوج اور **22** جولائی تا **22** اگست حالت عروج میں رہتے ہوئے سال کے یہ بھی ایام سرطانی افراد کیلئے نئی انوسٹمنٹ آمدن کے وسائل بڑھانے اور درپیش مالی مشکلات کیلئے نہایت ہی سعد رہیں۔ شمس مشتری زہرہ سعد نظرات **24,23,22** جنوری، **29,28,27,12,11,10** مارچ، **18,17,16** مئی، **4,3** جون، **10,9,8** ستمبر، **20,19,18** اکتوبر، **16,15,14** نومبر، **16,15,14** دسمبر بننے سے کئی ایک مالی وسائل کے مواقع اور کی گئی پلاننگ اور اقدامات وکاوشیں بارآور ثابت ہوں۔ شمس مشتری زہرہ نحس نظرات **24,23,22** فروری، **16,15,14** اپریل، **15,14,13** جولائی، **27,26,25** اگست، **12,11,10** اکتوبر اور **17** نومبر یہ وہ احتیاط طلب ایام ہیں جس میں ایسے تمام کام جن میں آپ کو تجربہ نہ ہو انوسٹمنٹ سے گریز کریں اور آن لائن بزنس کی پُرکشش مالی اسکیموں سے بھی گریز کریں جبکہ مخلصین اور بزرگوں کی مشاورت کو ان ایام میں یقینی بنائیں اور غیر قانونی ذرائع آمدن سے بھی گریز کریں اس میں سوائے مالی اور عزت کے نقصان کے کچھ حاصل نہ ہو سکے۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر: ۔بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں غروب اور **5** ستاروں کے اجتماع میں **3** فروری تا **3** مارچ، **16** مارچ تا **10** اپریل، **2** تا **20** دسمبر ہبوط و وبال یافتہ ہونے کے سبب عزیز و اقارب بہن بھائیوں کی جانب سے فکر و پریشانی اور ان کی ضروریات زندگی اور جائز فرمائشوں کے پورا کرنے کیلئے تیار رہیں ستارہ عطارد **2020**ء میں رجعت یافتہ **17** فروری تا **10** مارچ، **18** جون تا **12** جولائی، **14** اکتوبر تا **3** نومبر رہنے سے اندرونِ ملک کاروباری اور نجی سفر اشد ضرورت کے تحت ہی کریں۔ سفر سے قبل صدقہ و خیرات بھی ضرور دیں۔ جلد بازی میں ٹریفک حادثات اور جلد بازی میں پیدل چلنے والے بہن بھائی بھی ان ایام میں محتاط رہیں۔ ستارہ عطارد **12** تا **18** مئی، **20** اگست تا **5** ستمبر عروج اور شرف یافتہ رہتے ہوئے سیر و تفریح تعلیمی علمی ادبی محافل میں شرکت اور جدت زمانہ کے ساتھ انٹرنیٹ **youtube** سے بھی اپنی علمی پیاس بجھا سکیں۔ عزیز و اقارب بہن بھائیوں سے خوشگوار تعلقات، مخلصین بزرگوں اور والدین کی دُعائیں آپکے ساتھ رہیں گی۔ **ہمتِ مرداں مددِ خُدا** کے یہ دُعائیہ کلمات ورد زبان رکھیں تو مشکل سے مشکل حالات میں بھی آپ بآسانی گزر جائیں گے۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت: ۔شمسی زائچہ کے چوتھے گھر اور گیارہویں گھر کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ **13** جنوری تا **7** فروری شرف یافتہ، **5** مارچ تا **3** اپریل اور **28** اکتوبر تا **20** نومبر عروج یافتہ رہنے سے اندرون خانہ مہمانوں کی آمد و رفت اور گھر کی رونقیں بڑھیں۔

وقفہ وقفہ سے آپکے ہاں یا پھر اہل خاندان کے قریبی لوگوں کے ہاں خوشی اور روحانی تقریبات جاری رہیں گی۔ زمین جائیداد پراپرٹی کی خرید وفروخت حسبِ منشاء ہو سکے گی۔ کاشت کاری، باغبانی، ڈیری فارمنگ سے تعلق رکھنے والے سرطانی افراد اس سال اپنے کاموں سے بے پناہ نفع پائیں۔ رہائشی تزئین وآرائش حسبِ حیثیت سواری کا حصول ممکن ہو سکے گا۔ زہرہ زحل مریخ سعد نظرات **4,3** فروری، **6,5,4,3** اپریل، **30,29,28,27** جون، **29,28** ستمبر، **25,24** اکتوبر، **16,15,14** دسمبر آپ کے اندر ہمت وحوصلہ بڑھے اور آپ اپنے اہل خانہ یا اہل خاندان کو اپنے ساتھ لے کر چلنے کی قائدانہ صلاحیت کا منصب پا سکتے ہیں۔ مخلصین بزرگوں اور والدہ سے مشاورت اور دُعائیں ملیں۔ التواء میں پڑے ہوئے کاموں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جا سکتا ہے جبکہ انہی ستاروں کی نحس نظرات **29,28,27,26,25** جنوری، **31,30,4,3,2** مارچ، یکم **2,** اپریل، **4,3,2** جون، **21** تا **29** اگست، یکم **5,4,3,2,** ستمبر، **25** ستمبر تا **3** اکتوبر، **20,19,18,10,9** نومبر بننے سے خواہ مخواہ کی خانگی مسائل و پریشانیاں یا حاسدین آپ کو خوش دیکھتے ہوئے آپ اور آپ کے گھر پر نظر بد اور جادو ٹونہ کے بد اثرات بھجوا سکتے ہیں۔ اپنے گھر کی چھت پر ہر منگل حسبِ توفیق کلیجی پھپھڑے لے کر ان پر نمک مرچ ہلدی اور سرسوں کا تیل لگا کر جانوروں کو صدقہ اور خیرات کا عمل پورا سال کرتے رہیں۔ ایسے صدقات آپ کو اور آپ کے اہل خانہ کو یقیناً تحفظ کا احساس دلائیں۔

اولاد، انعامات ومحبت: ۔شمسی زائچہ میں پانچویں اور دسویں ہر دو سعد ستاروں کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ ابتداء سال میں اپنے ہی گھر ہونے سے اولاد انعام محبت کے اُمور میں آپ کی دلچسپیاں بڑھیں۔ ستارہ مریخ **16** فروری تا **30** مارچ شرف یافتہ اور **28** جون **2020**ء تا **7** جنوری **2021**ء عروج یافتہ رہے صاحبِ اولاد کو بچوں کی تعلیمی کامیابیوں اور ان کے شادی بیاہ کی ذمہ داری سے عہدہ برآں ہونے کی خوشی میسر آئے۔ **2020**ء میں جذباتی قسم کی محبت جلد شادی اور پھر علیحدگی پر منتہی ہو سکتی ہے۔ محبت کی شادی ضرور کریں تاہم نیک وقت نکاح کا تعین کسی اچھے منجم سے ضرور نکلوائیں تاکہ محبت کا بندھن صدا قائم رہے۔ ستارہ مریخ **10** ستمبر تا **14** نومبر رجعت میں ہونے کے سبب اپنے بچوں کے شب وروز پر توجہ رکھیں۔ انٹرنیشنل لاٹریوں اور انعامی بانڈز میں حصول انعام کے خواہاں **28,25,23,18,16,12,9,6,3,2** جنوری، **28,27,26,25,24,23,22,8,4,3** فروری، **29,28** ستمبر، **12,11,10** دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے شرف شمس **9,8** اپریل اور اوج شمس **12,11** جولائی بھی نہایت اہم تواریخ۔ حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام لکی نمبرز'' آئینہ قسمت میں **2020**ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔

صحت وامراض، ملازمتی کیرئیر: ۔بیت المرض کا حاکم ستارہ مشتری **19** دسمبر تک ساتویں ہبوط یافتہ اور ابتداء سال میں **5** ستاروں کے اجتماع میں رہنے سے ملازمتی افراد اپنے فرائض منصبی کو ذمہ دارانہ طریقے سے انجام دیں اپنے آفس میں حاسدین ومخالفین کی سازشوں سے بھی محتاط رہیں۔ خصوصاً ستارہ مشتری **14** مئی تا **13** ستمبر جب رجعت (اُلٹا) میں ہوگا تب غیر ذمہ داری سے ملازمت کے ہاتھ سے نکل جانے کے خدشات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ ایسے بزرگ سرطانی جو عرصہ دراز سے اپنی صحت سے پریشان چلے آرہے ہیں انہیں شفایابی کیلئے کوئی اچھا معالج مل جائے جو اُن کی درست تشخیص کر کے انہیں مرض سے آفاقہ دلا سکے گا۔ سرطانی افراد عموماً روحانیت اور ہومیوپیتھی علاج پر یقین رکھتے ہیں انہیں اپنے یقین کے مطابق کسی مرشد کامل یا بزرگ روحانی سے بھی فیض یاب ہونا چاہئے۔ یا از خود شفا کیلئے جب بھی پانی پئیں اس پر ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ دم کر کے پئیں۔ ادائیگی قرض کیلئے کاروباری یا ذاتی نوعیت کا قرض اپنی صالح نیت سے ادا کرنے چاہئیں تو قدرت آپ کو عجیب وغریب طریقے سے غیبی مدد بھی فراہم کرے۔ مشتری مریخ سعد نظرات **22,21,20,19,18** مارچ، **21,20** جون بننے سے آپ کے اندر خود اعتمادی، صحت وتندرستی کے سبب آپ اپنے آپ کو چاک وچوبند محسوس کرنے کے ساتھ اپنی صحت کو بہتر محسوس کریں مریخ مشتری نحس نظرات **6,5,4,3,2** اگست، **21,20,19,18,17** اکتوبر بننے سے اپنے حاسدین ومخالفت سے محتاط رہیں۔ حاسد لوگ آپ کو کسی مقدمہ یا پریشانی میں مبتلا کر سکتے ہیں۔ ان ایام میں صدقہ وخیرات بھی جی کھول کر دیتے رہیں۔ اسم اعظم ''یَا شَافِیُ'' **391** مرتبہ روزانہ پڑھ کر اپنے اُوپر دم کرنے سے اپنے اندر شفایابی کی قوت محسوس کریں اپنے جسم کے ساتھ آپ کی روح بھی طاقتور ہو۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی: ۔بیت الزواج شمسی زائچہ کا اہم گھر جو دوسروں سے سماجی معاشرتی تعلقات کے ساتھ

شریکِ حیات یا شریک کاروبار پارٹنرشپ کی اہمیت کو اُجاگر کرتا ہے۔ ابتداء سال میں یہاں چھ کواکب کا اجتماع زحل مشتری شمس عطارد کیتو اور پلوٹو کا قیام 2020ء میں شراکتی ازدواجی سبھی قسم کے تعلقات نہایت احتیاط طلب ہونگے۔ اپنے جذباتی پن غم وغصہ پر قابو رکھیں اور نہ ہی دوسروں کے جذبات کو مجروح کریں۔ ساتویں کا حاکم زحل جو 27 سال بعد یہاں اپنے ہی گھر میں گزشتہ دو سال سے چلا آرہا ہے۔ اس سال برج تبدیل کرے گا۔ 22 مارچ تا 2 جولائی اور 17 تا 31 دسمبر یہ آٹھویں جبکہ سارا سال ساتویں ہی گھر رہیگا۔ ستارہ مشتری کا یہاں 12 سال بعد قیام 19 دسمبر تک رہیگا۔ ہر دو کواکب کا یکے بعد دیگرے یہاں قیام شادی کی مسرتیں سعادتیں لائے التواء اور رکاوٹوں کا ستارہ کیتو جو گزشتہ سال سے یہاں ہے 5 مئی کو برج تبدیل کر کے چھٹے چلا جائیگا۔ ایسے سرطانی لڑکے لڑکیاں جنکی شادی میں تاخیر چلی آرہی اور وہ سرطانی جنکے رشتے منگنی یا شادی ہو کر ٹوٹ چکی ہے۔ اور وہ عقد ثانی کے خواہاں ہیں 2020ء ایسے خواہاں افراد کی شادی کے لئے بہت اہم سال ہے۔ انجام کار اس سال کے آخر تک شادی میں بندش یا رکاوٹ محسوس کرنے والے سرطانی لڑکے لڑکیوں کی شادی خانہ آبادی ہو جائیگی ایسا بھی امکان ہے کہ سرطانی لڑکوں کو بڑی عمر کی لڑکیاں شادی کے لئے ملیں یا پسند آجائیں انہیں بغیر کسی سوچ بچار کے عمر کی مناسب مناسبت سے شادی کر لینی چاہئے۔ ستارہ زحل 14 مئی تا 13 ستمبر رجعت میں رہے ناراض زوجین کے مابین بھی صلح وصفائی ممکن ہو سکے گی شراکتی کاروباری تعلقات بھی نیا رُخ اختیار کریں گے۔ پرانے تعلقات شکوک وشبہات کے سبب متاثر ہو سکتے ہیں اور انکی جگہ نئے سینئر پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے مالک نئے لوگ آپ کی زندگی میں آئیں گے۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ 2020ء وراثتی، شراکتی اور مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے کاموں کے لئے نہایت اہم سال ہے۔ آٹھویں وراثتی گھر کا حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد اپنے گھر میں آئے 2020ء میں اس کا قیام 22 مارچ تا 2 جولائی اور پھر 17 دسمبر 2020ء تا 7 مارچ 2023ء تک رہیگا۔ اس گھر سے منسوبات وراثت دفینہ انشورنس کلیم یا محنت کے بغیر دولت ملنا، لاٹری جیک پاٹ سٹہ مشترکہ مفادات کاروبار یا شادی سے شریکِ حیات کے نصیب سے دولت بھی ملنا ممکن ہے۔ 2022,2021,2020 اور 2023ء تین چار سال اہم نیک معجزاتی ثابت ہونگے۔ ستارہ زحل 11 مئی تا 29 ستمبر رجعت (اُلٹا) یافتہ ہونے کے سبب شراکتی وراثتی لین دین میں محتاط رہیں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر نصیب کا حاکم ستارہ مشتری ابتداء سال میں ساتویں گھر غروب دیگر پانچ ستاروں شمس زحل کیتو اور عطارد کے ہمراہ ہونے سے بیرون ملک کئے گئے کاروباری سفر پہلے تین مہینوں میں خاطر خواہ نتائج نہ لائیں گے۔ مارچ کے بعد کئے گئے سفر وسیلہ ظفر ثابت ہونگے۔ ستارہ مشتری 19 دسمبر برج تبدیل کر کے شمسی زائچہ کے آٹھویں اور اپنے گھر سے بارہویں آجانے کے سبب کچھ خاص فوائد 2020ء اور 2021ء میں نہ دے گا۔ تاہم سارا سال طالع اور پھر اگلے سال خانہ مال کو سعد ناظر رہنے سے حل المشکلات اور ذرائع آمدن میں اضافہ کی راہیں دکھائے گا۔ حج وزیارات مقدسہ پر جانے والے سرطانی اپنے بھرپور وسائل شامل حال لانے کے بعد ہی روحانی سفر پر آجا سکیں گے۔ ایسا بھی ممکن ہے کہ بنائے گئے بیرون ملک سفر کسی ضروری کام سے پینڈنگ ہو جائیں۔ قانونی اُمور سارا سال مشاورت نظر ثانی کے طالب رہیں گے۔ اعلیٰ تعلیم کی غرض سے بیرون ملک تجارتی کوشش جدوجہد کے بعد ہی کامیابی ملے۔ اپنے اہم کاموں کیلئے بزرگوں مخلصین سے وقفہ وقفہ سے سارا سال مشاورت رکھیں۔ مشتری مریخ سعد نظرات 22,21,20,19,18 مارچ، 21,20,19 جون ان ایام میں آپ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے بہترین پلاننگ کر سکیں گے۔ غیر متوقع قانونی اور پنچائتی فیصلے بھی آپ کے حق میں ہوں۔ مشتری مریخ نحس نظرات 6,5,4,3,2 اگست، 21,20,19,18,17 اکتوبر نظر بد اور خواہ مخواہ کی متوقع پریشانیوں سے بچنے کیلئے حسب توفیق صدقہ وخیرات دینے کے ساتھ ساتھ عبادت وریاضت اور کثرت درود شریف پڑھنے سے سکھ اور سکون پائیں۔ ان ایام میں حسبِ توفیق صدقہ وخیرات بھی ضرور دیں۔

کیریئر، کاروبار، عزت ووقار:۔ بیت العزت کیریئر کا حاکم ستارہ مریخ 2020ء میں لمبے عرصہ اپنی سعد پوزیشن کے سبب آپ کو اپنے کیریئر کو آگے بڑھانے مستقبل کو سنوارنے کیلئے متعدد مواقع ملیں۔ آپ کی اس میں کاوش کم تاہم قدرت والدین اور بزرگوں کی دُعاؤں سے آپ اپنے 2020ء میں اپنے کیریئر میں ہمت وحوصلہ بلند ارادہ سے اپنے ہم عصر کاروباری لوگوں سے آگے نکل سکتے ہیں۔ نہ صرف یہ بلکہ آپ کی شخصیت دوسروں کیلئے بھی فائدہ مند ثابت ہوگی۔ ذاتی مفادات سے ہٹ کر آپ اجتماعی مفادات کو ترجیح دیں۔ کیریئر کا حاکم ستارہ مریخ یکم 2, جنوری عروج، 16 فروری تا 31 مارچ شرف یافتہ اور پھر 28 جون 2020ء تا 7 جنوری 2021ء ستارہ مریخ لمبے عرصہ کیلئے عرصہ دراز بعد آپ کے کیریئر کے گھر میں باقوت جلوہ افروز

ہوگا۔ آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ اپنے کیریئر کو اپنی محنت سے بآسانی آگے بڑھا سکتے ہیں۔ جرأت مندانہ اقدامات کی بدولت آپ گزشتہ پیدا ہونے والی رکاوٹوں پر قابو پا سکیں گے۔ معاشی اور کاروباری اُمور میں متعدد اسباب و وسائل ملیں سماجی و سیاسی حیثیت و شخصیت میں اضافہ مخلصین آپ کی کامیابیوں پر رشک کریں اور آپ کو دُعائیں دیں اور آپ بھی ان سے فرمائش کر کے دعائیں لیں۔ تاہم ستارہ مریخ کیریئر کے گھر میں ہی 10 ستمبر تا 14 نومبر رجعت (اُلٹا) یافتہ ہونے سے اپنے کیریئر کے معاملات میں جلد بازی سے کام نہ لیں۔ اپنے فیصلے ایک ہفتہ یا ایک دن رُک کر کریں تو ممکنہ کسی خرابی یا نقصان سے بچا جا سکتا ہے۔ 2020ء میں مریخ شمس زحل سعد نظرات 22 تا 28 فروری، 21,20,19 مارچ، 30,29,28,27 جون، 18,17,16,15 اگست، 19,18,17 ستمبر، 20,19,18 نومبر، 12,11,10 دسمبر۔ آپ کی کاروباری ساکھ اور عزت میں اضافہ ہوگا۔ حکام بالا اور بااثر لوگوں سے مفادات ملیں۔ ان ایام میں آپ زندگی کے اہم کاروباری معاہدے بھی کر سکیں گے۔ 2020ء کی نحس نظرات 14,13,12 جنوری، 31,30 مارچ، یکم، 22,21,20,2 اپریل، 3 تا 10 جون، 22,21,20 جولائی، 21 تا 29 اگست، 25 تا 3 ستمبر، 13 تا 19 اکتوبر۔ ان سبھی ایام میں اپنے حاسدین اور مخالفین کی بدنظری اور سازشوں سے بچیں۔ ان ایام میں کوئی اہم کاروباری معاہدہ بھی پایہ تکمیل تک نہ پہنچ سکے۔ لہٰذا ان ایام میں درگزر اور صدقات دے کر خوش بختیاں حاصل کریں۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ زہرہ 13 جنوری تا 7 فروری شرف یافتہ، 5 مارچ تا 17 اگست اور 28 اکتوبر تا 21 نومبر عروج و اوج یافتہ، ہمدردانہ اور مخیرانہ سوچ کے تحت اس سال 2020ء میں آپ کو سماجی سیاسی اور رفاع عامہ کے کام کرنے والے بہت سارے نیک لوگوں سے تعلقات بڑھیں۔ دوست احباب کی مدد اور خلق خدا کی بھلائی کیلئے آپ کے ہاتھ سے صدقہ جاریہ کے متعدد کام انجام پائیں۔ آپ اپنی ذات سے ہٹ کر اجتماعی طور پر لوگوں کی بھلائی کیلئے جو شمع روشن کریں گے اس کے ثمرات آپ کو دنیا و آخرت میں بھی نصیب ہونگے۔ ناراض دوستوں سے صلح اور پرانے دوستوں سے ملاقات کے بھی اسباب بنیں۔ ستارہ زہرہ 8 فروری تا 8 مارچ، 21 نومبر تا 15 دسمبر وبال یافتہ اور 13 مئی تا 25 جون رجعت یافتہ ہونے کے سبب دوست نما دشمنوں حاسدین سے محتاط رہیں۔ ان ایام میں دوسروں سے نیکی کر کے کوئی خیر کی توقع نہ رکھیں۔ ''**کر بھلا سو ہو بھلا**'' والے مقولہ پر عمل کریں قدرت آپ ہی کا بھلا کرے۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد کا حاکم ستارہ عطارد 3 فروری تا 4 مارچ، 16 مارچ تا 11 اپریل، 2 دسمبر تا 21 دسمبر شمسی زائچہ کے نحس گھروں میں ہونے کے سبب ان ایام کے علاوہ ستارہ عطارد 17 فروری تا 10 مارچ، 18 جون تا 12 جولائی، 14 اکتوبر تا 3 نومبر رجعت (اُلٹا) یافتہ ہونے کے سبب ان سبھی ایام میں اپنے حاسدین مخالفین کی ریشہ دوانیوں، نظر بد اور جادو ٹونہ جیسے بداثرات سے بچنے کیلئے ہر منگل گوشت یا کلیجی پھپھڑے حسب توفیق ان پر نمک مرچ ہلدی سرسوں کا تیل لگا کر جانوروں کو ضرور صدقہ دیتے رہیں تاکہ ممکنہ نحوسوں سے محفوظ رہا جا سکے۔ ستارہ عطارد 12 تا 18 مئی، 20 اگست تا 2 دسمبر آسمانی کونسل پر سعد گھروں میں ہونے کے سبب آپ کو ممکنہ فوائد یوں دلا سکتا ہے کہ بیرون ملک حصول امیگریشن کیلئے کی گئی کوششیں کامیاب، عبادت و ریاضت چلہ کشی اور اپنے بڑھتے ہوئے اخراجات پر قابو پانے کیلئے آپ مؤثر پلاننگ کر سکتے ہیں۔

سرطانی مرد و زن پر گرہنوں کے اثرات:۔ 2020ء میں 4 چاند اور 2 سورج گرہن لگیں گے۔ 11 جنوری طالع میں چاند گرہن اور 21 جون سورج گرہن لگنے سے آپ کی صحتِ جسمانی اچانک متاثر ہو سکتی ہے۔ حاسدین مخالفین اپنے بدارادے کے تحت آپ کی عزت و ساکھ کو خراب کرنے کی سازشیں کر سکتے ہیں۔ 6 جون چاند اور 14 دسمبر سورج گرہن چھٹے لگنے سے قرض مرض اور خواہ مخواہ کے مقدمات سے نجات مل سکتی ہے۔ بشرط آپ اس کیلئے کوشش بھی ضرور کریں۔ 5 جولائی ساتویں چاند گرہن شراکتی ازدواجی تعلقات میں اختلاف رائے سے بچیں۔ 30 نومبر بارہویں چاند گرہن لگنے سے آپ کے خفیہ دشمن آشکار اور ذلیل و خوار ہوں۔ بڑھتے اخراجات پر بھی قابو پانے کیلئے آپ کوئی پلاننگ کر سکتے ہیں۔ گرہن اپنے لگنے کے 15 دن قبل تا بعد اپنے ناقص اور ملے جُلے اثرات دے سکتے ہیں۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن) جیسے نماز آیات بھی کہا جاتا ہے۔ بوقت گرہن ضرور ادا کر کے دُعاؤں کی قبولیت کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ یوم گرہن صدقہ و خیرات بھی ضرور دیں۔

اسد



Element: Fire
Ruling Planet: The Sun
Symbol: The Lion
Your Stone: Peridot
Life Pursuit: To lead the way.
Secret Desire: To be a star.

24 July - 23 Aug.

ستارہ: شمس
حروف: م
دن: اتوار
عدد: 1
رنگ: سنہرا، اورنج
پتھر: یاقوت، ہیرا، عقیق یمنی

آپ کی شخصیت:۔ یوں تو آپ بارہ منقطۃ البروج میں انفرادیت شاہانہ شخصیت و شاہانہ جاہ وجلال کے مالک ہیں۔ **2020**ء ایک ایسا سال ہے جہاں آپ کو بہت احتیاط سے کام لینا ہوگا۔ حاسدین مخالفین آپ کی بڑھتی ہوئی عزت اور ساکھ سے حسد میں مبتلا ہوکر آپ کے خلاف سازش کر سکتے ہیں۔ آپ پر نظر بد جادو ٹونے کے آثار نمایاں ہونے کا بھی اندیشہ معلوم ہوتا ہے اگر آسانی ہو تو چاروں قل پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے گھر سے نکلنا معمول بنالیں۔ آپکا حاکم ستارہ شمس **20** مارچ تا **19** اپریل شرف یافتہ، **20** مئی تا **21** جولائی اوج، **22** جولائی تا **23** اگست عروج یافتہ رہتے ہوئے عزت، سکھ اور آپ کے شخصی وقار میں اضافہ ہو جبکہ مستقبل کی پلاننگ اور پینڈنگ اُمور کی انجام دہی بھی ممکن ہو سکے گی۔ **21** جنوری تا **20** فروری، **24** ستمبر تا **24** اکتوبر شمس کمزور ہونے کے سبب حد درجہ بھی اُمور میں خاص احتیاط کی ضرورت رہے۔ اس دوران حسبِ توفیق وقفہ وقفہ سے صدقات ضرور دیں تاکہ منفی اثرات سے بچے رہیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ خانہ مال کا حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں چھٹے نحس گھر میں ہونے کے سبب **2020**ء میں امکان غالب ہے کہ آمدن سے زیادہ اخراجات کو قابو میں رکھنے پر زور دیں۔ اسراف سے گریز کریں۔ قرض لینے میں اجتناب برتیں۔ اور دوسروں کو بھی اتنا ہی قرض دیں جو قابل برداشت ہو۔ خانہ مال کا حاکم ستارہ عطارد **12** مئی تا **28** مئی، **20** اگست تا **5** ستمبر، **6** ستمبر تا یکم دسمبر عروج شرف اور اوجی بروج میں رہنے کے سبب خاندان میں اضافہ تقریبات میں شرکت۔ نئے اور مفید کاروباری معاہدے ان ایام میں متوقع ہو سکتے ہیں۔ تب ذرائع آمدن میں اضافہ کیلئے کی گئی کوشش بھی بارآور ثابت ہونگی۔ عطارد مشتری سعد نظرات **2** جنوری، **9,8,7** اپریل، **11,10** مئی، **30,29** اگست، **30,29,28** نومبر بننے سے سال کے یہ بہترین ایام کاروباری ذرائع یا کسی اور نیک سبب کی گئی کوششیں آمدن میں اضافہ کا باعث بن سکتی ہیں۔ جبکہ نحس نظرات **26,25** اپریل، **31,30** جولائی اور **18,17,16** ستمبر بننے سے مالی کاروباری اہم فیصلے کرتے وقت احتیاط سے کام لیں۔ غفلت و لاپرواہی سے مالی اخلاقی نقصان کا اندیشہ ہے۔ مالی خیر و برکت کیلئے بہترین صدقہ اپنی توفیق کے مطابق۔ کسی غریب طالب علم کی فیس اور دیگر ضروریات کا ذمہ لیں یا ہر روز یا پھر ہر بدھ **5** سبز ٹافیاں حشرات الارض کو صدقہ ڈالیں۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء تیسرے کا حاکم ستارہ زہرہ **2020**ء میں آسمانی کونسل پر سال کی ابتداء میں ہی **13** جنوری تا **8** فروری شرف، **5** مئی تا **7** اگست عروج اور اوج یافتہ رہے اور **28** اکتوبر تا **21** نومبر پھر سے حالاتِ موافق میں ہونے کے سبب اس سال کے سبھی سعد ایام میں اندرون و بیرونِ ملک سفر وسیلہ ظفر اور تجدید مراسم کیلئے بالخصوص کئے گئے سبھی سامانِ سفر راحت مہیا کریں۔ جبکہ زہرہ عطارد سعد نظرات **5,4** مارچ، **19,18,17** اپریل، **23,22** مئی، **6,5,3** ستمبر، **13,12,11** اکتوبر بننے سے ان سعد ایام میں بھی بہن بھائی عزیز و اقارب رشتے دار پڑوسیوں سے معاونت و مدد مل سکے اور باہمی تعاون سے درپیش غلط فہمیاں دُور اور تعلقات میں مضبوطی اور پائیداری آسکے۔ کئی ایک کئے گئے سفر بھی وسیلہ ظفر ثابت ہوں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ وتد الارض کا حاکم ستارہ مریخ ابتداء سال میں اپنے ہی گھر ہونے سے آپ اہل خاندان اور

اہل خانہ کی خدمت کیلئے خاصے پُرعزم متحرک رہیں گے۔ 2020ء میں ستارہ مریخ بیشتر ایام عروج وشرف یافتہ رہتے ہوئے آپ اپنے اندر تعمیری خصائل محسوس کریں۔ ذاتی گھر کی تعمیر یا اپنے گھر کی تزئین وآرائش میں دلچسپیاں بڑھیں۔ کاشت کاری، باغبانی، ڈیری فارمنگ سے بھی حسب منشاء نفع پائیں۔ 16 فروری تا 31 مارچ مریخ شرف یافتہ ہونے سے اندرون خانہ مہمانوں کی آمد ورفت عزیز واقارب اور اپنے ہاں متعدد تقریبات اور روحانی محافل کا اہتمام کرسکیں گے۔ خصوصاً 13 مئی تا 20 جون ان مقدس محافل کے لئے نیک زمانہ ہے جب اجتماعی دُعاؤں سے حل المشکلات ہوجانے کے لئے قابل توجہ ہے۔ ستارہ مریخ 28 جون 2020ء تا 7 جنوری 2021ء نویں رہتے ہوئے 12,9,4,3 ویں گھروں کے منسوبات اُجاگر کرے کچھ اسدی تبدیلی رہائش کے لئے بیرونِ ملک یا دُور دراز مقامات پر شفٹ ہوسکتے ہیں۔ حسبِ حیثیت نئی سواری کا حصول یا کوئی پلاٹ یا فارم بہ آسانی خرید سکتے ہیں۔ بشرط اس کیلئے آپ نے پہلے سے کوئی پلاننگ کی ہو۔ 2020ء میں مریخ شمس سعد نظرات 22 تا 28 مئی، 18,17,16,15 جون، 12,11,10 دسمبر، خود اعتمادی میں اضافہ بزرگوں مخلصین کی مشاورت مدد سے آپ اپنے خانگی ازدواجی مسائل کو حل کرلیں گے۔ مریخ شمس نحس نظرات 3 تا 18 جون، 14,13 اکتوبر اور اس کے علاوہ مریخ رجعت (اُلٹا) یافتہ 10 ستمبر تا 14 نومبر بننے سے یہ بھی ایام خاندانی مسائل وپریشانیاں حالات کے لئے تیار رہیں اس دوران صدقہ وخیرات بھی وقفہ وقفہ سے ادا کرتے رہیں۔

اولاد، انعامات ومحبت:۔ بیت الاولاد پانچویں کا حاکم ستارہ مشتری 19 دسمبر تک شمسی زائچہ کے چھٹے نحس گھر میں ہونے سے صاحب اولاد اپنے بچوں کے کیسے دوست ہیں؟ ان پر نظر رکھیں۔ 2020ء انکی نگہداشت پر خصوصی توجہ کا سال ہے۔ اس سلسلے میں کی گئی غفلت کا خمیازہ آپ کو تلخ انداز میں بھگتنا پڑسکتا ہے۔ معاملات عشق ومحبت میں راز افشاں ہونے سے بدنامی رسوائی کا اندیشہ اپنے اہم راز بھی دوسروں کو نہ دیں بازاری قسم کی محبت جنسِ مخالف کے دام فریب میں آنے سے بچیں۔ سٹاک شیئرز اور تخمین بازی کے کاموں میں محتاط حصہ لیں فائدہ کی بجائے نقصانات کا اندیشہ کچھ زیادہ ہی رہے گا۔ فراڈ دھوکہ دہی دے سکنے والے افراد سے محتاط رہیں۔ انٹرنیشنل لاٹریوں انعامی اسکیموں میں گزشتہ سالوں کی بہ نسبت اگرچہ کچھ خاص نفع نہ مل سکے گا تاہم پھر بھی 2020ء کے ان ایام میں قسمت آزمائی ضرور کریں۔ 3,2 جنوری، 12,11,10 مارچ، 9,8,7 اپریل، 18,17,16,11,10 مئی، 30,29 نومبر کے ایام میں حصہ لیں اور ساتھ ہی اسم اعظم ''یاوھابُ'' 1400 مرتبہ اوّل وآخر 14,14 مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر کشادگی رزق کے لئے دُعا ئیں کریں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپکا کوئی بڑا انعام نکل آئے ہر جمعرات کسی درگاہ پر حاضری اور زردہ کی نذر دلا کر زائرین میں تقسیم کرنا نیک عمل ثابت ہوگا۔ حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام لکی نمبرز'' آئینہ قسمت میں 2020ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔

صحت وامراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض چھٹے گھر میں ابتداء سال 6 ستارے شمس پلوٹو مشتری عطارد کیتو اور اس گھر کا حاکم زحل بھی یہاں ہونے سے صحت جسمانی کے مسائل غفلت لاپرواہی سے شدت اختیار کرسکتے ہیں۔ آپکا تعلق عمر کے کسی بھی حصہ سے کیوں نہ ہو چاہے آپ اپنے آپ کو صحت مند تواناء ہی محسوس کرتے ہوں پھر بھی آپ اوّل فرصت میں اپنا مکمل میڈیکل چیک اَپ کروانے کو ترجیح دیں۔ اور اگر کسی مرض کی تشخیص ہوجائے تو اس کی مناسب ادویہ واغذیہ اپنے ڈاکٹر کے مشورہ سے استعمال کریں آپکا برج اور ستارہ آتشی عنصر کا مالک ہے۔ جسم میں پانی کی کمی کے سبب کولیسٹرول کمزوری ومعدہ وجگر اور امراض قلب کے خدشات دور کرنے کیلئے بارہ سے چودہ گلاس پانی روزانہ پئیں اور ممکن ہو تو ہر گلاس پر ایک مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کرکے پینا معمول بنالیں۔ ملازمتی فرائض ذمہ داری سے ادا کریں غفلت لاپرواہی سے تنزلی کا خدشہ رہیگا۔ ستارہ زحل جو چھٹے ساتویں دونوں مشترکہ گھروں کا حاکم ہے۔ 27 سال بعد برج تبدیل کرکے چھٹے سے ساتویں سال میں دو مرتبہ 22 مارچ تا یکم جولائی اور پھر 17 تا 31 دسمبر ساتویں بقایا ایام چھٹے اپنے ہی گھر میں عروج یافتہ رہے۔ زحل کی بروجی تبدیلی ملازمت روزگار کے لئے اہم ہے۔ ستارہ زحل 11 مارچ تا 29 ستمبر رجعت میں ہونے کے سبب قرض

اور مقدمات سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ ابتداء پانچ ماہ کیتو مقابل راہو ہونے سے نظر بد جادو کے اندیشہ کے سبب ہر ہفتہ اتوار صدقہ و خیرات ضرور کرتے رہیں۔ سورۃ فاتحہ یا ایک تسبیح درود شریف کا دم شدہ پانی دُعاؤں کے ساتھ بطور شفاء روزانہ پینا معمول بنالیں آفاقہ پائیں گے۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج کا حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد 22 مارچ کو اپنے گھر میں عارضی طور سے 2 جولائی تک اور پھر دوبارہ 17 دسمبر تا 7 مارچ 2023ء تک یہاں آجائے گا تمام اسدی لڑکے لڑکیاں خواہ انکی عمر زیادہ ہی کیوں نہ ہو اب انکی شادی میں ممکنہ تاخیر الجھنیں دور ہو سکیں گی زحل بزرگ ستارہ ہے۔ ممکنات میں ہے کہ اسدی افراد کی شادی ہم عمر یا بڑی عمر کے جیون ساتھی سے ہو تاہم 2020ء تا 2023ء جن بھی اسدی افراد کی شادی ہوگی انہیں شریک حیات کی قسمت سے مال واسباب دنیاوی فوائد ملیں۔ ابتداء سال میں 6 ستارے بمعہ زحل ساتویں گھر سے بارہویں گھر ہونے سے کاروباری شراکتی نوعیت کے کاموں میں اختلاف رائے معاہدوں کی پاسداری نہ ہونے کے سبب قانونی الجھاؤ مقدمہ بازی جیسے مسائل اور پریشانیاں آپ کو پورا سال وقفہ وقفہ سے پریشان۔ اوّل تو شراکتی معاملات سے پرہیز کریں اور دیگر مشترکہ مفادات کے کاموں حصہ لینا ہو تو 17 دسمبر کے بعد ایسا کرنا مناسب ہوگا۔ ستارہ زہرہ یکم تا 13 جنوری ساتویں اور پھر 8 فروری تک شرف یافتہ رہے۔ ستارہ زہرہ 5 مارچ تا 3 اپریل دسویں اور 28 اکتوبر تا 21 نومبر اوج یافتہ، 6 ستمبر تا 3 اکتوبر طالع میں ہونے سے شراکتی ازدواجی خوشیوں کے طالب اسدی افراد کی منگنی یا شادی اچانک ہو سکتی ہے۔ ستارہ زہرہ سعد نظرات 5,4,3 فروری، 6,4,3 اپریل، 26,25,24 اکتوبر، 16,15,14 دسمبر کی سعد تواریخ بھی شراکتی ازدواجی خوشیوں کے حصول کیلئے نیک تواریخ ہیں۔ ان تواریخ میں شادی بیاہ اور رشتے کی بات چلانی یقینی طور پر حسبِ منشاء خوشیاں لائیں گی۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف کا حاکم ستارہ مشتری جو گزشتہ سال سے چھٹے نحس گھر میں ہبوط یافتہ چلا آرہا تھا۔ گزشتہ سال اس نے آپ کو جو وراثتی شراکتی اور انشورنس کلیم کے اگر ممکنہ فوائد نہیں دلائے تو 2020ء میں اس کا ازالہ ممکن ہو سکے گا۔ ستارہ مشتری 14 مئی تا 13 ستمبر رجعت (اُلٹا) یافتہ ہوگا تو تب وراثتی معاملات میں دوسروں پر بھروسہ کرنا نقصان کا باعث بن سکتا ہے۔ مشتری شمس سعد نظرات 12,11,10 مارچ، 18,17,16 مئی، 10,9,8 ستمبر، 16,15,14 نومبر بننے سے کوئی بڑا غیر متوقع انعام انشورنس کلیم یا حصولِ وراثت میں آسانی ممکن ہو سکتی ہے۔ 2020ء فوائد کے حصول ڈوبی ہوئی لاکھوں کی وصولی کیلئے بزرگ افراد مرد و زن خواہ وہ آپ کے رشتہ دار ہوں یا نہ ہوں یا ملنگ بابوں کی خدمت کریں۔ اور انہیں پیسے یا چائے بنانے کا پورا سامان ان کو ہدیہ دے کر دُعا کی درخواست کرنا بہترین صدقہ ثابت ہوگا۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر کا حاکم ستارہ مریخ آپ پر کچھ زیادہ ہی مہربان رہے گا اور غیر معمولی طور سے ایک طویل عرصہ 28 جون تا 7 جنوری 2021ء نویں اپنے فطرتی گھر میں رہتے ہوئے آپ کا نصیب یاور کرادے گا۔ اس سے قبل بھی یکم تا 2 جنوری عروج اور 16 فروری تا 31 مارچ شرف یافتہ رہے گا۔ بیرونِ ملک ہائر ایجوکیشن کیلئے جانے والے طلبہ کو اپلائی کرنے پر اسکالرشپ مل سکتا ہے۔ 2020ء اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے آپ جو بھی پلاننگ کریں گے اس سال اور آئندہ سال بھی فوائد مل سکیں گے۔ دیرینہ اور قانونی پیچیدہ معاملات بھی حسبِ منشاء حل ہو سکیں گے۔ ایسے اسدی افراد جو کبھی کبھار اپنی خرابی قسمت کا گلہ کرتے ہیں 2020ء ان کی قسمت کا دروازہ کھولنے آرہا ہے۔ آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے ہو آپ یقیناً بہتری محسوس کریں اور جب بہتری محسوس کریں تو ضرور سجدہ شکر ادا کریں۔ 2020ء میں مریخ مشتری شمس سعد نظرات 22 تا 28 فروری، 18,13,12,11 تا 22 مارچ، 18,17,16 مئی، 21,20,19 جون، 18,17,16,15 اگست، 10,9,8 ستمبر، 16,15,14 نومبر، 12,11,10 دسمبر بننے سے بیرونِ ملک کاروباری پروگراموں میں کامیابی نصیب ہو۔ حج و عمرہ و زیارات مقدسہ پر جانے کی آپ کی آرزو بآسانی پوری ہو سکے گی۔

کیریئر، کاروبار، عزت ووقار:۔ عزت و کیریئر کا حاکم ستارہ زہرہ 2020ء میں آپ پر زیادہ ہی مہربان دکھائی دیتا ہے۔ ابتداء سال میں

ہی 13 جنوری تا 7 فروری شرف یافتہ، 5 مارچ تا 3 اگست، 28 اکتوبر تا 21 نومبر عروج یافتہ جبکہ 3 اپریل تا 7 اگست بھی آپ کو غیر متوقع طور سے کامیابیاں دلائے گا۔ آپ کی ذاتی اور عوامی حیثیت وشخصیت میں اضافہ ہوگا۔ آپ کا تعلق سیاست یا رفاہی کاموں سے ہو یا پھر آپ اپنے آپ کو عام انسان ہی کیوں نہ سمجھتے ہوں عزت شہرت اور نیک نامی میں اضافہ، کاروباری اور معاشی فوائد یقیناً مل سکیں۔ حکام یا بااثر شخصیات سے آپ کو فوائد ملیں۔ 2020ء میں زہرہ عطارد مشتری سعد نظرات 24,23,22,3,2 جنوری، 29,28,27,5,4 مارچ، 19,18,17,9,8,7 اپریل، 23,22,11,10 مئی، 30,29 اگست، 6,5,4,3 ستمبر، 20,19,18,13,12,11,10 اکتوبر، 30,29,28 نومبر، 16,15,14 دسمبر بننے سے اندرون اور بیرونِ ملک نئے کاروباری وسائل ملیں۔ تبدیلی کاروبار یا کاروبار میں وسعت کیلئے مزید سرمایہ کاری کرنی بھی نیک رہے تاہم نحس ایام 31,30 جولائی، 27,26,25 اگست، 18,17,16 ستمبر، 17,16,15 نومبر کے ایام میں کاروباری لین اور حاسدین کے شر سے محتاط رہیں۔ حسب توفیق صدقہ وخیرات ضرور دیتے رہیں۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید اور خانہ مال کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں چھٹے نحس گھر میں ہونے کے سبب سال کی ابتداء تو کچھ ناپسندیدہ واقعات اور دوستوں کی بے وفائی سے ہوسکتی ہے۔ آسمانی کونسل پر ستاروں کی نشست اس بات کا اشارہ ہے کہ کچھ ناعاقبت اور مفاد پرست دوست آپ کی زندگی سے نکل جائیں گے یا پھر آپ ان کی بے وفائی کے سبب ان سے قطع تعلق کرلیں گے۔ ستارہ عطارد 22 تا 28 مئی اور 20 اگست تا 6 ستمبر عروج اور شرف یافتہ جبکہ 7 ستمبر تا یکم دسمبر اوج یافتہ رہے۔ ان ایام میں آپ کی ایسی معصوم دیرینہ خواہشات پوری ہو سکیں۔ آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی سے دوسرے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں۔ آپ کی عزت وتکریم میں اضافہ ہو۔ کاروباری یا جائیداد کی خرید وفروخت سے نفع پائیں سال کے نحس ایام 11 تا 28 اپریل، 27 ستمبر تا 27 اکتوبر، 11 نومبر تا 2 دسمبر اہم کاموں کی تکمیل دوستوں میں اضافہ اور اجنبی افراد سے بھی اجنبی لوگوں سے محتاط رہیں۔ صدقہ وخیرات دینے سے آپ حاسدین مخالفین کی ریشہ دوانیوں سے محفوظ رہ سکیں گے۔ 5 مئی تا آخر سال تک راہو آپ کے گیارہویں اور کیتو مقابل آنے سے اپنے دوستوں کے انتخاب میں محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ 2020ء میں بارہویں راہو اور چھٹے 6 کواکب کے ساتھ کیتو کی موجودگی خفیہ دشمنوں کی شر انگیزیاں اور نظر بد جادو ٹونہ جیسے اسباب 2020ء میں تسلسل سے رہیں۔ 5 مئی راہو بارہویں سے نکل کر گیارہویں آنے سے تب بزرگوں اور والدین کی دُعاؤں سے آپکی تمام پریشانیاں دُور ہوں۔ کسی مرشد کامل یا بزرگوں والدین کی دُعاؤں سے آپ اپنی سبھی پریشانیوں کو دُور ہوتا ہوا محسوس کریں۔ صدقہ وخیرات حسبِ توفیق مسلسل وقفہ وقفہ سے دیتے رہیں۔ بیرونِ ملک سفر حصول امیگریشن کیلئے کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہوں۔

اسدی مرد وزن پر گرہنوں کے اثرات:۔ 2020ء میں آسمانی کونسل پر 6 گرہن لگیں۔ 4 چاند اور 2 سورج گرہن لگیں جن کے اثرات یوں ہو سکتے ہیں۔ 11 جنوری چاند اور 21 جون سورج گرہن بارہویں نحس گھر میں لگنے کے سبب نحوست کے برعکس آپ اپنے بڑھتے ہوئے اخراجات پر قابو پانے کیلئے جو بھی مثبت کوششیں فرمائیں۔ ان کے خاطر خواہ نتائج برآمد ہوں۔ 6 جون چان اور 14 دسمبر سورج گرہن پانچویں لگنے سے اولاد کی فکر و پریشانی محبوب سے جدائی تخمین بازی کے کاموں میں نقصان 5 جولائی چاند گرہن چھٹے لگنے سے ملازمتی فرائض میں غیر ذمہ داری سے تنزلی صحت کا بھی خیال رکھیں۔ 30 نومبر چاند گرہن گیارہویں لگنے سے دوست نما حاسدین سے نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اپنی عزت ساکھ کا خیال رکھیں۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن) جیسے نماز آیات بھی کہا جاتا ہے۔ بوقت گرہن ضرور ادا کر کے دُعاؤں کی قبولیت کا یقین کریں۔ گرہن کے دن صدقہ وخیرات بھی ضرور دیں۔

سنبلہ VIRGO



ستارہ: عطارد
حروف: پ غ
دن: بدھ
عدد: 5
رنگ: پیلا یا ملے جلے رنگ
پتھر: زمرد فیروزہ، اونکس

24 Aug. - 23 Sep.

Element: Earth
Ruling Planet: Mercury
Symbol: The Virgin
Your Stone: Sapphire
Life Pursuit: To do the right thing.
Secret Desire: To love and be loved in return.

آپ کی شخصیت:۔ آپ کی شخصیت طالع اور عزت دسویں کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد 2020ء میں 12 مئی تا 5 اگست۔ 20 اگست تا 5 ستمبر عروج اور شرف یافتہ جبکہ 6 ستمبر تا یکم دسمبر اوج یافتہ رہے۔ سال کے ان ایام میں آپ جو بھی ذاتی یا اجتماعی مفادات کے کام اس عرصہ میں کریں تو یقیناً فائدہ مند پائیں۔ ان ہی ایام میں آپ کی حیثیت و شخصیت اور سحر انگیزی میں اضافہ ہوگا۔ علمی ادبی روحانی محافل میں شرکت سے آپ کی شخصیت میں نکھار آئے ذہنی اور تخلیقی صلاحیتیں بڑھیں۔ البتہ سال کے پہلے 4 ماہ اپنے اہم کاموں میں محتاط رہیں۔ ستارہ عطارد 17 فروری تا 10 مارچ، 18 جون تا 12 جولائی، 14 اکتوبر تا 3 نومبر رجعت (اُلٹا) ہونے کے سبب ان ایام میں اپنے پینڈنگ کاموں کو ترجیح دینے کے ساتھ ساتھ اپنے حاسدین مخالفین کی شرانگیزیوں سے بھی غافل نہ رہیں۔ سال کا بہترین صدقہ یہ ہے کہ غریب طلبہ کی کسی بھی قسم کی تعلیمی ضروریات میں مدد کریں اور پھر اس نیک عمل کے ردعمل سے یقیناً سکھ پا سکتے ہیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ 2020ء مالی و خاندانی وسعت کا ستارہ زہرہ ابتداء سال میں چھٹے نحس گھر میں ہونے کے سبب سال کی ابتداء مالی فکر و پریشانی سے شروع ہو سکتی ہے۔ گزشتہ سال سے بڑھتے ہوئے اخراجات کا تسلسل اس سال بھی رہ سکتا ہے۔ تاہم فکرمندی کی بجائے توکل بڑھاتے ہوئے اپنے کم وسائل میں اپنی چھوٹی بڑی ضروریات اور خوشیوں کو احسن طریقے سے پورا کرنے میں کامیاب رہیں۔ 2020ء میں قدرت آپ پر یوں مہربان رہے کہ خانہ مال کا حاکم ستارہ زہرہ 13 جنوری تا 8 فروری شرف یافتہ، 5 مارچ تا 3 اپریل اور 28 اکتوبر تا 28 نومبر عروج یافتہ، 20 اکتوبر تا 21 مارچ ترفع مول ترکون کی قوت پاتے ہوئے ذرائع آمدن میں اضافہ کیلئے کی گئی کوششیں کامیاب ثابت ہوں۔ یہ بھی زمانہ ذرائع آمدن میں اضافہ، مالی مادی اخلاقی خوشیوں کے حصول کا زمانہ دکھائی دیتا ہے۔ خاندان میں وسعت نئی رشتہ داریاں قائم ہوں۔ ٹھوس سرمایہ کاری یا بچت اسکیموں میں پیسہ لگانا نیک رہے گا۔ ستارہ زہرہ 8 اپریل تا 4 مارچ، 21 نومبر تا 8 جنوری 2021ء تک وبال اور حضیض میں ہونے کے سبب ناگہانی یا دھوکہ دہی سے مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔ اس دوران کاروباری لین دین یا معاہدے کرتے وقت بھی محتاط رہیں۔ حسبِ توفیق صدقہ و خیرات وقفہ وقفہ سے دیتے رہیں۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء اور اندرونِ ملک سفر کا حاکم ستارہ مریخ ابتداء سال میں اپنے ہی گھر ہونے سے 2020ء اندرونِ ملک متعدد خوشگوار سفر اور عزیز و اقارب بہن بھائیوں سے تعلقات میں بہتری کوششیں کارآمد ثابت ہوں۔ ناراض بہن بھائیوں میں پھر سے دوستی اور گلے شکوے دور ہونے کیلئے بھی نیک اسباب ملتے رہیں۔ آپ اپنی ذہانت حاضر دماغی سے اپنی انتظامی صلاحیتوں کو بہتر بنا کر اپنی گزشتہ پیدا ہونے والی مشکلات پر قابو پا سکتے ہیں۔ طبیعت میں تیزی طراری جذباتی پن سے گریز کریں۔ ورنہ قریبی لوگوں سے غلط فہمی کے سبب بلاوجہ دوریاں ہو سکتی ہیں۔ ستارہ مریخ 16 فروری تا 31 مئی شرف یافتہ رہتے ہوئے 30 مارچ تا 2 اپریل زحل سے حالت قران میں رہے۔ فوائد کی نسبت غیر متوقع مسائل و پریشانی عزیز و اقارب بہن بھائیوں کی جانب سے آ سکتی ہیں۔ جبکہ مریخ مشتری قران بھی 18 تا 22 مارچ قبل ازیں ہونے سے آپ بعد میں آنے والی مشکلات کی پلاننگ کر لیں۔ ستارہ مریخ 28 جون 2020ء تا 7 جنوری 2021ء شمسی زائچہ کے اپنے اور آٹھویں نحس گھر میں طویل عرصہ قیام کرنے کے سبب عزیز و اقارب بہن بھائیوں سے ستارہ مریخ 10 ستمبر تا 14 نومبر 2020ء آٹھویں رجعت کے سبب فوائد سست روی سے ملیں۔ اندرونِ ملک دورانِ

سفر جب بھی ذاتی گاڑی بس یا ریل گاڑی میں سفر کریں تو صدقہ خیرات اور 313 مرتبہ درود پاک پڑھ کر دعائیں کر کے اپنے سفر کا آغاز کریں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ 2020ء چوتھے اور ساتویں کا مشترکہ حاکم ستارہ مشتری جو کہ گزشتہ سال سے پانچویں گھر ہبوط یافتہ چلا آرہا ہے۔ 19 دسمبر تک مسلسل کمزور پوزیشن اور ابتداء سال دیگر 5 کواکب شمس عطارد زحل کیتو اور پلوٹو میں گھرا رہنے کے باعث خانگی اور خاندانی معاملات میں بلاوجہ مسائل اور پریشانیاں پیش آنے کے خدشات نظر انداز نہیں کئے جاسکتے۔ لہٰذا خصوصی احتیاط کریں۔ خصوصاً ستارہ مشتری 14 مئی تا 13 ستمبر رجعت میں ہونے کے سبب کچھ زیادہ ہی احتیاط طلب زمانہ ہے۔ والدہ محترمہ کی صحت کا خیال رکھیں۔ ٹریفک میں جلد بازی اور گاڑی چلاتے ہوئے یا پھر خواہ آپ سڑک ہی کیوں نا پار کر رہے ہوں ان سبھی اُمور میں احتیاط سے کام لیں۔ مشتری عطارد سعد نظرات 2,3 جنوری، 9,8,7 اپریل، 11,10 مئی، 30,29 اگست، 30,29,28 نومبر بننے سے آپ کی مثبت سوچ اور اپنی ذات سے ہٹ کر اجتماعی کاموں میں حصہ لینا آپ کی عزت اور توقیر کا باعث بنے۔ اہل خاندان کے لوگ آپ سے اپنے ضروری معاملات میں مشاورت کرنا پسند کریں اور آپ پر بھی لازم ہے کہ آپ بھی ان کے راز کی پردہ پوشی کریں۔ مشتری عطارد نحس نظرات 26,25 اپریل، 31,30 جولائی، 18,17,16 ستمبر بنے تب دوسروں پر زیادہ بھروسہ کرنا یا ان سے اختلاف رائے یا کسی اہم تنازع پر بحث و مباحثہ کرنا مناسب نہ ہوگا۔ اپنے درمیان بزرگوں یا مخلصین کا ایک وسیلہ ضرور رکھیں اور اپنی اچھی بری باتوں سے ان کو آگاہ کرتے رہیں۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ 2020ء میں بیت الاولاد کا حاکم ستارہ زحل یکم جنوری تا 22 مارچ اور 2 جولائی تا 17 دسمبر یہ اپنے ہی گھر 5 ستاروں کے اجتماع کے ساتھ سال کا آغاز کرے گا۔ سنبلی افراد غیر فطرتی طور سے اپنی آمدن بڑھانے کیلئے از قسم لاٹری، ریس، سٹہ، نیشنل پرائز بانڈز کے ساتھ انعامی اسکیموں میں آپ کی دلچسپیاں سارا سال وقفہ وقفہ سے جاری رہیں۔ صاحب اولاد سنبلی افراد نے اپنے بچوں کے معاملات ان کی تعلیم و تربیت روزمرہ کی مصروفیات کو چیک کرنے میں غفلت برتی تو سال کے آخر میں آپ کو ان کی جانب سے فکر و پریشانی کا سامنا کرنا پڑے۔ بازاری قسم کی محبت جنسِ مخالف کے دم فریب میں آنے سے بچیں۔ اپنی عزت کو مقدم جانیں ورنہ بلاوجہ کی رسوائی آپ کے حصہ میں آسکتی ہے۔ انعامی مقابلوں پرائز بانڈز یا انٹرنیشنل لاٹریوں میں حصہ لینے والے سنبلی افراد اس سال اپنی قسمت ضرور آزمائیں اور وہ سنبلی جنہوں نے عرصہ دراز سے پرائز بانڈز لے رکھے ہیں۔ انہیں بھی کوئی بڑا انعام اچانک مل سکتا ہے۔ انعامی مقابلوں میں حصہ لینے والے سنبلی افراد ان تواریخ میں 13,12,11 جنوری، 5,4,3 فروری، 5,4 مارچ، 19,18,17,12,11,6,5,4,3 اپریل، 23,22.13,12 مئی، 6,5,4,3 ستمبر، 26,25,24,13,12,11 اکتوبر، 30 نومبر، یکم 16,15,14 دسمبر بنیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپکا کوئی بڑا انعام نکل آئے ہر جمعرات کسی درگاہ پر حاضری اور زردہ کی نذر دلا کر زائرین میں تقسیم کرنا نیک عمل ثابت ہوگا۔ حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام لکی نمبرز'' آئینہ قسمت میں 2020ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔ حصول انعام کیلئے نام کا اسم اعظم درود شریف کے ساتھ بھی ورد کرنا سارا سال روحانی فیض بخشے۔

صحت و امراض، ملازمتی کیریئر:۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ زحل یکم جنوری تا 22 مارچ اور 2 جولائی تا 17 دسمبر سے بارہویں ہمراہ دیگر 5 کواکب شمس عطارد مشتری کیتو پلوٹو کے ہونے سے سال کا یہ عرصہ صحتِ جسمانی کیلئے خاص احتیاط کی ضرورت جبکہ آپ اپنا میڈیکل چیک اَپ ضرور کروائیں خصوصاً بڑی عمر کے سنبلی افراد بلڈ پریشر، ذیابیطس، کولیسٹرول، یورک ایسڈ کا چیک اینڈ بیلنس ضرور رکھیں۔ 23 مارچ تا یکم جولائی زحل جب چھٹے گھر میں آجائے تب صحتِ جسمانی میں بہتری اور اغذیہ و ادویہ میں احتیاط ضرور کریں۔ اس عرصہ میں ملازمتی ذمہ داریوں میں غفلت نہ برتیں اور اپنی ذمہ داریوں کو سنجیدگی سے نبھائیں بالخصوص جب 5 مئی کیتو چھٹے اور بالمقابل راہو آجائے تو سال کا باقی عرصہ نظر بد جادو ٹونہ سے بھی صحت جسمانی متاثر ہونے کا اندیشہ تب صدقات حسبِ توفیق دیتے رہیں اور ملازمتی اُمور میں غفلت بالکل نہ برتیں۔ 2020ء میں زحل عطارد سعد نظرات 13,12,11 جنوری،

12,11 اپریل، 13,12 مئی، 4,3,2 ستمبر، 30 نومبر، یکم دسمبر بننے سے یہ عرصہ ایسے تمام سنبلی افراد کیلئے نیک ثابت ہو جو حسبِ منشاء ملازمت کا حصول یا تبدیلی ملازمت کے خواہاں ہوں۔ جبکہ کیریئر کو آگے بڑھانے میں مخلصین بزرگوں کا تعاون بھی فائدہ مند رہ سکے۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج کا حاکم ستارہ مشتری ابتداء سال تا 19 دسمبر پانچویں ہبوط یافتہ ہمراہ دیگر 5 کواکب شمس عطارد زحل کیتو اور پلوٹو کے ہونے سے ازدواجی مسائل اُبھر سکیں جبکہ بلاوجہ کے لڑائی جھگڑے اور غلط فہمیوں سے بچنے کیلئے مخلصین کا تعاون یقینی بنائیں اور تب ہی مشترکہ نوعیت کے اُمور کیلئے بھی یہ وقت نیک نہ رہے تو پہلے سے پلاننگ ضرور رکھیں اور پہلے سے شروع کئے گئے اُمور میں مزید انوسٹمنٹ یا کسی نئے کام کی ابتداء کیلئے یہ عرصہ مفید نہ رہے۔ معاملات میں حسبِ منشاء بہتری اور تبدیلی کیلئے 13 جنوری تا 8 فروری کا عرصہ خاصہ نیک ثابت ہو جب زہرہ ساتویں میں شرفی پوزیشن میں رہے تو تب خواہاں سنبلی افراد کوششیں کرنے سے نیک شریک حیات پالیں شادی منگنی بہ آسانی ہو سکے۔ اور شراکتی اُمور میں باقی ماندہ سال 2020ء کی پلاننگ ضرور کریں تاکہ تمام متوقع پریشانیوں سے محفوظ رہ سکیں۔ مشتری عطارد زہرہ سعد نظرات 24,23,22,3,2 جنوری، 29,28,27,5,4 مارچ، 19,18,17,9,8,7 اپریل، 23,22,11,10 مئی، 30,29 اگست، 6,5,3 ستمبر، 30,29,28 نومبر، 16,15,14 دسمبر بننے سے شادی شراکتی، سماجی سیاسی کاموں میں مثبت پہلو نمایاں رہیں اور حسبِ منشاء نتائج کا حصول اور آپ کی عزت وتوقیر میں اضافہ بھی ہو سکے۔ جبکہ سارا سال وقفہ وقفہ سے صدقات ضرور دیتے رہیں۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ وراثت یا بیت الخوف کا حاکم ستارہ مریخ 16 فروری تا 31 مارچ شرف جبکہ 28 جون 2020ء تا 7 جنوری 2021ء عروج یافتہ رہتے ہوئے لمبا عرصہ قیام کرتے ہوئے سال 2020ء آپ کیلئے وراثت انشورنس کلیم کے حصول کیلئے ایک نہایت اہم سال ثابت ہو۔ اس سال تمام وراثتی مسائل وجھگڑے کورٹ کچہری سے باہر پنچائتی طریقے سے حل ہو سکیں۔ 2020ء میں مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے کاموں میں اس تمام عرصہ مالی فوائد کا حصول ممکنات میں سے ہو۔ جبکہ مخلصین بزرگوں کی مشاورت سے ازدواجی زندگی میں بھی سکھ برقرار رکھ سکیں۔ قرض کی واپسی کا حصول بھی ممکنات میں سے رہے جبکہ بغیر محنت مالی فوائد کا حصول اور کوئی بڑا دفینہ یا انعام بھی آپ کی قسمت سنوار سکتا ہے۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر ونصیب کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء سال 13 جنوری تک چھٹے نحس گھر اس کے علاوہ 8 فروری تا 5 اپریل اور 21 نومبر تا 15 دسمبر وبال یافتہ رہنے کے سبب قانونی اُمور نظر ثانی اور مشاورت کے طالب ہونگے۔ ان ایام میں کاروباری بیرونِ ملک کئے گئے سفر خاطر خواہ نتائج نہ لائیں گے۔ خصوصاً ستارہ زہرہ 13 مئی تا 25 جون کیریئر کے گھر میں رجعت پذیر ہوگا تب بھی اُمور خصوصاً مستقبل کی منصوبہ بندی بیرونِ ملک سفر اور اعلیٰ تعلیم کیلئے طلبہ بیرونِ ملک یونیورسٹیوں کا انتخاب جیسے بھی اُمور خصوصی توجہ اور نظر ثانی کے طالب ہونگے۔ البتہ ان ایام میں روحانی سفر حج وعمرہ زیارات مقدسہ جیسے بھی سفر وسیلہ ظفر ثابت ہونگے۔ ستارہ زہرہ 13 جنوری تا 8 فروری، 3 اپریل تا 7 اگست اور 28 اکتوبر تا 21 نومبر شرف عروج واوج یافتہ کی سعادت کے سبب ذرا سی محنت سے آپ کا نصیب یاوری کر سکتا ہے۔ گزشتہ پیدا شدہ قانونی مسائل وپریشانیاں جیسے اُمور حل المشکلات ہو سکیں۔ زہرہ عطارد سعد نظرات 5,4 مارچ، 19,18,17 اپریل، 23,22 مئی، 6,5,4,3 ستمبر، 13,12,11 اکتوبر بیرونِ ملک سیر وتفریح اور مطالعاتی سفر پیش آئیں۔ اور بڑی عمر کے سنبلی افراد کی ان ایام میں اچانک حسبِ منشاء شادی ہو سکتی ہے۔ ہائر ایجوکیشن کے طلبہ نمایاں علمی کامیابیاں پائیں۔

کیریئر، کاروبار، عزت ووقار:۔ کیریئر اور طالع کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں پانچویں گھر میں 5 دیگر ستاروں کے جھرمٹ میں تحت الشعاع اور غروب ہونے سے سال کی ابتداء ملے جلے انداز سے ہوگی۔ آسمانی کونسل پر عطارد کا سفر سورج کے ساتھ ساتھ 12 مئی تک بے یقینی اور اضطراب کی شکل میں جاری رہے گا۔ ان سبھی ایام میں اپنے کیریئر عزت اور کاروباری معاملات میں خصوصی طور پر محتاط رہیں۔ اپنے جاری کام پر ہی

توجہ رکھیں اور کسی نئے کام میں سرمایہ کاری یا دلچسپی لینے سے اعتراض کریں اور خاص طور پر اسٹاک ایکسچینج میں حصہ لینے والے سنبلی افراد محتاط حصہ لیں۔ خصوصاً ستارہ عطارد 17 فروری تا 10 مارچ، 18 جون تا 12 جولائی، 14 اکتوبر تا 3 نومبر رجعت میں رہنے کے سبب بھی کاروباری مسائل اور وسائل کو یکجا کریں اور پینڈنگ پڑے ہوئے کاموں کی ترتیب کو درست کریں۔ مخلصین اور بزرگوں سے مشاورت کرنے سے معاملات کو درست کر سکتے ہیں۔ 2020ء زہرہ عطارد مشتری سعد نظرات 3,2 جنوری، 5,4 مارچ، 19,18,17,9,8,7 اپریل، 23,22,11,10 مئی، 30,29 اگست، 6,5,4,3 ستمبر، 20,19,18,13,12,11 اکتوبر، 30,29,28 نومبر، 16,15,14 دسمبر بننے سے پیشہ ورانہ کاروباری معاملات میں بہتری آئے گی تب آپ اپنے محدود وسائل سے بھی کاروبار کو نکھار سکیں گے۔ ہم پیشہ بااثر لوگوں سے تعلقات میں بہتری آئے گی دیگر بااثر حکام سے بھی مفادات ملیں زہرہ عطارد مشتری نحس نظرات 24,23,22 فروری، 26,25 اپریل، 31,30 جولائی، 27,26,25 اگست، 18,17,16 ستمبر، 17,16,15 نومبر، بننے سے ان ایام میں اہم کاروباری معاملات لین دین میں خصوصاً احتیاط سے کام لیں۔ حسبِ توفیق صدقہ وخیرات بھی ضرور دیتے رہیں۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد: ۔2020ء بیت الامید اور خواہشات کے گھر میں چاند کا سایہ راہو 5 مئی تک گیارہویں جبکہ مقابل کیتو ابتداء سال میں دیگر 5 ستاروں شمس زحل عطارد مشتری اور پلوٹو ہونے سے حلقہ احباب میں خاص ہلچل اور ردو بدل ہونے کے امکانات آپ کو اپنے دوستوں دشمنوں اور حاسدین میں تمیز اور تفریق کرنے کی بے حد ضرورت ہوگی۔ اپنے چند مخلص دوستوں اور بزرگوں سے مشاورت کرتے رہیں۔ اجنبی لوگوں کو دوستوں کی صف میں شامل نہ کریں۔ اس سال بہت سے دوست نما حاسد آپ کی زندگی سے نکل جائیں گے۔ آپ کا دوست خواہ ایک ہی کیوں نہ ہو۔ وہی آپ کیلئے کافی ہے۔ ایسی مثبت تبدیلیاں 9 مئی تا 31 دسمبر ممکن ہوسکیں گی جب راہو کیتو کے سائے ان گھروں پر اثرات مرتب ہوں۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن: ۔بیت الاعداد کا حاکم شمس یکم جنوری تا 19 فروری، 25 ستمبر تا 23 اکتوبر اور 22 نومبر تا 31 دسمبر کمزور رہنے کے سبب گزشتہ سال سے بڑھتے ہوئے اخراجات 2020ء کے ان ایام میں آپ کنٹرول کر سکتے ہیں۔ آپ کے خفیہ دشمن بھی آشکار ہوں اور ان سے محتاط رہیں ستارہ شمس 20 مارچ تا 19 اپریل، 21 جون تا 22 اگست سعد گھروں میں ہونے کے سبب بیرونِ ملک حصول امیگریشن اور قیام میں آسانیاں، بیرونِ ملک ہجرت کیلئے بھی یہ ایام اہم ہیں ایسے سنبلی جو اکثر ذہنی دباؤ اور ڈپریشن محسوس کرتے ہیں ان ایام میں سوا لاکھ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں دم شدہ پانی پئیں اور حضور ﷺ کے وسیلے سے دعائیں کرنا معمول بنالیں تو حیرت انگیز طریقے سے بہت ساری ڈپریشن کی دوائیاں کھانے سے نکل آئیں۔

سنبلی مرد وزن پر گرہنوں کے اثرات: ۔2020ء میں 6 گرہن 4 چاند اور 2 سورج گرہن لگیں گے۔ 11 جنوری چاند، 21 جون سورج گرہن گیارہویں گھر لگنے سے دوستوں کی بے وفائی سے صدمہ اور ممکنہ خواہشات کی تکمیل ادھوری رہ جائے۔ 6 جون چاند اور 14 دسمبر چوتھے گرہن لگنے سے خاندانی مسائل اور پریشانیاں ٹریفک حادثات کے اندیشوں سے بچنے کیلئے صدقہ وخیرات جی کھول کر دیں۔ 5 جولائی پانچویں چاند گرہن لگنے سے محبوب کی بے وفائی اور بچوں کی بے راہ روی سے صدمات کا اندیشہ ہے۔ 30 نومبر دسویں چاند گرہن لگنے سے کاروباری مسائل و پریشانیاں اور آپ کی عزت وساکھ اور صحتِ جسمانی متاثر ہوسکتی ہے۔ گرہن اپنے لگنے کے 15 دن قبل تا بعد خراب اثرات دے سکتے ہیں۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) اور دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن) جیسے نماز آیات بھی کہا جاتا ہے۔ بوقت گرہن ضرور ادا کر کے دُعاؤں کی قبولیت کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ ہر یوم گرہن صدقہ وخیرات بھی ضرور دیں۔

میزان

LIBRA

ستارہ: زہرہ
حروف: رت ط
دن: جمعہ
عدد: 6
رنگ: ہلکا نیلا
پتھر: اوپل، سفید پکھراج، ہیرا

24 Sep. - 23 Oct.

Element: Air
Ruling Planet: Venus
Symbol: The Scales
Your Stone: Opals
Life Pursuit: To be Consistent.
Secret Desire: To live an easy, uncomplicated life.

آپ کی شخصیت:۔ طالع آپ کی شخصیت کا ستارہ زہرہ یکم جنوری تا **13** جنوری طالع پانچویں اور گیارہویں گھر کو سعد ناظر رہے۔ **14** جنوری تا **7** فروری ستارہ زہرہ شرف یافتہ، **5** مارچ تا **7** اگست، **28** اکتوبر تا **21** نومبر عروج اور اوج یافتہ رہتے ہوئے آپ کی حیثیت و شخصیت کی سحر انگیزی سے دوسرے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں۔ اپنا اور اپنی فیملی کا مستقبل بہتر بنانے کیلئے آپ خود اعتمادی کے ساتھ اہم فیصلے بآسانی کر سکیں۔ آپ کے شعور اور ادراک میں اضافہ اور بزرگوں کی مشاورت بھرپور انداز سے سارا سال آپ کو ملتی رہے۔ تاہم ستارہ زہرہ **13** تا **25** جون رجعت یافتہ اور **9** فروری تا **4** مارچ، **3** اکتوبر تا **27** اکتوبر اور **21** نومبر تا **15** دسمبر کمزور ہونے کے سبب اہم فیصلے محتاط انداز سے کریں۔ تب دوسرے بھی آپ سے اپنے وعدہ کی پاسداری نہ کریں۔ حاسدین مخالف کی سازشوں سے بھی محتاط رہتے ہوئے صدقات خیرات دیتے رہیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ **2020**ء میں خانہ مال کا حاکم ستارہ مریخ نصف سال سے زیادہ نہایت مضبوط اور سعد پوزیشن میں ہونے کے سبب آپ کی ذاتی کوشش اور محنت سے اپنے ذرائع آمدن میں بآسانی اضافہ کر سکیں۔ شریکِ کار یا شریکِ حیات کے نصیب سے بھی آپ کو مالی مادی اور اخلاقی فوائد ملیں۔ ستارہ مریخ یکم **2**، جنوری، **16** فروری تا **30** مارچ اور **29** جون تا **7** جنوری **2021**ء تک شرف و عروج میں ہونے کے سبب روپے پیسے کا حصول بآسانی ذرا سی کوششوں سے ہوتا رہے۔ خاندان میں اضافہ اور سارا سال وقفہ وقفہ سے تقریبات میں شرکت سے عزت و پذیرائی بڑھے۔ مریخ زہرہ سعد نظرات **29,28** ستمبر غیر متوقع طور سے نفع بخش ثابت ہوں جبکہ مریخ زہرہ نحس نظرات **29,28,27,26,25** جنوری، **4,3,2** جون، **5,4** ستمبر، **10,9** نومبر بننے سے مالی لین دین اور دھوکہ دہی سے محتاط رہیں۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ مشتری **19** دسمبر تک شمسی زائچہ کے چوتھے اور سال کے ابتداء میں ستاروں کے نحس و بدجھرمٹ پر ہونے کے سبب اور خصوصاً **14** مئی تا **13** ستمبر مشتری کے رجعت یافتہ ہونے کے سبب عزیز و اقارب بہن بھائیوں سے تعلقات میں غیر معمولی کشیدگی اور غلط فہمیوں سے بچیں۔ عزیز و اقارب بہن بھائی اور پڑوسی آپ سے جو بھی فرمائش کریں انہیں ممکنہ حد تک پوری کرنے کے عمل کو بہترین عمل یا صلہ رحمی جانیں تو یقیناً آپ اس کے اچھے اثرات پائیں۔ اندرونِ ملک ممکنہ سفر بھی اس سال پیش آئیں۔ ستارہ مشتری زہرہ سعد نظرات **23,22** جنوری، **29,28,27** مارچ، **20,19,18** اکتوبر، **16,15,14** دسمبر بننے سے آپ کے اندر خود اعتمادی، ہمت و حوصلہ بڑھے۔ علمی ادبی صلاحیتوں کے ساتھ آپ جدت زمانہ کمپیوٹر سائنس کے علم میں آپ کی دلچسپیاں بڑھیں۔ ان ایام میں کئے گئے سفر نہایت خوشگوار ثابت ہوں تاہم مشتری زہرہ نحس نظرات غیر اہم سفر ملتوی کر دیں اور سفر ضروری ہو تو صدقہ و خیرات دے کر اپنے سفر کا آغاز کریں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ بیت الارض کا حاکم ستارہ زحل جو گزشتہ دو سال سے اپنے ہی گھر میں مقیم رہتے ہوئے آپ کو متعدد خانگی خاندانی زمین جائیداد اور زراعت باغبانی حسبِ حیثیت سواری کا حصول جیسی خوش بختیاں دیتے ہوئے اس سال برج تبدیل کرے گا اور چوتھے سے پانچویں گھر چلا جائے گا۔ تاہم اپنی رجعت و استقامت کے تحت زحل کا قیام یکم جنوری تا **21** مارچ، **2** جولائی تا **16** دسمبر دوبارہ قیام چوتھے ہی گھر میں رہے گا۔ جو میزانی افراد گزشتہ سالوں میں زمین جائیداد کا سکھ نہیں پا سکے وہ اس سال ان ایام میں اگر کوشش کریں انہیں نہ صرف جائیداد کے فوائد ملیں بلکہ

بگڑے ہوئے خاندانی مسائل بھی کنٹرول میں آسکیں۔ ستارہ زحل مشتری سعد نظرات **5,4,3** فروری، **6,5,4,3** اپریل، **25,24** اکتوبر اور **16,15,14** دسمبر بننے سے رہائشی تزئین و آرائش گھریلو خاندانی سکھ کیلئے کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہوں اور آپ کامیاب زندگی گزارنے کے ہنر سے آشناء ہوتے ہوئے اہل خاندان کے افراد کو بھی اپنی خوشیوں میں شامل کرنے کی کوشش کریں۔ زحل زہرہ نحس نظرات **4,3,2** مارچ، یکم **3,2** ستمبر، **20,19,18** نومبر بننے کے علاوہ ستارہ زہرہ **13** مئی تا **25** جون اور ستارہ زحل **11** مئی تا **29** ستمبر مشتر کہ رجعت کے زمانہ میں اپنے گھر میں آپ نظر بد جادو ٹونہ جیسی کیفیت محسوس کریں تو مسلسل **40** دن سورۃ بقرہ کی تلاوت کر کے اپنے لئے دُعا کریں دم شدہ پانی پئیں اور گھر میں سپرے کریں۔ اس حسنِ عمل سے آپ ہر قسم کی نحوست سے محفوظ رہیں گے۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد اور پانچویں کا حاکم زحل **27** سال بعد شمسی زائچہ کے پانچویں آکر **22** مارچ تا یکم جولائی اور پھر **17** دسمبر تا **7** مارچ **2023**ء یہ پانچویں گھر میں قیام کرے گا۔ اس گھر کا تعلق انعام محبت اور اولاد سے ہونے کے سبب اس سبھی عرصہ میں اکثر میزانی افراد کی دلچسپی پرائز بانڈز یا انٹرنیشنل لاٹریوں میں رہے۔ اسٹاک ایکسچینج سے تعلق رکھنے والے افراد بھی محدود اور محتاط سرمایہ کاری کریں۔ انٹرنیشنل لاٹریوں اور پرائز بانڈز میں حصہ لینے والے میزانی افراد **3,4,5,22,23,24,25,26,27,28** فروری، **19,20,21** مارچ، **3,4,5,6** اپریل، **21,22,23** مئی، **27,28,29,30** جون، **15,16,17,18** اگست، **17,18,19,28,29** ستمبر، **24,25** اکتوبر، **18,19,20** نومبر، **14,15,16** دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپکا کوئی بڑا انعام نکل آئے ہر جمعرات کسی درگاہ پر حاضری اور زردہ کی نذر دلا کر زائرین میں تقسیم کرنا نیک عمل ثابت ہوگا۔ حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام لکی نمبرز'' آئینہ قسمت میں **2020**ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔ حصول انعام کیلئے نام کا اسم اعظم درود شریف کے ساتھ بھی ورد کرنا سارا سال روحانی فیض بخشے۔

صحت و امراض، ملازمتی کیریئر:۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ مشتری **19** دسمبر تک چوتھے ہبوط یافتہ اور ابتداء سال میں **5** ستارے شمس زحل عطارد کیتو اور پلوٹو کے ساتھ ہونے سے ایسے میزانی افراد جو کمزوری معدہ و جگر حدتِ مثانہ ذیابیطس کولیسٹرول اور خصوصاً گردوں کی کسی شکایت میں مبتلا چلے آرہے ہیں۔ ان کیلئے اچھی خبر ہے کہ انہیں جسمانی یا روحانی طور پر کوئی ایسا اچھا معالج مل جائے جن سے انہیں اپنے امراض میں افاقہ اور شفاء نصیب ہو۔ آپ کی تمام بدنی امراض کیلئے ایک ہربل نسخہ ہدیہ ہے کہ آپ پودینہ ادرک انار دانہ ایک پاؤ اور نصف پاؤ لہسن کی پیسٹ بنا کر صبح شام پانی میں ایک سے دو چمچ حسبِ ضرورت ملا کر اس کا مشروب پینے سے آپ ہفتہ عشرہ میں اپنے آپ کو چاک و چوبند محسوس کریں۔ ستارہ مشتری **14** مئی تا **13** ستمبر رجعت میں ہونے کے سبب ملازمتی فرائض منصبی ذمہ داری سے انجام دیں۔ **2020**ء اس لحاظ سے ایک اچھا سال ہے کہ آپ کے تمام معلوم نامعلوم حاسدین مخالفین آشکار ہوں نہ صرف بلکہ آپ سے معافی کے بھی خواستگار ہوں۔ **2020**ء کیریئر کو آگے بڑھانے ترقی بہتری اور بہتر ملازمت کے حصول کیلئے انتہائی اہم سال ہے۔ مشتری زہرہ سعد نظرات **22,23,24** جنوری، **27,28,29** مارچ، **18,19,20** اکتوبر، **14,15,16** دسمبر بننے سے بیروزگار افراد کو حسبِ منشاء روزگار کے مواقع ملیں۔ مقدمات مشکلات قرض کی ادائیگی جیسی سبھی مشکلات ذرا سی کوشش سے آسان ہوسکتی ہیں۔ حسبِ توفیق صدقہ و خیرات ضرور دیتے رہیں۔ مشتری زہرہ نحس نظرات **22,23,24** فروری، **25,26,27** اگست، **15,16,17** نومبر بننے سے تب بھی ان ایام میں فرصت نکال کر اپنا میڈیکل چیک اَپ ضرور کروائیں تاکہ کسی بھی بڑی پریشانی سے بچا جاسکے۔

تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج کا حاکم ستارہ مریخ یکم **2,3** جنوری، **28** جون تا **7** جنوری

2021ء عروج یافتہ 16 فروری تا 30 مارچ شرف یافتہ، 2020ء میں غیر معمولی طور سے طویل عرصہ ستارہ مریخ آپ کو شادی شراکت اور دوسروں سے خوشگوار تعلقات استوار کرنے میں معاونت عطا کرے گا۔ 2020ء اس لحاظ سے نہایت ہی اہم سال ہے کہ جن میزانی لڑکے لڑکیوں کی کسی سبب شادی کے معاملات رُکے ہوئے تھے وہ اس سال یقیناً رشتہ ازدواج میں منسلک ہوسکیں گے۔ بڑی عمر کے میزانی یا عقد ثانی کرنے کے میزانی بھی اس سال اس سعادت سے مستفید ہوسکیں گے۔ ستارہ زہرہ 20 اکتوبر تا 21 نومبر طالع میں رہتے ہوئے ساتویں گھر کو سعد ناظر ہوگا۔ جبکہ ساتویں کا حاکم مریخ بھی 28 جون تا 7 جنوری 2021ء ساتویں میں رہتے ہوئے شادی خانہ آبادی ہونے میں آسانیاں عطا کرے گا۔ 2020ء میں مشاہدہ کیا جا سکتا ہے کہ میزانی لڑکے لڑکیوں کی شادی اس سال ان کی خواہش کے مطابق ہوسکی ہے بشرط ایجوکیشن یا کوئی خاندانی عذر نہ ہو۔ خصوصاً ستارہ مریخ زہرہ تثلیث یا سعد نظر 29,28 ستمبر جب بنیں تو تب آپ کی زندگی میں کوئی انقلابی روحانی خوشی آسکتی ہے۔ شریکِ کار یا ناراض زوجین کے مابین صلح وصفائی کی کوشش بارآور ثابت ہوں۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ 2020ء میں طالع اور بیت الخوف کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ اپنی سعادت کے سبب آپ کو عجیب وغریب طریقے سے سعادتیں عطا کرے گا۔ 2020ء میں ستارہ زہرہ کی سعد شرفی نشست 13 جنوری تا 7 فروری، 5 مارچ تا 7 اگست، 28 اکتوبر تا 21 نومبر عروج اور اوج یافتہ سعد پوزیشن مشترکہ مفادات کے کاموں میں حصہ لینا نیک رہے گا حصول وراثت کے دیرینہ اور پیچیدہ مسائل آسانی کونسل پر سبھی ستاروں اور خصوصاً زہرہ کی سعد نشست کے سبب حل ہوسکیں گے۔ کوئی بڑا انشورنس کلیم جیک پاٹ لاٹری بھی اس سال لگ سکتی ہے۔ 13 تا 25 جون ستارہ زہرہ جب رجعت یافتہ ہو تو ان ایام میں مشترکہ کاموں میں محتاط حصہ لیں۔ اسم اعظم ''یا وارث'' 707 مرتبہ پڑھنے والے میزانی افراد اپنی وراثتی اُلجھنوں کو بآسانی حل کرسکیں گے۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر اور نصیب کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں 5 دیگر ستاروں کے جھرمٹ میں ہونے کے سبب پہلے چار ماہ میں کوئی خاطر خواہ فائدہ نہ دے تاہم ستارہ عطارد 12 تا 28 مئی، 20 اگست تا یکم دسمبر شرف اور اوج یافتہ ہونے کے سبب مستقبل کی منصوبہ بندی کیلئے نہایت اہم وقت دکھائی دیتا ہے۔ ہائر ایجوکیشن کیلئے بیرونِ ملک جانے والے طلبہ، فل یا ہاف اسکالرشپ پر بآسانی اپنی پسندیدہ یونیورسٹی میں جاسکیں گے۔ قانونی مسائل اپنے قانونی مشیر کی مشاورت سے ممکنہ حل کئے جاسکیں گے۔ حج وزیارات مقدسہ اور بیرونِ ملک کاروباری اغراض ومقاصد کیلئے یہ سال بھی بہت اہم دکھائی دیتا ہے۔ خصوصاً ستارہ عطارد زہرہ سعد نظرات 5,4 مارچ، 19,18,17 اپریل، 23,22 مئی، 6,5,4,3 ستمبر، 13,12,11 اکتوبر بننے سے یہ بھی نیک ایام آپ کے مقدر کو جگانے کے اور خوش بختیاں عطا کرنے کیلئے منتظر ہیں۔ بشرط آپ بھی بند کمرہ سے نکل کر کسی پُرفضاء مقام پر تشریف لے آئیں۔ ستارہ عطارد 2020ء میں 3 مرتبہ رجعت (اُلٹا) یافتہ ہوگا۔ 17 فروری تا 10 مارچ، 18 جون تا 12 جولائی، 14 اکتوبر تا 3 نومبر ان ایام میں قانونی اُمور اور خصوصاً دورانِ سفر اپنے ضروری سامان کاغذات اور روپے پیسے کا خاص طور سے خیال رکھیں اور بغیر صدقہ دیے سفر نہ کریں۔ بزرگوں اور مخلصین سے اس عرصہ میں دعائیں لیتے رہیں۔

کیریئر، کاروبار، عزت ووقار:۔ بیت العزت کے گھر کا حاکم ستارہ قمر جبکہ اس کا سایہ راہو جو کہ گزشتہ سال سے بیت العزت کیریئر کے گھر میں چلا آرہا مقابل کیتو ابتداء سال میں چھ ستارے کیتو زحل پلوٹو شمس عطارد اور مشتری چوتھے سے دسویں مقابل رہیں کاروبار یا پیشہ وارانہ اُمور آپکی جلد بازی سے دباؤ مسائل میں اُلجھاؤ لاسکتے ہیں۔ مئی تک کسی نئے کام کی ابتداء کرنا مناسب نہیں ہے۔ 5 مئی راہو کیتو برج تبدیل کرنے سے کاروباری مسائل و پریشانیاں بتدریج دور ہوسکیں گی۔ بزرگوں مخلصین کا تعاون رہیگا۔ 2020ء ستارہ قمر کی سعد تواریخ جو کاروباری ہر قسم کے پیشہ ورانہ اُمور کے لئے اہم ونیک




ثابت ہوسکتی ہیں۔ 12,11.10,9 جنوری، 9,8,7,6 فروری، 31,8,7,6,5,4 مارچ، یکم، 30,29,28,27,4,3,2 اپریل، 30,29,28,26,25 مئی، 25,24,23,22,21 جون، 21,20,19,18 جولائی، 19,18,17,16,15 اگست، 15,14,13,12,11 ستمبر، 12,11,10,9,8 اکتوبر، 9,8,7,6,5 نومبر اور 6,5,4,3,2 دسمبر بھی سعد تواریخ نوٹ فرمالیں ان ایام میں کیریئر کاروبار تعمیر وترقی کے بھی کام کرنے نیک رہیں گے۔ 2020ء کی نحس تواریخ 21,20,19,18 جنوری، 18,17,16,15,14 فروری، 16,15,14,13,12 مارچ، 13,12,11,10,9 مارچ، 12,11,10,9 اپریل، 10,9,8,7,6 مئی، 30,6,5,4,3,2 جون، یکم، 30,29,28,27,3,2 جولائی، 27,26,25,24,23 اگست، 23,22,21,20 ستمبر، 21,20,19,18,17 اکتوبر، 17,16,15,14,13 نومبر، 15,14,13,12,11 دسمبر احتیاط طلب تواریخ اس دوران کوئی اہم کام کرنے سے پہلے اچھی طرح سے مشاورت کرلیں۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ شمس اپنی سالانہ آسمانی کونسل پر گردش کرتے ہوئے 2020ء میں 20 مارچ تا 19 اپریل شرف یافتہ 21 جون تا 22 اگست اوج وعروج یافتہ رہے دیگر اہم ستاروں زحل راہو کیتو اور مشتری کی تبدیلی آپ کے حلقہ احباب میں وسعت آئے اچھے مخلص دوستوں کی تعداد میں اضافہ جبکہ حاسد نما دوست آپ کی زندگی سے خود نکل جائیں گے۔ بااثر سماجی سیاسی حکام سے قریبی مراسم اور آپ کے ذمہ ملک وقوم کی کوئی خدمت انجام دہی کے لئے لگائی جاسکتی ہے۔ جسے آپ احسن طریقے سے انجام دے سکیں گے۔ ستارہ شمس مریخ مشتری کی سعد نظرات 22 تا 28 فروری، 21,20,18,12,11,10 مارچ، 18,17,16 مئی، 21,20,19 جون، 18,17,16,15 اگست، 16,14,10,9,8 نومبر اور 12,11,10 دسمبر بننے سے سعد تواریخ نوٹ فرمالیں جب اکثر میزانی افراد کی معصوم خواہشات خصوصاً دیرینہ خواہشات پوری ہوسکیں گی۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد خفیہ دشمنوں کا ستارہ عطارد ابتداء سال چوتھے غروب یافتہ ہونے سے امکان غالب ہے کہ آپ کے دشمن آپ کے خاندان یا گھر میں فرد یا ملازم کی شکل میں آپ کے خلاف سازشیں کریں۔ اپنے اردگرد کے حاسدین مخالفین نما قسم کے مشکوک افراد سے محتاط رہیں۔ خصوصاً ستارہ عطارد 20 اگست تا 6 ستمبر بارہویں رہے یہ زمانہ احتیاط طلب تب اخراجات بھی بلند رہیں۔ ایسے میں قرضہ لینا یا دینا ہرگز نیک نہیں دیا گیا قرض آپ کو واپس نہ مل سکے گا۔ بیرونِ ملک حصول امیگریشن کے لئے یہ سال سازگار روحانی ریاضت وعبادت چلا کشی کرنے کے لئے اگست ستمبر اکتوبر کے مہینے نیک ہیں۔ حاسدین کے شر سے بچنے کیلئے وقفہ وقفہ سے صدقہ دیتے رہیں۔

میزانی مرد وزن پر گرھنوں کے اثرات:۔ 2020ء میں چھ گرہن چار چاند اور دو سورج گرہن لگیں گے۔ 11 جنوری چاند اور 21 جون سورج گرہن کیریئر کے گھر لگنے کے سبب کاروباری اُتار چڑھاؤ نقصانات عظیم کا اندیشہ محتاط رہیں 6 جون چاند اور 14 دسمبر سورج گرہن نویں لگنے سے اندرون ملک کاروباری اغراض ومقاصد کے تحت کئے گئے سفر بھی کچھ خاص نفع بخش ثابت نہ ہوں۔ ضروری ہو تو صدقہ دیکر سفر کریں۔ 5 جولائی چوتھے چاند گرہن خانگی خاندانی مسائل وپریشانیاں لاسکتا ہے۔ 30 نومبر نویں چاند گرہن بیرون ملک بنائے گئے پروگرام متاثر ہوسکتے ہیں۔ ان ایام میں صدقہ وخیرات ضرور دیں۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) جیسے نماز آیات بھی کہا جاتا ہے۔ بوقت گرہن ضرور ادا کرکے دُعاؤں کی قبولیت کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ ہر یوم گرہن صدقہ وخیرات بھی ضرور دیں۔







آپ کی شخصیت:۔ 2020ء آسمانی کونسل پر ستاروں کی بہتر نشست کے سبب تعمیر وترقی ذاتی یا اجتماعی طور پر مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے آپ اہم فیصلے کر سکتے ہیں۔ مریخ مشتری سعد نظرات **22** تا **28** فروری، **22,21,20,18,12,11,10** مارچ، **18,17,16** مئی، **21,20,19** جون، **18,17,16,15** اگست، **10,9,8** ستمبر، **16,15,14** نومبر، **12,11,10** دسمبر۔ آپ کی مثبت سوچ خود اعتمادی اور قابلیت سے آگے بڑھنے کی صلاحیت میں اضافہ اور آپ اپنے ہم عصر لوگوں سے بآسانی آگے نکل سکتے ہیں۔ ان ایام میں ہر طرح کے اجتماعی اور ذاتی اہم کاموں کی مشاورت اور پلاننگ کرنا نیک رہے گا۔ تاہم مریخ مشتری شمس نحس نظرات **16,15,14** اپریل، **3** تا **10** جون، **15,14,13** جولائی، **6,5,4,3,2** اگست، **21,20,19,18,17,14,13,12,11,10** اکتوبر نہایت ہی اہم اور حساس تواریخ ہیں انہیں ریڈ مارک کر لیں اور اس دوران اپنی عزت وساکھ کا خیال رکھیں۔ حاسدین سے محتاط رہتے ہوئے حسبِ توفیق صدقہ وخیرات بھی ضرور دیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ خانہ مال کا حاکم ستارہ مشتری جو گزشتہ سال سے ہبوط یافتہ رہتے ہوئے **19** دسمبر تک بدستور کمزور اور ہبوط یافتہ ہی رہے۔ ادھر **5** مئی کیتو اگلے **18** ماہ کیلئے خانہ مال راہو اس کے مقابل آجائے گا۔ مالی معاملات خاصے محتاط شکل اختیار کریں۔ آمدن سے اخراجات بڑھ جائیں گے۔ کاروباری لین دین میں نقصانات اور دھوکہ دہی سے مشکلات پیش آسکتی ہیں۔ **19** دسمبر تک مجموعی طور پر یہ سارا سال ہی توجہ طلب ہوگا فضولیات اور اسراف سے گریز کرنے سے آپ اپنے مالی مسائل کے اندر رہتے ہوئے وسائل کو حل کر سکتے ہیں۔ قرض لینے اور دینے کیلئے بھی یہ کوئی اچھا سال ثابت نہ ہوگا۔ خصوصاً ستارہ مشتری **14** مئی تا **13** ستمبر جب رجعت میں ہوگا۔ مالی اُمور پر خاصہ بوجھ محسوس کریں۔ تب خاندانی صدمات بھی برداشت کرنے پڑیں۔ مشتری مریخ سعد نظرات **22,21,20,19,18** مارچ، **21,20,19** جون، بننے سے غیر متوقع طور پر کوئی مالی سہارا یا نفع مل سکتا ہے۔ مشتری مریخ نحس نظرات **6,5,4,3,2** اگست، **21,20,19,18,17** اکتوبر بننے سے مالی نقصانات اور دوسروں سے لین دین کرتے وقت جذباتی طور پر محتاط رہیں۔

عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔ تیسرے بیت الاقرباء کے گھر میں ابتداء سال میں **6** ستاروں کا اجتماع عزیز واقارب بہن بھائیوں سے تعلقات میں حدِ فاصل رکھیں۔ بہن بھائیوں اور قریبی لوگوں کی ضروریاتِ زندگی اور ان کی جبری خدمت کیلئے تیار رہیں۔ کیا ہی اچھا ہو آپ عزیز واقارب اور قرباء کی خدمت کو عبادت اور صلہ رحمی سمجھ کر انجام دیں تو آپ ممکنہ خدمت کے ساتھ راحت اور ذہنی سکون بھی پائیں۔ آسمانی کونسل پر ستاروں کی نشست کے اعتبار سے یہ سال عزیز واقارب بہن بھائیوں کی خدمت کا سال قرار دیا جاسکتا ہے۔ ستارہ زحل یکم جنوری تا **21** مارچ، **2** جولائی تا **16** دسمبر تہدیلی برج کے باوجود یہ رجعت واستقامت کے سبب اسی گھر رہے گا۔ یہ بھی اس کا ذاتی گھر ہے۔ اندرونِ ملک سیر وتفریح مطالعاتی سفر اور عزیز واقارب بہن بھائیوں سے تجدید مراسم کیلئے متعدد سفر پیش آئیں۔ زحل مریخ سعد نظرات **30,29,28,27** جون بننے سے ان ایام میں کیا گیا سفر یا ہجرت ایک شہر سے دوسرے شہر وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔ زحل مریخ نحس نظرات **30** مارچ تا **2** اپریل، **21** تا **29** اگست، **25** ستمبر تا **3** اکتوبر بننے سے دورانِ سفر احتیاط سے کام لیں۔ حسبِ توفیق صدقہ وخیرات دُعائے سفر پڑھ کر سفر کا آغاز کریں تاکہ سفر آسان اور منزل بخیر ہو۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ 2020ء میں وتد الارض کا حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد اپنے گھر میں عروج یافتہ 22 مارچ تا یکم جولائی اور پھر 17 دسمبر تا 7 مارچ 2023ء اپنے ہی گھر میں رہے گا۔ شمسی زائچہ میں ستارہ زحل کی یہ نشست آپ کی زندگی آپ کے رہن سہن میں مثبت تبدیلیاں آئیں گی۔ زمین جائیداد پراپرٹی کا سکھ ملے۔ کاشت کاری باغبانی زراعت سے نفع پائیں۔ حسبِ حیثیت سواری کا حصول میسر آئے۔ رہائشی تزئین و آرائش میں آپ کی خصوصی دلچسپی رہے۔ اندرونِ خانہ مہمانوں کی آمد و رفت اور اہل خاندان کے افراد سے تبادلہ خیال اور اچھا وقت گزارنے کے مواقع ملیں۔ ستارہ زحل 11 مئی تا 29 ستمبر رجعت میں ہونے کے سبب اپنے گھر میں قیمتی اشیاء کی حفاظت پر زور دیں۔ زحل مریخ قران نحسین 30 مارچ زائچہ کے تیسرے گھر سے شروع ہو کر 2 اپریل چوتھے گھر ختم ہوگا۔ یہ برجوں کی باڈر لائن پر ہونے سے نحس قران زندگی میں سبھی اہم معاملات میں احتیاط کا اشارہ ہے۔ خاص طور پر ٹریفک حادثات میں محتاط رہیں خواہ پیدل ہی سفر کیوں نہ کر رہے ہوں۔ مارچ اپریل زندگی میں سکھ پانے کیلئے صدقہ و خیرات جی کھول کر دیں۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد کا حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 19 دسمبر شمسی زائچہ کے تیسرے گھر میں 5 ستاروں کے اجتماع میں رہنے کے سبب صاحب اولاد عقربی افراد اپنے بچوں کی نگہداشت تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دیں۔ امکان غالب ہے کہ آپ کے بچہ بگڑے زمانہ کے ساتھ کہیں بے راہ روی کا شکار نہ ہو جائیں۔ محبت میں راز کے افشاں ہونے رسوائی کے خدشات بعید از قیاس نہیں اور بازاری قسم کی محبت اور جنسِ مخالف کے دام فریب میں آنے سے بچیں۔ ستارہ مشتری 14 مئی تا 13 ستمبر رجعت میں رہنے کے سبب مندرجہ بالا سبھی ایام تمام اُمور کیلئے احتیاط طلب ہیں۔ انٹرنیشنل لاٹریاں اور پرائز بانڈز میں حصہ لینے کے شوقین عقربی 2,3,24,25,26 جنوری، 26,27 فروری، 7,8,9,18,19,20 اپریل، 10,11 مئی، 18,19,20,21,22 مارچ، 19,20,21 جون، 16,17,18,29,30 اگست، 14,15,16 نومبر، 28,29,30 دسمبر بنیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپکا کوئی بڑا انعام نکل آئے ہر جمعرات کسی درگاہ پر حاضری اور زردہ کی نذر دلا کر زائرین میں تقسیم کرنا نیک عمل ثابت ہوگا۔ حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام لکی نمبرز'' آئینہ قسمت میں 2020ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسمِ اعظم درود شریف کے ساتھ بھی ورد کرنا سارا سال روحانی فیض بخشے۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ 2020ء بیت المرض اور طالع کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ ابتداء سال یکم، 2 جنوری طالع، 3 جنوری تا 15 فروری خانہ مال اور پھر 16 فروری تا 30 مارچ شرفی گھر ہمراہ دیگر 5 اہم ستاروں کی نشست اور پھر 28 جون تا اختتام سال چھٹے ایک لمبا عرصہ قیام کرنے کے سبب آپ کی صحتِ جسمانی کو سارا سال مستحکم رکھے۔ عرصہ دراز سے بیمار یا کسی نامعلوم جسمانی بیماری میں مبتلا عقربی افراد کو اس سال روحانی و جسمانی شفایابی نصیب ہو۔ اچھے معالج کا ساتھ اور متوازن غذا اور ادویہ کے ساتھ ہلکی پھلکی ورزش آپ کو تمام سال چاک و چوبند رکھے آپ کئی ایک پینڈنگ کاموں کو تکمیل دے سکیں۔ دیگر 2020ء ملازمتی تبدیلی کے خواہاں عقربی افراد کیلئے حسبِ منشاء ملازمت کا حصول بھی یقینی بن سکے۔ کیریئر میں ترقی اور حکام و افسرانِ بالا کے ساتھ خوشگوار مراسم خود اعتمادی اور ملازمتی کارکردگی میں نمایاں بہتری برقرار رکھنے پر حوصلہ افزائی ملے۔ 40 سے 50 سال کے عقربی اس سال جوان جبکہ نوجوان عقربی پہلے سے بھی زیادہ پُرجوش نظر آئیں۔

تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء سال میں شمسی زائچہ کے چوتھے گھر ہونے سے اس بات کا ایک اچھا اشارہ ہے کہ ان کی شادی خانہ آبادی ہونے میں آسانیاں ملیں ستارہ زہرہ 13 مارچ تا 8 فروری پانچویں گھر شرف یافتہ ہونے سے 2020ء میں سب سے زیادہ عقربی افراد کی شادیاں پسندیدگی سے ہونگی۔ 5 مئی تا 7 اگست اور 28 اکتوبر تا 21 نومبر ستارہ زہرہ

عروج اور اوج یافتہ رہتے ہوئے ان مجموعی سبھی ایام میں عقربی لڑکے لڑکیاں یا ان کے والدین شادی کیلئے کوشش کریں تو انہیں آسانیاں ملیں گی۔ شراکتی کاروباری تعلقات بھی اس سبھی زمانہ میں اہمیت اختیار کر جائیں۔ اور متعدد کاروباری معاہدے کئے جاسکیں گے۔ ستارہ زہرہ 13 مئی تا 25 جون رجعت میں (اُلٹا) ہونے کے سبب اور خصوصاً اس کے علاوہ 8 فروری تا 4 مارچ، 3 اکتوبر تا 27 اکتوبر اور 21 نومبر تا 15 دسمبر وبال اور ہبوط کے برجوں میں رہنے کے سبب ان ایام میں جذباتی پن غم وغصہ پر قابو رکھیں۔ ورنہ معاملات بلاوجہ ناپسندیدہ ماحول اختیار کر سکتے ہیں۔ زہرہ مریخ نحس نظرات 29,28,27,26,25 جنوری، 3,2 جون، 5,4,3 ستمبر، 10,9 نومبر بننے سے خانگی ازدواجی معاملات اور خصوصاً جن لوگوں کے رشتے طے ہوئے ہیں انہیں ان ایام میں احتیاط سے کام لینا چاہئے ورنہ طے شدہ رشتے متاثر ہو سکتے ہیں اور زوجین کے مابین خواہ مخواہ کی ناراضگی بدمزگی جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں۔ زہرہ مریخ سعد نظرات 29,28 ستمبر بننے سے ایسے عقربی جوڑے جو ناراض اور جن کے مقدمات چل رہے ہیں وہ ان ایام میں بزرگوں مخلصین کی معرفت کوشش کریں تو ان کے معاملات میں خوشیاں دوبارہ لوٹ آئیں گی اس سال ہر جمعہ شکر یا مصری کا چورا کر کے حشرات الارض کو ڈالنا بہت نیک رہے گا۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف اور بیت الامید کا مشترکہ ستارہ عطارد ابتداء سال میں تیسرے بہن بھائیوں اور عزیز واقارب کے گھر میں دیگر 5 ستاروں کے اجتماع میں گھرا ہوا۔ خاندانی اور وراثتی شراکتی معاملات اہمیت اختیار کریں۔ بہن بھائی یا وراثتی شریک کاروں میں تلخ کلامی جھگڑا مقدمات جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں۔ کیا ہی اچھا ہو کہ آپ شراکتی اور وراثتی معاملات کو آسمانی کونسل پر بننے والے سعد اور نحس ایام کی روشنی میں انجام دیں تاکہ ممکنہ سہولت اور آسانی آپ کے شراکتی وراثتی معاملات اور خصوصاً انشورنس کلیم یا کسی بڑے انعامی مقابلے میں حصہ لینے میں آپ آسانیاں پائیں۔ عطارد مریخ سعد نظرات 26,25,24 جنوری، 27,26,25 فروری، 20,19,18 اپریل، 18,17,16 اگست اور 16,15,14 دسمبر بننے سے آپ اپنے سبھی کام مندرجہ بالا سعد ایام میں انجام دینے کی کوشش کریں۔ عطارد مریخ نحس نظرات 12,11,10 مئی، 29,28,27,26,9,8,7 جولائی اور 25,24,23 ستمبر بننے سے ان ایام میں اپنے معاملات کے حل کیلئے خاصے محتاط رہیں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر اور نصیب کے گھر میں گزشتہ سال سے راہو اور مقابل کیتو چلے آرہے ہیں۔ 5 مئی تک راہو یہاں رہتے ہوئے اپنے قانونی معاملات پر نظر ثانی فرمائیں کاروباری اغراض ومقاصد کیلئے اس عرصہ میں سفر کرنا خاصہ احتیاط اور مشاورت کا طالب رہیگا۔ 5 مئی کو جیسے ہی راہو برج تبدیل کرے گا تو مستقبل کی منصوبہ بندی بیرونِ ملک کاروباری یا روحانی سفر قانونی مشاورت اور اعلیٰ تعلیم یا روزگار کیلئے بیرونِ ملک جانے میں آسانیاں پائیں۔ مئی سے قبل اس جیسے سبھی کام سفید اشیاء کا صدقہ دے کر کر سکتے ہیں۔ سب سے اعلیٰ صدقے نمک یا سفید لباس کا ہے۔ 2020ء میں آپ کا نصیب یاوری کر سکتا ہے اور اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے ان ایام میں کوشش کریں جب اچھے ستارے آپ کے شمسی زائچہ کے ساتویں گھر سے گزریں ان اہم ستاروں کے گزرنے کی تواریخ نوٹ فرمالیں۔ شمس 21 جون تا 22 اگست، عطارد 28 مئی تا 5 اگست، زہرہ 7 اگست تا 6 ستمبر تا ہم ستاروں میں گھرا مشتری 19 دسمبر تک اپنے فطرتی گھر کو ناظر رہے گا۔ ان سبھی مشترکہ ایام میں خوشگوار روحانی ودنیاوی مطالعاتی سفر پیش آئیں۔ حج وعمرہ پر جانے کے خواہاں بھی اپنی نیک خواہش کو پورا ہوتا دیکھیں۔ طلبہ بیرونِ ملک فل یا ہاف اسکالرشپ پر جانے میں آسانیاں پائیں۔ 11 جنوری چاند گرہن اور 21 جون سورج گرہن اس گھر میں لگنے سے 15 دن قبل تا بعد مندرجہ بالا سبھی اُمور میں محتاط رہیں خاص طور پر بیرونِ ملک کاروباری اغراض ومقاصد میں سفری دستاویز اور اپنے روپے پیسے کی خاص طور پر حفاظت کریں۔ 2020ء ایک توجہ طلب سال ہے تاہم مندرجہ بالا سعد اور نحس ایام کا خیال رکھنے سے آپ احسن طریقے سے اپنے مقاصد کو پالیں۔ کسی مرشد کامل یا پھر بزرگ روحانی سے آپ کو فیض ملے اور مخلصین بزرگوں اور خصوصاً والدین سے

دعائیں کروالیں۔ تاکہ خوش بختیاں ملیں۔


کیریئر، کاروبار، عزت ووقار:۔ بیت العزت کیریئر اور کاروبار کا حاکم ستارہ بادشاہ فلک شمس 2020ء میں 20 مارچ تا 19 اپریل شرف، 20 مئی تا 22 جولائی اوج یافتہ جبکہ 22 جولائی تا 22 اگست عروج یافتہ رہے۔ ستارہ شمس کی آسمانی کونسل پر یہ سعد نشست کاروباری اور کیریئر کے معاملات میں بہتری لائیں خصوصاً ترقی اور بہتر ملازمت کے خواہاں افراد کو روزگار کے مواقع ملیں بااثر افراد اور حکام سے قریبی تعلقات اور فوائد ملیں۔ ترقی کا عنصر غالب رہے۔ آپ کی سماجی حیثیت و شخصیت عزت و توقیر میں اضافہ ہو۔ آپ کی شخصیت کی سحر کاری سے دوسرے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں تاہم 20 جنوری تا 19 فروری اور 22 ستمبر تا 23 اکتوبر اور 21 تا 31 دسمبر شمس کا کمزور گھروں میں ہونے کے سبب آپ کے حاسدین اور مخالفین آپ کے خلاف سازشیں کر سکتے ہیں محتاط رہیں اور گندم یا باجرہ کے صدقات حسبِ توفیق دیتے رہیں۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الأمید کا حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں 5 ستاروں شمس مشتری زحل کیتو اور پلوٹو میں گھرا ہونے کے سبب سال کا آغاز اس گھر کے منسوبات حوالے سے نارمل انداز سے شروع نہیں ہوگا۔ خاص طور سے 3 فروری تا 12 مئی کچھ ملا جُلا دور گزرے گا۔ تاہم اس سال کے اچھے ایام 12 تا 28 مئی، 20 اگست تا 2 دسمبر ستارہ عطارد عروج اور شرف یافتہ گھروں میں ہونے کے سبب آپ کی ممکنہ معصوم خواہشات کی تکمیل آسانی سے ہو سکے گی۔ 2020ء میں آپ کو اپنے دوستوں حاسدین اور دشمنوں میں بآسانی تمیز ہو سکے گی۔ سال کے پہلے 5 مہینے قدرے احتیاط طلب ہیں تب دوسروں پر بھروسہ کرنا نقصانات کا باعث بن سکتا ہے۔ 2020ء تعلقات اور دوستوں کے حوالے سے ایک اہم سال ہے۔ کئی پرانے لوگ آپ کی زندگی سے نکل جائیں اور ان کی جگہ مخلص دوست آپ کی زندگی میں شامل ہو جائیں۔ جونیئر کی بجائے سینئر اور بزرگ لوگوں سے دوستی آپ کی اخلاقی اور صدق خلوص سچائی پر قائم رہ سکتی ہے اور آپ کو ان سے بہت سارے اچھے مشورے مل سکتے ہیں علمی ادبی ثقافتی سماجی سیاسی محافل میں شرکت کے سبب آپ کے حلقہ احباب میں غیر متوقع طور پر وسعت آئے گی۔ ستارہ عطارد سال میں 3 مرتبہ رجعت (اُلٹا) پذیر ہوگا۔ 17 فروری تا 10 مارچ، 18 جون تا 12 جولائی، 14 اکتوبر تا 3 نومبر ان ایام میں جلد بازی اور جذباتی پن میں دوسروں پر بھروسہ کرنا نقصان کا باعث بن سکتا ہے۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد یا خفیہ دشمنوں کا حاکم ستارہ زہرہ 13 جنوری تا 8 فروری، 5 مارچ تا 7 اگست اور 20 اکتوبر تا 21 نومبر سعد گھروں میں ہونے کے سبب بیرونِ ملک امیگریشن یا ہجرت کے حصول کیلئے نہایت اہم ایام دکھائی دیتے ہیں۔ یہ گھر آمدن کے برعکس خرچ کا جبکہ آمدن کا مالک ستارہ مشتری 19 دسمبر تک ہبوط یافتہ ہونے کے سبب 2020ء ناگہانی مسائل و پریشانیاں اخراجات کی زیادتی حاسدین مخالفین کی نظرِ بد جادو ٹونہ جیسے سبھی خدشات بعید از قیاس نہیں۔ ابتداء سال سے ہی اپنے بڑھتے ہوئے اخراجات پر قابو پائیں قرض لے کر غیر ضروری اخراجات کرنا مناسب نہ ہونگے۔

عقربی مرد وزن پر گرہنوں کے اثرات:۔ 2020ء میں چار چاند اور 2 سورج گرہن لگیں گے۔ 11 جنوری چاند، 21 جون سورج گرہن نویں گھر لگنے سے بیرونِ ملک کاروباری یا سفر میں رکاوٹ پیش آسکتی ہے۔ 6 جون چاند اور 14 دسمبر سورج گرہن خانہ مال میں لگنے کے سبب مالی اُتار چڑھاؤ کاروباری نقصانات کا اندیشہ۔ 5 جولائی تیسرے چاند گرہن لگنے سے عزیز و اقارب ہمسائیوں سے بدگمانی یا ناراضگی اور 30 نومبر چاند گرہن لگنے سے مشترکہ مفادات اور شراکتی مسائل اور پریشانیاں پیش آسکتی ہیں۔ گرہن لگنے سے 15 دن قبل تا بعد احتیاط سے کام لیں صدقہ و خیرات ضرور دیتے رہیں۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) جیسے نماز آیات بھی کہا جاتا ہے۔ بوقت گرہن ضرور ادا کر کے دُعاؤں کی قبولیت کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ ہر یوم گرہن صدقہ و خیرات بھی ضرور دیں۔





آپ کی شخصیت:۔ آپ کا حاکم ستارہ مشتری 19 دسمبر تک دوسرے ہبوط یافتہ ہونے کے سبب 2020ء ایک نہایت ہی اہم اور حساس سال دکھائی دیتا ہے۔ مشتری فطرتی طور پر مذہب قانون اور روحانیت کا ستارہ ہے۔ 2020ء میں سکون و سکھ کیلئے اپنے مذہب و مسلک کے مطابق بلاناغہ اپنے مالک کی عبادت کرتے رہیں۔ اپنے روپے سے صدقہ و خیرات کر کے اپنے مالک سے تجارت کریں۔ اور دولت کے لالچ میں پڑے بغیر اپنے مالک حقیقی سے توکل بڑھائیں۔ ان چھوٹی چھوٹی گزارشات پر عمل کیا گیا تو آپ اپنے سال 2020ء کو ایک اچھا اور خوشگوار سال بنا سکتے ہیں ستارہ مشتری 14 مئی تا 13 ستمبر رجعت میں ہونے کے سبب اور 6 جون چاند اور 14 دسمبر طالع میں سورج گرہن لگنے سے آپ کی صحتِ جسمانی ذہنی دباؤ ڈپریشن جیسے ناخوشگوار واقعات سے بچنے کیلئے 70 مرتبہ اپنے اوپر سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کریں۔ دم شدہ پانی پئیں اور دُعائیں کرتے رہیں۔ یہ حسنِ عمل آپ کو جسمانی اور آپ کی روح کو روحانی شفاء عطا کرے۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ 2020ء خانہ مال کا حاکم ستارہ زحل اپنے ہی گھر میں تحت الشعاع غروب اور دیگر 5 ستارے مشتری عطارد کیتو شمس اور پلوٹو ہونے کے یہ کاروباری اور مالی لحاظ سے نہایت ہی اہم مالی دباؤ کا سال دکھائی دیتا ہے۔ یہ سال آپ کو شاہ سے گدا بنا سکتا ہے مشاورت اور احتیاط لازم ہے۔ ستارہ زحل دوسرے گھر کے ساتھ ساتھ تیسرے فعلی گھر کا حاکم ستارہ ہونے سے اور تبدیلی برج 22 مئی تا 20 جولائی اور پھر 17 دسمبر سے 7 مارچ 2023ء تک تیسرے گھر چلا جائے گا۔ یہ گھر خانہ مال کا بھی مال ستارہ ہے۔ ان ایام میں جو بھی ذرائع آمدن بڑھانے کیلئے کام کئے جائیں گے ان میں عزت و بڑھاوا آئے گا۔ اور آپ بہت عرصہ بعد مالی اور کاروباری آسودگی کو آتا ہوا محسوس کریں گے۔ ستارہ زحل 11 مئی تا 29 ستمبر رجعت (اُلٹا) رہنے کے سبب اہم مالی معاملات میں محتاط رہیں تب بعض خاندانی صدمات بھی پیش آسکتے ہیں۔ زحل مشتری قران 12 تا 30 دسمبر دوسرے اور تیسرے گھر کے کسپ پر واقع ہوگا۔ تب غیر متوقع طور سے مالی اخراجات میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ حسب توفیق صدقہ ضرور دیں۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔ تیسرے بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد 22 مارچ تا 7 مارچ 2023ء تک تیسرے گھر میں آجائے گا۔ ستارہ زحل کی یہ غیر معمولی تیسرے گھر نشست آپ کو اپنے عزیز و اقارب بہن بھائی اور مستحق پڑوسیوں کی خدمت کیلئے انتہائی سنجیدہ بنا دے گی۔ آپ کے اندر انصاف پسندی ایمانداری اور صلہ رحمی کا جذبہ کچھ زیادہ ہی نمایاں ہوجائے گا اور 2020ء سے اندرونِ ملک کاروباری سیاسی مطالعاتی سفروں کا ایک لامتناہی سلسلہ شروع ہوجائے گا۔ سارا سال آپ وقفہ وقفہ سے اپنے عزیز و اقارب اور بہن بھائیوں کی خدمت اور ان کی خوشیوں میں شرکت کیلئے وقفہ وقفہ سے سفر کرتے رہیں۔ ستارہ زحل 11 مئی تا 29 ستمبر رجعت (اُلٹا) ہونے سے اور زحل مشتری قران 12 تا 30 دسمبر ہونے سے عزیز و اقارب بہن بھائیوں کی مالی امداد کیلئے بھی تیار رہیں۔ انہیں دیا گیا روپیہ پیسہ اس نیت سے نہ دیں کہ وہ واپس مل سکے گا۔ بہن بھائیوں پڑوسیوں کے مابین صلح صفائی کرانے میں آپ کی حیثیت نمایاں رہے گی اور آپ ان کے مابین نیک نیتی سے جو بھی اچھے اور ثالثی فیصلے کریں فریقین بہن بھائی آپ کے فیصلے اور انصاف کی یقیناً قدر بھی کریں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ وتد الارض شمسی زائچہ کے اہم گھر کا ستارہ مشتری 19 دسمبر تک ہبوط یافتہ ہونے کے سبب خانگی اور خاندانی معاملات خاصے توجہ طلب رہیں۔ 2020ء کا سال تبدیلی رہائش یا ہجرت کیلئے کچھ زیادہ نفع بخش نہیں۔ ضروری ہو تو صدقے و خیرات دے کر ہی تبدیلی رہائش و ہجرت کریں۔ ستارہ مشتری 14 مئی تا 13 ستمبر رجعت میں ہونے کے سبب آپ پر خاصہ خاندانی یا خانگی دباؤ یا پریشر پیش آسکتا

ہے۔ ٹریفک حادثات اور گاڑی چلاتے وقت محتاط رہیں اور سفر سے پہلے دُعائے سفر پڑھ کر اپنے سفر کا آغاز کریں۔ کاشتکاری اور باغبانی سے تعلق رکھنے والے افراد اپنی فصلوں کا آسانی ہو تو اپنے مالک و خالق سے صدقہ دیکر یا پھر کسی بیمہ کمپنی سے بیمہ ضرور کروائیں تاکہ ممکنہ نقصانات سے بچا جا سکے۔ اور جو قوسی افراد اپنی زمینوں باغات یا گھر کی چھت پر پرندوں کو روزانہ دانہ اور پانی حسبِ توفیق ڈالتے رہیں وہ یقیناً اس عمل سے خیر و برکت خوشی اور سکھ محسوس کریں۔ گھریلو اور خاندانی خوشیوں کیلئے یہ سال کا بہترین صدقہ ہے۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد کا حاکم ستارہ مریخ ابتداء سال میں بارہویں گھر ہونے سے صاحبِ اولاد اپنے بچوں کے روز و شب پر نگاہ رکھیں اور جن قوسی کے بچے بچیاں جوانی کی عمر کو پہنچ رہے ہیں اُن پر لازم ہے کہ اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت اخلاق اور مذہبی تعلیمات اور رجحانات پر خصوصی توجہ دیں اور انہیں مقدس مقامات کی زیارات پر ضرور لے کر جائیں تاکہ ان کی اچھی تربیت کر سکیں۔ ستارہ مریخ **16** فروری تا **30** مارچ شرف یافتہ، **28** جون تا **7** جنوری **2021**ء پانچویں اپنے ہی گھر میں طویل عرصہ تک قیام کرے گا۔ سنجیدہ محبت جلد شادی کا باعث بنے۔ اسٹاک ایکسچینج اور اسی طرح کے دیگر تخمین بازی کے کاموں سے قوسی افراد اچانک اور غیر متوقع اچانک نفع پا سکتے ہیں۔ پرائز بانڈز اور انٹرمیڈیٹ لاٹریوں میں حصہ لینے والے افراد **23,22** جنوری، **5,4,3,2** فروری، **29,28,27,22,21,20,19,18** مارچ، **6,5,4,3** اپریل، **19** تا **30** جون، **29,28** ستمبر، **25,24,20,19,18** اکتوبر، **16,15,14,12** اور **21** تا **30** دسمبر ان ایام میں حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپکا کوئی بڑا انعام نکل آئے ہر جمعرات کسی درگاہ پر حاضری اور زردہ کی نذر دلا کر زائرین میں تقسیم کرنا نیک عمل ثابت ہوگا۔ حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام کی نمبرز'' آئینہ قسمت میں **2020**ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسمِ اعظم درود شریف کے ساتھ بھی ورد کرنا سارا سال روحانی فیض بخشے۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ ابتدائے سال بیت المرض کا حاکم ستارہ زہرہ تیسرے جبکہ ہمت و حوصلہ اور شفاء کا مالک ستارہ عطارد چھ ستاروں کے اجتماع دوسرے گھر ناک کان گلہ کے امراض اور بارہویں ہسپتال کا مالک ستارہ مریخ اپنے ہی گھر میں ہونے سے **2020**ء صحت کے حوالے سے خصوصی سال دکھائی دیتا ہے۔ جواں سال اور خصوصاً **40** تا **60** یا اس سے زیادہ عمر کے قوسی افراد کو اس سال اپنی صحتِ جسمانی سے لاپرواہی نہیں برتنی چاہئے اندیشہ ہے کہ آپ کے منہ یا گلے میں کوئی ایسا انفیکشن ہو جانے کا اندیشہ ہے۔ جس سے نظام ہضم متاثر ہو اور جسم کے وہ کمزور حصے جن میں قوتِ مدافعت کم ہو ان جیسے امراض سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ آپ مہنگے مہنگے علاج معالجے میں اُلجھنے سے بہتر ہے کہ آپ ابتداء سال سے ہی اپنے دانتوں اور منہ کے امراض کا خیال رکھیں میڈیکل سائنس کے تحت **73** فیصد پانی آپ کے جسم میں ہونا چاہئے جو قوسی افراد پانی کا مناسب خیال اور اپنے دانتوں کی حفاظت کریں گے وہ بہت ساری متوقع امراض بلڈ پریشر، کولیسٹرول، یورک ایسڈ، ذیابیطس کے امراض کے اندیشوں کو کنٹرول کر سکتے ہیں۔ ہلکی پھلکی ورزش اور اپنے ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق اپنی ادویہ اغذیہ کا مناسب خیال رکھیں۔ ستارہ زہرہ **13** تا **8** فروری، **5** اپریل تا **7** اگست اور **20** اکتوبر تا **21** نومبر سعد اور نحس گھروں میں ہونے کے سبب بیروزگار افراد کو روزگار کے حسبِ منشاء مواقع ملیں۔ ترقی کا عنصر غالب رہے۔ ستارہ زہرہ اور مشتری کی سعد نظرات **24,23,22** جنوری، **29,28,27** مارچ، **20,19,18** اکتوبر، **16,15,14** دسمبر بننے سے ملازمتی ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی سے ترقی اور مراعات کا حصول ممکن ہو سکے گا۔ زہرہ مشتری نحس نظرات **24,23,22** فروری، **27,26,25** اگست، **17,16,15** نومبر بننے سے اپنے حاسدین مخالفین سے محتاط رہیں ورنہ قانونی مسائل و پریشانیاں مقدمات قرض لینے دینے سے بھی اعتراض کریں۔

تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج اور کیرئیر کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں دوسرے گھر دیگر **5** ستاروں کے اجتماع میں ہونے کے سبب اپنے شریکِ کار اور شریکِ حیات سے حالات حاضرہ کے مطابق جو شکوک و شبہات چل رہے ہیں انہیں کسی وسیلہ سے دور کرنے کی مخلصانہ کوشش کریں۔ ورنہ آپس کے اختلافات بڑھ کر علیحدگی جیسی صورتحال پیدا کر سکتے ہیں۔ خصوصاً یہ خراب وقت مئی اور نومبر میں ہو سکتا ہے۔ **5** مئی راہو ساتویں اور کیتو طالع میں آئندہ ڈیڑھ سال کیلئے آجائیں گے اور پھر آٹھویں نحس گھر کا مالک ستارہ قمر کا گرہن **30** نومبر ساتویں گھر لگے گا۔ تب ابتداء سال یا مئی سے پیدا ہونے والا اختلاف رائے بڑھ کر نومبر میں شدت اختیار کر سکتا ہے۔ آپ کے طالع کا ذاتی مالک ستارہ مشتری بھی

19 دسمبر تک ہبوط یافتہ رہنے سے یوں پورا سال آپ کے خلاف شراکتی ازدواجی سازش نظرِ بد جادو ٹونہ اور اسی قسم کے غیر متوقع نحس واقعات ہو سکتے ہیں۔ ان سب نحوستوں سے بچنے کیلئے پیر کو سفید اور بدھ کو سبز اور جمعرات کے دن زرد اشیاء کا صدقہ دیتے رہیں۔ اور سارا سال توبہ استغفر اللہ کی تسبیح کرنا بھی بہت ساری نحوستوں سے آپ کو بچائے گی۔ ستارہ عطارد 17 فروری تا 10 مارچ اور 18 جون تا 12 جولائی اور پھر 14 اکتوبر تا 3 نومبر رجعت (اُلٹا) میں ہونے کے سبب یہ سبھی ایام بھی دوسروں سے تعلقات میں احتیاط طلب ہونگے۔ 2020ء میں بہت ساری غیر متوقع خراب باتوں کے ساتھ کچھ اچھی باتیں بھی آپ کی خدمت میں ہدیہ ہیں۔ ستارہ عطارد 12 مئی تا 5 اگست اور 20 اگست تا 6 ستمبر اوج عروج اور شرف یافتہ رہتے ہوئے بہت سارے قوسی افراد کو منگنی شادی خانہ آبادی کی خوشیوں سے نوازے گا۔ شمسی زائچہ میں دوسرا گھر خانہ مال کے ساتھ وسعت کا بھی گھر ہے۔ ستارہ زحل یہاں اپنے ہی گھر میں گزشتہ دو سالوں سے مقیم ہے۔ 22 مارچ اور پھر 17 دسمبر یہ برج تبدیل کرے گا۔ زحل کا بیشتر قیام اپنے ہی دوسرے گھر میں ہونے کے سبب خاندان میں اضافہ شادی اور منگنی کے مقابلے میں رکاوٹیں دُور ہوں خصوصاً بڑی عمر کے قوسی لڑکے لڑکیاں جو شادی سے مایوس ہو چکے ہیں۔ زحل برج تبدیل کرتے ہی ان کا مقدر کھول دے گا۔ عطارد مشتری سعد نظرات 4,3,2 جنوری، 9,8,7 اپریل، 11,10 مئی، 30,29 اگست، 30,29,28 نومبر بننے سے خواہاں لڑکے لڑکیوں کی اچانک شادی اور منگنی ہو سکتی ہے۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف کا حاکم ستارہ قمر ابتداء سال میں چوتھے ہونے سے خاندانی وراثتی توجہ طلب معاملات اس سال خاصے سرگرم رہیں گے۔ گزشتہ سال سے راہو آٹھویں گھر اور مقابل کیتو چلا آرہا ہے۔ 5 مئی کو یہ گھر تبدیل کریں گے اپنے وراثتی معاملات انشورنس کلیم یا پھر شراکتی لین دین کو احسن طریقے سے نپٹانے کیلئے 5 مئی سے پہلے پہلے کوشش کریں۔ آپ کے معاملات حسبِ منشاء حل ہو سکتے ہیں۔ ستارہ شمس وراثت کا خانہ مال ہے۔ شمس کی سعادت آپ کو 20 مارچ تا 19 اپریل، 21 جون تا 22 اگست مجموعی طور پر یہ سبھی ایام بھی شراکتی وراثتی توجہ طلب اُمور کیلئے معاون ثابت ہونگے۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر کا حاکم ستارہ شمس 19 فروری تک کمزور اور خصوصاً ابتداء سال میں 19 جنوری تک دیگر 5 ستاروں زحل کیتو عطارد مشتری اور پلوٹو کے ساتھ ہونے کے سبب حاسدین مخالفین کی سازشوں کے سبب قانونی مسائل و پریشانیاں پیش آسکتی ہیں۔ بیرونِ ملک کاروباری اغراض و مقاصد یا سیر و تفریح کیلئے بنائے گئے پروگرام متاثر ہو سکتے ہیں۔ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے 20 مارچ سے پہلے بنائے گئے کسی بھی پروگرام پر عمل درآمد نہ کریں۔ ورنہ خاطر خواہ نتائج نہ مل سکیں گے۔ ابتداء سال سے اپنے قانونی مسائل و پریشانیوں میں حل المشکلات پر خصوصی توجہ دیں۔ ستارہ شمس 20 مارچ تا 19 اپریل اور 21 جون تا 22 اگست شرف اوج اور عروج کے گھروں سے گزرے گا۔ خصوصاً 22 جولائی تا 22 اگست کے ایام بیرونِ ملک کاروباری اغراض و مقاصد کیلئے اہمیت کے حامل ہونگے۔ شمس اور مشتری کی سعد نظرات 12,11,10 مارچ، 18,17,16 مئی، 10,9,8 ستمبر اور 16,15,14 نومبر بننے سے ان ایام میں حج و عمرہ زیارات مقدسہ بیرونِ ملک اعلیٰ تعلیم کیلئے سفر یا پھر سیر و تفریح جیسے پروگراموں کیلئے بنائے گئے پروگرام پایہ تکمیل تک پہنچیں۔ ان ایام میں قانونی مسائل و پریشانیاں بھی حل کی جاسکتی ہیں۔ شمس مشتری نحس نظرات 16,15,14 اپریل، 15,14,13 جولائی، 12,11,10 اکتوبر بننے کے علاوہ آپ کا ذاتی حاکم ستارہ مشتری بھی 19 دسمبر تک ہبوط یافتہ رہے گا یوں مجموعی طور سے پورا سال والدین بزرگوں کسی مُرشد کامل یا پھر آپ خود یا اپنے جاننے والے وہ قریبی لوگ جو مقدس مقامات پر جارہے ہوں ان سے اپنے لئے خصوصی طور سے دُعائیں کروائیں۔ پورا سال صدقہ خیرات ممکن ہو تو روزانہ ہی حسبِ توفیق دیں۔ دوسروں سے دعائیں لیں اور ان کیلئے دعائیں کریں۔ بے شک **فقیروں کی دعائوں سے بدل جاتی ہیں تقدیریں۔**

کیریئر، کاروبار، عزت و وقار:۔ بیت العزت اور کیریئر کا حاکم ستارہ عطارد خانہ مال میں ابتداء سال 5 ستاروں کے اجتماع میں گھرا ہونے کے سبب اور خصوصاً آپ کی جاری شمسی ساڑھ ستی کا آخری زمانہ یکم جنوری تا 21 مارچ اور 2 جولائی تا 17 دسمبر یہ شمسی ساڑھ ستی کا آخری زمانہ مالی کاروباری نقصانات عظیم کا زمانہ ثابت ہو سکتا ہے۔ خصوصاً وہ قوسی افراد جو عملی زندگی میں قدم رکھ رہے ہیں وہ محتاط سرمایہ کاری کریں۔ نت نئے مالی تجربات کرنے سے بچیں اور دوسروں کے دیئے گئے لالچ میں آکر اپنا سرمایہ کسی غیر محفوظ جگہ پر ہرگز نہ لگائیں۔ اپنی عزت اور ساکھ کو بحال رکھنے کیلئے جو

بھی کاروباری معاہدے کریں ان کی پاسداری کا خیال رکھیں۔ حاسدین مخالفین 2020ء میں ابتداء سال میں بارہویں کا حاکم ستارہ مریخ بارہویں نحس گھر ہونا ستارہ مشتری کا 19 دسمبر تک ہبوط یافتہ ہونا اور اوپر سے ستارہ زحل کی نحوست ساڑھ ستی کا دباؤ اور خصوصاً 6 جون چاند اور 14 دسمبر سورج گرہن کا طالع میں لگنا آسمانی کونسل پر ستاروں کی آزمائش اور مشکلات آپ کے دائیں بائیں گردش کرتی رہیں گی۔ حاسدین مخالفین آپ کی کاروباری بندش کیلئے نظرِ بد جادو ٹونہ جیسے ہتھکنڈے استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ صدقہ وخیرات کی اہمیت سے باخبر نہ رہیں۔ ستارہ عطارد 12 تا 18 مئی اور 20 اگست تا 11 نومبر عروج اوج اور شرف یافتہ ہونے سے کاروباری کیریئر اور عزت میں بڑھاوا دینے کیلئے آپ کی کاوشیں اور محنتیں رنگ لائیں۔ آپ کے چاروں ادوار کے 2-2 مشترکہ حاکم ستارے عطارد مشتری کی سعد نظرات 3,2 جنوری، 9,8,7 اپریل، 11,10 مئی، 30,29 اگست، 30,29,28 نومبر بننے سے کاروباری وسعت اور نئے کاروباری وسائل عزت وساکھ میں اضافہ ہوگا۔ عطارد مشتری نحس نظرات 26,25 اپریل، 31,30 جولائی، 18,17,16 ستمبر بننے سے اپنی کاروباری عزت وساکھ اور خصوصاً صحتِ جسمانی کا خیال رکھیں۔ حسبِ توفیق صدقہ وخیرات بھی سارا سال وقفہ وقفہ سے دیتے رہیں۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الأمید کا حاکم ستارہ زہرہ یوں تو ابتداء سال میں بھی سعد گھر میں اور پھر 13 جنوری تا 8 فروری شرف یافتہ، 5 مارچ تا 7 اگست اور 28 اکتوبر تا 20 نومبر عروج اوج میں رہتے ہوئے سعد گھروں سے گزرے گا۔ حلقہ احباب میں وسعت، سماجی سیاسی عزت وتوقیر میں اضافہ، عزیز واقارب اور اچھے دوستوں کی تعداد میں اضافہ ہو۔ آپ کی بہت ساری دیرینہ خواہشات آسانی سے حل ہو جائیں۔ آپ کے ہاتھوں اپنے دوست احباب کیلئے کچھ کام صدقہ جاریہ کے طور پر انجام پائیں۔ اپنے ہاتھ سے ہونے والی نیکی کو نہ روکیں۔ 2020ء آسمانی کونسل پر مشتری کی کمزوری شمسی ساڑھ ستی کے سبب عزیز واقارب سے صلہ رحمی ان کی مالی اخلاقی امداد جاری رکھنے سے آپ اپنے لئے بہت ساری متوقع مسائل وپریشانیوں سے بچ سکتے ہیں۔ ستارہ زہرہ 13 مئی تا 25 جون رجعت یافتہ ہونے کے سبب دوسروں سے زیادہ توقعات وابستہ نہ رکھیں کیونکہ ان کے پورا نہ ہونے سے آپ خواہ مخواہ کی رنجیدگی محسوس کر سکتے ہیں۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداء اور بیت الاولاد کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ یکم، 3,2 جنوری بارہویں نحس گھر اور پھر 16 فروری تا 31 مارچ شرف یافتہ اور پھر 28 جون تا 7 جنوری 2021ء ستارہ مریخ پانچویں رہنے سے ناگہانی اخراجات کے ساتھ ضروری اخراجات بچوں کی تعلیم وتربیت شادی بیاہ پر اخراجات بلند رہیں گے۔ اپنے بڑھتے ہوئے اخراجات کو پورا کرنے کیلئے قرض لینے سے اعتراض کریں ورنہ لیا گیا قرض جلد اُتار نہ سکیں۔ روحانی وظائف چلہ کشی اور خالص اپنے مالک حقیقی کی عبادت کیلئے کی گئی عبادت وریاضت سے سکون اور سکھ پائیں۔ 2020ء میں کچھ قوسی افراد اپنے ساتھ یا اپنے کمرہ میں کوئی روحانی سایہ محسوس کریں تو اس کیلئے پریشان قطعاً نہ ہوں۔ آپ کے گزشتگان اور بزرگوں کی ارواح کا 2020ء میں آسمانی کونسل کے مطابق گہرا تعلق رہے گا۔ بلاناغہ سونے سے قبل بزرگوں ارواح کی بلندی درجات کیلئے سورۃ فاتحہ اور 3 مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھ کر ان کی ارواح کو ہدیہ کر کے اور دعائیں کر کے سویا کریں۔ اسراف سے گریز کرتے ہوئے اپنے بڑھتے ہوئے اخراجات پر قابو پائیں۔ تاہم بیرونِ ملک ہجرت اور حصولِ امیگریشن کیلئے 2020ء ایک نہایت اہم سال دکھائی دیتا ہے۔

قوسی مردوزن پر گرہنوں کے اثرات:۔ 2020ء میں چار چاند اور دو سورج گرہن لگیں گے۔ 11 جنوری چاند 21 جون سورج گرہن آٹھویں لگنے سے شراکتی اور وراثتی اور دوسروں سے لین دین میں احتیاط برتیں، 6 جون چاند اور 14 دسمبر سورج گرہن طالع میں لگنے سے آپ کے خلاف سازشیں آپ کی عزت ساکھ متاثر کرنے کیلئے حاسدین سازشیں اور جادو ٹونہ بھی کر سکتے ہیں۔ 5 جولائی چاند گرہن خانہ مال میں لگنے سے مالی کاروباری نقصانات کا اندیشہ۔ خاندانی صدمات سے بھی واسطہ پڑ سکتا ہے۔ 11 نومبر ساتویں چاند گرہن لگنے سے شراکتی ازدواجی مسائل وپریشانیاں پیش آسکتی ہیں۔ گرہن لگنے کے 15 دن قبل تا بعد محتاط رہتے ہوئے صدقہ وخیرات جی کھول کر دیتے رہیں۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) جیسے نماز آیات بھی کہا جاتا ہے۔ بوقت گرہن ضرور ادا کر کے دُعاؤں کی قبولیت کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ ہر یوم گرہن صدقہ وخیرات بھی ضرور دیں۔



CAPRICORN

Element: Earth
Ruling Planet: Saturn
Symbol: The Goat
Your Stone: Garnet
Life Pursuit: To be proud oftheir achievements.
Secret Desire: To be admired by their family and friends and the world at large.

22 Dec. - 20 Jan.

ستارہ: زحل
حروف: ز ذ ظ گ ض خ ج
دن: ہفتہ
عدد: 8
رنگ: خاکی، نیلا، سیاہ
پتھر: سیاہ عقیق، نیلم، لاجورد

آپ کی شخصیت:۔ آپ کے طالع کا حاکم ستارہ زحل جو گزشتہ سال سے آپ کے طالع میں چلا آرہا ہے اس سال برج تبدیل کرتے ہوئے 22 مئی تا یکم جولائی اور 17 تا 21 دسمبر۔ یہ دوسرے میں چلا جائے گا۔ ستارہ زحل طالع اور دوسرے کا مشترکہ حاکم ہے۔ 2020ء میں صبر وتحمل اور مستقبل مزاجی سے آپ کو آگے بڑھنے کے مواقع خصوصاً مندرجہ بالا روحانی تدارک سے آپ نے اپنے اندر خود اعتمادی پیدا کرلی ہے تو آپ کی ترقی کا گراف خواہ وہ سست رفتاری سے ہی کیوں نہ ہو آگے بڑھنے لگے گا۔ آپ مستقل مزاجی سے اپنے اہم کاموں کی انجام دہی کیلئے کوشاں رہیں یقیناً آپ کو سال کے آخر میں اچھے ثمرات ہی ملیں گے۔ ستارہ زحل 11 مئی تا 29 ستمبر رجعت میں ہونے کے سبب جلد بازی اور جذباتی پن کا مظاہرہ نہ کریں۔ اور خواہ مخواہ دوسروں سے اُلجھنے سے بھی گریز کریں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ 2020ء خانہ مال سے بارہویں 6 ستاروں کا قیام مالی معاملات میں عارضی طور سے رکاوٹیں لاسکتے ہیں۔ خانہ مال کا حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد 22 مئی تا یکم جولائی اور پھر 17 دسمبر 2020ء تا 7 مارچ 2023ء خانہ مال میں آجائے گا۔ زحل کا چونکہ یہ ذاتی اور فعلی برج بھی ہے۔ ساڑھ ستی کے باوجود آپ ذرائع آمدن بڑھانے اور معاشی اُمور کی بہتری کیلئے کوشاں رہیں۔ طویل المعیاد سرمایہ کاری خواہ اس سے آمدن کم ہی کیوں نہ ہو آپ کو ایسے معاملات میں حصہ لینا چاہے جیسے زمین جائیداد سے کرایہ داری یا پھر کسی نیشنل سیونگ یا انشورنس پلان سے مستقبل کے مالی مفادات کی منصوبہ بندی جیسے سبھی اُمور نیک ثابت ہونگے ستارہ زحل 11 مئی تا 29 ستمبر رجعت میں ہونے کے سبب اچانک مالی اخراجات بڑھنے سے یا کاروباری لین دین میں نقصانات سے بچنے جیسے اقدامات ذہن میں رکھیں۔ قرض دینا اور لینا ہرگز اس سال مناسب نہ ہوگا۔ اشد ضرورت کے تحت ہی ایسا کریں زحل زہرہ سعد نظرات 5,4,3 فروری، 6,5,4,3 اپریل، 25,24 اکتوبر اور 16,15,14 دسمبر بننے سے ان ایام خیر وبرکت کے حصول اور ذرائع آمدن میں اضافہ کیلئے کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہونگی۔ جبکہ زحل زہرہ نحس نظرات 4,3,2 مارچ، یکم 3,2, ستمبر اور 20,19,18 نومبر بننے سے لین دین اور مالی معاملات میں انتہائی احتیاط سے کام کریں۔

عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ مشتری 17 دسمبر تک طالع میں ہبوط یافتہ اور ابتداء سال میں 5 ستاروں کے اجتماع میں ہونے کے سبب عزیز واقارب بہن بھائیوں کی جانب سے فرمائشوں کا ایک لامتناہی سلسلہ جاری ہوسکتا ہے۔ انہیں پورا کریں تو آپ کیلئے مشکل اور نہ پورا کریں تو بھی آپ کیلئے مشکلات میں اضافہ۔ آپ کو مشورہ ہے کہ آپ صلہ رحمی کے تحت اپنے عزیز واقارب پڑوسیوں کو کسی بات پر انکار کرنے کے بجائے ان سے خندہ پیشانی سے پیش آئیں اور ان سے انکی اُمید پر مدد کا وعدہ کریں کہ آپ ممکنہ ان کی خدمت خواہ وہ مالی ہو یا اخلاقی یا پھر ان کو مشاورت یا وقت دینے کی خدمت کا احسن طریقے سے وعدہ کرلیں۔ قدرت نے آپ سے ان کی خدمت لینی ہوگی تو وہ آپ کو ضرور ایسے اسباب بھی مہیا کردے گا۔ یوں تو اس سال اندرون ملک غیر ضروری سفروں سے اجتناب برتیں۔ 14 مئی تا 13 ستمبر رجعت میں (اُلٹا) ہونے کے سبب دوران سفر اپنے مال واسباب کا خیال رکھیں۔ حسب توفیق صدقہ وخیرات ضرور دیں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ وتد الارض کا حاکم ستارہ مریخ جو آپ کے چوتھے اور گیارہویں گھر کا مشترکہ حاکم ہونے کے

ساتھ 2020ء میں آسمانی کونسل پر اس کی گردش اس سال آپ کیلئے کسی نعمت سے کم نہ ہوگی۔ ستارہ مریخ ابتداء سال میں یکم 3,2, جنوری عروج یافتہ، 16 فروری تا 31 مارچ طالع میں شرف یافتہ اور پھر اپنے ہی گھر وتد الارض میں طویل عرصہ کیلئے 27 جون 2020ء تا 7 جنوری 2021ء تک قیام کرے گا۔ آپکی سماجی اور خاندانی مصروفیات اچانک بڑھ جائیں۔ اندرونِ خانہ مہمانوں کی آمد ورفت اور خاندانی مسائل و پریشانیوں کیلئے آپ کے ہاں مشاورت و پنچائیت ہوتی رہے۔ آپ حوصلہ مندی سے اہلِ خاندان کے درمیان پل کا کام کرتے ہوئے خاندان کے ناراض بچھڑے پیارے رشتوں کو پھر سے ملا سکتے ہیں۔ ستارہ مریخ 10 ستمبر تا 14 نومبر رجعت میں ہونے کے سبب بعض حاسد قسم کے لوگ آپ کے خلوص کو غلط رنگ دینے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ زمین جائیداد کی خرید و فروخت رہائشی تزئین و آرائش بھی کی جاسکے۔ حسبِ حیثیت سواری کا حصول بھی بآسانی ممکن ہو سکے۔ مریخ زحل سعد نظرات 30,29,28,27 جون، بننے سے آپ اپنے پیڈنگ کاموں کو بآسانی ان ایام میں نپٹا سکیں گے۔ مریخ زحل نحس نظرات 30 مارچ تا 2 اپریل، 21 تا 29 اگست، 25 ستمبر تا 3 اکتوبر اپنے حاسدین ومخالفین کی ریشہ دوانیوں سے محتاط رہیں۔ حسبِ توفیق صدقہ وخیرات بھی ضرور دیں۔

اولاد، انعامات ومحبت:۔ بیت الاولاد کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء سال میں دوسرے ہونے سے صاحبِ اولاد اپنے بچوں کی تعلیم وتربیت اور ان کی منگنی یا شادی جیسی خوشیوں پر اخراجات کرنے پسند کریں۔ شمسی ساڑھ ستی کے سبب ممکنہ کوشش کریں کہ قرض لے کر آپ ان فرائض کو ادا کرنے کی کم سے کم کوشش کریں۔ ستارہ زہرہ 13 جنوری تا یکم فروری شرف یافتہ، 5 مارچ تا 6 اگست اور 28 اکتوبر تا 21 نومبر عروج اور اوج کے گھروں میں رہتے ہوئے آپ اپنے وقتاً فوقتاً منتشر ذہن ہونے کے سبب محبت فلم آرٹ علمی ادبی محافل کی رنگینوں میں کھو کر سکون حاصل کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ پہلے سے اگر آپ کی محبت چل رہی ہے تو اسے شادی تک جلد منتہی کر لیں۔ ورنہ ایسے جذباتی رشتے ٹوٹنے کے امکانات اس عرصہ میں کچھ زیادہ ہی رہیں گے۔ اسٹاک ایکسچینج اور شیئرز کے کاروبار میں محتاط حصہ لیں۔ انٹرنیشنل لاٹریوں اور پرائز بانڈز میں حصہ لینے کے شوقین 5,4,3 جنوری، 5,4,3 فروری، 6,5,4,3 اپریل، 30,29,28,27 جون، 30,29,28 ستمبر، 25,24 اکتوبر، 15,14 دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپکا کوئی بڑا انعام نکل آئے ہر جمعرات کسی درگاہ پر حاضری اور زردہ کی نذر دلا کر زائرین میں تقسیم کرنا نیک عمل ثابت ہوگا۔ حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام لکی نمبرز'' آئینہ قسمت میں 2020ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔ حصول انعام کیلئے اپنے نام کا اسمِ اعظم درود شریف کے ساتھ بھی ورد کرنا سارا سال روحانی فیض بخشے۔ حصولِ انعام کیلئے 6 سے 10 قراٹ کا اوپل دو نفل شکرانہ کے ادا کر کے پہننا نیک رہے۔

صحت وامراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں طالع میں دیگر 5 ستاروں کے جھرمٹ میں ہونے کے سبب ذہنی دباؤ ڈپریشن محسوس کر سکتے ہیں۔ کام کاج کی زیادتی کے سبب آپ کی صحتِ جسمانی متاثر ہو سکتی ہے۔ آسمانی کونسل پر ستاروں کی نشستی اعتبار سے اس سال اپنا مکمل میڈیکل چیک اپ کروائیں۔ بلڈ پریشر، کولیسٹرول، ذیابیطس، یورک ایسڈ، کمزوری معدہ وجگر، ہیپاٹائٹس کے ٹیسٹ یا جو آپ کا ڈاکٹر مشورہ دے وہ ٹیسٹ ضرور کروائیں۔ وہ افراد جن کا وزن بڑھ رہا ہے۔ انہیں گھٹنوں اور پاؤں کے جوڑوں کی درد کا اندیشہ ہو سکتا ہے۔ ستارہ عطارد 12 تا 18 مئی اور 20 اگست تا یکم دسمبر اپنی سعادت کے سبب بیروزگار افراد کو روزگار کے اندرونِ ملک اور بیرونِ ملک اچھے مواقع ملیں اور تبدیلی روزگار کے مواقع بھی حسبِ منشا مل سکیں۔ ان مشترکہ ایام میں مقدمات قرض کی ادائیگی جیسے حساس معاملات کو حل کرنے کیلئے بھی مثبت کوششیں بارآور ثابت ہوں۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج کا حاکم ستارہ قمر یوں تو ہر ماہ آپ پر سعادتیں نچھاور کرتا ہے تاہم 2020ء یوں قدرے توجہ طلب سال ہے۔ ابتداء سال میں 6 ستارے ساتویں کے مقابل اور خصوصاً ساتویں میں راہو کا 5 مئی تک قیام اور پھر 11 جنوری چاند اور 21 جون سورج گرہن اس گھر میں لگنے سے شراکتی ازدواجی تعلقات خاصے آزمائش طلب ہونگے۔ جن لڑکے لڑکیوں کی اس سال شادی متوقع ہے۔ انہیں اپنے شراکتی رشتے داروں سے تعلقات اور گفتگو میں خاصی احتیاط سے کام لینا چاہئے ورنہ طے شدہ رشتہ متاثر ہو سکتا

ہے۔ اور شادی میں عارضی طور سے تاخیر کا بھی اندیشہ ہے۔ اپنے شریکِ کار اور اپنے شریکِ حیات سے بھی تعلقات میں احتیاط سے کام لیں۔ شراکتی تعلقات منقطع ہو سکتے ہیں اور زوجین کے مابین علیحدگی یا ناراضگی جیسے حالات پیدا ہونے کا اندیشہ سال کے پہلے 5 ماہ خاصے احتیاط طلب ہونگے۔ 5 مئی راہو کی ساتویں اور کیتو کی طالع سے تبدیلی سے حالات میں قدرے بہتری ہونے لگے گی۔ اس سال شادی کرنے والے نیک وقت نکاح کسی منجم سے ضرور نکلوائیں تاکہ ان کا بندھن مضبوط ہو اور ٹوٹنے نہ پائے۔ ستارہ قمر ہر ماہ اپنی سعد پوزیشن کے سبب 11,10,9,6,5,4 جنوری، یکم 28,7,6,3,2, فروری، 31,27,26,25,6,5,4 مارچ، یکم 28,27,24,23, اپریل، 25,21,20 مئی، 22,21,17,16 جون، 20,19,18,15,14,13 جولائی، 16,15,11,10 اگست، 12,11,7,6 ستمبر، 31,10,9,8,5,4,3 اکتوبر، یکم 28,27,6,5 نومبر، یکم 30,29,26,25,24,3,2, دسمبر مجموعی طور پر یہ سبھی ایام رشتے ناطے طے کرنے کیلئے نیک ہیں۔ ممکنہ ان ایام سعادت حاصل کی جاسکتی ہے۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف کا حاکم ستارہ شمس 20 مارچ تا 19 اپریل، 22 جولائی تا 22 اگست سعد پوزیشن میں ہونے کے سبب حصولِ وراثت اور شراکتی وراثتی کاموں اور خصوصاً انشورنس کلیم جیسے کاموں کیلئے بھی یہ ایام موافق ہیں۔ 20 جنوری تا 19 فروری، 22 ستمبر تا 23 اکتوبر، 21 تا 31 دسمبر شمس کی کمزور پوزیشن دوسروں سے لین دین اور مشترکہ مفادات کے کاموں میں حصہ لیتے وقت محتاط رہیں۔ شمسی ساڑھ ستی کے سبب کچھ ناعاقبت اندیش لوگ آپ کو نقصان پہنچانے کی کوشش کر سکتے ہیں ان سے محتاط رہتے ہوئے اپنے کاموں کو صرف مندرجہ بالا سعد اوقات میں ہی حل کرنے کی کوشش کریں۔ جنوری، جون، جولائی، نومبر، دسمبر لگنے والے چاند اور سورج گرہن آپ کے وراثتی مسائل و پریشانیوں کو مزید متاثر کر سکتے ہیں۔ حسبِ توفیق صدقہ و خیرات دینے کے ساتھ ساتھ اپنے مخلصین اور بزرگوں سے بھی مسلسل مشاورت میں رہیں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔ نویں کا حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں طالع میں تحت الشعاع یا غروب 5 ستاروں کے اجتماع میں ہونے کے سبب مستقبل کی منصوبہ بندی کیلئے پہلی سہ ماہی کا وقت کچھ خاص مناسب نہ ہوگا۔ 2020ء قانونی مسائل و پریشانیوں کے حل کیلئے اپنے قانونی مشیر سے مسلسل مشاورت میں رہیں۔ بیرونِ ملک ہائر ایجوکیشن کیلئے جانے والے طلبہ اور کاروباری حضرات کیلئے یوں تو یہ سارا سال اتنا اچھا نہیں تاہم ستارہ عطارد 12 تا 28 مئی، 20 اگست تا یکم دسمبر سعد گھروں میں ہونے کے سبب ان ایام میں بیرونِ ملک تعلیم یا سفر کیلئے کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہوں البتہ حج و عمرہ اور زیارات مقدسہ پر جانے والے افراد ان ایام میں بآسانی سفر پر جاسکیں گے۔ ستارہ عطارد 17 فروری تا 10 مارچ، 18 جون تا 18 جولائی، 14 اکتوبر تا 3 نومبر رجعت میں ہونے کے سبب مستقبل کی منصوبہ بندی بیرونِ ملک سفر قانونی معاملات۔ اعلیٰ تعلیم کے حصول میں سست روی کا امکان اپنی تمام حل المشکلات کیلئے تمام سال بدھ کے دن سبز میٹھی گولیوں کا چورا کر کے حشرات الارض کو ڈالنا معمول بنالیں۔ عطارد زحل سعد نظرات 12,11 اپریل، 13,12 مئی 4,3,2 ستمبر، 30 نومبر، یکم دسمبر بننے سے یہ سبھی ایام پیدا شدہ مسائل و پریشانیوں کے حل کیلئے نہایت مفید ثابت ہوں۔ بزرگوں یا والدین سے ضرور دعا لیں۔

کیریئر، کاروبار، عزت و وقار:۔ بیت العزت اور کیریئر کے گھر کا حاکم ابتداء سال میں خانہ مال میں ہونے کے سبب کاروباری لین دین اور معاملات میں محتاط انداز سے وسعت لانے کا باعث بن سکتا ہے۔ شمسی ساڑھ ستی کے سبب یوں تو کیریئر کے معاملات سارا سال ہی توجہ طلب رہیں گے تاہم ستارہ زہرہ 13 جنوری تا 8 فروری، 5 مارچ تا 7 اگست، 28 اکتوبر تا 21 نومبر شرف اوج اور عروج کے گھروں میں ہونے کے سبب آپ کی مستقل مزاجی اور پیشہ ورانہ انتھک محنت سے آپ اپنی کھوئی ہوئی ساکھ کو بحال کرنے میں کامیاب ہو سکتے ہیں آپ کی حیثیت و شخصیت میں اضافہ، سماجی سیاسی مصروفیات وقفہ وقفہ سے جاری رہیں۔ بااثر لوگوں سے تعلقات ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی سے ترقی و مراعات جیسی اُمیدیں بھی بر آئیں۔ زہرہ زحل سعد نظرات

5,4,3 فروری، **6,5,4,3** اپریل، **25,24** اکتوبر، **16,15,14** دسمبر بننے سے ان ایام میں کیریئر و کاروبار کو آگے بڑھانے کیلئے آپ جو بھی کوشش کریں گے ان سے نفع پائیں۔ شمسی ساڑھ ستی کے سبب کاروباری معاہدے ذمہ داری سے کریں۔ زہرہ زحل نحس نظرات **4,3,2** مارچ، **3,2,** کم ستمبر، **20,19,18** نومبر بننے سے تب کوئی ایسی ذمہ داری اپنے اوپر نہ لیں جسے آپ پورا نہ کر سکیں۔ غیر متوقع اور سہواً نقصانات شمسی ساڑھ ستی کے سبب ہونے کا اندیشہ نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ ممکن ہو تو روزانہ اپنا کاروباری صدقہ و خیرات حسبِ توفیق ضرور نکالتے رہیں۔ بلاشبہ صدقے و خیرات اور کسی اسم اعظم یا درود شریف کے ورد سے ہی اپنے اس سال کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ مریخ ابتداء سال میں اپنے ہی گھر عروج یافتہ اور پھر **16** فروری تا **31** مارچ طالع میں شرف یافتہ ہونے کے علاوہ ایک مرتبہ پھر **28** جون تا **7** جنوری تک چوتھے گھر میں طویل عرصہ کیلئے عروج یافتہ رہے گا۔ گیارہویں چوتھے دو اچھے گھروں کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ آپ کی سماجی قائدانہ صلاحیتوں میں اضافہ۔ حلقہ احباب میں وسعت، زمین جائیداد کی خرید و فروخت سے فائدہ اور کچھ رُکے ہوئے کام اس سال بآسانی ذرا سی کوشش سے حل ہو سکتے ہیں۔ **2020**ء حلقہ احباب میں وسعت کیلئے انتہائی اہم سال دکھائی دیتا ہے۔ اس سال آپ کو اپنے دوستوں اور ان کی فیملیز کی خدمات انجام دینی پڑ سکتی ہیں۔ ایسے اخلاقی کام خوش دلی سے انجام دیں۔ یہ آپ کا اس سال کا بہترین صدقہ اور صلہ رحمی ہوگا۔ اور اس کے نتیجہ میں آپ کی بھی کئی ایک مشکلات دور ہو سکیں گی۔ نہ صرف یہ **2020**ء میں آپ کی بڑی نہیں تو چھوٹی معصوم خواہشات پوری ہو سکیں گی۔ ''**کربھلا سوھوبھلا**'' آپ جتنے زیادہ دوسروں کے کام آئیں گے قدرت بھی آپ پر اتنی زیادہ فیاض اور مہربان ہو سکے گی۔ **29,28,27** جون سال کے وہ سعد ایام جب آپ کی دیرینہ خواہش پوری ہو سکے گی۔ مریخ زحل نحس نظرات **30** مارچ تا **2** اپریل، **21** تا **29** اگست، **25** ستمبر تا **3** اکتوبر بننے سے اپنے حاسدین دوست نما دشمنوں سے محتاط رہیں۔ ان سے لین دین اور کھاتہ پڑتال پر ذہنی تفکرات پیش آ سکتے ہیں۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد خفیہ دشمنوں کا حاکم ستارہ مشتری **19** دسمبر تک طالع میں دیگر **5** ستاروں کے اجتماع میں ابتداء سال ہونے سے **2020**ء میں آپ کے تمام معلوم نامعلوم خفیہ دشمن آشکار ہو سکیں گے۔ **2020**ء اس لحاظ سے اچھا سال ہے کہ آپ کو اپنے تمام دوستوں اور دشمنوں کی تمیز ہو سکے گی۔ ایسے ناعاقبت اندیش حاسد جو نہ صرف آپ کے خلاف سازشیں کرتے رہتے ہیں۔ اور آپ پر نظرِ بد کے علاوہ جادو ٹونہ جیسی بدنظرات کرتے رہتے ہیں ان لوگوں سے بھی ممکنہ چھٹکارا مل سکتا ہے زیادہ عمر کے افراد بیرونِ ملک اپنی رہائش ختم کر کے اپنے وطن میں آباد ہونے کا عملی منصوبہ سوچیں گے۔ حصولِ امیگریشن کے خواہاں افراد اپنے ضروری کاغذات نہ مکمل ہونے کے سبب جلد امیگریشن حاصل نہ کر سکیں۔ **2020**ء ایک فلکیاتی اندازے کے مطابق بڑھتے ہوئے ہر قسم کے اخراجات پر قابو پانے کیلئے پلاننگ کا سال دکھائی دیتا ہے۔

جدوی مرد وزن پر گرھنوں کے اثرات:۔ **2020**ء میں **4** چاند اور **2** سورج گرہن لگیں۔ **11** جنوری چاند اور **21** جنوری سورج گرہن ساتویں گھر لگنے سے خانگی ازدواجی شراکتی مسائل و پریشانیاں اچانک پیش آ سکتی ہیں۔ اپنی شریکِ حیات کی صحتِ جسمانی کا خاص طور پر خیال رکھیں۔ **6** جون چاند گرہن اور **14** دسمبر سورج گرہن بارہویں گھر لگنے کے سبب ایسے افراد جو طویل عرصہ سے کسی نظر بندی یا ہسپتال میں زیر علاج تھے انہیں شفا مل سکے گی۔ **5** جولائی چاند گرہن طالع میں لگنے کے سبب حاسدین مخالفین آپ کی عزت و توقیر کو خراب کرنے کیلئے سازشیں کر سکتے ہیں۔ **30** نومبر چھٹے چاند گرہن مسائل و پریشانیوں میں کمی لائے مقدمات اور قرض مرض سے ممکنہ حد تک نجات مل سکے گی۔ گرہن لگنے کے **15** دن قبل تا بعد محتاط رہتے ہوئے صدقہ و خیرات جی کھول کر دیتے رہیں۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن) جیسے نماز آیات بھی کہا جاتا ہے۔ بوقت گرہن ضرور ادا کر کے دُعاؤں کی قبولیت کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ ہر یوم گرہن صدقہ و خیرات بھی ضرور دیں۔



21 Jan. - 19 Feb.

Element: Air
Ruling Planet: Uranus
Symbol: The Water Bearer
Your Stone: Amethyst
Life Pursuit: Understand life s mysteries
Secret Desire: To be unique and original.

ستارہ: یورانس
حروف: س ش ث ص
دن: ہفتہ
عدد: 4
رنگ: فیروزی، نیلا، تمام گہرے رنگ
پتھر: لاجورد، نیلم، ایکوامیرین

آپ کی شخصیت:۔ 2020ء ابتداء سال میں ستارہ زحل کی 22 مارچ تک بارہویں بمعہ 5 ستاروں کی نشست کے سبب سال کی ابتداء اگرچہ اتنے اچھے انداز سے نہیں ہوگی تاہم جیسے جیسے وقت گزرے گا حالات وواقعات میں بہتری آنے لگے گی۔ اپنے ہاتھ میں **یاقوت یا مرجان** کا نگینہ ضرور پہنیں۔ ستارہ زحل 22 مارچ تا یکم مئی طالع میں آنے سے قدرے حل المشکلات اور سہولتوں میں اضافہ کرے گا۔ ان سعد ایام میں اپنے اہم کاموں کی تکمیل کی طرف توجہ دیں۔ ستارہ زحل 11 مئی تا 29 ستمبر رجعت میں ہونے کے سبب کاموں میں سست روی اور رکاوٹیں پیش آسکتی ہیں۔ ہر منگل گوشت یا کلیجی پھیپھڑے کا صدقہ دینے کے ساتھ ساتھ درود پاک اور نماز پنجگانہ کی پابندی کے ساتھ اپنے اور اپنے اہل خانہ کیلئے دُعائیں کرنا معمول بنالیں۔ یقیناً اس حسنِ عمل سے نیکی اور بہتری پائیں گے۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ دوسرے خانہ مال اور خاندان میں وسعت کا حاکم ستارہ مشتری 19 دسمبر تک زائچہ کے بارہویں نحس گھر میں ابتداء سال دیگر 5 ستاروں کے ساتھ ہبوط یافتہ رہے گا۔ 2020ء ذرائع آمدن میں اضافہ کے لحاظ سے کوئی اتنا اچھا سال نہیں ہے۔ آمدن سے اخراجات بلند رہیں۔ ناگہانی اخراجات قرض کے لین دین، چوری چکاری یا کسی غلط معاشی فیصلے کے سبب آپ کو نقصانات عظیم ہوسکتے ہیں۔ شمسی ساڑھ ستی ان خدشات کو تقویت دیتی ہے۔ 2020ء ایک ایسا مالی احتیاط طلب سال ہے کہ آپ خود احتسابی کے تحت اپنے اوپر کچھ پابندیاں ایک سال کیلئے لگالیں۔ اسراف سے گریز کریں۔ قرض لینے دینے میں احتیاط کریں خاندانی صدمات اور مسائل و پریشانیوں سے بھی واسطہ پڑسکتا ہے۔ خاص طور سے مالی معاملات میں اتنے ہی پاؤں پھیلائیں جتنی آپ کی چادر ہو۔ زحل مشتری قران 12 تا 30 دسمبر کے مابین شمسی زائچہ کے طالع اور بارہویں کے کسب پر ہونے سے ناگہانی مالی نقصانات سے بچنے کی پہلے سے منصوبہ بندی کررکھیں۔

عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ مریخ ابتداء سال میں مضبوط پوزیشن میں ہونے کے سبب عزیز واقارب بہن بھائیوں کی جانب سے ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ خوشیاں بھی ملیں۔ ستارہ مریخ 16 فروری تا 31 مارچ بارہویں شرف یافتہ ہونے کے سبب عزیز و اقارب بہن بھائیوں کی جانب سے فرمائشوں کا ایک سلسلہ شروع ہوجائے گا جس کو ممکنہ حد تک آپ کو پورا کرنا ہوگا۔ بصورت دیگر ان کی ناراضگی کیلئے تیار رہیں۔ ستارہ مریخ 28 جون تا 7 جنوری تیسرے اپنے ہی گھر میں عروج یافتہ رہتے ہوئے عزیز واقارب بہن بھائیوں سے جذباتی ایثار ومحبت اور قربانی جیسے تعلقات میں اضافہ ہوگا۔ ان ایام میں ناراض اندرونِ ملک متعدد کاروباری تفریحی مطالعاتی اور روحانی سفر پیش آسکتے ہیں۔ 2020ء عزیز واقارب بہن بھائیوں سے تجدید مراسم کا بہترین سال ہے ستارہ مریخ 10 ستمبر تا 14 نومبر رجعت میں ہونے کے سبب اپنے جذباتی پن غم وغصہ پر قابو رکھنے سے آپ آپس کی بہت ساری غلط فہمیوں سے بچ سکتے ہیں۔ ستارہ زحل مریخ قران 30 مارچ تا 2 اپریل اور تربیعات 21 اگست تا 29 اگست، 25 ستمبر تا 30 اکتوبر ہونے سے بہن بھائیوں اور قریبی تعلق کے اختلافات سے بچیں اور ان کی عزت واحترام اور واجبات کو عبادت سمجھ کر پورا کریں اس حسنِ عمل سے آپ بہت ساری غیر متوقع پریشانیوں سے بچے رہیں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ وتد الارض کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء سال میں طالع میں ہونے کے سبب سال کی ابتداء سے ہی خاندانی اور سماجی خوشیوں میں اضافہ ہو۔ صبر وتحمل فرمانے اور اپنے اندر خوش طبعی پیدا کرنے سے آپ اہل خاندان کو اپنا گرویدہ بنا سکتے ہیں۔ ستارہ زہرہ اور

ستارہ مشتری کی مشترکہ سعد نظرات اندرونِ خانہ سارا سال وقفہ وقفہ سے مہمانوں کی آمد و رفت اور تقریبات کا سلسلہ جاری رہے۔ زمین جائیداد کی خرید و فروخت تبدیلی رہائش زراعت کاشتکاری باغبانی سے غیر متوقع نفع پائیں۔ ساڑھ ستی کے باوجود بھی آپ اپنے لئے بہتر سواری خرید پائیں۔ 2020ء میں اپنے آفس یا رہائشی ماحول میں تزئین و آرائش کرنے سے آپ اپنے رہن سہن اور ماحول میں بہتریاں پائیں۔ بزرگوں اور والدہ کی دُعائیں آپ کے ساتھ مسلسل رہیں۔ ستارہ زہرہ 31 جنوری تا یکم فروری شرف یافتہ 5 مارچ تا 7 اگست اور 28 اکتوبر تا 21 نومبر اوج و عروج یافتہ رہنے سے آپ کی خانگی اور خاندانی خوشیوں میں اضافہ ہو سکے گا۔ مجموعی طور پر یہ سبھی ایام نہایت نیک ثابت ہونگے۔ آپ اپنے اہم کاموں کی تکمیل کیلئے ان ایام سے ضرور استفادہ کریں۔ ستارہ زہرہ زحل سعد نظرات 5,4,3 فروری، 6,5,4,3 اپریل، 25,24 اکتوبر، 16,15,14 دسمبر بننے سے آپ اجتماعی طور سے اپنی ذات سے ہٹ کر خاندانی لحاظ سے اہم ذمہ داریاں نبھائیں گے جس سے آپ کی خاندانی عزت و توقیر بڑھے۔ زہرہ زحل نحس نظرات 4,3,2 مارچ، یکم 3,2, ستمبر، 20,19,18 نومبر بننے سے اور خصوصاً ستارہ زہرہ کی رجعت 13 مئی تا 25 جون جب ہوان ایام میں ذمہ داری اور حاضر دماغی کا ثبوت دیں۔ اہم خانگی فیصلوں میں جلد بازی نہ کریں اور صدقہ و خیرات دینا بھی آپ کیلئے نیک ہے۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد کا حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں بارہویں نحس گھر غروب اور ستاروں کے اجتماع میں ہونے کے سبب صاحب اولاد افراد اپنے بچوں کے روز و شب، اُن کی دوستیاں اور اُن کے انٹرنیٹ موبائل فونز کو بھی چیک کرتے رہیں۔ اس معمول کی ذمہ داری کو تمام سال اپنی اہم ذمہ داری بنالیں۔ تو بچوں کی جانب سے ممکنہ آنے والی پریشانیوں سے بچا سکتا ہے۔ خصوصاً 5 مئی راہو پانچویں اور مقابل کیتو آئندہ ڈیڑھ سال کیلئے آجانے سے اولاد محبت اور انعامات جیسے مشاغل میں آپ کی دلچسپیاں بڑھیں۔ ستارہ عطارد 12 تا 18 مئی اور 6 ستمبر تا 2 دسمبر عروج شرف اور اوج یافتہ رہتے ہوئے آپ کی زندگی میں بعض اہم انقلابی تبدیلیاں لائیں۔ علم و ادب اور جدید ٹیکنالوجی جیسے علوم میں آپ کی دلچسپی بڑھے۔ آپ کے شعور اور ادراک میں اضافہ ہو۔ سال کے آخر میں اچانک کوئی محبت شادی میں بدل سکتی ہے۔ ستارہ عطارد سال میں 3 مرتبہ رجعت (اُلٹا) یافتہ 17 فروری تا 10 مارچ، 18 جون تا 12 جولائی، 14 اکتوبر تا 3 نومبر ہونے سے جذباتی اور محبت کے نوعیت کے معاملات خاصے محتاط طلب ہونگے۔ جنسِ مخالف میں رغبت خصوصاً بازاری قسم کی دوستیاں بدنامی اور پریشانی کا باعث بن سکتی ہیں۔ شمسی ساڑھ ستی کے سبب اپنی اور اپنی فیملی کی عزت کا خاص طور پر خیال رکھیں۔ غیر متوقع پریشانیوں سے بچنے کیلئے مٹھی بھر کر روزانہ شکر کا صدقہ حشرات الارض کو ڈالیں۔ انٹرنیشنل لاٹریوں اور پرائز بانڈز میں دلچسپی رکھنے والے افراد 13,12,11,3,2 جنوری، 12,11,9,8,7 اپریل، 13,12,11,10 مئی، 30,29 اگست، 4,3,2 ستمبر، 30,29,28 نومبر، یکم 30,21,12,2, دسمبر ان ایام میں حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپکا کوئی بڑا انعام نکل آئے۔ حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام لکی نمبرز'' آئینہ قسمت میں 2020ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔

صحت و امراض، ملازمتی کیریئر:۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ قمر ابتداء سال میں دوسرے گھر میں ہونے سے ناک کان گلے کے امراض کا اندیشہ خصوصاً دانتوں کے مسائل کیلئے فوری اچھے معالج سے رابطہ کریں اور اغذیہ و ادویہ کے استعمال میں کوتاہی نہ کریں ورنہ وزن یا کولیسٹرول لیول بڑھنے جیسے مسائل کا سامنا رہ سکتا ہے۔ سال کے ابتداء میں 6 ستارے بارہویں خصوصاً کیتو اور راہو چھٹے ہونے سے حاسدین مخالفین آپ پر اپنا غلبہ بڑھانے کی ناکام کوشش کریں نظرِ بد جادو ٹونہ جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں اگر آپ اپنی طبیعت میں کوئی غیر معمولی فرق محسوس کریں اور تمام دوا سے آپ کو شفاء نہ ہو تو پھر ڈاکٹری علاج کے ساتھ ساتھ کسی مرشد کامل یا بزرگ روحانی سے اپنی شفایابی کیلئے اپنا روحانی علاج بھی ساتھ کروائیں۔ صدقے و خیرات ہر پیر سفید اشیاء کا حسبِ توفیق دیتے رہیں۔ قرض مرض مقدمات جیسے مسائل پریشانیاں منی تک پیش آنے کا اندیشہ ہے۔ 5 مئی راہو پانچویں اور کیتو گیارہویں آنے سے صحت کے مسائل میں بہتری آئے گی۔ مئی تا دسمبر اگر آپ قرض خواہ ہیں تو ادائیگی قرض کیلئے صالح نیت سے کی گئی کوشش بارآور ثابت ہوں۔ اپنی جسمانی اور روحانی شفایابی کیلئے چاروں قل پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں دم شدہ پانی پئیں اور دُعائیں کریں نظرِ بد جادو

ٹوٹنہ سے تحفظ کیلئے ادارہ سے لوحِ محفوظ کا تحفہ منگوا کر پاس رکھیں۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج کا حاکم ستارہ شمس یوں تو سارا سال بارہ منطقۃ البروج میں گردش کرتے ہوئے **20** مارچ تا **19** اپریل، **20** مئی تا **21** جون، **27** جولائی تا **22** اگست اور **22** نومبر تا **21** دسمبر زائچہ کے سعد گھروں سے گزرتے ہوئے شراکتی ازدواجی معاملات میں بہتری لائے گا۔ شادی کے خواہاں لڑکے لڑکیاں خصوصاً بڑی عمر کے افراد یا عقد ثانی کے خواہاں دلوی افراد کی شادی منگنی کیلئے **2020**ء اور **2021**ء نہایت اہم سال ہیں۔ ستارہ مشتری بھی **19** دسمبر کو **12** سال کے بعد طالع میں آکر پورا ایک سال یہاں رہے گا۔ شادی منگنی جیسی خوشیاں عطا کرے گا۔ ناراض زوجین کے مابین افہام وتفہیم اور صلح صفائی کے مواقع بھی میسر آئیں گے۔ شمسی ساڑھ ستی کے سبب دوسروں سے ہر قسم کے خراب تعلقات میں بہتری لانے کیلئے اگر آپ اپنا ہم وزن صدقہ گندم یا باجرہ سال کی ابتداء میں اپنے سر سے وار کر کبوتروں یا پرندوں کو ڈالیں تو یہ آپ کا سال **2020**ء کیلئے ایک نہایت اہم دربلا جیسا صدقہ ہے۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف کا حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں بارہویں نحس گھر میں ہونے کے سبب وراثت حصول انشورنس کلیم، دوسروں سے شراکتی لین دین غیر معمولی مسائل و پریشانیاں شکوک وشبہات اس سے قبل پیدا ہوں۔ آپ اپنے سارے اہم کام **8** فروری تک پینڈنگ رکھیں۔ اس کے بعد حالات قدرے بہتر ہونے لگیں گے۔ ستارہ عطارد **12** مئی تا **5** اگست اور **20** اکتوبر تا یکم دسمبر عروج شرف اور اوجی بروج سے گزرے گا تو مشترکہ مفادات کے کاموں لین دین اور شریکِ حیات کے نصیب سے بھی بہتری آئے گی۔ ان ایام میں جن کی شادی ہوگی انہیں اپنی شریکِ حیات کے نصیب سے مالی مادی فوائد ملیں۔ ستارہ عطارد سال میں **3** مرتبہ رجعت یافتہ (اُلٹ) **17** فروری تا **10** مارچ، **18** جون تا **12** جولائی، **14** اکتوبر تا **3** نومبر ہونے سے وراثتی وشراکتی اُمور افہام وتفہیم پنچائتی طریقے سے حل کرنے نیک رہیں گے۔ تب معاملات میں قدرے سست روی آئے تو دُعاؤں اور صدقات سے انہیں دور کیا جاسکتا ہے۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر اور نصیب کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء سال میں طالع میں ہونے سے **2020**ء میں متعدد خوشگوار تفریحی اور روحانی سفر پیش آئیں۔ ستارہ زہرہ **13** جنوری تا **8** فروری شرف یافتہ، **5** مارچ تا **7** اگست اور **28** اکتوبر تا **21** نومبر شرف عروج اور اوج یافتہ ہونے سے کاروباری اغراض ومقاصد کیلئے بیرونِ ملک متعدد سفر پیش آئیں۔ ایسے طلبہ جو ہائر ایجوکیشن کیلئے بیرونِ ملک جانا چاہتے ہیں انہیں کسی یونیورسٹی میں فل یا ہاف اسکالرشپ باآسانی مل سکتا ہے۔ دیرینہ قانونی مقدمات کے فیصلے **2020**ء اور **2021**ء میں اہم ستاروں کی تبدیلی کے سبب آپ کے حق میں ہوتے دکھائی دیتے ہیں۔ بیرونِ ملک حصولِ امیگریشن کیلئے کی گئی کوششیں بھی ان ایام میں کامیاب ثابت ہوں۔ ستارہ زہرہ مریخ زحل کی سعد نظرات **5,4,3** فروری، **6,5,4,3** اپریل، **30,29,28,27** جون، **29,28** ستمبر، **25,24** اکتوبر، اور **16,15,14** دسمبر بننے سے حج وعمرہ زیارات مقدسہ پر جانے کی دیرینہ آرزو پوری ہوسکے گی۔ اپنے نیک نصیب بیرونِ ملک تفریحی ومطالعاتی سفر اور اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے آپ جو منصوبہ بندی کریں گے جس میں بزرگوں اور خصوصاً اپنے والدگرامی کی دُعاؤں کو ضرور شامل رکھیں۔ زہرہ مریخ زحل نحس نظرات **25** تا **29** جنوری، **3,2** اور **31,30** مارچ، یکم **30,25,5,4,3,2,** ستمبر، یکم **3,2** اکتوبر، **10,9** نومبر، **20,19,18** نومبر بننے سے اپنے قانونی معاملات پر نظرثانی کریں خواہ مخواہ کے قانونی پیچیدہ جھگڑوں میں اُلجھنے کے بجائے اسے پنچائتی طور پر حل کرنے کی کوشش کریں۔ **13** مئی تا **25** جون ستارہ زہرہ رجعت میں ہونے کے سبب ہر روز دو مٹھیاں چینی یا شکر بھر کر حشرات الارض کو ڈالنا بہت نیک رہے گا۔

کیریئر، کاروبار، عزت ووقار:۔ بیت العزت اور کیریئر کا حاکم ستارہ مریخ ابتداء سال میں اپنے ہی گھر عروج یافتہ رہنے سے گزشتہ سال کی گئی محنت کے ثمرات آپ کو اس سال ضرور ملیں گے اگرچہ آپکی شمسی ساڑھ ستی جاری ہو اس کے باوجود بھی ستارہ مریخ کی سعادت کے سبب آپ اپنے اندر ایک ہمت

اور استقلال محسوس کریں۔ ستارہ مریخ یکم 3,2, جنوری، 28 جون تا 7 جنوری عروج یافتہ رہے۔ ان ایام میں کئے گئے کاروباری دانشمندانہ فیصلے آپ کا مستقبل سنوار سکتے ہیں اپنے ہم عصر اور ہم پیشہ لوگوں سے تعلقات بڑھیں۔ بااثر اور حکام کی نظروں میں آنے سے آپ کی عزت وتوقیر اور ملازمتی ترقی کا یقینی امکان ہے۔ مجموعی طور پر یہ سال کا وقت نہایت اہم ہے۔ مریخ کو شرف شمسی زائچہ کے بارہویں گھر 16 فروری تا 31 مارچ ہونے سے یہ وقت آپ کی ذات سے دوسروں کی خدمت اور مشاورت کیلئے گزرے۔ قدرت اس صلہ رحمی یا صدقہ جاریہ کا اچھا اجرا دا کرے۔ 2020ء ستارہ مریخ زحل مشتری کی سعد نظرات 18 تا 22 مارچ، 30,29,28,27,21,20,19 جون بننے سے خود اعتمادی سے پیشہ ورانہ کامیابیاں ملیں۔ 2020ء کی احتیاط طلب نحس تواریخ 30 مارچ تا 2 اپریل، 6,5,4,3,2 اور 21 تا 29 اگست، 25 ستمبر تا 3 اکتوبر، 17 تا 21 اکتوبر، 12 تا 30 دسمبر بننے سے اور خصوصاً ستارہ مریخ 10 ستمبر تا 14 نومبر رجعت میں ہونے کے سبب ان ایام میں خاص طور پر احتیاط سے کام لیں۔ ایک تو یہ ایام اور دوسرا ساڑھ ستی کی مجموعی نحوست سے بچنے کیلئے حسبِ توفیق روزانہ یا ہر منگل صدقہ وخیرات ضرور دیتے رہیں۔ خصوصاً سرخ اشیاء کا صدقہ گوشت کلیجی پھیپھڑے کا دینا زیادہ احسن اور افضل ثابت ہوگا۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ مشتری 19 دسمبر تک شمسی زائچہ کے بارہویں نحس گھر میں 5 ستاروں کے اجتماع میں انتہائی کمزور اور نحس گھروں میں ہونے کے سبب 2020ء کچھ زیادہ خوش کن سال معلوم نہیں ہوتا۔ ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پر دم نکلے اس سال حقیقت کا روپ دھار سکتا ہے۔ اپنے نفس کو کنٹرول رکھیں اور کم سے کم خواہشات پر ہی اکتفا کریں ورنہ آپ کو اپنے قریبی لوگوں کی فرمائشیں پوری کرنے کیلئے ناگہانی مسائل و پریشانیوں اور بے عزتی اور رسوائی سے بھی گزرنا پڑ سکتا ہے۔ 2020ء دوستوں اور دشمنوں کی تمیز کے حوالے سے ایک نہایت اہم سال ہے جنہیں آپ اپنا دوست سمجھتے رہے وہ لوگ آپ سے بے وفائی اور آپ کے بھروسہ کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ یار مار قسم کے دوستوں سے بھی محتاط رہیں۔ حسبِ حال 2020ء کیلئے ایک شعر آپ کی خدمت میں ہدیہ ہے ''**دوستوں کی دوستی کے ہی طفیل، راز سارے دشمنی کے پا گیا ہوں میں**''

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد زائچہ میں حفیہ دشمنوں کا گھر سال کی ابتداء میں ہی 6 کو اکب شمس عطارد مشتری پلوٹو کیتو پہلے اور بارہویں گھر کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل بھی یہاں ہونے سے 2020ء آپ کے سبھی دوست اور دشمن آپ کے سامنے عیاں ہونگے۔ جن لوگوں پر آپ ماضی میں بھروسہ کرتے رہے ہیں وہی لوگ آپ کے حاسدین اور مخالفین میں شامل آپ کو نظر آئیں گے۔ آپ کے خلاف سازشوں کا ناکام جال بُنا جا سکتا ہے۔ خصوصاً نظرِ بد جادو ٹونہ کی شکایت اور عارضہ آپ محسوس کر سکتے ہیں۔ طبیعت میں سستی کاہلی اور تنہائی ڈر خوف جیسے آثار محسوس کریں تو اپنی جان مال کا صدقہ ضرور دیں۔ ایسے دلوی افراد جو عرصہ دراز سے بیرونِ ملک مقیم ہیں ممکن ہے کہ وہ کسی سبب دلبرداشتہ ہو کر یا اپنے بڑھاپے کی وجہ سے اپنے وطن آنے کو ترجیح دیں۔ فلسفہ ہجرت مکہ سے مدینہ کی نیت سے کی گئی سنتِ ہجرت باعثِ برکت ثابت ہوگی۔ ناگہانی اخراجات پیش آسکتے ہیں۔ آمدن وخرچ میں توازن قائم رکھنا بہت ضروری ہوگا۔ سارا سال وقفہ وقفہ سے صدقات پر زور دیں۔

دلوی مرد وزن پر گرھنوں کے اثرات:۔ اس سال میں 4 چاند اور 2 سورج گرہن لگیں گے۔ 11 جنوری اور 21 جون چاند اور سورج گرہن چھٹے گھر میں لگنے کے سبب قرض مرض سے ممکنہ نجات مل سکے گی اور آپ کے ظاہری دشمن ذلیل وخوار ہوں 6 جون چاند اور 14 دسمبر سورج گرہن گیارہویں لگنے سے دوستوں کی بے وفائی صدمات لائے۔ توقعات میں مایوسی اور ناکامی، 5 جولائی بارہویں چاند گرہن لگنے سے بڑھتے ہوئے اخراجات پر قابو پا سکتے ہیں۔ آپ کے خفیہ دشمن بھی زیر وذلیل ہوں۔ 30 نومبر پانچویں چاند گرہن لگنے سے صاحب اولاد بچوں کی نگہداشت اور تعلیم وتربیت کا خاص طور سے خیال رکھیں۔ اپنا اور بچوں کی جان ومال کا صدقہ ضرور دیں۔ گرہن لگنے کے 15 دن قبل تا بعد محتاط رہتے ہوئے صدقہ وخیرات جی کھول کر دیتے رہیں۔ ایام گرہن میں دو نفل نماز کسوف (سورج گرہن) دو نفل نماز خسوف (چاند گرہن) جسے نماز آیات بھی کہا جاتا ہے۔ بوقت گرہن ضرور ادا کر کے دُعاؤں کی قبولیت کا یقین کیا جا سکتا ہے۔ ہر یوم گرہن صدقہ وخیرات بھی ضرور دیں۔



PISCES

Element: Water
Ruling Planet: Neptune
Symbol: The Fish
Your Stone: Bloodstone
Life Pursuit: To avoid feeling alone and instead feel connected to others and the world at large.
Secret Desire: To live their dreams and turn fantasies into realities.

20 Feb. - 20 March

ستارہ: نیپچون
حروف: دج
دن: جمعرات
عدد: 3
رنگ: نیلا یا سبز
پتھر: زرد عقیق، زرد پکھراج، الیکزامیرین



آپ کی شخصیت:۔ طالع کا حاکم ستارہ مشتری 19 دسمبر تک ہبوط یافتہ گیارہویں گھر میں رہتے ہوئے 14 مئی تا 13 ستمبر رجعت میں ہونے کے سبب آپ کی حیثیت و شخصیت اور آپ کے خلاف حاسدین کی سازشیوں کا امکان ہے۔ اپنے ہالہ نور اور روح کو طاقتور بنانے کیلئے اور اپنے حاسدین و مخالفین کو زیر کرنے اور انکی جانب سے نظرِ بد اور سازشوں سے بچنے کیلئے آپ زرد پکھراج یا زرد عقیق معدنی نگینہ چاندی میں بنوا کر دو نفل شکرانہ کے ادا کر کے دُعا کر کے اپنے ہاتھ میں پہنیں۔ ستارہ مشتری طالع کے ساتھ آپ کی عزت و تکریم کا بھی مالک ہے اور اس سے منسوب یہ جواہرات پہننے سے آپ کا ہالہ نور یقیناً طاقتور ہوگا۔ مشتری اور آپ کا ذیلی حاکم نیپچون ہر دو حاکم ستارے روحانیت و مذہب سے منسوب ہونے کے سبب سب سے اچھا اور آسان روحانی عمل یہ ہوگا کہ آپ بلا ناغہ کثرت سے درود شریف پڑھ کر نہ صرف اپنے اوپر دم کریں بلکہ دم شدہ پانی بھی پئیں۔ اور اپنے سر پر بھی ڈالا کریں۔ نیز اپنے ہر قسم کے تحفظ کیلئے ادارہ سے لوحِ محفوظ کا روحانی تحفہ منگوا کر اپنے گلہ میں باپرہیز پہنیں۔ یوں روحانی تدارک سے آپ اپنے سال ہذا میں اپنی شخصیت کو بدنظری اور جادو ٹونہ سے محفوظ بنا سکیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ خانہ مال اور نصیب کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ ابتداء سال میں نویں نصیب کے گھر میں سعد پوزیشن ہونے سے ابتداء سال میں آپ اپنے کاموں میں سارا سال وقفہ وقفہ سے التواء اور رکاوٹیں محسوس کر سکتے ہیں ان سے تحفظ اور حفاظت کیلئے نگینہ مرجان پہننا آپ کیلئے نیک ہے۔ ستارہ مریخ شمسی زائچہ کے ابتداء سال میں نویں اور پھر 3 جنوری تا 16 فروری دسویں گھر میں ہونے سے ذرائع آمدن میں اضافہ کیلئے نئے کاروباری معاہدے ملیں لیکن ان پیشہ ورانہ معاملات سے دولت کا حصول آسان دکھائی نہیں دیتا۔ ستارہ مریخ 16 فروری تا 31 مارچ شرف یافتہ اور 28 جون تا 7 جنوری 2021ء خانہ مال میں طویل عرصہ تک اپنے ہی گھر میں ہونے سے آپ کو اپنے ذرائع آمدن بڑھانے کی ذمہ داری و فکر لاحق رہے گی اور آپ غیر ارادی طور پر ذمہ داری سے اپنی آمدن میں زیادہ نہیں تو کچھ نہ کچھ اضافہ کر ہی پائیں گے۔ جو لوگ اپنے والدین خصوصاً والدہ اور بزرگوں سے دُعائیں لیتے رہتے ہیں۔ ان کے معاملات قدرے نرم اور بہتر رہ سکتے ہیں۔ تاہم ستارہ مریخ 10 ستمبر تا 14 نومبر رجعت میں ہونے کے سبب روپیہ پیسہ آسانی سے نہ ملے گا بلکہ آپ کو قدرے زیادہ محنت کرنی پڑے گی۔ یہ سال خاندان میں وسعت کے لحاظ سے بھی نہایت اہم دکھائی دیتا ہے۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء سال میں بارہویں نحس گھر میں ہونے کے سبب اس سال عزیز و اقارب کی جانب سے فرمائشیں ملتی رہیں۔ آپ ان کی فکر و ریشانی میں ان کا ساتھ دیں۔ ستارہ زہرہ 13 جنوری تا 8 فروری شرف یافتہ، 5 مارچ تا 7 اگست اور 28 اکتوبر تا 21 نومبر عروج و اوج یافتہ رہتے ہوئے عزیز و اقارب، بہن بھائیوں سے تعلقات میں خوشگواری اور ایثار و قربانی کا جذبہ بڑھے۔ اندرونِ ملک متعدد مطالعاتی اور سیر و تفریح جیسے سفر پیش آئیں تاہم ستارہ زہرہ 13 مئی تا 25 جون رجعت میں ہونے کے سبب دورانِ سفر اور سفر سے قبل صدقہ و خیرات ضرور دیں۔ زہرہ مشتری سعد نظرات 24,23,22 جنوری، 29,28,27 مارچ، 20,19,18 اکتوبر، 16,15,14 دسمبر بننے سے عزیز و اقارب، بہن بھائیوں کی فلاح و بہتری کیلئے آپ اپنی ذات سے ہٹ کر کوئی اجتماعی کام کرنے پسند کریں جن سے صلہ رحمی کی خوشبو آئے ناراض بہن بھائیوں عزیز و اقارب میں آپ کی کوششوں سے صلح صفائی اور محبت جیسے کئی ایک کام آپ کے ہاتھوں انجام پا سکتے ہیں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ وتد الارض چوتھے اور ساتویں کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں گیارہویں گھر ستاروں کے جھرمٹ میں گھرا ہونے کے سبب خانگی اور خاندانی معاملات میں سال کا آغاز ملے جُلے انداز میں ہوگا۔ سال کے پہلے چار ماہ خاصے احتیاط طلب دکھائی دیتے ہیں خصوصاً اپنی والدہ کی صحت کا خیال رکھیں۔ اندرونِ خانہ خاندانی اور خانگی مسائل غیر متوقع طور سے پیش آ سکتے ہیں۔ زمین جائیداد پراپرٹی



پلاٹ خرید نے گھر بنانے کی خواہشات اور خصوصاً رہائشی تزئین وآرائش ذاتی سواری کا حصول زراعت باغبانی کا شتکاری جیسے سبھی نیک اُمور میں آپ کو 12 مئی سے سال کے آخر تک نیک اور اچھے وسائل بتدریج ملتے رہیں گے۔ مستقل مزاجی اور ذمہ دارانہ رویہ قائم رکھنے سے آپ اپنے وہ مقاصد بآسانی پالیں گے جن کی آپ کو عرصہ سے جستجو تھی۔ اس گھر کا حاکم ستارہ عطارد 12 تا 28 مئی، 20 اگست تا 2 دسمبر شرف عروج واوج کے گھروں میں رہتے ہوئے آپ کی خانگی مشکلات میں کمی لائے گا گو آپ کے پاس وسائل کم ہی کیوں نہ ہوں آپ اپنے ماحول کے مطابق حالات کو بہتر ہوتا ہوا محسوس کریں۔ عطارد مشتری سعد نظرات 3,2 جنوری، 9,8,7 اپریل، 11,10 مئی، 30,29 اگست، 30,29,28 نومبر بننے سے اپنے قانونی اور خاندانی مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے جو بھی کوشش کریں گے ان میں کامیابی نصیب ہوگی۔ عطارد مشتری نحس نظرات 26,25 اپریل، 31,30 جولائی، 18,17,16 ستمبر بننے سے اپنے حاسدین مخالفین سے محتاط رہیں۔ 5 مئی راہو آئندہ ڈیڑھ سال کیلئے چوتھے اور مقابل کیتو آنے سے خاندانی ذمہ داریاں اور مسائل کے حل کی طرف آپ کو آئندہ ڈیڑھ سال تک خصوصی توجہ دینے کی ضرورت کو نظر انداز نہ کریں۔ تب اپنے اہلِ خانہ کا صدقہ خصوصاً سفر سے پہلے ضرور ادا کریں۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد کا حاکم ستارہ قمر سعد گھر کا حاکم ہونے سے آپ پر مہربان رہتا ہے۔ ہر ماہ برج سرطان اور ثور میں جب بھی اس کی آمد ہوتی ہے تو آپ کو اولاد اور صحت جیسی خوشیوں سے آشنائی اور لطف اندوزی کا موقع فراہم کرتا ہے۔ جنتری ہذا میں آپ بآسانی داخلہ قمر فی البروج میں قمر کی برج سرطان اور ثور میں آمد کے 5-6 دن بآسانی مارک کرلیں گزشتہ سال سے راہو پانچویں اور کیتو مقابل چلا آرہا ہے۔ یہ 5 مئی یہاں سے بروج تبدیل کریں گے۔ مئی تک کا عرصہ صاحبِ اولاد بچوں کی تعلیم وتربیت اور شادی بیاہ جیسی ذمہ داریوں کو خوش اسلوبی سے نبھانے پر توجہ دیں۔ اپنے ساتھ اپنے بچوں کے صدقات پر بھی خصوصی توجہ رکھیں کہ وہ ممکنہ کسی بدنظری اور حادثات سے محفوظ رہیں۔ معاملات عشق ومحبت میں بے وفائی رسوائی جیسے خدشات پیش آسکتے ہیں غلط اور بازاری قسم کی محبت اور جنسِ مخالف کے دامنِ فریب میں آنے سے بچیں۔ انٹرنیشنل لاٹریوں اور پرائز بانڈز میں حصہ لینے والے شوقین حوتی افراد 26,25,24,3,2 جنوری، 27,26,25 فروری، 22,21,20,19,18 مارچ، 20,19,18,9,8,7 اپریل، 11,10 مئی، 21,20,19 جون، 30,29,18,17,16 اگست، 30,29,28 نومبر، 16,15,14 دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپکا کوئی بڑا انعام نکل آئے۔ حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام لکی نمبرز'' آئینہ قسمت میں 2020ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔ حصول انعام کیلئے نام کا اسمِ اعظم درود شریف کے ساتھ بھی ورد کرنا سارا سال روحانی فیض بخشے۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض کا حاکم شمس ابتداء سال میں گیارہویں گھر میں دیگر 5 ستارے عطارد مشتری زحل کیتو پلوٹو میں گھرا ہونے کے سبب اور پھر 20 مارچ تک کمزور پوزیشن میں ہونے کے سبب ملازمتی فرائض وذمہ داری احسن طریقے سے انجام دیں۔ جنوری فروری مارچ ایسے ماہ ہیں کہ آپ کی غفلت ولاپرواہی اور آپ کے خلاف کوئی سازش آپ کو روزگار سے بے روزگار بنا سکتی ہے۔ تنزلی ورسوائی کے خدشات سے بچنے کیلئے محتاط رہتے ہوئے حسب توفیق وقتہ وقتہ سے سارا سال صدقات دیتے رہیں۔ آپ کے جسم میں پانی کی کمی آپ کو بلڈ پریشر، کولیسٹرول کمزوری معدہ وجگر اور خون میں فاسد مادوں، یورک ایسڈ کے سبب گھٹنوں اور پاؤں کے امراض لاحق ہونے کا اندیشہ ہے۔ آپ سونے چاندی کے کشتے ہی کیوں نہ کھاتے رہیں لیکن آپ کی شفاء کاملہ اس سال 70 مرتبہ روزانہ پانی پر سورہ فاتحہ دم کرکے پینے سے علاوہ ازیں خرابی صحت کا عارضہ محسوس کریں تو اپنے ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق مناسب اغذیہ وادویہ کا استعمال کرنے کے ساتھ ہلکی پھلکی ورزش بھی کرتے رہیں۔ امراض سے شفایابی کیلئے آپ کا بہترین صدقہ سال ہذا کیلئے پانی کی سبیل انسانوں یا جانوروں کیلئے بنوائیں کسی مسجد میں رنگ وروغن اور پانی کی ضروریات کو پورا کریں۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج اور چوتھے کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد یوں تو سارا سال وقتہ وقتہ سے آپ کو خوش بختی عطا کرتا رہے گا۔ ابتداء سال میں عطارد غروب اور 5 ستاروں کے جھرمٹ میں ہونے کے سبب شراکتی ازدواجی خانگی تعلقات 12 مئی تک نہایت احتیاط طلب ہونگے۔ شادی کے خواہاں لڑکے لڑکیاں یا ان کے والدین تاخیر محسوس کریں تو اپنا یا اپنے بچوں کا صدقہ کسی بزرگ یا منجم سے پوچھ کر انفرادی زائچہ کے مطابق ضرور دیں۔ ستارہ عطارد سال میں 3 مرتبہ رجعت (اُلٹا) 17 فروری تا 10 مارچ، 18 تا 12 جولائی، 14 اکتوبر تا 3 نومبر کے

سبھی ایام اس لحاظ سے احتیاط طلب ہیں ان دنوں میں اگر رشتہ طے کیا جائے یا شادی بیاہ کی رسومات ادا کرتے ہوئے صدقہ وخیرات ضرور دیں۔ بلکہ شادی کیلئے کسی منجم سے اچھے وقت کا انتخاب بھی ضرور کروائیں۔ ستارہ عطارد 12 تا 28 مئی، 20 اگست تا 2 دسمبر عروج وشرف اور اوج یافتہ رہتے ہوئے ایسے حوتی جن کی عمر زیادہ ہو چکی ہے ان ایام میں کوشش کریں تو ان کی اچھی جگہ پر شادی کے اسباب و وسائل بن سکتے ہیں۔ ان ہی ایام میں شراکتی کاروباری تعلقات علمی ادبی روحانی محافل میں شرکت سے آپ کی عزت وپذیرائی اور شناخت میں اضافہ ہوگا۔ زمرد یا فیروزہ کی انگوٹھی پہننے والے شادی کے خواہاں اس روحانی تدارک سے فیض پائیں۔ عطارد مشتری سعد نظرات 3,2 جنوری، 9,8,7 اپریل، 11,10 مئی، 30,29 اگست، 30,29,28 نومبر بننے سے ناراض زوجین کے مابین کوشش کرنے سے صلح صفائی آسانی سے ہوسکتی ہے خواہ ان کے عدالت میں مقدمات ہی کیوں نہ چل رہے ہوں۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء سال میں بارہویں گھر ہونے سے آپ کے دیرینہ اور پیچیدہ وراثتی لڑائی جھگڑے اور مقدمات کے حل کیلئے پنچائتی طور پر خاندانی مخلصین اور بزرگ احباب کی معرفت کوشش کرنے سے یہ سال ان مسائل کے حل کیلئے بہترین اور معاون ثابت ہوگا۔ خانہ مال اور قانون مذہب کا مالک ستارہ مریخ بھی ابتداء سال میں نویں ہونے سے عین ممکنات میں سے ہے کہ آپ کو عدالت کی طرف سے بھی ریلیف مل جائے۔ ستارہ زہرہ 13 جنوری تا یکم فروری شرف، 5 مارچ تا 7 اگست اور 28 اکتوبر تا 21 نومبر عروج اور اوج کے گھروں میں رہتے ہوئے حصولِ وراثت انشورنس کلیم شراکتی ازدواجی مالی فوائد اور ان ہی ایام میں کوئی آپ کی لاٹری یا پرائز بانڈ بھی نکل سکتا ہے۔ غائبانہ اسباب و وسائل کیلئے ماہِ محرم ماہِ صفر ماہِ شوال ماہِ رجب شعبان رمضان میں کسی بھی قبرستان میں درخت لگوانا اور پانی کی سبیل کرنا بہترین صدقہ ثابت ہوگا۔

